

# آپ حدیث کیسے تلاش کریں؟

تقریظ: حضرت مولانا نور البشر صاحب استاد حدیث جامعہ فاروقیہ کراچی

## جس میں

- حدیث وعلوم حدیث کی سینکڑوں کتابوں کا تعارف اور اُن پر بصیرت افروز تبصرہ
- حدیث کا صرف کوئی ایک لفظ یاد ہے تو حدیث کیسے تلاش کریں
- صرف راوی کا نام یاد ہے باقی کچھ معلوم نہیں تو کن کتب کی مدد سے حدیث ملے گی
- حدیث کا صرف پہلا جملہ یاد ہے تو حدیث تک رسائی کے لیے کن کتب کی طرف رجوع کریں
- حدیث کے بارے میں کچھ معلوم نہیں صرف موضوع ذہن میں ہے مثلاً نماز، زکوٰۃ، جہاد، صبر، شکر وغیرہ تو حدیث تک کون سی کتب پہنچا سکتی ہیں
- حدیث کا صرف پہلا لفظ یاد ہے تو طلب حدیث میں کن مراحل سے گزریں
- صرف متواتر حدیثیں کہاں لکھی ہوئی ہیں، صحیح احادیث کے مآخذ کون سے ہیں

جیسے گراں قدر اور روزمرہ دامن گیر ہونے والے سوالات ومسائل پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے



تالیف

مولانا محمد محسن گلزار

مکتبہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ

# آپ احادیث
# کیسے تلاش کریں؟

# آپ احادیث کیسے تلاش کریں؟

① حدیث وعلوم حدیث کی سینکڑوں کتابوں کا تعارف اور ان پر بصیرت افروز تبصرہ۔ ② حدیث کا صرف کوئی ایک لفظ یاد ہے تو حدیث کیسے تلاش کریں؟ ③ صرف راوی کا نام یاد ہے باقی کچھ معلوم نہیں تو کن کتب کی مدد سے حدیث ملے گی؟ ④ حدیث کا صرف پہلا جملہ یاد ہے تو حدیث تک رسائی کے لئے کن کتب کی طرف رجوع کریں؟ ⑤ حدیث کے بارے میں کچھ معلوم نہیں صرف موضوع ذہن میں ہے مثلاً نماز، زکوٰۃ، جہاد، صبر، شکر وغیرہ تو حدیث تک کون سی کتب پہنچا سکتی ہیں؟ ⑥ حدیث کا صرف پہلا لفظ یاد ہے تو طلب حدیث میں کن مراحل سے گزریں؟ ⑦ صرف متواتر حدیثیں کہاں لکھی ہوئی ہیں؟۔ صحیح احادیث کے مآخذ کون سے ہیں؟۔
جیسے گرانقدر اور روزمرہ دامن گیر ہونے والے سوالات ومسائل پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے


تالیف

مولانا محمد محسن گلزار



مکتبہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ

4/491 شاہ فیصل کالونی کراچی

Tel: 021-34594144 Cell: 0334-3432345

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب ............ آپ احادیث کیسے تلاش کریں؟

تالیف ............ مولانا محمد محسن گلزار

اشاعت اول ............ جون 2010ء

تعداد ............ 1100

طابع ............ القادر پرنٹنگ پریس کراچی

ناشر ............ فیاض احمد 0334-3432345 021-34594144

مکتبہ عمر فاروق 4/491 شاہ فیصل کالونی کراچی

## ملنے کے پتے

دارالاشاعت ، اردو بازار کراچی
اسلامی کتب خانہ ، علامہ بنوری ٹاؤن کراچی
قدیمی کتب خانہ ، آرام باغ کراچی
ادارۃ الانور ، علامہ بنوری ٹاؤن کراچی
مکتبہ رشیدیہ ، سرکی روڈ کوئٹہ
کتب خانہ رشیدیہ ، راجہ بازار راولپنڈی
مکتبہ العارفی ، جامعہ امدادیہ ستیانہ روڈ فیصل آباد
مکتبہ رحمانیہ ، اردو بازار لاہور
مکتبہ سید احمد شہید ، اردو بازار لاہور
مکتبہ علمیہ ، جی ٹی روڈ اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ
وحیدی کتب خانہ ، محلہ جنگی قصہ خوانی بازار پشاور

# آئینہ کتاب


| نمبر شمار | مضامین | صفحات |
|---|---|---|
| ۱ | تقریظ..... حضرت مولانا نور البشر صاحب دامت برکاتہم.......... | ۱۰ |
| ۲ | تاثرات..... حضرت مولانا محمد محمود عالم صفدر اوکاڑوی صاحب دامت برکاتہم.. | ۱۲ |
| ۳ | تقریظ..... حضرت مولانا الیاس گھمن صاحب دامت برکاتہم....... | ۱۴ |
| ۴ | انتساب.................. | ۱۵ |
| ۵ | الشکر والتقدیر.................. | ۱۶ |
| ۶ | مقدمہ.................. | ۱۷ |
| ۷ | المقدمہ.................. | ۲۳ |
| ۸ | الباب الاول.................. | ۲۳ |
| ۹ | الباب الثانی (حدیث تلاش کرنے کے طریقے)............ | ۲۴ |
| ۱۰ | حدیث کے موضوع کے اعتبار سے حدیث تلاش کرنا.......... | ۲۵ |
| ۱۱ | حدیث کے راوی کا نام جان کر حدیث تلاش کرنا.......... | ۲۵ |
| ۱۲ | حدیث کے پہلے جملے کی معرفت سے حدیث تلاش کرنا.......... | ۲۵ |
| ۱۳ | متن وسند کی صفت وخاصیت کے اعتبار سے حدیث تلاش کرنا......... | ۲۶ |
| ۱۴ | حدیث کے الفاظ میں سے کسی لفظ کی مدد سے حدیث تلاش کرنا....... | ۲۶ |
| ۱۵ | المقدمہ.................. | ۲۸ |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۶ | اصطلاحی طور پر تخریج (حدیث تلاش کرنا حدیث کا حوالہ دینا وغیرہ)... | ۳۲ |
| ۱۷ | حدیثی مصادر اصلیہ کون سے ہیں؟.................. | ۳۲ |
| ۱۸ | حدیث تلاش کرنے کے بعد آپ اس کا حوالہ کیسے تحریر کریں؟........ | ۳۵ |
| ۱۹ | حوالہ تحریر کرنے کا عملی نمونہ............. | ۳۶ |
| ۲۰ | حدیث تلاش کرنے کے فوائد.............. | ۳۷ |
| ۲۱ | تخریج کی تاریخ اور چند اس فن میں مدوّن شدہ کتب کا ذکر.......... | ۳۸ |
| ۲۲ | حدیث کی کتب لکھنے کے مختلف طریقے اور انداز........ | ۴۱ |
| ۲۳ | وہ کتب جو موضوعات کے اعتبار سے مدوّن شدہ ہیں......... | ۴۱ |
| ۲۴ | مستخرجات کے چند فوائد............. | ۴۷ |
| ۲۵ | راوی حدیث کے اعتبار سے مرتب شدہ کتب احادیث........ | ۴۹ |
| ۲۶ | حروف ہجا کے اعتبار سے مرتب شدہ کتب.............. | ۵۱ |
| ۲۷ | تخریج کی وسعت نیز ان طریقوں میں سے کن سے استفادہ کیا جاسکتا ہے.... | ۵۲ |
| ۲۸ | تخریج سے کب کیا مقصود ہوتا ہے؟.................. | ۵۳ |
| ۲۹ | تخریج حدیث میں اصل مقصود متن حدیث ہی ہوتا ہے......... | ۵۴ |
| ۳۰ | حدیث کے موضوع کی معرفت سے حدیث تلاش کرنا......... | ۵۵ |
| ۳۱ | راوی حدیث کی پہچان سے حدیث تلاش کرنا........... | ۵۷ |
| ۳۲ | حدیث کی پہلی سطر پہلا کلمہ کی معرفت سے حدیث تلاش کرنا....... | ۵۷ |
| ۳۳ | حدیث کے الفاظ میں سے کسی لفظ معرفت سے حدیث تلاش کرنا..... | ۵۹ |
| ۳۴ | ایک حدیث تلاش کرنے کے لیے ایک سے زائد طریقے استعمال کرنا.. | ۶۰ |

| | | |
|---|---|---|
| ۳۵ | حدیث تلاش کرنے میں کمپیوٹر کا استعمال | ۶۱ |
| ۳۶ | حدیث کے موضوع کی معرفت سے حدیث تلاش کرنا | ۶۸ |
| ۳۷ | ایک قابل ذکر بات | ۷۹ |
| ۳۸ | حدیث کے راویوں کی پہچان کے اعتبار سے حدیث تلاش کرنا (تخریج کرنا) | ۱۰۸ |
| ۳۹ | اتحاف المهرة سے تخریجات کی تطبیقی صورتیں | ۱۱۷ |
| ۴۰ | حدیث کے پہلے پہلے لفظ کی معرفت سے حدیث تلاش کرنا | ۱۲۰ |
| ۴۱ | فہارس کی دو اقسام خاصہ اور عامہ | ۱۲۱ |
| ۴۲ | فہارس خاصہ اور عامہ کے استعمال کے درمیان فرق | ۱۲۲ |
| ۴۳ | تطبیقات علی التخریج | ۱۲۲ |
| ۴۴ | المجموعة الاولیٰ | ۱۲۳ |
| ۴۵ | المجموعة الثانية | ۱۲۴ |
| ۴۶ | سند و متن کی صفات میں سے کسی صفت کی معرفت سے حدیث تلاش کرنا | ۱۲۵ |
| ۴۷ | کتب الاحادیث المتواترة | ۱۲۵ |
| ۴۸ | کتب الاحادیث القدسية | ۱۲۶ |
| ۴۹ | کتب الاحادیث الصحيحه | ۱۲۷ |
| ۵۰ | کتب الاحادیث الضعيفه | ۱۲۷ |
| ۵۱ | کتب الاحادیث الموضوعه | ۱۲۸ |
| ۵۲ | کتب الاحادیث المسلسله | ۱۲۹ |
| ۵۳ | کتب علل الحدیث | ۱۳۰ |

| | | |
|---|---|---|
| ۵۴ | کتب المراسیل........................ | ۱۳۰ |
| ۵۵ | کتب روایت الأبناء عن الاباء.................. | ۱۳۰ |
| ۵۶ | کتب الاحادیث المشتہرۃعلی الالسنۃ........... | ۱۳۱ |
| ۵۷ | اس طریقہ کے ذریعے احادیث کی تمرین.................. | ۱۳۱ |
| ۵۸ | حدیث کے الفاظ میں سے کسی لفظ کی معرفت سے حدیث تلاش کرنا... | ۱۳۳ |
| ۵۹ | المعجم المفهرس کی حدیث کے الفاظ میں کچھ غلطیوں کا ذکر.... | ۱۳۵ |
| ۶۰ | مفتاح المعجم المفهرس لالفاظ الحدیث الشریف...... | ۱۳۶ |
| ۶۱ | کتب غریب الحدیث........................ | ۱۳۹ |
| ۶۲ | کتب غریب الحدیث کے ذریعے تخریج حدیث کی عملی مشق......... | ۱۳۹ |
| ۶۳ | خاتمہ تتمات تخریج سے متعلق........................ | ۱۴۱ |
| ۶۴ | تخریج میں معاون مصادر اوران میں سے (۱۰) کی تفصیل.......... | ۱۴۱ |
| ۶۵ | (۱)نصب الرایة لاحادیث الهدایة.................. | ۱۴۱ |
| ۶۶ | (۲)الدرایة فی تخریج احادیث الهدایة............ | ۱۴۶ |
| ۶۷ | (۳)التلخیص الحبیر........................ | ۱۴۸ |
| ۶۸ | (۴)المغنی عن حمل الاسفار................ | ۱۵۱ |
| ۶۹ | (۵)مسند الحمیدی........................ | ۱۵۴ |
| ۷۰ | (۶)مسند الامام احمد بن حنبل.................. | ۱۵۵ |
| ۷۱ | (۷)تحفة الاشراف لمعرفة الاطراف.................. | ۱۵۷ |
| ۷۲ | (۸)ذخائر المواریث فی الدلالة علی مواضع الاحادیث......... | ۱۶۰ |

| | | |
|---|---|---|
| ۷۳ | (۹) المقاصد الحسنة فی بیان کثیر من الاحادیث المشتھرة علی الالسنة.... | ۱۶۲ |
| ۷۴ | (۱۰) کشف الخفاء ومزیل الالباس.................... | ۱۶۳ |
| ۷۵ | المصادر والمراجع.................... | ۱۶۴ |
| ۷۶ | (الف) موضوعات کے اعتبار سے مرتب شدہ کتب.......... | ۱۶۴ |
| ۷۷ | (ب) صحابہ میں سے راوی حدیث کے مطابق.......... | ۱۷۴ |
| ۷۸ | مدون شدہ کتب.................... | ۱۷۴ |
| ۷۹ | (ج) پہلی طرف حدیث کے اعتبار سے مدون شدہ کتب.......... | ۱۷۵ |
| ۸۰ | احادیث مشتھرۃ سے متعلق کتب.................... | ۱۷۵ |
| ۸۱ | (د) صفات السند یا صفات المتن کے اعتبار سے مدون شدہ کتب..... | ۱۷۷ |
| ۸۲ | مختلف کتب کی فہارس.................... | ۱۸۳ |

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# تقریظ

**الشیخ الجلیل ،المحدث العظیم ،المحب الکریم**

**فضیلة الاستاذ نورالبشر محمد نورالحق حفظه الله و رعاه وامتعناالله بعلومه الجليلة**

**استاذ الحدیث ورئيس قسم التخصص فی علوم الحدیث النبوی الشریف بالجامعة الفاروقیه کراتشی**
**ومدیر معهد عثمان ابن عفان رضی الله عنه کراتشی**

حضرات علماءِ متقدمین اپنی وسعتِ مطالعہ ،قوّت ادراک اور حافظہ کی قوت سے احادیث کے مظان ومقاماتِ خفیہ تک آسانی سے پہنچ جاتے تھے۔جبکہ آج ان تمام امور میں جوانحطاط اورزوال ہے وہ مخفی نہیں ،آج ایک حدیث شریف کے منتہی طالب علم کیا،دورۂ حدیث سے فارغ ہونے والے علماءاورفاضلین کی کیفیت یہ ہے کہ ان کے سامنے جب کوئی حدیث یااس کاٹکڑا سامنے آتا ہے تو اس کے حوالہ کے سلسلہ میں پریشان ہوجاتے ہیں۔

اس پریشانی کے پیش نظر اللہ جزاءِ خیر دے ہمارے علماء نے ''تخریج حدیث'' کے عمل کوایک فن کی صورت دے دی، اس کے لئے اصول طے کئے ،طریقۂ کار مقرر کئے ،اس سلسلہ میں سب سے پہلے ڈاکٹر محمود طحان حفظہ اللہ تعالی نے قلم اٹھایا،اس کے بعدتو اس میدان میں کئی حضرات نے قلم اٹھایا اورمتعدد کتابیں منصۂ شہود پرآگئیں۔اردو کا دامن اب تک اس سے خالی تھا،ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ اردو

کے دامن کو بھی اس علم سے بھرا جائے۔

عزیز گرامی مولانا ابو محمد محسن گلزار نعمانی سلمہ اللہ تعالی، استاذ مدرسہ عربیہ قادریہ عیدگاہ تلمبہ نے اس فن کی کتابوں کو سامنے رکھ کر اردو داں حضرات پر عموماً اور علوم حدیث کے طلبہ پر خصوصاً احسان فرمایا کہ یہ کتاب: ''آپ حدیث کیسے تلاش کریں'' مرتب فرمادی، نیز انہوں نے مبتدیوں کے فائدے کے پیش نظر ڈاکٹر صبحی الصالح کی کتاب علوم الحدیث سے ضروری اصطلاحات حدیث بھی درج کر دی ہیں۔

دل سے دعا ہے کہ عزیز موصوف کی اس خدمت کو اللہ تعالی شرف قبول سے نوازے اور علماء وطلبہ کو اس سے فائدہ پہنچائے، نیز موصوف کے واسطے ذخیرۂ آخرت بنائے۔

نور البشر محمد نور الحق

۱۴۳۱/۳/۱۵ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# تاثرات

## فاضل جلیل، استاذ العلماء حضرت اقدس مولانا محمد محمود عالم صفدر اوکاڑوی دامت برکاتہم

مصنف کتب جلیلہ ورئیس المدرسین مرکز اہلسنت والجماعت سرگودھا

سابق استاذ الحدیث جامعہ حیدریہ خیر پور سندھ

**الحمد للہ و کفی و الصلوۃ و السلام علی عبادہ الذین اصطفی: امابعد!**

شریعت مطہرہ کا قرآن پاک کے بعد سب سے بڑا ماخذ احادیث رسول ہیں۔ حق تعالی نے جس طرح اس امت کے لئے حفظ قرآن کی نعمت کو آسان فرمادیا اسی طرح اس امت کے لئے علم حدیث کو بھی رائج فرمادیا۔ خیر القرون اور اس کے بعد کچھ عرصہ تک تو ایسے رجال کار مظہر قدرت خدا بن کر سامنے آئے۔ جن کے سینے حدیث رسول کے سفینے تھے اور سینہ بسینہ یہ علم منتقل ہوا پھر یہ علم سینوں سے منتقل ہو کر اوراق کتب میں جگمگانے لگا۔ اب اگرچہ علم حدیث اکثر کتب کے اندر تھا مگر اہل علم ایسے جید الاستعداد حضرات تھے جو مراجع تک باسانی پہنچ جاتے تھے۔ ان کے وقت میں برکت تھی، بیسیوں دنوں کا کام وہ گھنٹوں میں نمٹاتے تھے۔ اب وہ زمانہ آ گیا کہ ادھر ذوق تحقیق رکھنے والوں کی قوی کمزور ہیں تو ادھر وقت کا دامن برکت سے خالی ہے، ہفتوں کا کام سالوں میں ہوتا ہے، لیکن چونکہ خدا کی ذات اپنے کمزور بندوں کے لئے آسانی کے اسباب مہیا کرتی رہتی ہے، جیسا کہ اس کی شان کریمانہ ہے، اس سلسلہ میں تصنیف کا کام بھی شروع ہو چکا ہے۔ جس سے مقصد ایک استفادہ کرنے والے کے لئے ریسرچ کو آسان کرنا ہے۔ تخریج الحدیث کے موضوع

پر عربی میں تو کافی ذخیرہ موجود ہے لیکن اردو میں اس کا دامن خالی تھا۔ فاضل محقق حضرت مولانا ابو محمد محسن گلزار نعمانی صاحب بارک اللہ فی مساعیہ ہے جو کہ کم عمری میں ہی فن حدیث ،اصول حدیث ،اصول فقہ سے قبل رشک حد تک شغف رکھتے ہیں اور حق تعالی۔نے ان کو گونا گوخوبیوں سے نوازا ہے جو اتنی عمر میں بہت کم لوگوں کو نصیب ہوتی ہیں۔آپ نے پہلی بار اردو زبان میں ایک احسن انداز میں اس موضوع پر یہ کتاب ''آپ حدیث کیسے تلاش کریں؟''لکھی ہے اگر ارباب ذوق اس سے فائدہ اٹھائیں تو ان شاء اللہ وہ نفع کثیر اٹھائیں گے۔اگر اس کتاب کو سامنے رکھ کر تخصصات حدیث وتقابل ادیان کے طلباء کرام کو کتب حدیث سے احادیث نکالنے کی عملی تربیت دی جائے تو ان کی استعداد کو چار چاند لگ سکتے ہیں بندہ دعا گو ہے کہ حق تعالی فاضل مصنف کی عمر،علم اور جملہ مساعی جمیلہ میں برکات کی بارش فرمائے (آمین) بجاہ النبی الامی الکریم.

(حضرت مولانا) محمد محمود عالم صفدر (صاحب)

مرکز اہلسنت والجماعت سرگودھا

۵/۲/۱۴۳۱ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تقریظ

مناظر اسلام عالم جلیل وکیل احناف حضرت اقدس مولانا الیاس گھمن صاحب دامت برکاتہم العالیہ ناظم اتحاد اہلسنت والجماعت پاکستان

الحمد لله الذی جعل ولایة الانذار للفقهاء والصلوة والسلام علی سید الرسل وخاتم الانبیاء وعلی آله واصحابه الاتقیاء والاصفیاء لا سیما علی خلفاء الراشدین المهدیین. اما بعد!

عزیزم محترم حضرت مولانا محمد محسن گلزار صاحب سلمہ اپنے ہم عصروں کے لئے باعث فخر اور قابل تقلید محنت کرنے والے ہمارے دوست ہیں مولانا کا مطالعہ اصول حدیث واصول فقہ وعربی ادب کے بارے میں بہت عمدہ ہے آپ تصنیفی ذوق بھی رکھتے ہیں نئی کتاب ''آپ حدیث کیسے تلاش کریں؟'' کا مسودہ پڑھنے کو ملا ماشاء اللہ عمدہ اور اپنی نوعیت کا پہلا کام ہے امید ہے اہل ذوق اور طلبہ دورہ حدیث، درجہ مشکوۃ ضرور استفادہ فرمائیں گے۔

والسلام

(حضرت مولانا) محمد الیاس گھمن (صاحب)

ناظم عمومی اتحاد اہلسنت والجماعت ومدیر ماہنامہ قافلہ حق

وماہنامہ بنات اہلسنت ومرکز اہلسنت والجماعت پاکستان

# انتساب

میں اپنی اس حقیری کاوش کا انتساب

الشیخ الجلیل والفاضل النبیل والمحدث العظیم

**نورالبشر محمد نورالحق** حفظه الله ورعاه

(صاحب التحقیق والتعلیق علی فتح الملهم شرح صحیح مسلم للعلامة العثمانی واستاذ الحدیث ورفیق شعبة التصنیف والتالیف بالجامعة الفاروقیة ورئیس قسم التخصص فی علوم الحدیث النبوی الشریف بها ومدیر معهد عثمان بن عفان رضی الله عنه بالکراتشی)

اور

فضیلة الاستاذالشیخ **ساجد بن العید الصدوی** حفظه الله ورعاه ونفع به البلاد والعباد( محقق کتاب:"کوثر النبی للعلامة الفرهاروی والهدایة المطبوع بمکتبة البشریٰ الکراتشی) استاذبقسم التخصص فی علوم الحدیث بالجامعة الفاروقیة

اور

ان تمام طلباء وعلماء کے نام کرتا ہوں جو حدیث اور علوم حدیث سے شغف اور ان کی خدمت کا سچا جذبہ رکھتے ہیں۔

کتبہ ابو محمد محسن گلزار نعمانی (قصور)

# الشکر والتقدیر

میں اس حقیری کاوش کے دوران اپنے معاون ومددگار ساتھیوں ''الاخ فـــی اللہ'' متعلم **محمد اسد اللہ** حفظہ اللہ ورعاہ:

''الاخ فـــی الـلــہ'' حضرت اقدس مولانا **مفتی عمران طارق جھنگوی** صاحب دامت برکاتھم العالیہ استاذ جامعہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ لاہور۔

الاخ فی اللہ عزیزی متعلم **محمد نادر عباسی** حفظہ اللہ ورعاہ ونفع بہ البلاد والعباد واکرمہ فی الدارین'' کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور دل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو دنیا وآخرت کی عزت، راحت اور سعادت سے نوازے اور دین ودنیا کے ہر عمل میں ان کا حامی وناصر ہو۔ (آمین)

ابو محمد محسن گلزار نعمانی (قصور)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## مقدمہ

**الحمد للّٰہ رب العالمین، احمدک ربی حمد الشاکرین، واشکرک شکر الحامدین. والصلاۃ والسلام علی خیر الخلق اجمعین، المبعوث رحمۃ للعالمین. ورضی اللّٰہ عن الصحابۃ الکرام والتابعین باحسان ومن تبعھم من المھتدین الی یوم الدین.**

وبعد: درس نظامی میں ہر علم وفن سے متعلق متعدد ومفید کتب داخل نصاب ہیں جنکی افادیت اپنی جگہ مسلم ہے۔لیکن **تخریج الحدیث** (حدیث تلاش کرنا) سے متعلق کوئی کتاب ورسالہ ایسا نہیں جسکو پڑھ کر طالب علم کسی حدیث کے بارے میں یہ تحقیق کر سکے کہ یہ حدیث فلاں کتاب میں درج ہے۔اور جب معاشرے میں اس سے سوال کیا جاتا ہے کہ جناب! یہ حدیث ہے یا نہیں؟ اور اگر ہے تو کس کتاب میں مل سکتی ہے؟ تو اکثر دیکھا جاتا ہے کہ وہ خاموش کھڑا رہ جاتا ہے اور محسوس کرتا ہے کہ کوئی کتاب ایسے ضوابط وطرق پر مشتمل ہونی چاہئے جسکو پڑھ کر اپنی مطلوبہ حدیث تلاش کی جاسکے۔اور بعض دفعہ کوئی ایسی حدیث سنتا ہے جو خلاف عقل معلوم ہوتی ہے تو دل اطمینان کے لیے چاہتا ہے کہ ایسی کتب معلوم ہوں جسمیں صرف موضوع (جھوٹی) احادیث لکھی ہوئی ہوں تاکہ اس مطلوبہ حدیث سے متعلق تحقیق کی جاسکے کہ آیا یہ ان میں سے ہے یا نہیں۔اور بعض دفعہ حدیث کے کچھ الفاظ یاد ہوتے ہیں اور پوری حدیث معلوم نہیں ہوتی اور نہ یہ یاد ہوتا ہے کہ کہاں پڑھی ہے اور کس سے سنی

ہے تو اب ان چند الفاظ حدیث کے ذریعے مکمل حدیث تک راہنمائی کے طرق وضوابط کی ضرورت خوب محسوس ہوتی ہے اور کبھی اتنا یاد ہوتا ہے کہ یہ حدیث فلاں راوی سے مروی ہے لیکن الفاظ بھول جاتے ہیں تو اب راوی حدیث کی مدد سے الفاظ حدیث تک رسائی کے لیے دل مضطرب ہی رہ جاتا ہے۔اور کبھی حدیث کا اردو میں مفہوم یاد ہوتا ہے لیکن عربی عبارت سے آگاہی نہیں ہو پاتی تو اب طریقہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ حدیث نبوی کے اصلی الفاظ میں حدیث مل سکتی ہے۔

قرون اولیٰ میں یہ سوال پیدا نہیں ہوتے تھے کیونکہ احادیث ہزاروں کی تعداد میں یاد ہوتی تھیں۔لیکن آجکل معاملہ برعکس ہے اور حدیثیں کتابوں میں ہی مذکور ہیں۔اب ضرورت تھی اس بات کی کہ مندرجہ بالا ضروریات وسوالات کا حل کوئی کتاب قابل اطمینان انداز میں پیش کرے۔

اس ضرورت کو عربی زبان میں تو بہت عمدگی سے پورا کرنے کیلئے ذخیرہ کتب سامنے آچکا ہے۔لیکن اردو زبان میں کوئی کتاب نظر سے نہیں گزری۔اسلئے میں نے عربی کی تین کتب۔

(۱) **تخریج الحدیث الشریف للدکتور علی نایف البقاعی حفظه الله ورعاه**

(یہ کتاب عرب کی متعدد یونیورسٹیوں کے نصاب میں داخل ہے۔

(۲) **اصول التخریج ودراسة الاسانید للدکتور محمود الطحان حفظه الله ورعاه.**

(۳) **المدخل الی علوم الحدیث للشیخ محمد عبدالمالک حفظه الله ورعاه.**

سے استفادہ کرتے ہوئے یہ کتاب: ''آپ حدیث کیسے تلاش کریں؟'' ترتیب دی ہے۔

سب سے پہلی کتاب: **تخریج الحدیث الشریف للبقاعی** کی ترتیب بہت سہل اور عملی تمرینات پر مشتمل ہے۔ اور حدیثی کتب کے بہت سے ایسے اسماء بھی اسمیں مذکور ہیں جو حدیث کے طالب علم کے لیئے بہت ضروری ہیں۔

اسلیئے کتاب کی ترتیب اور زیادہ مواد اسی کتاب سے ماخوذ ہے اور اپنی طرف سے جو بات کہیں عرض کی ہے اس میں اپنی طرف اشارہ کردیا ہے۔

کتاب سے استفادہ کرتے وقت اگر دی گیئں تدریبی و عملی تمرینات کو خود طالب علم کسی لائبریری یا مدرسہ کے کتب خانے میں جا کر وہاں مراجع و مصادر کی مدد سے حل کرے تو اسکی تخریجی استعداد خوب سے خوب تر ہو جایئگی اور حل شدہ تمرینات پر غور کرنے سے بھی یہ استعداد کافی حد تک حاصل ہو سکتی ہے لیکن از خود عملی تمرین کا اپنا مقام ہے۔ جو محتاج تعارف نہیں۔

کتاب میں پہلے حدیث تلاش کرنے کے پانچ طریقے اجمالاً مذکور ہیں۔

جن کو خوب توجہ سے پڑھنا چاہیئے اور ان کی تفصیل بعد میں آئیگی۔ جسکے اندر ہر طریقے سے متعلق قابل استفادہ کتب کا ذکر ہے۔ ان سے عملاً استفادہ کرتے وقت ان کا مقدمہ پہلے غور سے پڑھنا چاہیے۔ تا کہ مفصل طور پر ہر کتاب کا منہج سامنے آجائے اور بعض کتابوں کا ذکر مجملاً اور بعض کتب تخریج کا تذکرہ تفصیلاً کتاب کے آخر میں آرہا ہے۔ جسکو بار بار پڑھنے سے ایک تخریجی ذوق اور اہلیت حاصل ہو سکتی ہے۔

## ایک قابل ذکر بات

طلبہ دورہ حدیث و درجہ موقوف علیہ کے طلبہ چونکہ شرح نخبۃ الفکر پڑھ کر حدیثی اصطلاحات سے کسی حد تک واقف ہوتے ہیں لیکن عام مبتدی طلبہ ان سے واقف نہیں ہوتے اس لئے میں نے اس کتاب کی اصطلاحی عبارتوں کو قریب

الی الفہم کرنے کے لئے حصہ دوم کے نام سے اصطلاحات الحدیث اس کے آخر میں ملحق کر دی ہیں۔جس کے شروع میں تمہید کے عنوان سے اس کی تعریف و تفصیل بیان کردی ہے وہاں پر دیکھ لیا جائے۔

اور جیسا کہ آجکل بعض لوگ ائمہ اربعہ کی تقلید کے قائل نہیں اور عمل بالحدیث کے دعوی دار ہیں اور ائمہ اربعہ کے مقلدین سے احادیثی دلائل کا مطالبہ کرتے رہتے ہیں۔تو اکثر وہ حدیثی موضوع اپنے سوال میں قائم کر دیتے ہیں۔مثلا!ترک رفع الیدین کی احادیث دکھائیں؟ یا آمین بالسر کی احادیث دکھائیں؟۔۔۔۔الخ (ان کا یہ مطالبہ درست بھی ہے یا نہیں؟ یہ مستقل تفصیل طلب موضوع ہے جس کی وضاحت میں نے اپنی کتاب ''حدیث کا حکم ایسے پہچانیئے'' میں کردی ہے جو ابھی زیر تکمیل ہے)

تو اب ایک طالب علم کو چاہئے کہ وہ یہ احادیث اگر دکھلانا چاہے یا اپنے طور پر خود ان احادیث کا مطالعہ کرنا چاہے تو ان کتب میں تلاش کرے جو حسب موضوع حدیث ترتیب دی گئیں ہیں۔اور بعض ان میں وہ کتابیں بھی ہیں جو مذھبی دلائل کا استیعاب کسی نہ کسی حد تک کئے ہوئی ہیں۔مثلاً

(۱)اعلاء السنن لظفر احمد العثمانی .

(۲)فتح الملهم مع التكملة علامه شبير احمد العثمانی ومفتی تقی العثمانی.

(۳)معارف السنن العلامه محمد یوسف البنوری.

(۴)بذل المجهود الشيخ خليل احمد السهارنفوری.

(۵)البناية شرح الهداية للعينی.

(٦) شرح معانی الآثار للطحاوی

(۷)عمدة القاری للعینی.

(۸) فتح القدیر لابن الهمام.

(۹)رسائل الکشمیری علامه انور شاه الکشمیری.

(۱۰)رسائل الشیخ المحدث محمد سرفرازخان صفدر

(۱۱)رسائل الشیخ المحدث المفتی السید مهدی حسن الدیوبندی.

(۱۲)رسائل الشیخ المحقق العلامة امین صفدر الأوکاروی رحمهم الله تعالیٰ اجمعین.

(۱۳)مقالات مدنی مطبوع ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان۔

ان کتابوں سے طالب علم کو اپنا مقصود مل جائے گا۔اور تصوف سے متعلق احادیث کی تحقیق ''اتحاف السادة المتقین للزبیدی شرح احیاء علوم الدین للغزالی'' اور حکیم الامت مولانا محمد اشرف علی التھانوی کی ''التشرف فی احادیث التصوف اور الاذکار للنووی'' وغیرہ سے کی جاسکتی ہے۔اور باقی جہات سے حدیثی تلاش کی مکمل ترتیب کتاب میں مفصل بیان کی گئی ہے۔

کتاب اپنی منجملہ مباحث کے اعتبار سے درجہ موقوف علیہ، دورۂ حدیث کے طلباء،علماء، ائمہ مساجد، خطباء کیلئے بالخصوص اور باقی درجات کے طلبہ کیلئے بالعموم قیمتی علمی تحفہ ہے۔اللہ تعالیٰ زیادہ سے زیادہ اپنے بندوں کو اس کتاب سے استفادہ کی توفیق عطا فرمائے۔اور اس کو بندہ اس کے والدین و اساتذہ کرام اور تمام مسلمانوں کے لئے ذخیرہ آخرت و ذریعہ نجات بناتے ہوئے اس کا اجر و ثواب میرے ایک نہایت محنتی و باصلاحیت نیک شاگرد محمد عاصم کشمیری رحمہ اللہ تعالی کے نامہ اعمال میں لکھے کہ اس سے بندہ کو علم و عمل کے میدان میں بہت سے امیدیں تھیں لیکن وہ دوران طالب علمی ہی اس جہان فانی سے رخصت ہو گئے۔اللہ تعالی

ان کے ساتھ اپنے مقرب ومحبوب بندوں والا معاملہ فرما کر قیامت کے دن میرے لئے بھی ان کوذریعہ نجات بنائے (آمین)

**وما ذالک علی اللہ بعزیز**

کتبہ العبد ابو محمد محسن گلزار نعمانی عفی اللہ عنہ وعافاہ (قصور)

استاذ مدرسہ عربیہ قادریہ عیدگاہ تلمبہ

و

مدرسۃ الحسنین رئیس آباد تلمبہ خانیوال

بروز پیر ۲۱/۳/۱۴۳۱ھ بمطابق ۸/۳/۲۰۱۰ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# المقدمه

اس میں مندرجہ ذیل چند چیزوں کا بیان ہوگا۔

(۱) التخریج لغت واصطلاح میں۔

(۲) تعلیم تخریج کے لئے چند مفید کتابوں کا تذکرہ۔

(۳) مصادر حدیث کی طرف حوالہ منسوب کرنے کا طریقہ کار۔

(۴) تخریج حدیث کے بعض فوائد۔

(۵) تاریخ تخریج حدیث اور اس علم میں تالیف شدہ چند کتب کا تذکرہ۔

## الباب الاول

اس میں تین فصلیں ہیں۔

### الفصل الاول:

اس فصل میں ذکر کیا گیا ہے کہ حدیث کی تالیف وتصنیف تین صورتوں میں ہی ہوتی ہیں۔

(۱) احادیث موضوعات کے اعتبار سے۔ (۲) احادیث راوی کے اسماء کے اعتبار سے۔

(۳) احادیث حروف المعجم کے اعتبار سے۔

ان مباحث میں ان کتب احادیث کا تذکرہ ہے جو موضوعات کے اعتبار سے تصنیف ہوئیں ہیں مثلاً:

(۱) الجوامع (۲) السنن

(۳) المصنفات (۴) الموطات

(۵) الجامع (۶) کتب الزوائد

(۷) المستدرکات (۸) المستخرجات

(۹) الاجزاء

(۱۰) عام موضوعات اور جو کتابیں راوی حدیث کے اعتبار سے لکھی گئیں ہیں مثلاً:

(۱) المسانید (۲) المعاجم

(۳) کتب الاطراف ان کے بعد وہ کتب حدیثیہ مذکور ہیں جو حروف المعجم کے اعتبار سے لکھی گئیں۔

## الفصل الثانی

اس فصل میں تخریج کی وسعت کے انتہائی امکانات اور ان طریقوں میں استعمال ہونے والا کتابی مواد بیان کیا گیا ہے اس میں تخریج حدیث کو تین درجات میں منقسم کیا گیا ہے۔

(۱) الوجیز (۲) الوسیط (۳) البسیط

پھر بتلایا گیا ہے کہ ان میں اصل تخریج نفس حدیث ہی کی تخریج ہے اور ایک حدیث کو تلاش کرنے کے لئے ایک سے زائد طریقے استعمال کئے جاسکتے ہیں۔

## الفصل الثالث

اس فصل میں حدیث کی تلاش کیلئے کمپیوٹر پرسی ڈیز وغیرہ کے استعمال سے متعلق تذکرہ ہے اور بازار میں عام ملنے والے تین حدیثی پروگرام کا ذکر کر کے آخری دو کی قدرے تفصیل بیان کی گئی ہے

(۱) مکتبۃ الحدیث الشریف بذریعہ کمپیوٹر سی ڈی میں حدیث تلاش کرنے کا پروگرام۔

(۲) موسوعۃ الحدیث الشریف۔ (۳) المحدث۔

# الباب الثانی

# طرق تخریج الحدیث الشریف

## ''حدیث تلاش کرنے کے طریقے''

اس باب میں پانچ فصلیں ہیں:

الفصل الاول

## الطریقة الاولیٰ: تخریج الحدیث بمعرفة موضوعه

”حدیث کے موضوع کے اعتبار سے حدیث تلاش کرنا“

اس میں چند چیزوں کا بیان ہے:

(۱) اس طریقے کو کب اور کیسے استعمال کریں۔

(۲) اس طریقے میں استعمال ہونے والی کتب کی تقسیم: مفردہ، مشتملة، اصلیہ، غیر اصلیہ کے اعتبار سے۔

(۳) ان طریقوں پر عملی تطبیقات کے چھ مراحل تاکہ مبتدی آہستہ آہستہ اس طریق کے ذریعے حدیث تلاش کرنے کا عادی اور اس پر قادر ہو جائے۔

الفصل الثانی

## الطریقة الثانیة: تخریج الحدیث بمعرفة راویه

حدیث کے راوی کا نام جان کر پھر حدیث تلاش کرنا اس میں بیان ہے کہ کتب المسانید اور معاجم کب استعمال ہونگی ان کے بعد کتب الاطراف جیسے کتاب المزی تحفة الاشراف اور کتاب ابن حجر اتحاف المهرة کب استعمال ہونگی یہ بات ذکر کی گئی ہے۔

الفصل الثالث

## الطریقه الثالثة: تخریج الحدیث بمعرفة طرفه الاول

”حدیث کے پہلے جملے کی حدود سے حدیث تلاش کرنا“

اس میں مذکور ہے کہ یہ طریقہ کب استعمال ہوگا؟

اختلاف طرق الحدیث اور اختلاف روایات الحدیث میں کیا فرق ہے نیز ترتیب فہارس اوران میں کیا فرق ہے فہارس خاصہ، فہارس عامہ کونسی ہیں اوران کا استعمال کیسے ہوگا۔

الفصل الرابع

## الطريقة الرابعة: تخريج الحديث بمعرفة احدى صفات السند او المتن

''متن وسند کی صفت وخاصیت کے اعتبار سے سے حدیث تلاش کرنا''

اس فصل میں استعمال میں آنے والی کتب کا تذکرہ ہے۔

(۱) كتب الاحاديث المتواتره (متواتر احادیث)

(۲) القدسيه احاديث قدسيه (فرمودات الہیہ)

(۳) الصحيحيه (صحیح احادیث کی کتب)

(۴) الضعيفيه (ضعیف احادیث کی کتب)

(۵) الموضوعه (جھوٹی اور من گھڑت احادیث کی کتب)

(۶) المسلسله (مسلسل احادیث کی کتب)

(۷) المعلله (حدیث میں کسی قسم کی خرابی والی احادیث)

(۸) المرسله (وہ احادیث جن کی سند میں انقطاع ہو)

(۹) روايات الابناء عن الاباء (وہ احادیث جن کو اولاد نے اپنے والدین سے روایت کیا ہو)

(۱۰) المشتهرة على الالسنة (عام زبانوں پر متداول احادیث)

الفصل الخامس

## تخريج الحديث الشريف بمعرفة لفظة من الالفاظ

''حدیث کے الفاظ میں سے کسی لفظ کی مدد سے حدیث تلاش کرنا''

یہاں مندرجہ ذیل عنوانات پر بحث ہوگی:

(۱) المعجم المفہرس لالفاظ الحدیث النبوی (۲) کتب غریب الحدیث
(۳) المعجم المفہرس کے بعض عیوب (۴) تخریج میں کتب غریب کا فائدہ

## خاتمہ

اس میں مندرجہ ذیل چیزیں مذکور ہیں:

(۱) تخریج کے بارے میں چند تکمیلی ابحاث۔

(۲) وہ مصادر و مراجع جو عام طور پر حدیث تلاش کرتے وقت استعمال ہوتے ہیں ان کی طویل فہرست۔

(۳) موضوعات کی فہرست۔

یہ اس کی آخری بحث ہے اللہ تعالی اس کو قبول فرمائے اور اپنے بندوں کو اس سے خوب استفادہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے اگر کوئی صاحب علم طبقے میں سے اس میں کسی بھی خطا و لغزش پر مطلع ہو تو ان کی خدمت میں بندہ کا التماس و گزارش ہے کہ وہ اس خطاء پر مطلع فرما کر عند اللہ ماجور اور میرے شکریہ کا مستحق بنے اور اپنے قیمتی مشوروں اور آراء سے نواز کر احسان فرمائے اللہ تعالی ہم سب کی مغفرت فرمائے اور اس کو میرے لئے اور میرے اساتذہ کے لئے اور تمام مسلمانوں کے لئے ذخیرہ آخرت اور ذریعہ نجات بنائے۔ امین وما ذلک علی اللہ العزیز

العبد ابو محمد محسن گلزار نعمانی (قصور)

استاذ اصول فقہ و حدیث و بلاغت

مدرسہ عربیہ دار العلوم عیدگاہ تلمبہ میاں چنوں خانیوال

۲۰۱۰/۳/۸ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# المقدمہ

## التخریج فی اصل اللغة: اجتماع امرین متضادین فی شی واحد

''متضاد چیزوں کا ایک چیز میں جمع ہونا''

تخریج کا اطلاق چند معانی پر ہوتا ہے:

(۱) الاستنباط: قال فی القاموس الاستخراج والاختراج: الاستنباط. (القاموس ۱/۱۹۲)

''یعنی استخراج کا معنی استنباط (کسی چیز سے کسی چیز کا اخذ کرنا)۔''

(۲) التدریب قال فی القاموس خرجه فی الادب فتخرج وهو خریج (کعنین بمعنی مفعول ای مخرج. (القاموس ۱/۱۹۲)

''یعنی اس نے ادب میں اس کو مشق کروائی تو وہ ادب میں مہارت یافتہ ہو گیا''۔

(۳) التوجیه: تقول خرج المسالة وجهها ای بین لها وجها والمخرج موضع الخروج یقال خرج مخرجا حسنا وهذا مخرجه. (لسان العرب ۲/۲۴۹)

ڈاکٹر محمود الطحان فرماتے ہیں:

اسی سے محدثین کا یہ قول ہے

هذا حديث عرف مخرجه ای موضع خروجه وهو رواة اسناده الذين خرج الحديث من طريقهم.

''یعنی یہ ایسی حدیث ہے جس کا مصدر معلوم ہے اور وہ راویوں کا سلسلہ ہے

جس طریق پر وہ حدیث روایت کی گئی ہے۔''

(لسان العرب ۲/۲۴۹) میں ہے

**الخروج نقيض الدخول وقد اخرجه وخرج به فيكون الاخراج معناه الابرار والاظهار ومنه قوله تعالى كزرع اخرج شطاه.** (سورہ الفتح آیۃ ۲۹)
**اى كمثل زرع ابرز واظهر فراخه**

''یعنی الاخراج نکالنا کا معنی الابراز والاظہار ظاہر کرنا، دوسروں کے سامنے پیش کرنا۔''

ڈاکٹر محمود الطحان صاحب اصول التخریج ودراسہ الاسانید فرماتے ہیں:

**ومنه قول المحدثين عن الحديث اخرجه البخارى اى ابرزه للناس واظهر ه لهم ببيان مخرجه وذلك بذكر رجال اسناده الذين خرج الحديث من طريقهم وكذلك قولهم خرجه البخارى بمعنى اخرجه اى ذكر مخرجه فهذا اصل اشتقاق المحدثين لكلمة التخريج اى اظهر مخرج الحديث اى موضع خروجه وذالك بذكر رواة اسناده والله اعلم.**

''یعنی محدثین کا قول حدیث کے بارے میں اسی وجہ سے ہے کہ بخاری نے اس حدیث کی تخریج کی ہے یعنی اس حدیث کو لوگوں کے سامنے اس کے مخرج کے بیان کے ساتھ ظاہر کیا اسی طرح ان کا قول خرجہ البخاری کا معنی ہے امام بخاری نے اس کے مخرج کو ذکر کیا ہے اور یہیں سے محدثین نے کلمہ التخریج کا اشتقاق واستنباط کیا ہے یعنی حدیث کے مخرج کا ذکر کرنا، یعنی جہاں حدیث مذکور ہے اس جگہ (کتاب) کو ذکر کرنا اور یہ سلسلۃ الشیوخ (الرواۃ) کے ذکر کرنے پر موقوف ہوتا ہے۔''

## (ب) التخريج عند المحدثين

محدثین کے نزدیک تخریج کا اطلاق چند معانی پر ہوتا ہے ڈاکٹر محمود الطحان اصول

التخریج میں فرماتے ہیں:

(ا) فیطلق علی انه مرادف الاخراج ای ابراز الحدیث للناس بذکر مخرجه ای رجال اسناده الذین خرج الحدیث من طریقهم فیقولون مثلا هذا حدیث اخرجه البخاری او خرجه البخاری ای رواه و ذکر مخرجه استقلالا۔

''یعنی تخریج اخراج کا مترادف ہے کسی محدث کا یہ بتلانا کہ یہ حدیث امام بخاری، امام مسلم، امام ترمذی الخ میں سے کسی نے اپنی کتاب میں نقل کی ہے اوراس کے ساتھ ساتھ اس کی سند کو بھی ذکر کردے۔''

آگے فرماتے ہیں:

قال ابن اصلاح فی "علوم الحدیث" وللعلماء بالحدیث فی تصنیفه طریقتان احداهما: التصنیف علی الابواب وهو تخریجه علی احکام الفقه وغیرها (علوم الحدیث ص ۲۲۸) فالمراد بقوله تخریجه ای اخراجه وروایته للناس فی کتابه.

''یعنی مسائل فقہیہ کو دوسرے مصادر ومراجع سے نقل کر کے اپنی کتاب میں لوگوں کے لئے بیان کرنا۔''

آگے فرماتے ہیں:

ویطلق علی معنی اخراج الاحادیث من بطون الکتب و روایتها قال السخاوی: فی فتح المغیث والتخریج اخراج المحدث الاحادیث من بطون الاجزاء والمشیخات والکتب ونحوها وسیاقها من مرویات نفسه او بعض شیوخه او اقرانه او نحو ذلک والکلام علیها وعزوها لمن رواها من اصحاب الکتب والدوانین. (فتح المغیث ۲/۳۳۸)

''یعنی کتب حدیث سے احادیث نکالنا اوران کی روایت کرنا بھی تخریج کے معنی کا ایک مصداق ہے حافظ سخاوی فتح المغیث میں فرماتے ہیں محدث کا کتب حدیث اوراپنے شیوخ کی مرویات سے حدیث نکالنا اور بیان کرنا اوران پر کلام کرنا اوران کے اصلی مصادر کی طرف ان کے حوالے دینا تخریج کہلاتا ہے۔''

(۳) تخریج کا ایک معنیٰ دلالت بھی ہے یعنی

**الدلالة علی مصادر الحدیث الاصلیة وعزوہ الیھا وذالک بذکر من رواہ من المولفین قال المناوی فی فیض القدیر عند قول السیوطی: وبالغت فی تحریر التخریج بمعنی اجتھدت فی تھذیب عزو الاحادیث الی مخرجیھا الی الشی من ائمةالحدیث من الجوامع والسنن والمسانید فلا اعزو الی شیء منھا الا بعد التفتیش من حالہ وحال مخرجیہ ولا اکتفی بعزوہ الی من لیس من اھلہ.وان جل. کعظماء المفسرین.**

(فیض القدیر شرح الجامع الصغیر ۱/۲۰)

حدیث کے اصلی مراجع ومصادر کا حوالہ دینا اوران کی نشاندہی کرنا اور یہ ان مولفین کا نام ذکر کرنے سے ہوتا ہے جوان احادیث کو اپنی تالیفات میں ذکر کرتے ہیں۔اسی مطلب کو علامہ المناوی نے فیض القدیر میں یوں بیان کیا ہے:

''میں نے تخریج کے معاملے میں بہت جدوجہد سے کام لیا ہے یعنی احادیث کا حوالہ ان احادیث کی کتب جوامع، مسانید، سنن وغیرہ کا ہی دیا ہے جن میں اصالۃ مذکور ہیں اور یہ تمام عمل میں نے اصحاب کتب کے احوال ذاتیہ کی بحث وتحقیق کے بعد کیا ہے اوراس معاملے میں ان کتب پر اکتفا نہیں کیا جن کتابوں میں احادیث احادیث کی کتب سے نقل کی جاتی ہیں جیسے کتب تفاسیر، کتب فقہ، کتب سیرت، کتب تاریخ وغیرہ اگرچہ اصحاب کتب جلیل القدر مفسرین وفقہاء ہی کیوں نہ ہوں مندرجہ بالا تصریحات کی روشنی میں تخریج کی اصطلاحی تعریف مندرجہ ذیل ہے''۔

## تعریف التخریج اصطلاحا

ڈاکٹر محمود الطحان حفظہ اللہ اصول التخریج میں مندرجہ بالا عنوان کے تحت لکھتے ہیں:

"التخریج ھو الدلالة علی موضع الحدیث فی مصادرہ الاصلية التی اخرجته بسندہ ثم بیان مرتبته عند الحاجة".

اصطلاحی طور پر تخریج (حدیث تلاش کرنا حدیث کا حوالہ دینا وغیرہ) کہتے ہیں ان مصادر حدیث کی نشاندہی کرنا جن میں احادیث سند سمیت ذکر کی گئیں ہیں نیز اس کے بعد ضرورت پڑنے پر حدیث کا درجہ بیان کرنا۔

## شرح التعریف

الدلالة علی موضع الحدیث . یعنی ان مولفات کے اسماء ذکر کرنا جن میں یہ حدیث مذکور ہے کقولنا مثلاً اخرجه البخاری فی صحیحه او اخرجه الطبرانی فی معجمه او اخرجه الطبری فی تفسیرہ اور اسی طرح کی اور عبارات۔

### (۲) حدیثی مصادر اصلیہ کون کونسے ہیں؟

**(۱) کتب سنت**:۔ حدیث کی وہ کتابیں جن میں ان کے مصنفین اپنے سے لے کر آپ ﷺ تک مکمل اسانید کا ذکر کرتے ہوئے حدیث کا ذکر کرتے ہیں جیسے کتب ستہ، صحیح بخاری، صحیح مسلم، سنن ابوداؤد، سنن ترمذی، سنن نسائی، سنن ابن ماجہ، موطا مالک، مسند احمد، مستدرک حاکم، مصنف عبدالرزاق وغیرہا۔

**(۲)** وہ **کتب سنت** جو اسانید کے اعتبار سے پہلی قسم کے تابع ہوں۔

۱...... جیسے کتاب الجمع بین صحیحین للحمیدی

۲...... اور وہ مصنفات جن میں انہی جیسی کتب کی اطراف جمع کی جائیں جیسے کتاب تحفة الاشراف بمعرفة الاطراف للمزی۔

۳...... اور وہ مصنفات جن میں مندرجہ بالا کتب کا اختصار ہو جیسے تہذیب سنن ابی داؤد للمنذری اگرچہ اخیر الذکر میں علامہ منذری نے اسانید حذف کر دی ہیں لیکن حکماً مذکور

ہیں کیونکہ تفصیل کے لئے سنن ابوداؤد کی طرف رجوع کیا جا سکتا ہے۔

## (۳) الکتب المصنفه فی الفنون الاخری

جیسے تفسیر، فقہ، تاریخ کی وہ کتب جن میں احادیث سے استدلال کیا جاتا ہے اور مصنفین ان میں اسانید کو بھی مکمل طور پر ذکر کرتے ہیں یعنی اپنے سے پہلے تصانیف حدیث سے نقل نہیں کرتے ان کتب میں سے تفسیر طبری اور تاریخ طبری کتاب الام لامام الشافعی وغیرہ ان کتب کو ان کے مصنفین نے سنت کا استیعاب کرنے کے لئے تصنیف نہیں کیا بلکہ اور مختلف فنون میں تصنیف کیا ہے اور ابحاث کے دوران احادیث کے نصوص سے استدلال کیا ہے یعنی آیات کی تفسیر کرتے وقت اور کبھی احکام کے بیان کے لئے وغیرہ۔ لیکن ان احادیث کو وہ اپنے شیوخ سے روایت کرتے ہیں اور حضور ﷺ تک احادیث کی اسناد ذکر کرتے ہیں یہی حدیث کے لئے مصادر اصلیہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔

## تخریج حدیث: ''تلاش کرنا، حدیث کا حوالہ دینا'' سکھانے والی چند کتب کا ذکر

**دکتور علی نایف بقاعی حفظه الله ورعاه** اپنی کتاب تخریج الحدیث الشریف میں [illegible]تے ہیں تخریج الحدیث کے موضوع پر تصانیف کا سلسلہ کوئی زیادہ قدیم نہیں ہے زیادہ سے زیادہ اس فن پر تصانیف کا سلسلہ چالیس سال قبل تک پرانا ہوگا اور اس فن میں لکھنے والے لوگ اکثر زندہ ہیں ان کتب کا مصنفین اور ناشرین کتب کے تذکرے کے ساتھ یہاں ذکر کیا جاتا ہے۔

**(۱) حصول التفریج باصول التخریج لابی الفیض احمد بن الصدیق الغماری المتوفی سنة ۱۳۸۰ھ نشر فی الریاض بمکتبة طبریة.**

**(۲) اصول التخریج ودراسة الاسانید لدکتور محمود الطحان نشر فی بیروت بدار القرآن ۱۳۹۸ھ ۱۹۷۸م.**

(۳) كشف اللثام عن اسرار تخريج احاديث سيد الانام للدكتور عبد الموجود محمد عبد اللطيف نشر فی مصر بدار ابن تيمه ١٩٨٥م .

(۴) طرق تخريج حديث رسول ﷺ للدكتور عبد المهدی عبد القادر نشر فی مصر بدار الاعتصام ١٩٨٧م .

(۵) اصول التخريج وطرق تخريج الحديث للدكتور شاكر ذيب فياض .

(٦) منهج دراسة الاسانيد والحكم عليها ويليه دراسة فی تخريج الاحاديث الدكتور وليد بن حسن العانی المتوفی سنة ١٤١٦ھ .

١٩٩٦م نشر فی الاردن بدار النفائس ١٤١٨ھ ١٩٩٧م .

(۷) علم تخريج الاحاديث: اصوله، طرائقه، مناهجه ،للدكتور محمد محمود بكار نشر بدار طيبة فی الرياض ١٤١٨ھ.

(٨) تخريج الحديث للدكتور همام عبد الرحيم سعيد نشر جامعة القدس المفتوحة فی عمان ١٩٩٦م .

(٩) تبسيط علم التخريج للدكتور مصطفى سليمان الندوی نشر دار الكلمة .

(١٠) التاصيل لاصول التخريج للشيخ بكر بن عبد الله ابو زيد نشر بدارا لعاصمه فی الرياض ١٤١٣ھ .

(١١) مفاتيح علوم الحديث وطرق تخريجه لمحمد عثمان الخشت نشر مكتبة الساعی فی الرياض وغالبه فی مصطلح الحديث .

(١٢) فن تخريج الحديث للدكتور عزت علی عيد عطيه یہ ایک مقالہ ہے جو كلية الشريعة واصول الدين والعلوم العربية والاجتماعيةبالقصيم سے نشر کیا گیا سنہ ۱۴۰۲ھ۔

(١٣) مناهج المحدثين حدودها وغايتها ومصادرها للشيخ الدكتور

نور الدین حفظہ اللہ ورعاہ اس میں ڈاکٹر صاحب نے تخریج اور مناہج المحدثین کے درمیان فرق واضح کیا ہے یہ مقالہ مجلۃ الاحمدیہ العدد الخامس میں طبع ہوا جس کا سن طباعت المحرم ۱۴۲۱ھ۔

(۱۴) طرق تخریج اقوال الصحابة و التابعین لتکملة کتاب طرق تخریج حدیث رسول اللہ ﷺ عبد المهدی عبد القادر عبد الهادی القاهره مکتبة الایمان ۱۴۱۷ھ

# صوغ العزو للمصادر

## (حدیث تلاش کرنے کے بعد آپ اس کا حوالہ کیسے تحریر کریں؟)

اس سے مراد ان معلومات کو تحریر کرنا ہے جن کو حدیث تلاش کر کے حاصل کیا گیا ہے تاکہ پڑھنے والے کی حدیث کے مصدر تک راہنمائی کی جا سکے اور ان کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

(۱) مصنف کا نام (۲) کتاب کا نام (۳) فقہی اعتبار سے کتاب (کتاب الصلوۃ کتاب الزکوۃ وغیرہ) (۴) وہ باب جس میں حدیث مذکور ہے (۵) حدیث کا نمبر اگر موجود ہو (جیسے آجکل بیروتی کتب میں پایا جاتا ہے) (۶) جزء کا نمبر (کہ اکثر کتابیں متعدد اجزاء اور کئی کئی جلدوں میں ہوتی ہیں) (۷) صفحہ نمبر جس میں حدیث مذکور ہے (۸) ان چیزوں کے بیان کے بعد کسی حدیث کا حکم یا اس کے متعلق اپنی رائے پیش کرنا افضل ہے اگرچہ ہر حدیث پر ہر ایک کے لئے یہ ممکن نہیں ہوتا۔

قاری ان تمام باتوں کا استحضار رکھتے ہوئے جب اپنے پاس موجود کتاب میں دیکھے گا تو عین ممکن ہے اس کے طبعہ میں مندرجہ بالا میں سے اکثر اشیاء تبدیل ہوں لیکن کچھ بھی ہو دو چیزیں تو ہر حال میں قاری کو مل ہی جائیں گی اور ایک کتاب کی تخریج کے دوران ایک ہی طرز تحریر برقرار رکھنا چاہیے۔

## حوالہ دینے کا بہترین اسلوب

سب سے زیادہ مناسب یہ ہے کہ ہم سب سے پہلے

(۱) مصنف کا نام۔(۲) تصنیف کا نام۔(۳) کتاب کا نام (کتاب الصلوۃ کتاب الحج وغیرہ میں سے)۔(۴) باب کا نام (کتاب کے اندر ذیلی عنوان وغیرہ)۔(۵) حدیث نمبر اگر مل جائے۔(۶) پھر جز اور صفحہ نمبر

ہاں اگر ان سے پہلے کتاب نمبر اور باب نمبر مل جائیں تو درج کر دیا جائے۔اس طریق کو عملی مثال سے سمجھیں۔

## حوالہ تحریر کرنے کا عملی نمونہ:

"حدیث الانصار لا یحبھم الا مومن ولا یبغضھم الا منافق فمن احبھم احبہ اللہ ومن ابغضھم ابغضہ اللہ."

براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث:

(۱) البخاری، الصحیح، کتاب المناقب ،باب حب الانصار من الایمان ح(۳۷۸۳)

(۲) ومسلم الصحیح کتاب (۱) الایمان باب (۳۳) الدلیل علی ان حب الانصار وعلی رضی اللہ عنہم من الایمان الخ .

(۳) والترمذی الجامع کتاب المناقب باب (۶۶) فی فضل الانصار وقریش ح (۳۹۰۰)، ۵/۷۱۲)

(۴) وابن ماجہ السنن المقدمہ باب (۱۱) فی فضائل اصحاب رسول اللہ ﷺ فضل الانصار ح (۱۶۳)، ۱/۵۷)

**ملاحظہ:**۔غور کریں ہم نے کتب اور ابواب کے نمبر قوسین کے درمیان ذکر کئے ہیں کیونکہ ان کے وہ طبعات جو ہم نے استعمال کیے ہیں ان میں نمبر موجود ہیں۔اور صحیح بخاری

کے اندر ذکر نہیں کئے کیونکہ اس طبعہ میں ارقام موجود نہیں۔

# فوائد التخریج

## (حدیث تلاش کرنے کے فوائد)

تخریج حدیث کے چند فوائد یہاں درج کئے جاتے ہیں۔

(۱) تخریج کی وجہ سے ہمیں حدیث مصادر اصلیہ میں مل جاتی ہے اس کی سند متن کی حقیقت صحیح عیاں ہوتی ہے ہمارے پاس جو کتاب غیر حدیثی ہے اور اس میں ایک حدیث مذکور ہے اس میں اور مصادر اصلیہ میں موجود حدیث میں موافقت الفاظ و مفہوم کے اعتبار سے ظاہر ہوتی ہے اسی طرح اگر مخالفت ہے تو اس پر بھی ہم مطلع ہو جاتے ہیں۔

(۲) تخریج کے ذریعے ہمیں حدیث پر ائمہ کا کیا گیا کلام معلوم ہوگا کہ حدیث ضعیف ہے یا صحیح ہے اگر چہ بخاری و مسلم کی احادیث پر امت کا اجماع ہے کہ وہ سند کے اعتبار سے صحیح حدیثیں ہیں اور ترمذی اپنی جامع میں حدیث پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں حدیث صحیح او حسن او غریب او غیر ذالک اور بہت سے ائمہ اپنی کتابوں میں حدیث پر حکم لگاتے ہیں جن کی وجہ سے حدیثی احکام جاننا آسان ہو جاتا ہے۔

(۳) تخریج بسیط سے حدیث کے مختلف طرق اور متعدد سندوں کو تلاش کرنا) حدیث کے متعدد طرق کا معلوم کرنا اور انہی کی وجوہ سے یہ معلوم کرنا کہ یہ خبر واحد ہے یا مشہور اور متواتر وغیرہ

(۴) تخریج بسیط سے حدیث کے مزید شواہد کی نشاندہی ہو جاتی ہے اور بعض طرق میں جو متابعات ہوتے ہیں وہ بھی معلوم ہو جاتے ہیں اور یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے آیا حدیث ان متابعات سے قوی بن سکتی ہے یا نہیں۔

(۵) تخریج حدیث اور اس کے جمیع طرق کو جمع کرنے سے حدیث کی علل اور حدیث

میں موجود شذوذ اور زیادۃ الثقۃ کی خبر ہوتی ہے **کما قال علی بن المدینی الباب اذا لم تجمع طرقه لم يتبين خطوه** اگر باب کے تمام طرق جمع نہ کیے جائیں تو اس کی خطائین اور علل ظاہر نہیں ہوتیں۔

(۶) تخریج حدیث سے یہ بھی ممکن ہے کہ معانی الغریب بھی معلوم ہو جائیں جو دوسری روایات میں آئے ہیں **کما قال ابو حاکم الرازی لو لم نکتب الحدیث من ستین وجها ما عقلناه** اگر ہم حدیث کے ساٹھ طرق جمع نہ کریں تو اس کے معانی ومطالب کو نہ سمجھ پائیں۔

(۷) تخریج حدیث کے ذریعے ممکن ہے کہ ایک موضوع پر ہم اکثر احادیث کو جمع کر کے ایک موضوع پر بحث ودراسہ کا حق ادا کردیں اور ان احادیث کی شروحات میں ان معانی ومطالب پر حاوی ہو جائیں جو ائمہ نے بیان کیے ہیں یہ تخریج حدیث کا فائدہ ہر مصنف، مدرس، داعی الی اللہ اور طالب علم سبھی کے لئے ہوتا ہے۔

(۸) تخریج کے بہت سے فوائد میں سے چند فوائد فوائد المستخرجات کے تحت ذکر ہوں گے مثلاً مبہم کی تعیین، مہمل کی تمیز اور سماع کے ساتھ مدلس کی تصریح علو الاسناد کی پہچان وغیرہ ذک۔

# نبذة فی تاریخ التخریج وبعض ما الف فیه

## ﴿تخریج کی تاریخ اور چند اس فن میں مدون شدہ کتب کا ذکر﴾

گذشتہ صدیوں میں علماء تخریج الاحادیث کے محتاج نہیں تھے کیونکہ اس وقت احادیث کو سند سمیت روایت کرنے کا معمول تھا جب بعض احادیث بغیر اسناد مثلاً بلاغات ومعلقات موطا امام مالک میں پائے گئے تو علماء نے ان کے متصل ہونے کی تفتیش شروع کی۔

**قال الغماری فصنف الحافظ ابو عمر احمد بن خالد بن یزید**

القرطبی المعروف بابن الحباب المتوفی سنة ۳۲۲م
مسند حدیث الموطا .
وصنف الحافظ ابو القاسم عبد الرحمن بن عبد الله الغافقی الجوهری المصری المتوفی ۳۳۵مسند الموطا ایضا ولما کان هولاء متقدمین موجودین فی زمن الاسناد والاخراج جاءت مصنفاتهم جامعة بین التخریج والاخراج فمن حیث انها مسندة کانت اصولا یعزی الیها ویخرج منها ومن حیث ان اصحابها قصدوا وصل ما فی مصنفات غیرهم من المراسیل والمعلقات کانت کالتخاریج لتلک المصنفات .

اس عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ چند تصانیف میں ایسی احادیث آ گئیں تھیں جن کی اسناد مذکور نہیں تھیں صرف انہی کی اسناد کی تفتیش میں انہوں نے کتابیں لکھیں، جیسے مسند حدیث الموطا لابن الحباب، ایسے ہی مسند الموطا للجوھری کیونکہ ان کے زمانے میں احادیث سندوں کے ساتھ نقل کی جاتی تھیں اور کتابوں میں بھی سندوں سمیت ذکر ہوتی تھیں اور جب کتابوں میں چند احادیث مراسیل ومعلقات میں سے آ جاتیں تو علماء انہیں کی وہ سندیں تلاش کر کے کتابوں میں پیش کر دیتے جن میں یہ متصل ومرفوع ہوتیں اور اس وقت یہی تخریج کہلاتی تھی۔

ڈاکٹر بقاعی اپنی تصنیف تخریج الحدیث الشریف میں فرماتے ہیں:

وبتقدم الزمان وتحدیدا فی القرن السادس صارت کتب الفقه و التصوف بل وبعض کتب الحدیث تذکر احادیثها بلا اسانید مماحدا الی توقف الاحتجاج بها حتی تبین قبولها فانبری ائمة لتخریج احادیثها وبیان مراتبها حتی یتمیز ما یحتج به من غیره ویمکن ان نعتبر ان القرن الذی ظهر فیه التخریج بالاصطلاح

الذی ذکرناہ اول الکتاب ھو القرن السادس الھجری

یعنی چھٹی صدی ہجری میں اصطلاحی تخریج جب وجود میں آئی جبکہ کتب فقہ بعض حدیث اور تصوف میں اسانید کے بغیر احادیث ذکر کی جانے لگی آگے فرماتے ہیں:

(تخریج الحدیث الشریف ج ا ص ۲۶)ومن اوائل کتب التخریج علی ما یبدو کتاب الحازمی(المتوفی ۵۸۴ھ) فی تخریج احادیث المھذب فی الفقہ الشافعی للشیرازی لم یتمہ ثم کثر التخریج فی القرن الثامن وما تلاہ فصنف الزیلعی (م۷۶۲) نصب الرایۃ لاحادیث الھدایۃ فی الفقہ الحنفی وصنف العراقی (م۸۰۶) المغنی عن حمل الاسفار فی الاسفار فی تخریج ما فی الاحیاء من الاخبار وصنف ابن حجر العسقلانی (م ۸۵۲) التلخیص الحبیر فی تخریج احادیث الرافعی الکبیر ای الشرح الکبیر للرافعی علی الوجیز للغزالی وصنف السیوطی (م ۹۱۱) مناھل الصفا فی تخریج احادیث الشفا للقاضی عیاض .

ان کتابوں کے علاوہ علامہ الکتانی نے الرسالۃ المستطرفۃ (ص۱۸۵۔۱۹۰) میں بہت سے ایسی کتابوں کا ذکر کیا ہے جو فن تخریج میں لکھی گئیں ہیں اسی طرح علامہ الغماری رحمہ اللہ تعالی نے اپنی کتاب حصول التفریج باصول التخریج ص ۲۶۔۳۵ پر ان لوگوں کے نام درج کیئے ہیں جنہوں نے تخریج میں کتابیں لکھی ہیں اور درج کرنے کی ترتیب قرون کی ترتیب کے مطابق ہے۔

ان کے علاوہ آجکل عرب یونیورسٹیوں میں مقالہ جات کی ترتیب پر متعدد کتابیں لکھی گئیں اور آئے دن لکھی جارہی ہیں وہ بھی تخریج کے اچھے مصادر و مراجع ہیں۔

## الفصل الثانی

# مناہج تصنیف کتب الحدیث

﴿حدیث کی کتب لکھنے کے مختلف طریقے اور انداز﴾

حدیث میں تصانیف تین طریقوں میں سے لازماً کسی ایک طریق پر ضرور ہوتی ہیں۔

(۱) مرتبہ علی الموضوعات موضوعات کے مطابق تصنیف شدہ

(۲) بحسب راوی الحدیث حدیث کے راوی کے اعتبار سے

(۳) علی حروف المعجم حروف ہجاء کے اعتبار سے جیسے طالب علم کے لیے ان مباحث کی پہچان اور معلومات ان تین قسموں میں تصانیف سے متعلق زیادہ ہو جائے گی اتنی ہی تخریج اس کے لئے آسان ہوتی جائے گی۔

## اوّلاً: الکتب الحدیثیة المرتبة علی الموضوعات

﴿وہ کتب جو موضوعات کے اعتبار سے مدون شدہ ہیں﴾

**(۱) الجوامع**:۔ان کو جوامع الفنون بھی کہتے ہیں یہ وہ حدیثی کتب ہیں جو موضوعات پر مرتب ہوتی ہیں یہ دین کے تمام موضوعات کو شامل ہوتی ہیں۔

قال کتانی والجمع عندھم ما یوجد فیہٗ من الحدیث جمیع الانواع المحتاج الیھا من العقائد والاحکام ما یوجد فیہ من الاحدیث جمیع الانواع المحتاج الیھا من العقائد والاحکام والرقائق وآداب الاکل والشرب والسفرو المقام وما یتعلق بالتفسیر والتاریخ والسیر والفتن والمناقب والمثالب وغیر ذالک.

یعنی جامع محدثین کے نزدیک وہ کتاب کہلاتی ہیں جس میں ضروریات دین خواہ عقائد ہوں یا احکام سبھی بقدر ضرورت پائے جائیں جیسے۔

(۱) عقائد — (۲) احکام

(۳) کھانے پینے سفر وحضر کے آداب — (۴) تفسیر سے متعلق

(۵) تاریخ سے متعلق — (۶) فتن سے متعلق

(۷) مناقب — (۸) مثالب

## مشہور کتب جوامع

۱...... الجامع الصحیح الامام البخاری (م۲۵۶)

۲...... الجامع الصحیح للامام مسلم (م ۲۶۱)

۳...... جامع الامام الترمذی (م ۲۷۹)

۴...... جامع الامام معمر بن راشد الازدی (م ۱۵۴) روایة الامام عبد الرزاق الصنعانی .

جب یہ کتب جوامع دین کے تمام موضوعات کو شامل ہوتی ہیں تو ہر جامع میں دینی موضوعات کی کتب کی تعداد کافی زیادہ ہوتی ہے۔

۱...... الجامع الصحیح للبخاری اس کتاب میں (۹۷) کتابیں ہیں اس کی اول کتاب بدء الوحی اور آخری کتاب التوحید ہے۔

۲...... الجامع الصحیح لمسلم میں (۵۴) کتابیں ہیں۔

۳...... جامع الترمذی میں (۵۰) کتابیں ہیں۔

۴...... جامع معمر میں ابواب ہیں جن کی تعداد (۲۳۷) ہے اول باب وجوب الاستئذان اور آخری باب من سن سنۃ وآذی السلف ہے۔

## (ب) السنن

یہ ایسی کتب ہیں جو تمام موضوعات دین کو مستغرق نہیں ہوتیں یہ جن ابواب کے ساتھ خاص ہوتی ہیں اکثر وہ ابواب فقہیہ ہوتے ہیں اور ان میں اکثر احادیث مرفوع ہوتی ہیں یعنی ان کی سند آپ ﷺ تک موصول ہوتی ہیں۔

قال الکتانی ھی فی اصطلاحھم الکتب المرتبة علی الابواب الفقھیة من الایمان والطھارة والصلوة والزکاة الی آخرھا ولیس فیھا شی من الموقوف یعنی السنن ابواب فقھیہ پر مشتمل ھوتی ھیں مثلا ایمان طھارت صلاۃ زکوۃ ان میں موقوف نھیں ھوتیں ڈاکٹر بقاعی حفظہ اللہ اس کے بعد فرماتے ھیں قلت بل فی بعض السنن الکثیر من الموقوف وان کان الغالب علی احادیثھا الرفع وسنن سعید بن منصور والسنن الکبری للبیھقی اکبر شاھدین علی ذالک .

یعنی بعض سنن میں موقوف احادیث بہت ہوتی ہیں اگر چہ مرفوع احادیث کا غلبہ ہوتا ہے جس کی بڑی مثال سنن سعید بن منصور اور السنن الکبری للبیہقی ہیں۔

## سنن میں مشہور کتب

۱...... سنن ابی داوٗد (ت ۲۷۵) اس میں ۴۰ کتابیں ہیں اول کتاب الطہارۃ اور آخری کتاب الادب ہے۔

۲...... سنن النسائی (۳۰۳ھ) اس میں ۵۱ کتابیں ہیں اول کتاب الطہارۃ اور آخری کتاب الزہد ہے۔

۳...... سنن ابن ماجہ (۲۷۵) اس میں مقدمہ کے علاوہ ۳۷ کتابیں ہیں اول کتاب الوضو ہے اور آخری کتاب الزہد ہے۔

۴...... سنن الدارمی (ت ۲۵۵) اس میں مقدمہ کے علاوہ ۲۳ کتابیں ہیں اول کتاب الوضو اور آخری کتاب فضائل القرآن ہے۔

۵...... السنن الکبری للبیہقی (۴۵۸) یہ بڑی دس جلدوں میں ہے اور اس میں اکثر احادیث احکام درج ہیں۔

## (ج) المصنفات

یہ کتابیں موضوع کے اعتبار سے کتب سنن کے مشابہ ہوتی ہیں لیکن ان میں صرف احادیث مرفوعہ ہی نہیں ہوتیں بلکہ اس میں احادیث موقوفہ اور احادیث مقطوعہ یعنی کلام و اقوال تابعین بھی درج ہوتا ہے۔

### مشہور ومعروف مصنفات

(۱) مصنف عبدالرزاق الصنعانی (ت ۲۱۱) المطبوع فی (۱۱) مجلدا مع جامع معمر بن راشد فی آخرہ اس میں (۱۹۴۱۸) حدیثیں موجود ہیں۔

(۲) مصنف ابن ابی شیبہ (۲۳۵) جو آجکل شیخ محمد عوامہ تلمیذ الشیخ العلامہ المحقق عبد الفتاح ابوغدہ رحمہ اللہ کے شاگرد اور داماد ہیں) کی تحقیق سے ۲۶ جلدوں میں شائع ہوئی ہے۔

## (د) المؤطات

یہ ایسی کتابیں جو اپنے مواد کے اعتبار سے مصنفات کے مشابہ ہوتی ہیں ان میں اور ان کے درمیان فرق یہ ہے کہ موطات میں مولف کے فتاوی اور اجتہادات بھی مذکور ہوتے ہیں جو مصنفات میں نہیں ہوتے ہیں۔

### موطات میں مشہور ومعروف کتاب

موطا امام مالک (ت ۱۷۹) ان کتب میں معروف ترین کتاب ہے اس کی متعدد روایات ہیں روایت کے اعتبار سے بہترین روایت یحی بن یحی اللیثی ہے اور مطلق طور پر موطا امام مالک سے یہی مراد لی جاتی ہے اور ایک روایت امام محمد بن الحسن الشیبانی کی بھی ہے اس میں چند حدیثیں امام مالک کے علاوہ سے بھی انہوں نے روایت کئی ہیں اور کچھ زائد روایات بھی مشہور روایات پر انہوں نے اس میں ذکر کی ہیں اور اس میں چند ایسی روایات نہیں ہیں جو مشہور روایات موطا میں پائی جاتی ہیں۔

(ھ) المجامع

ان کو مجامیع الکتب بھی کہتے ہیں یہ ایسی کتب حدیث ہیں جو بہت سی حدیثی کتب کی احادیث کو ایک کتاب میں جمع کرنے سے وجود میں آتی ہیں۔

مشہور کتب مجامیع

(۱)......**جامع الاصول من احادیث الرسول ﷺ لابن الاثیر اجزری** (ت۶۰۶) اس میں کتب ستہ کی احادیث جمع کی گئیں ہیں یعنی:

(۱) صحیح البخاری (۲) صحیح مسلم
(۳) جامع الترمذی (۴) سنن ابی داوٗد
(۵) سنن النسائی (۶) موطا امام مالک۔

اس کی گیارہ جلدیں ہیں اور اس میں (۹۵۲۳) حدیثیں ہیں۔

(۲)......**کنز العمال فی سنن الاقوال و الافعال للمتقی الهندی** (ت ۹۷۵) اس میں نوے (۹۰) سے زائد کتب کی احادیث جمع کی گئیں ہیں اس کی مختلف طبعات کے اعتبار سے مختلف جلدوں میں اشاعت ہوئی ہے موسسۃ الرسالۃ سے طبع شدہ ۱۹ جلدوں میں ہے دار الکتب العلمیۃ سے طبع شدہ ۱۶ جلدوں میں ہے اس پر حمزہ الزین محقق مسند امام احمد بن حنبل و جامع الترمذی یعنی وہ حصے جن پر الشیخ احمد شاکر کام نہ کر سکے، ان کی تکمیل الشیخ حمزہ الزین نے کی ہے شرح لکھی ہے، جس میں محدثانہ وفقیہانہ دونوں طریقوں کو ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے جو ۳۰ جلدوں میں دار الحدیث القاہرہ مصر سے طبع ہوئی ہے۔

(و) الزوائد

یہ ایسی کتابیں ہیں جن میں بعض وہ حدیثیں جمع کر کے لکھی جاتی ہیں جو دوسری بعض کتب میں نہیں ہوتیں اور ان میں وہ حدیثیں ذکر نہیں کی جاتیں جو ان تمام کتابوں میں مشترک ہوتی ہیں۔

مشہور کتب زوائد:

(۱) موارد الظمان الی زوائد ابن حبان للهیثمی (ت ۸۰۷)

اس میں انہوں نے صحیح ابن حبان کی بخاری ومسلم پر زوائد حدیثیں الگ کر کے لکھی ہیں اس میں (۲۶۴۷) حدیثیں ہیں۔

(۲) مجمع الزوائدومنبع الفوائد للهیثمی ایضا (ت ۸۰۷)

اس میں مولف نے مسند احمد، مسند البزار، مسند ابی یعلی الموصلی اور امام طبرانی کے معاجم ثلثہ کی وہ زوائد جو کتب ستہ میں موجود نہیں ہیں ان کو جمع کیا ہے۔

(۳) المطالب العالیة بزوائد المسانید الثمانیة لابن حجر العسقلانی (۸۵۲)

اس میں حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالی نے مسند احمد اور کتب ستہ پر مندرجہ ذیل مسانید کی زائد احادیث کو جمع کیا ہے۔

(۱) مسند الطیالسی — (۲) مسند الحمیدی
(۳) مسند ابن ابی عمر — (۴) مسند مسدد
(۵) مسند ابن منیع — (۶) مسند ابن ابی شیبہ
(۷) مسند عبد بن حمید — (۸) مسند الحارث بن ابی اسامہ

## (ز) المستدرکات

ان کتب میں مولف کسی اور کتاب کے شرط کے مطابق وہ احادیث جمع کرتا ہے جو اس کتاب کے مصنف سے اس کی شرائط کے مطابق ہونے کے باوجود رہ جاتی ہیں اور وہ ان کو اپنی کتاب میں تطویل یا عدم استیعاب کی وجہ سے چھوڑ دیتا ہے۔

**المستدرک علی الصحیحین للحاکم النیسابوری (ت ۴۰۵)** ہے اور حاکم اپنے استدراک میں متساہل ہیں اور اس کی اس کتاب میں احادیث مناکیر واہیات وموضوعات بھی ہیں۔

## (ح) المستخرجات

ان کتب میں مصنف دوسری کتابوں کی حدیثیں اپنی اسانید سے روایت کرتا ہے یعنی اپنی ذات سے لے کر حضور ﷺ تک وہ رواۃ جو دوسری کتابوں میں نہیں ہوتے ان کو ذکر کرتا ہے یا ان میں سے جو چند ان اسانید میں نہیں ہوتے ان کو ذکر کرتا ہے۔

**(۱) مستخرج الاسماعیلی (ت ۳۷۱ھ) علی صحیح البخاری**

**(۲) مستخرج ابی عوانة الاسفرائنی (ت ۳۱۶) علی صحیح مسلم**

## مستخرجات کے چند فوائد

**(۱) علو الاسناد .**

**(۲) الزیادة فی الالفاظ التی تعیین فی شرح الحدیث .**

یعنی ان الفاظ کی اطلاع جن سے حدیث کا مطلب واضح کرنے یا ہونے میں مدد ملتی ہے۔

(۳) تعدد طرق کی وجہ سے حدیث کی قوت وصحت کی زیادتی کا اندازہ ہوتا ہے اور تعارض کے وقت ترجیح دینا ممکن ہو جاتا ہے۔

(۴) مدلس کے سماع کی تصریح ہو جاتی ہے۔

(۵) وہ راوی جو اخیر عمر میں حافظے کے اعتبار سے مختلط (کمزور) ہو جائے اس کی روایات میں کمزوری سے پہلے اور بعد والیوں میں فرق کرنا آسان ہو جاتا ہے۔

(۶) سند اور متن میں مہمل اور مبہم کی تعیین۔

(۷) وہ حدیث جو مدرج ہے اس کو غیر مدرج سے الگ کرنا۔

(۸) وہ حدیث جو اصل میں موقوف دوسری روایات سے اس کے مرفوع ہونے کی تصریح کرنا۔

(۹) ہر وہ حدیث جو صحیح ہو اس میں کوئی علت غیر قادحہ ہو تو تعدد طرق سے اس علت کو بھی مندفع کیا جا سکتا ہے۔

## (ط) الاجزاء

یہ وہ کتب ہیں جن میں مولف ایک موضوع یا ایک راوی کی تمام احادیث کو جمع کرتا ہے۔

مشہور اجزاء

(۱) جزء فی القراءۃ خلف الامام للبخاری

(۲) جزء فی رفع الیدین فی الصلوۃ له ایضا

(۳) مسند الفاروق لابن کثیر

## (ی) کتب ذات موضوع عام

جیسے ترغیب۔ترہیب،فضائل،احکام،عقائد وغیرہ۔

ان میں ایک جزء کی طرح ایک ہی موضوع نہیں ہوتا بلکہ ان موضوعات کے تحت چند فروعی ابواب بھی داخل ہو جاتے ہیں۔ان عام موضوعات پر معروف کتب:

(۱) الترغیب والترهب للمنذری (۶۵۶)

(۲) کتاب السنة لامام احمد بن حنبل (ت ۲۴۰ھ)

(۳) ریاض الصالحین من کلام سید المرسلین للنووی (ت ۶۷۶ھ)

(۴) کتاب الشمائل للترمذی (ت ۲۷۹ھ)

(۵) بلوغ المرام من ادلة الاحکام لابن حجر العسقلانی (م ۸۵۲ھ)

(۶) کتاب الایمان لابن منده (۳۹۵ھ)

(۷) الحبائک فی اخبار الملائک للسیوطی (م ۹۱۱ھ)

(۸) الخصائص الکبری للسیوطی

ان میں سے بعض کتب میں احادیث بغیر اسناد کے ذکر کی گئیں ہیں وہ ان کا حوالہ ان کتب سے متعلق دیتے ہیں جن میں وہ مع اسناد مذکور ہیں۔

# ثانیًا:الکتب الحدیثیة المرتبة بحسب راوی الحدیث

﴿راوی حدیث کے اعتبار سے مرتب شدہ کتب احادیث﴾

ان کتب کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) صحابی کے نام پر مرتب شدہ کتب (۲) مصنف کے شیخ کے نام پر مرتب شدہ کتب

## القسم الاول

صحابی کے نام پر مرتب شدہ کتب کے تحت مندرجہ ذیل کتب بھی شامل ہیں۔

(ا) المسانید (ب) المعاجم (ج) کتب الاطراف

## (ا) المسانید

ان کتب احادیث میں ہر صحابی کی احادیث کو علیحدہ ذکر کیا جاتا ہے اور صحابہ کی ترتیب اسلام میں سبقت یا ان کے ناموں کو حروف ہجا کے اعتبار سے رکھی جاتی ہے ان کے علاوہ بھی چند طریقے ہیں۔

### مشہور مسانید

(۱) مسند الامام احمد بن حنبل (ت ۲۴۰ھ)

یہ مسانید میں سب سے بڑی مسند ہے اس میں احادیث (۲۷۶۳۴) ہیں اس میں امام صاحب نے صحابہ کرام میں افضلیت کی ترتیب رکھی ہے، ابن عساکر نے الف بائی (حروف ہجا کی ترتیب پر صحابہ کے اسماء کی ایک فہرست بنائی اور اس میں صحابہ کی وہ احادیث جو ان کے علاوہ کسی اور کی مسند میں کسی اور مقام پر آئی ہیں ان کی بھی نشاندہی کر دی ہے) اور اس کا نام: **ترتیب الصحابة الذین اخرج حدیثهم احمد بن حنبل فی المسند .**

(۲) **مسند ابی یعلی الموصلی (ت ۳۰۷ھ)**

یہ حجم کے اعتبار سے متوسط ہے اس کی احادیث ۷۵۵۵ ہیں۔

(۳) مسند ابی داؤد الطیالسی (ت ۲۰۴)

یہ صغیر الحجم ہے اس کی احادیث ۲۷۶۷ ہیں۔

## (ب) المعاجم

یہ ایسی کتب احادیث ہیں جو مسانید صحابہ کی ترتیب پر مرتب کی گئیں ہیں یا شیوخ کی ترتیب پر لکھی جاتی ہیں یہاں پر مراد وہ کتابیں ہیں جو مسانید صحابہ پر مرتب ہیں۔

**معاجم میں مشہور کتاب:۔ المعجم الکبیر للطبرانی (ت ۳۶۰)**

اس میں مصنف نے رواۃ حدیث میں سے صحابہ کو حروف المعجم پر ترتیب دیا ہے۔

## (ج) کتب الاطراف

یہ ایسی کتب حدیث ہیں جو مخصوص کتب کے ساتھ معین و مختص ہوتی ہیں ان کی مولفین پر صحابی کی احادیث کو الگ ذکر کرتے ہیں اور صحابہ کے نام میں حروف ہجاء کی ترتیب پر لکھتے ہیں ان میں متون احادیث مکمل طور پر مذکور نہیں ہوتے بلکہ حدیث کی وہ سطر وہ کنارہ مذکور ہوتا ہے جو پوری حدیث کے مضمون اور اس کی اصل پر دلالت کرتا ہے۔

### مشہور کتب اطراف

**(۱) تحفة الاشراف بمعرفة الاطراف للحافظ المزی (ت ۷۴۲ھ)**

**(۲) اتحاف المهرة بالفوائد المبتكرة من اطراف العشرة للحافظ ابن حجر العسقلانی (ت ۸۵۲ھ)**

## القسم الثانی

الکتب المرتبه علی اسم شیخ المصنف۔ ان کتب میں سے مشہور کتابیں یہ ہیں:

**(۱) المعجم الصغیر للطبرانی (۲) المعجم الاوسط للطبرانی**

## ثالثاً: الكتب الحديثية المرتبة على حروف المعجم

﴿حروف ہجا کے اعتبار سے مرتب شدہ کتب﴾

یہ الف بائی ترتیب پر مرتب ہیں ان کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) احادیث مشہورہ پر تصنیف شدہ کتب۔ (۲) ابواب سنت پر تصنیف شدہ کتب۔

**(ا) الكتب الشاملة لابواب السنة**

**(۱) الجامع الكبير (جمع الجوامع) للسيوطي (ت ۹۱۱)**

اس میں انہوں نے تمام احادیث کو سمونے کی کوشش کی ہے اور اس کو دو قسموں پر مرتب کیا ہے۔

(۱) قسم الاقوال یہ حروف معجم پر مرتب ہے۔ (۲) قسم الافعال یہ مسانید صحابہ پر مرتب ہے۔

**(۲) الجامع الصغير من حديث البشير النذير للسيوطي ايضا**

اس میں انہوں نے ان ۱۰۰۳۱ دس ہزار اکتیس احادیث کو الجامع الکبیر سے مرتب کیا ہے جو صغیر الحجم یعنی چھوٹی ہیں۔

**(۳) الفتح الكبير فى ضم الزيادة الى الجامع الصغير للشيخ يوسف**

زیادۃ سے مراد وہ چار ہزار احادیث ہیں جنہیں سیوطی نے الجامع الصغیر کے طریق پر جمع کیا تھا، علامہ نبہانی نے الجامع الصغیر اور اس کی زیادات کو ایک ہی کتاب بنادیا۔

**(۴) الجامع الازهر من حديث النبى الانور للمناوى (ت ۱۰۳۱)**

اس میں انہوں نے تیس ہزار احادیث جمع کیں، ان میں سے بعض الجامع الكبير للسيوطی پر زائد بھی ہیں۔

**(۵) كنوز الحقائق فى حديث خير الخلائق للمناوى ايضاً.**

اس میں انہوں نے چھوٹی چھوٹی دس ہزار احادیث کا مجموعہ حروف المعجم کی ترتیب پر جمع کیا ہے۔

# (ب) کتب الاحادیث المشهورة علی الالسنة

## (زبانوں پر عام مشہور احادیث کی کتب)

(۱) المقاصد الحسنة فی بیان کثیر من الاحادیث المشتهرة علی الالسنة للسخاوی (ت ۹۰۲ھ)

(۲) مختصر المقاصد الحسنة للزرقانی (ت ۱۱۲۲ھ)

(۳) تمیز الطیب من الخبیث فیما یدور علی السنة الناس من الحدیث، لابن الدیبع الشیبانی (۹۴۴ھ)

(۴) کشف الخفاء ومزیل الالباس عما اشتهر علی السنة الناس من الحدیث للعجلونی (۱۱۶۲ھ)

(۵) الدرر المنتثرة فی الاحادیث المشتهرة للسیوطی

(۶) البدر المنیر فی غریب احادیث البشیر النذیر للشعرانی (۹۷۳ھ)

(۷) الغمّاز علی اللمّاز لسمهودی (۹۱۱ھ)

(۸) اسنی المطالب فی احادیث مختلفة المراتب للحوت البیروتی (۱۲۷۶ھ)

## الفصل الثالث

تخریج کی وسعت نیز کن طریقوں میں سے کن سے زیادہ استفادہ کیا جاسکتا ہے؟

**التخریج وجیزٌ أو وسیطٌ أو بسیطٌ:**

(۱) کبھی ہم حدیث کی تخریج صرف ایک کلمہ سے کر دیتے ہیں جیسے کہ ہم کہتے ہیں أخرجه البخاری (اسکو بخاری نے روایت کیا ہے)

(۲) کبھی ہم ایک سطر میں تخریج کرتے ہیں جیسے أخرجه البخاری، الصحیح، کتاب المناقب، باب حب الأنصار من الایمان اور کبھی حدیث کا نمبر، صفحہ نمبر، جز نمبر بھی درج کرتے ہیں۔

(۳) اور اسکے علاوہ ممکن ہے کہ ہم اسی حدیث کا حوالہ کتب ستہ سے بھی دے دیں اگر ان سب میں موجود ہو ورنہ بعض کا حوالہ بھی ان میں موجود ہونے پر دیا جاسکتا ہے۔

(۴) کبھی ہم ایک صحابی کے حوالے پر اکتفا کرتے ہیں اور ضرورت پڑنے پر مختلف صحابہ کے حوالہ جات اسی حدیث کے حوالے سے دیے جاسکتے ہیں۔

یہ تمام توسع اور اختصار ہماری رغبت کا مظہر ہے اسی لئے کبھی تخریج وجیز ہوتی ہے یعنی مختصر اور کبھی بسیط یعنی طویل وعریض اور کبھی وسیط درمیانی ہوتی ہے۔

## تخریج سے کب کیا مقصود ہوتا ہے؟

(۱) کبھی تو ہمیں فقط متن حدیث کا وجود درکار ہوتا ہے آیا وہ موجود ہے یا نہیں اور اسی پر اکتفاء کر لیتے ہیں۔

(۲) اور کبھی الفاظ کا اختلاف معلوم کرنا مقصود ہوتا ہے تو طرق حدیث پر نظر و بحث کی ضرورت پڑتی ہے۔

(۳) اور کبھی یہ مقصود ہوتا ہے کہ آیا یہ حدیث صحیح ہے یا نہیں تو جب تک یہ حدیث کسی صحیح حدیثی کتاب میں نہ مل جائے توقف نہیں کرتے۔

(۴) کبھی ہم کسی خاص صحابی کی حدیث کا خاص لفظ دیکھنا چاہتے ہیں یا یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ آیا یہ متواتر ہے یا غیر متواتر ہے پھر ہم بحث وتحقیق کی انتہاء تک جانے کی کوشش کرتے ہیں۔ تو اسی طرح تخریج کم زیادہ اور درمیانی راہ پر چلتی رہتی ہے تو اس سے معلوم ہوا کہ تخریج مزاجی شے ہونے سے زیادہ حاجت وضرورت کے مطابق رونما ہوتی ہے۔ کبھی تخریج ایک کلمہ کبھی سطر کبھی صفحہ اور کبھی دسیوں صفحے تک پھیل جاتی ہے کبھی سینکڑوں مصادر حدیثیہ کی نشاندہی کرنے کا وقت بھی آجاتا ہے۔

# بیان ان العمدة فی التخریج اصل الحدیث

﴿تخریج حدیث میں اصل مقصود متن حدیث ہی ہوتا ہے﴾

مختلف کتابوں میں ایک ہی حدیث کے الفاظ بعض دفعہ مختلف ہو جاتے ہیں جیسے حدیث **انما الاعمال بالنیات** اس کے دوسری جگہ الفاظ **انما الاعمال بالنیة** آتے ہیں الفاظ کا اتنا اختلاف مضر نہیں اتنی تبدیلی الفاظ سے حدیث ایک ہی رہتی ہے الگ سے مستقل اور حدیث نہیں بن جاتی اور خاص طور پر جب وہ ایک ہی صحابی سے مروی ہو۔

صحابی سے کبھی راوی الفاظ کو روایت کرنے کے بعد یاد رکھتا ہے اور انہیں الفاظ میں روایت کرتا ہے اور کبھی حدیث کے معنی یاد کرتا ہے اور روایت بالمعنی یعنی اپنے الفاظ میں حدیث کا وہی مفہوم روایت کرتا ہے تو الفاظ حدیث بدل جاتے ہیں اور معنی ایک ہی رہتا ہے۔

کبھی راوی صحابی سے پوری حدیث نقل کر دیتا ہے اور دوسرا راوی موضع استشہاد کو نقل کرتا ہے اور مختصر کر دیتا ہے۔

نصب الرایۃ لاحادیث الہدایۃ ۵۴/۳ پر علامہ الزیلعی فرماتے ہیں:

**فالمحدث اذا قال اخرجه فلان فانه یرید اصل الحدیث لا بتلک الالفاظ بعینها.**

یعنی محدث جب یہ کہتا ہے کہ فلاں نے س کی تخریج کی ہے تو اس کا مقصد متن حدیث کا مفہوم ہوتا ہے بالکل وہ حدیثی الفاظ نہیں ہوتے۔

**وقال الزیلعی (فی المصدر نفسه ۱/۲۰۰) وظیفة المحدث ان یبحث عن اصل الحدیث فینظر من خرجه ولا یضره تغیر بعض الفاظه ولا الزیادة فیه او النقص واما الفقیه فلا یلیق به ذالک لانه یقصد ان یستدل علی حکم مسالة ولا یتم له هذا الا بمطابقة الحدیث لمقصوده.**

محدث کا شیوہ یہ ہے کہ وہ اصل حدیث تلاش کرتا ہے اس میں غور کرتا ہے کہ اس کی تخریج کس کس نے کی ہے بعض الفاظ کی کمی زیادتی یا کچھ تبدیلی اسے نقصان نہیں دیتی اور فقیہ کے یہ چیزیں شایان شان نہیں کیونکہ اس کا قصد مسئلے کے حکم پر استدلال ہے اور یہ حدیث کی مقصود سے مطابقت پر ہی مکمل ہوسکتا ہے۔

تنبیہ:۔ جب تک حدیث کا راوی ایک ہی صحابی ہوتو اس حدیث کو بھی ایک ہی شمار کیا جائے گا اگرچہ اس حدیث کے متابعات کئی ہو جاتے ہیں جب ایک صحابی سے تین تابعین روایت کریں تو ایک حدیث اصل اور باقی دو اس کے لئے متابعات ہونگے اگر سات تابعین روایت کریں تو چھ متابعات ہونگے اور اگر زیادہ ہونگے تو متابعات بھی زیادہ ہونگے کبھی متابعات کے الفاظ متفق ہو جاتے ہیں اور کبھی مختلف بھی ہوتے ہیں۔

تنبیہ:۔ جب حدیث کا معنی یا لفظ کسی دوسرے صحابی سے مروی ہوتو وہ دوسری حدیث شمار ہوگی اور اس کو پہلی حدیث کے لئے شاہد شمار کیا جائے گا۔

اور کبھی حدیث کے شواہد نہیں ہوتے یا ایک ہی شاہد ہوتا ہے اور کبھی شواہد بڑھ جاتے ہیں تو حدیث تعدد طرق کے مطابق مشہور یا متواتر بن جاتی ہے۔

تخریج کے مختلف انداز اور وہ مختلف کتابیں جن سے ان میں استفادہ کیا جاتا ہے یہ طریقے پانچ سے زیادہ نہیں جن کی تفصیل سے پہلے مختصر سا اجمال درج ذیل ہے۔

### الطريقة الاولى

## التخريج بمعرفة موضوع الحديث

﴿حدیث کے موضوع کی معرفت سے حدیث تلاش کرنا﴾

اس طریق میں وہ کتب احادیث استعمال ہوتی ہیں جو موضوعات کے مطابق مرتب

کی گئیں ہیں جن کا ذکر پہلے گزر چکا ہے اس میں باحث کو صرف حدیث کی کتاب اور اس کا باب معلوم ہونا کافی ہے جس کی بنیاد پر حدیث تلاش کی جا سکتی ہے

اور یہ طریقہ مشکل نہیں اگر چہ ابتدا میں تو مشکل پیش آتی ہے لیکن تدریب اور عملی طور پر کام کرنے سے آسان ہو جاتا ہے کیونکہ مشق کے ساتھ ساتھ باحث کو کتب وابواب حدیث سے خوب مناسبت ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے وہ تھوڑی ہی دیر میں احادیث کی تخریج کر لیتا ہے۔

تنبیہ :۔بعض مصنفین ایک ہی حدیث کو مختلف موضوعات وابواب کے تحت ذکر کرتے ہیں جس کی وجہ مختلف انواع کے احکام کا استنباط واستخراج ایک ہی حدیث سے ہو جاتا ہے انہی مصنفین میں سے امام بخاری بھی ہیں انہوں نے حدیث اولم ولو بشاۃ کو نو مقامات پر ذکر کیا ہے۔

(۱)البیوع (۲)لمناقب

(۳)الادب (۴) الدعوات

(۵)النکاح اور پانچ مقامات باب النکاح میں ہیں مثلاباب الولیمة ولو بشاة

باب قول الرجل لاخیه انظر باب الصفرة للمتزوج

باب کیف یدعی للمتزوج باب الولیمة حق

اور بخاری میں یہ طرز بہت زیادہ ہے اسی لئے کہا جاتا ہے فقه البخاری فی تراجمه ۔

تنبیہ:۔اور بعض مصنفین متعدد موضوعات کی حامل حدیث کو صرف ایک ہی جگہ ذکر کر دیتے ہیں اور یہ غالبا ہوتا ہے انہی میں سے امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ ہیں انہوں نے حدیث بنی الاسلام علی خمس کو صرف ایک جگہ کتاب الایمان باب بیان ارکان الاسلام ودعا العظام میں ذکر کیا ہے ۔تھوڑی سی عملی مشق سے باحث کو موضوعات حدیث کا ذوق نصیب ہو جاتا ہے جو جلدی سے حدیث تلاش کرنے میں معاون بنتا ہے۔

الطریقة الثانیة

## التخریج بمعرفة الصحابی راوی الحدیث

﴿راوی حدیث کی پہچان سے حدیث تلاش کرنا﴾

اس طریقے میں کتب مسانید، معاجم اطراف استعمال ہوتی ہیں جن کا ذکر پہلے اجمالا گزر چکا ہے اس طریق میں باحث کو صحابی کا نام معلوم ہونا چاہیے اگر یہ معلوم ہے تو اس طریق سے فائدہ اٹھاتے ہوئے مذکورہ کتب میں احادیث تلاش کی جاسکتی ہیں اور اگر نہیں تو پھر اس طریق سے استفادہ نہیں کیا جاسکتا۔

تنبیہ:۔ اگر صحابی کے ساتھ ساتھ صحابی سے روایت کرنے والا تابعی بھی معلوم ہو تو مزید آسانی پیدا ہو جائے گی اور اگر مکمل سند معلوم ہو تو بالکل آسانی سے حدیث مل جائے گی۔ اور اگر صحابی مکثرین (کثرت سے روایت کرنے والوں میں) سے ہے تو بحث طویل ہو جائے گی اور اگر مقل ہے یعنی کم روایت کرنے والا ہے تو بحث مختصر سے ہی کام چل جائے گا۔

الطریقة الثالثه

## التخریج بمعرفة طرف الحدیث الاول

﴿حدیث کی پہلی سطر پہلا کلمہ کی معرفت سے حدیث تلاش کرنا﴾

اس طریق میں حروف المعجم کے اعتبار سے لکھی جانے والی کتب سے استفادہ کیا جاتا ہے اس میں باحث کو حدیث کے پہلے کلمہ کی ضرورت پڑتی ہے اس طریق سے استفادہ متعذر ہو جائے گا۔ تو مندرجہ ذیل تنبیہ پر غور کریں۔

تنبیہ:۔ بعض دفعہ ایک حدیث میں کلمات اولی مختلف ہوتے ہیں تو پھر باحث کو

چاہیے کہ غور وفکر سے کام لے اور ایک کلمہ کے علاوہ چند اور کلمات کو غور وفکر سے متعین کر کے کئی ایک کلمات کے تحت حدیث تلاش کرے۔ جیسے حدیث الحلال بین والحرام بین ان الفاظ میں ان الحلال بین وان الحرام بین بھی روایت کیا گیا ہے۔

ایسے ہی حدیث **انما الاعمال بالنیات** کو **الاعمال بالنیات** والے الفاظ میں بھی روایت کیا گیا ایسے ہی حدیث **یصبح علی کل سلامی من احدکم صدقة** کو ان الفاظ **کل سلامی من الناس علیه صدقة کل یوم تطلع فیه الشمس** میں بھی روایت کیا گیا ہے۔

یہ شروع والے حدیثی کلمات روایات کے اختلاف کی وجہ سے مختلف ہوتے ہیں اگر حدیث کے پہلے کلمات باحث کو صحیح معلوم نہیں ہیں تو اس کا وقت ضائع ہوگا۔

تنبیہ:۔ حروف المعجم کی ترتیب پر مرتب شدہ کتب میں مولفین صرف احادیث ذکر کرتے ہیں اور اسناد ذکر نہیں کرتے اور مصادر اصلیہ جن میں احادیث مع اسانید ذکر ہوتی ہیں ان کا حوالہ درج کر دیتے ہیں اس لئے اس طریقے کے ساتھ ساتھ دوسرا طریقہ بھی استعمال میں لایا جائے گا یا پھر مصادر اصلیہ کی فہارس خاصہ سے استفادہ کرنا لازمی ہوگا جس کی تفصیل آگے آرہی ہے (ان شاء اللہ تعالی)۔

**الطریقة الرابعة**

## التخریج بمعرفة صفات الحدیث

اس طریقے میں وہ کتب زیر استفادہ آتی ہیں جن میں احادیث متن کی صفات میں سے کسی معین صفت میں مشترک ہو یا سند کی صفات میں سے کسی صفت میں مشترک ہو جیسے حدیث متواتر کی کتب یا اسی طرح احادیث قدسیہ یا احادیث صحیحہ یا ضعیفہ یا موضوعہ یا

مسلسلہ یامعللہ یامرسلہ یاابناء کی روایات مروی ہوں آباء سے یااس کے علاوہ دیگر دوسری صفات ہوں۔

لہٰذا جب صفات سابقہ میں سے یااس کے علاوہ دوسری دیگر صفات میں سے بحث کرنے والے کے سامنے کوئی بھی صفت ظاہر ہو جائے مثلاً اگر سند کے بارے میں لکھا ہوا ہے کہ یہ اصح الاسانید ہے وغیرہ تو باحث کو چاہیے کہ ایسی کتب کی طرف رجوع کرے جو احادیث صحیحہ پر مشتمل ہیں جن کی تفصیل کتب کی فہرست میں آ جائے گی (ان شاءاللہ تعالیٰ)

**الطريقة الخامسه**

## التخريج بمعرفة لفظ من الفاظ الحديث

﴿حدیث کے الفاظ میں سے کسی لفظ کی معرفت سے حدیث تلاش کرنا﴾

اس طریقے میں **المعاجم المفهرسة لالفاظ الحديث** استعمال ہوتی ہیں اسی طرح کتب غریب الحدیث (لغات الحدیث) بھی استعمال ہوتی ہیں اس طریقے میں باحث کو صرف کلمات حدیث میں سے ایک کلمہ کی معرفت کافی ہے اور جب یہ کلمہ غریب الحدیث میں سے ہو تو حدیث آسانی سے معلوم ہو جائے گی۔ کیونکہ اس وقت باحث کتب الغریب کی طرف محتاج ہوگا جیسے (۱) **النهاية في غريب الحديث والاثر لابن الاثير الجزري (ت ٦٠٦ ھ) (۲) مجمع بحار االانوار** کیونکہ لفظ بیان کرکے اس کے بعد اس کی شرح میں کلمہ غریب والا حدیثی جملہ بھی لکھ دیتے ہیں یا وہ حدیثی جملہ دے دیتے ہیں جو موضوع حدیث پر دلالت کرتا ہے اور کبھی صحابی کا نام ذکر کر دیتے ہیں، اس طرح سے باحث کئی طریقوں سے حدیث تلاش کرنے پر قادر ہو جاتا ہے۔ اور دوسرا طریقہ پانچویں طریقے کے تحت یہ ہے کہ باحث **كتب المعاجم**

المفهرسہ لالفاظ الحدیث کی طرف رجوع کرے جیسے المعجم المفهرس لالفاظ الحدیث النبوی الشریف جو کتب تسعہ (جن کی تفصیل آ رہی ہے) کے الفاظ پر مشتمل ہے اور جیسے المعجم المفهرس لالفاظ سنن الدار قطنی وغیرہ۔

## امکانیة استخدام اکثر من طریقةا لتخریج للحدیث الواحد

﴿ایک حدیث تلاش کرنے کے لئے ایک سے زائد طریقے استعمال کرنا﴾

باحث کو سب سے پہلے تمام طرق خمسہ جو حدیث تلاش کرنے میں استعمال ہوتے ہیں ان کا علم ہونا چاہئے پھر ان سب پر عملی مشق بھی بہت ضروری ہے تاکہ تمام طریقوں سے حدیث تلاش کرنا آسان ہو جائے۔

جب بھی حدیث سے متعلق معلومات زیادہ ہو جائیں تو اس وقت حدیث کے تلاش کرنے میں طریقے بھی متعدد ہو جائیں گے حتی کہ بعض دفعہ ایک حدیث کو تمام طریقوں سے نکالنا تلاش کرنا ممکن ہوتا ہے اور وہ جب ممکن ہے جب مندرجہ ذیل تمام معلومات ہوں۔

(۱) الفاظ الحدیث میں سے کوئی لفظ (۲) راوی الحدیث

(۳) موضوع الحدیث (۴) حدیث کی پہلی سطر

(۵) صفات الحدیث سند و متن کے اعتبار سے

اور جیسے جیسے یہ اسباب معلومات میں مکمل ہوتے جائیں گے طریقے بھی زیادہ دستیاب ہونگیں اس لئے باحث کو چاہیے کہ وہ سب طریقوں میں سے آسان طریقے کو استعمال کرتے ہوئے حدیث تلاش کرے، اس کا فیصلہ اس کی معلومات کی بنیاد پر ہی کیا جا سکتا ہے بعض دفعہ نام راوی معلوم ہوتا ہے لیکن مصادر موجود نہیں ہوتے وغیرہ۔

الفصل الرابع

# استخدام الحاسوب فی تخریج الحدیث

﴿حدیث تلاش کرنے میں کمپیوٹر کا استعمال﴾

ہمارے سامنے آج لاکھوں حدیثیں ہیں جو آپ ﷺ سے مروی ہیں اوران کے علاوہ صحابہ وتابعین کے آثار موقوفہ بھی کثیر تعداد میں ہیں جو پہلے ایک ایک محدث حافظ کے سینے میں محفوظ ہوتے تھےاور آجکل سینکڑوں کتب میں وہ موجود ہیں آجکل یہ ایک حافظ کے سینے میں موجود نہ سہی لیکن مکتباب میں ضروری پائی جاتی ہیں کیونکہ اللہ تعالی کا ارشاد ہے **انا نحن نزلنا الذکر وانا له لحفظون** آجکل انسان نے اللہ کے دیے ہوئے سرمایہ عقل سے کمپیوٹر کی ایجاد کی ہے جس میں ہزاروں کتب اوران کے اندر لاکھوں احادیث ایک سی ڈی میں محفوظ ہوتی ہیں۔

اس سے استفادہ بہت آسان اور بہت کم وقت میں ہو جاتا ہے لیکن یہ استفادہ کمپوٹر سے طلبا وعلماء حدیث کا محتاج ہے کیونکہ وہ کتب احادیث کو مصحح حالت میں پروگرام میں شامل کرتے ہیں کمپیوٹر پروگرام کی معرفت کے ساتھ ساتھ وہ حدیثی معرفت کے اہل ہوتے ہیں، اس طرح سے مختلف اشیاء کے ماہر حضرات کی محنتوں کے نتیجے میں کمپیوٹر سے یہ استفادہ ممکن ہوا ہے اس کمپیوٹر سے دو گروہ عام طور پر فائدہ اٹھا رہے ہیں (۱) علمی مراکز جو سنت نبویہ کی خدمت میں مصروف عمل ہیں (۲) تجارتی مراکز جو حدیثی پروگرام تیار کرنے اوران کی بیع وشراء میں مصروف ہیں۔ شروع میں انہوں نے چھوٹے چھوٹے حدیثی پروگرام پیش کئے جن کوالمکتبۃ الحدیثۃ (۲) موسوعۃ الحدیث الشریف کے نام دیے گئے جب یہ بازار میں پہنچے تو بعض دوسرے مراکز نے ان میں چند کتب کا اضافہ کر کے شائع کر دیےاور جب سی ڈی کی جگہ کم پڑ گئی تو ایک ایک پروگرام کئی کئی سیڈیوں میں آنے لگا۔ ان میں سے چند کا

تعارف یہاں دیا جاتا ہے جس سے طالب علم تخریج حدیث میں استفادہ کرسکتا ہے۔

**نوٹ** :۔آج کل سب سے اچھا حدیثی پروگرام مکتبہ شاملہ کے اندر متون حدیث ،شروحات حدیث،اجزاء حدیث کے فولڈز (خانے) کے تحت موجود ہے۔

پہلا پروگرام

# مکتبة الحديث الشريف

الاصدار الرابع (چوتھا ایڈیشن)

**شركة العريس للكمبيوتر في بيروت** یہ پروگرام تین سی ڈیوں میں پیش کیا گیا جس میں ڈیڑھ سو کتابیں تھیں اور اکیس سو جلدیں تھیں اکثر کتب حدیث سے تعلق رکھتی تھیں جو مختلف علوم وفنون پر منقسم تھیں جیسے مندرجہ ذیل ہے۔

تفاسیر القرآن الکریم

**الطبری،ابن کثیر،الرازی،الشوکانی،البیضاوی،النسفی، الثعالبی ،ابو السعود، البحر المحیط .،**

کتب الحدیث الشریف

| | | |
|---|---|---|
| صحيح البخاری | صحيح مسلم | مسند احمد |
| جامع الترمذی | سنن ابی داؤد | موطا مالک |
| صحيح ابن خزيمه | صحيح ابن حبان | سنن الدارمی |
| السنن الكبرى للبيهقى | سنن النسائی | السنن النسائی |
| السنن الكبرى لنسائی | سنن ابن ماجه | مصنف ابن ابی شيبه |
| مسند الطيالسی | المستدرک للحاکم | مسند الحميدی |
| مسند الشامين | مسند الشافعی | مسند ابی حنيفه |

| | | |
|---|---|---|
| مسند اسحاق بن راھویه | منتخب عبد بن حمید | مسند الشهاب |
| جامع الاحادیث المراسیل | مسند الجعدی | مسند ابی یعلی الموصلی |
| مشکاة المصابیح | سنن الدار قطنی | المنتقی لابن الجارود |
| الترغیب والترهیب | مجمع الزوائد | اللولو والمرجان |
| الفتح الکبیر | بلوغ المرام | الاذکار |
| الاحادیث القدسیه | ریاض الصالحین | فضائل الصحابه |
| مسند الحارث | الجهاد | العلم |
| مکارم الاخلاق | الدرر المنتشرة | کشف الخفاء |

مصباع الزجاجة فی زوائد ابن ماجه. علل الذار قطنی. البیان والتعریف فی اسباب ورود الحدیث الشریف.

## کتب الشروح

| | | |
|---|---|---|
| فتح الباری | عمدة القاری | شرح النووی |
| التمهید | تحفة الاحوذی | تنویر الحوالک |
| شرح الزرقانی علی الموطا | حاشیة السندی علی النسائی | حاشیة السندی علی البخاری |
| تاویل مختلف الحدیث | مرقاة المفاتیح | عون المعبود |
| شرح معانی الاثار | شرح السیوطی لسنن النسائی | دلیل الفالحین |
| فیض القدیر | سبل السلام | نیل الاوطار |

النهایة فی غریب الحدیث، عقود الزبر جد علی مسند الامام احمد، حاشیة ابن القیم علی سنن ابو داؤد.

## کتب علوم الحدیث

مقدمة بن الصلاح ، الباعث الحیث، معرفة علوم الحدیث،

جامع التحصيل فی احكام المراسيل ، ادب الاملاء والاستملاء .

## كتب الرجال

الاصابة فی تمييز الصحابة
الاستيعاب فی معرفة الصحابه
اسد الغابة فی معرفة الصحابه
سير اعلام النبلاء
معجم الشيوخ للذهبی
ضعفاء الاصبهانی
تذكرة الحفاظ
الثقات لابن شاهين
الثقات للعجلی
الكامل فی ضعفاء
تهذيب الاسماء وا
طبقات المحدثين باصبهان
اسعاف المبطا برجال الموطا
التاريخ الاوسط

## كتب السيرة النبوية

سيرة ابن هشام
الوفا بتعريف فضائل المصطفى
الشمائل المحمديه
العهود المحمدية
السيرة الحلبية
زاد المعادفی هدی خير العباد
نور اليقين فی سيرة سيد المرسلين

## كتب التاريخ

البداية والنهاية.
تاريخ الامم والملوک للطبری.
المنتظم من تاريخ الملوک والامم.
قصصْ الانبياء لابن كثير.
السطلان عبد الحميد.
العواصم من القواصم.
فتوح البلدان.
مقدمة ابن خلدون.
تاريخ البصروی.
كتاب المغرب فی علی المغرب.

فتوح الشام .

## المعاجم والمتفرقات

**احياء علوم الدين. تعريف الاحياء بفضائل الاحياء. اغاثة اللهفان من مصائد الشيطان. باب الهجرتين وطريق السعادتين. النورين فى اصلاح الدارين. شفاء العليل . الفتاوى الحديثية . التعريفات للجرجاني. كشف الظنون . ابجد العلوم . لسان العرب. القاموس المحيط. معجم البلدان . معجم ما استعجم . الصحاح . مولفات ابن تيميه .**

پروگرام کے ساتھ ساتھ باحث کے لئے اس پروگرام کواستعمال کرنے کے لئے تیس صفحات پر مشتمل ہدایات بھی ہیں جس کے ممیّزات وخصائص درج ذیل ہیں۔

ایک حدیث تلاش کرنے کے لئے اس میں مندرجہ ذیل طرق استعمال کئے جا سکتے ہیں۔

(۱) حدیثی اطراف میں سے کوئی ایک طرف یا پہلی طرف کے ذریعے۔

(۲) حدیثی کلمات میں سے کسی ایک کلمہ کی مدد سے۔

(۳) موضوعات حدیث کے اعتبار سے یعنی ابواب وفصول کی معرفت کے ذریعے۔

(۴) سند کی وجہ سے خواہ اسم راوی کی معرفت سے ہو یا سند میں اسماء وکنی کی مدد سے یا متن میں اسماء وکنی کی مدد سے۔

پھر جو معلومات قاری کو مل جائیں ان کا وہ پرنٹ بھی نکال سکتا ہے اور صفحات کو بھی حسب منشاء ترتیب دے سکتا ہے یہ تمام پرنٹر کی موجودگی میں ہوسکتا ہے۔

دوسرا پروگرام

## موسوعة الحديث الشريف

اصدار شركة صخر الشركة العالمية للالكترونيات فی القاهره اس مجلس کے مشرف (نگران اعلی) الدکتور محمود المراکبی ہیں اس پروگرام میں کتب تسعه صحیح البخاری، صحیح مسلم، جامع الترمذی، سنن ابی دائود، والنسائی، وابن ماجه، وموطا مالک ومسند احمد ان نو کتب میں ۳۲ ہزار احادیث سے زیادہ ہیں جو ۲۵ ہزار صفحات پر ہیں جن میں شروحات بھی شامل ہیں۔

اس پروگرام میں مندرجہ ذیل اشیاء ہیں جو معلومات حدیث سے متعلق ہیں۔

| | |
|---|---|
| تحقيق النص | ضبط الرواة والعلام |
| ترقيم الكتب والابواب | ترقيم الادحاديث |
| تحليل مفردات الحديث باعتبار صرف | نحوی اعراب |
| الاسناد | شرح الغريب |
| تخريج | الاطراف |

رواۃ اور ان کے مراتب سے متعلق معلومات، طرق الروایۃ

یہ تمام معلومات پانچ سو جلدوں سے ماخوذ ہے اور ان کے علاوہ علم مصطلح الحدیث مصادر تسعہ کے مصنفین کے حالات وغیرہ بھی موجود ہیں۔

تیسرا پروگرام

## المحدث

تصميم واصدار طلبة دار الحديث النبوی الشريف سابقا فی واشنطن بامريكا

اس پروگرام میں مندرجہ ذیل کتب موجود ہیں:

**صحیح البخاری، صحیح مسلم ،سنن ابی دائود .،جامع الترمذی، سنن النسائی ،سنن ابن ماجه ،مسند احمد ،موطا مالک ،مسند الشافعی ،مسند ابی حنیفه ،نصب الرایة، مجمع الزوائد،ریاض الصالحین ،الاذکار للنووی ،نظم المتناثر لکتانی ،،تخریج الاحیاء للعراقی ،کشف الخفاء للعجلونی ،صحیح البخاری باللغة الانکلیزیه،الجامع الصغیر للسیوطی ،زیادة الجامع الصغیر ،الدّرر المنتشرة فی الاحادیث المشتهرة للسیوطی، کنز العمال للمتقی الهندی ،فیض القدیر للمناوی .**

**المحدث** پروگرام کے شائع کرنے والوں کا اس کے اوصاف میں بیان مندرجہ ذیل ہے۔

> **"ان القصد من هذا البرنامج لا یتعدی محاولة اعلامکم عن المرجع الذی یمکن ان یحتوی علی النصوص المتعلقة ببحثکم اما التدقیق فی التفاصیل فراجع الی المستخدم ."**

یعنی جن مصادر میں احادیث موجود ہیں ان کی طرف راہنمائی اس کا اصل مقصود ہے۔

## چوتھا اور پانچواں پروگرام

(چوتھا پروگرام) **المکتبة الالفیة للسنة النبویة**

(پانچواں پروگرام) الموسوعة الذہبیة للحدیث الشریف۔

یہ دونوں مرکز **احیاء التراث .بحاث الحاسب الآلی فی الاردن** کے شائع کردہ ہیں یہ مذکورۃ الصدر سے مختلف نہیں ہیں سوائے چند کتابوں کی وجہ سے فرق کے بعض میں زیادہ ہیں اور بعض میں کم۔

تنبیہ :۔جو غلطیاں پروگرام میں موجود کتب میں ہیں وہ اصل کتب کی طرف مراجعت سے دور کی جاسکتی ہیں اور جن کی طرف رجوع کیا جائے وہ صحت وتدقیق کے ساتھ مطبوع ہونی چاہیے۔

الفصل الاول

## الطریقة الاولیٰ :تخریج الحدیث بمعرفة موضوعه

﴿حدیث کے موضوع کی معرفت سے حدیث تلاش کرنا﴾

اس طریق سے شروع کرنے کی وجہ یہ نہیں کہ یہ سب طریقوں میں آسان طریقہ ہے بلکہ حدیث میں پہلی پہلی تصنیفات موضوعات کے اعتبار سے تصنیف ہوتی ہیں جو اس طریق میں استعمال ہوتی ہیں جب حدیث کے وہ الفاظ معلوم ہوں جو موضوع حدیث پر دلالت کرتے ہیں یا وہ معانی دوسرے الفاظ سے روایت کرتے ہوئے مذکور ہوں جو موضوع حدیث پر دلالت کریں تو حدیث تلاش کرنا آسان ہے جیسے جیسے حدیثی اشتغال زیادہ ہوتا جائے گا تو باحث میں وہ ذوق بھی بڑھتا جائیگا جس کے بدولت وہ حدیث کے موضوع معین کرنے میں مدد حاصل کر سکے گا۔اس قسم کی تصنیفات کا بیان پہلے گزر چکا ہے لیکن ان کو اس مقام پر ایک اور طریق سے تقسیم کیا جاسکتا ہے وہ یا تو کتب مفردہ ہوں گی یا کتب مشتملة ہونگی المشتملة اس سے مراد وہ کتب ہیں جو بہت سی کتابوں سے ملکر وجود میں آئیں یا بہت سی کتابوں کی احادیث اس میں جمع کی جائیں اور مفردہ اسکے برعکس یعنی صرف ایک کتاب کی احادیث کے مجموعہ کو کہتے ہیں۔

### اما المفردة فمنها

"الجوامع کالجامع الصحیح للبخاری،والمستخرجات

کمستخرج ابی عوانة علی صحیح مسلم ،والمستدرکات کمستدرک الحاکم علی الصحیحین ، والسنن کسنن ابی داؤد ،والموطات کموطا مالک ،والمصنفات کمصنف عبدالزراق،والاجزاء کجزء القراء ة ،خلف الامام للبخاری ،وغیرہ ذالک مما تقدم۔ "

## واما المشتملة فمنها

"المجامیع کجاجع الاصول لابن الاثیر المشتمل علی کتب الستة ، وکنز العمال للمتقی الھندی ،المشتمل علی کثیر من کتب السنة ، والزوائد کمجمع الزوائد ،ومنبع الفوائد المشتمل علی ثلاثة مسانید وثلاثة معاجم ،وکتب الاحکام کبلوغ المرام من احادیث الاحکام،وکتب التخریج کالتلخیص الحبیر ،وکتب الترغیب والترھیب کالترغیب والترھیب للمنذری ،وکتب الفضائل کریاض الصالحین ،ومفاتیح بعض الکتب ،کمفتاح کنوز السنة ، وغیرذلک مما تقدم"۔

پھر یہ کتب بعض تو ان میں سے اصلی طور پر موضوعات کی ترتیب پر ہیں اور بعض غیر اصلی طور پر ہیں۔

(۱) اصلی سے مراد وہ کتب جن میں احادیث اسانید کے ساتھ مذکور ہیں۔

(۲) غیر اصلی سے مراد وہ کتب جن میں احادیث کا حوالہ ان مصادر کا دے دیا جائے جن میں وہ اسانید سے مروی ہیں اب کتب غیر اصلیہ سے تخریج میں تو مدد لی جاسکتی ہے لیکن حوالہ نہیں دیا جائے گا اور کتب اصلیہ کا مباشرۃ حوالہ دینا صحیح ہے۔

**مثال ذالک** :۔مثال کے طور پر جب حدیث بخاری شریف میں مذکور ہو تو یہ

مصدر اصلی ہے اس کا حوالہ دیں گے اور کتاب، باب، رقم الحدیث، رقم الجز ،رقم الصفحه، وغیرہ بھی لکھیں گے جیسے پہلے گزر چکا ہے۔

اگر حدیث ہمیں کتب غیر اصلیہ مثلاً کنز العمال، ریاض الصالحین ،الترغیب والترهیب ، مفتاح كنوز السنة وغیرہ میں مذکور ملے تو ان کتب کی مدد سے ہم کتب اصلیہ کی طرف رجوع کر سکتے ہیں، اور مندرجہ بالا طریقے کے مطابق حدیث کی تخریج (حوالہ جات) درج کر سکتے ہیں جیسے بلوغ المرام کی پہلی حدیث ہو الطهور ماء ہ الحل میتته اس کا حوالہ حافظ ابن حجر نے چار کتب سنن سے دیا ہے۔

(۱) سنن ابوداؤد (۲) سنن ترمذی (۳) سنن النسائی (۴) ابن ماجہ۔

پھر ابن ابی شیبہ اور ابن خزیمہ کا حوالہ دیا ہے اب ہمیں چاہیے کہ ہم انہی مصادر اصلیہ کی طرف رجوع کر کے تخریجی حوالہ جات مندرجہ ذیل طریق پر درج کریں۔

جیسے حدیث هو الطهور ماء ہ الحل میتته اخرجه من حديث ابی هريرة رضی الله عنه ابو داؤد السنن كتاب الطهارة باب الوضو بماء البحر ح (۸۳) ۱/ ۶۴.

الترمذی، الجامع، ابواب الطهاره، باب ما جاء فی ما ء البحر انه طهور، ح(۶۹) ۱/ ۱۰۰، ۱۰۱ .

النسائی السنن كتاب الطهارة باب الوضو بماء البحر ۱/ ۱۷۶.

ابن ماجه السنن كتاب ، الطهارة باب الوضو بماء البحر ح (۳۸۶) ۱/ ۱۳۶.

ابن ابی شیبه المصنف كتاب الطهارات باب من رخص فی الوضو بما ء البحر ۱ / ۱۳۱.

ابن خزيمة الصحيح كتاب الطهارة باب الرخصة فى الغسل و
الوضو من ماء البحر ح (۱۱۱) ۱/۵۹ .

جب ہم اتنی ہی تخریج چاہتے ہیں جتنا حافظ ابن حجر نے حوالہ جات میں واضح کیا ہے تو اس پر بھی اکتفاء کیا جا سکتا ہے اگر ہمیں دیگر مصادر اصلیہ میں حدیث مل جائے تو ہم مندرجہ ذیل طریق پر یوں بھی اضافہ کر سکتے ہیں۔

جیسے مالك ،الموطا ،كتاب الطهارة، باب الطهور، للوضو ،ح
(۱۲) ۱/۲۲.

الشافعى الام كتاب الطهارة ۱/۱٦ .

الدارمى السنن كتاب الطهارة باب الوضو من ماء البحر ابن
الجارود المنتقى باب فى طهارة الماء و القدر الذى ينجس
والذى لا ينجس ص ۲۵.

الدار قطنى السنن كتاب الطهارة باب فى ماء البحر ح (۱۳)
۱/ ۳٦

الحاكم المستدرك كتاب الطهارة ۱/۱۴۰، ۱۴۱ .

البيهقى السنن الكبرى كتاب التطهير بماء البحر ۱/۳.

یہ مثال میں نے تفصیلاً اس لئے بیان کی ہے تا کہ مبتدی کا حوصلہ بلند ہو اور اس کے سامنے واضح ہو کہ تخریج کا دائرہ کار بعض دفع بہت وسیع بھی ہو سکتا ہے۔

اب آنے والے صفحات میں ہم بعض حل شدہ تخریجی مثالیں حدیث کے اعتبار سے پیش کریں گے اور بعض عملی تدریب و مشق کو سامنے رکھتے ہوئے غیر حل شدہ مثالیں بھی تخریج حدیث کے اعتبار سے پیش کریں گے جو آہستہ آہستہ آسان سے مشکل کی طرف جا رہی ہوں گی۔

یہ تمام تطبیقات (مشقیں) حدیثی موضوع کے اعتبار سے حدیث تلاش کرنے کے

بارے میں ہیں۔

مبتدی کو تدریجاً تدریجاً مہارت تک پہنچانے کے لئے اس طریقے کو ہم چھ مراحل میں تقسیم کرتے ہیں۔

## المرحلة الاولى

پہلے حدیث میں صحابی اور روایت کرنے والے مصنف نیز کتاب اور باب بھی دے دیا جائے۔اور رقم الحدیث ،رقم الجزء، رقم الصفحة طالب علم کے لئے چھوڑ دیا جائے ،مثلا حدیث ابن عمر کی تخریج مکمل طور پر بیان کرو۔

"لا يقبل الله صلاة بغير طهور ولا صدقة من غلول "

جس کو مندرجہ ذیل حضرات نے اپنی کتب میں روایت کیا۔

مسلم الصحيح كتاب الطهارة باب ما جاء لا تقبل صلوة بغير طهور.

وابن ماجه السنن كتاب لطهارة باب ما جاء لا تقبل صلوة بغير طهور.

والبيهقي السنن الكبرى كتاب الطهارة باب فرض الطهور للصلوة

حدیث تلاش کرنے کے بعد طالب علم کو حوالہ جات مندرجہ ذیل طریقے سے درج کرنے چاہیے۔

مسلم الصحيح كتاب الطهارة باب وجوب الطهارة للصلوة ح (۲۲۴/۱) ۲۰۴/۱

الترمذی الجامع ابواب الطهارة باب ما جاء لا تقبل صلاة بغير طهور ح (۱) ۵/۱

ابن ماجه السنن كتاب الطهارة باب لا يقبل الله صلوة بغير طهور (۲۷۲) ۱۰۰/۱

البیهقی السنن الکبری کتاب الطهارة باب فرض الطهور للصلوة ۱/۴۲

اس مثال کو حل کرنے کے بعد مبتدی طالب علم کو چاہیے کہ آنے والی احادیث کی تخریج بھی مذکور مثال کی روشنی میں مکمل تحریر کرے۔

**الحديث الاول**

حديث المغيرة بن شعبة رضى الله عنه انه عليه السلام مسح بناصيته و على العمامة جس کو مندرجہ ذیل حضرات نے روایت کیا ہے۔

مسلم الصحيح كتاب الطهاره باب المسح على الناصية والعمامة

وابو داؤد السنن كتاب الطهارة باب المسح على الخفين .

الترمذى الجامع ابواب الطهارة باب ما جاء فى المسح على العمامة مع الناصية .

والنسائى السنن كتاب الطهارة باب المسح على العمامة مع الناصية

وابن ماجه السنن كتاب الطهارة باب ما جاء فى المسح على الخفين .

**الحديث الثانى**

حديث ابى سعيد الخدرى مرفوعًا اذا سمعتم المؤذّنّ فقولوا مثل ما يقول جس کو مندرجہ ذیل حضرات نے اپنی کتب میں درج کیا ہے۔

(۱)البخارى الصحيح كتاب الاذان باب يا ى قول اذا سمع المنادى

(۲)مسلم الصحيح كتاب الصلاة باب استحباب القول مثل

قول المؤذن ومالک الموطا کتاب الصلاۃ باب استحباب القول مثل قول المؤذن .

(۳)مالک المو طا کتاب الصلاۃ باب ما جاء فی النداء للصلاۃ.

(۴)الدارمی السنن کتاب الصلوۃ باب ما یقال فی الاذان .

(۵)ابو دائود السنن کتاب الصلوۃ باب ما یقول اذا سمع المؤذن .

(۶)الترمذی الجامع ابواب الصلاۃ باب ما یقول الرجل اذا اذن المؤذن

(۷)النسائی السنن کتاب الاذان باب القول مثل ما یقول المؤذن .

(۸)ابن ماجه السنن کتاب الاذان باب ما یقال اذا اذن المؤذن .

**الحدیث الثالث**

حدیث وائل بن حجر رایت رسول اللهﷺ اذا سجد وضع رکبتیه قبل یدیه واذا نهض رفع یدیه قبل رکبتیه جس کومندرجہ ذیل حضرات نے روایت کیا ہے۔

ابو داؤد السنن کتاب الصلاۃ باب کیف یضع رکبتیه قبل یدیه

والترمذی الجامع ابواب الصلوۃ باب ما جاء فی وضع الیدین قبل الرکبتین .

والنسائی السنن کتاب التطبیق باب رفع الیدین قبل الرکعتین .

وابن ماجه السنن کتاب اقامة الصلوۃ باب السجود .

والدارمی السنن کتاب الصلوۃ باب اول ما یقع الانسان علی الارض للسجود .

**الحدیث الرابع**

حدیث ابن عمر رضی الله عنهما مرفوعا فیما سقت السماء والعیون

او کان عشریا العشر وما سقی بالنضح نصف العشر جس کو مندرجہ ذیل حضرات نے روایت کیا ہے

(۱) البخاری الصحیح کتاب الزکاۃ باب العشر فیما یسقی من ماء السماء وبالماء الجاری .

(۲) وابو داؤد السنن کتاب الزکوۃ باب صدقۃ الزرع .

(۳) والترمذی الجامع کتاب الزکوۃ باب ما جاء فی الصّدقۃ فیما یسقی بالانہار وغیرہا .

(۴) والنسائی السنن کتاب الزکاۃ باب یوجب العشر وما یوجب نصف العشر .

(۵) وابن ماجہ السنن کتاب الزکاۃ باب صدقۃ الزروع والثمار

**الحدیث الخامس**

حدیث ابی ایوب الانصاری مرفوعا من صام رمضان ثم اتبعہ ستا من شوال کان کصیام الدھر جس کو مندرجہ ذیل حضرات نے روایت کیا ہے۔

(۱) مسلم الصحیح کتاب الصیام باب استحباب ستۃ ایام من شوال اتباعابا لرمضان .

(۲) وابو داؤد السنن کتاب الصوم باب فی صوم ستۃ ایام من شوال.

(۳) الترمذی الجامع کتاب الصیام باب ما جاء فی ستۃ ایام من شوال.

(۴) ابن ماجہ السنن کتاب الصیاب باب صیام ستۃ ایام من شوال .

(۵) والدارمی السنن کتاب الصوم باب صیام الستۃ من شوال .

## المرحلۃ الثانیۃ

اس مرحلہ میں حدیث صرف (۱) صحابی (۲) کتاب کے مصنف (۳) کتاب کا نام (یہاں کتاب سے مراد کتاب الصلوۃ، کتاب الزکوۃ الخ وغیرہ ہیں) کے ساتھ دی جائے اور باقی (۱) باب (۲) رقم الحدیث (۳) رقم الجزء (۴) رقم الصفحۃ وغیرہ

طالب علم کے لئے چھوڑ دیا جائے۔

مثال: اس حدیث کی تخریج مکمل طور پر تحریر کریں۔

حدیث عَلِيّ لو كان الدين بالراى لكان اسفل الخف اولى بالمسح من اعلاه وقد رايت رسول اللهﷺ يمسح على ظاهر خفيه جس کو مندرجہ ذیل حضرات نے روایت کیا

(۱)ابو داؤد السنن كتاب الطهارة .

(۲) والدارمى السنن كتاب الطهارة .

(۳)وابن ابى شيبة المصنف كتاب الطهارات .

(۴)والدار قطنى السنن كتاب الطهارة .

(۶)والبيهقى السنن الكبرى كتاب الطهارة .

اس مثال کو حل کر لینے کے بعد مکمل طور پر یوں تحریر کرنا پڑے گا۔

(۱)ابو داؤد السنن كتاب الطهارة باب كيف المسح ح(۱۶۲) ۱/۱۱۴.

(۲) والدارمى السنن كتاب الطهارة باب المسح على النعلين ۱/۱۸۱.

(۳)وابو ابى شيبة المصنف كتاب الطهارة باب الرخصة فى المسح على الخفين ح (۲۳) ۱/۱۹۹.

(۴)البيهقى السنن الكبرى كتاب الطهارة السنن الكبرى كتاب الطهارة باب الاقتصار بالمسح على ظاهر الخفين ۱/۲۹۲.

اسی حل شدہ مثال کی روشنی میں مبتدی کو باقی آنے والی احادیث بھی حل کرنی چاہیے۔

**الحديث الاول**

حديث ابى هريره مرفوعا اذا قلت لصاحبك انصت يوم الجمعة والايام يخطب فقد لغوت اس کو مندرجہ ذیل حضرات نے روایت کیا ہے۔

(۱) البخارى الصحيح كتاب الجمعة (۲)مسلم الصحيح

كتاب الجمعة (۳)مالک الموطا كتاب الجمعة (۴)ابو داؤد السنن كتاب الصلاة (۵)الترمذی الجامع ابواب الجمعة (۶)النسائی السنن كتاب الجمعة (۷)ابن ماجه السنن كتاب اقامة الصلاة (۸)والدارمی السنن كتاب الصلاة .

**الحديث الثانی**

حدیث ابی قتادة رضی الله عنه مرفوعا اذا دخل احدكم المسجد فليركع ركعتين او فلا يجلس حتى يصلی ركعتين جس کو مندرجہ ذیل حضرات نے روایت کیا ہے۔

البخاری الصحيح كتاب الصلاة (۲)مسلم الصحيح كتاب المسافرين (۳)ابو داؤد السنن كتاب الصلوة (۴)الترمذی الجامع ابواب الصلوة (۵)النسائی السنن كتاب المساجد (۶)ابن ماجه السنن كتاب اقامة الصلاة .

**الحديث الثالث**

حدیث عبد الرحمن بن يعمر الديلی مرفوعا الحج عرفة جس کی تخریج مندرجہ ذیل حضرات نے کی ہے۔

(۱)ابو داؤد السنن كتاب المناسک (۲)الترمذی الجامع كتاب الحج (۳)ابن ماجه السنن كتاب المناسک (۴)والدارمی السنن كتاب الماسنک (۵)الدار قطنی السنن كتاب الحج(۶) والحاكم المستدرک كتاب المناسک (۷)والبيهقی السنن الكبرى كتاب الحج

**الحديث الرابع**

حدیث ابی قتادة الانصاری من قتل قتيلا فله سلبه جس کی تخریج مندرجہ ذیل حضرات نے کی ہے۔

(۱)البخاری الصحیح کتاب فرض الخمس(۲) ومسلم الصحیح کتاب الجهاد والسیر (۳)مالک الموطا کتاب الجهاد (۴)ابو داؤد والسنن کتاب الجهاد (۵)ابن ماجه السنن کتاب الجهاد .

**الحدیث الخامس**

حدیث عائشه رضی الله عنها خیرنا رسول الله ﷺ فاخترناه فلم یکن طلاقا اس کی تخریج مندرجہ ذیل حضرات نے کی ہے۔

(۱)البخاری الصحیح کتاب الطلاق (۲)مسلم الصحیح کتاب الطلاق (۳)ابو داؤد السنن کتاب الطلاق (۴)الترمذی الجامع کتاب الطلاق واللعان(۵)النسائی السنن کتاب الطلاق (۶)ابن ماجه السنن کتاب الطلاق .

## المرحلة الثالثة

اس مرحلے میں حدیث مخرج (مصنف کتاب) رقم الکتاب، رقم الباب وغیرہ جو کتاب مفتاح کنوز السنۃ میں مذکور ہیں وہ دے دیے جائیں رقم الکتاب ورقم الصفحة کو عنوان الباب وعنوان الکتاب سے پہچانا جاسکتا ہے، پھر حسب سابق مفتاح کنوز السنۃ کی مدد سے مکمل تخریج تحریر کریں۔

اس مرحلے کی مثال دینے سے پہلے مفتاح کنوز السنۃ کا کچھ تعارف بیان کیا جاتا ہے۔

### کتاب مفتاح کنوز السنۃ

یہ کتاب ایک جلد میں ہے جس کو اس کے مصنف فنسنک المستشرق نے ۱۴ کتابوں سے حدیثیں جمع کی ہیں جن کو حروف المعجم پر مرتب کیا ہے اور احادیث موضوعات فقہیہ کی ترتیب پر ہیں اور ان کی تخریج کرنے والوں کا حوالہ بھی دیتے ہیں موضوع حدیث پر دلالت کی کیفیت بھی بیان کر دیتے ہیں۔

وہ امور جن کے ذریعے اصحاب الکتب کی طرف اشارہ کرتے ہیں مندرجہ ذیل ہیں۔
''خ'' سے مراد صحیح البخاری ہے۔ ''بذ'' سے مراد سے سنن ابی داؤد ہے۔ ''تر'' سے مراد جامع الترمذی ہے۔ ''نس'' سے مراد سنن النسائی ہے۔ ''مج'' سے مراد سنن ابن ماجہ ہے۔ ''می'' سے مراد سنن الدارمی ہے ''مس'' سے مراد صحیح مسلم ہے۔ ''ما'' سے مراد موطا مالک ہے۔ ''ط'' سے مراد مسند الطیالسی ہے۔ ''ز'' سے مراد مسند زید بن علی ہے۔ ''ہش'' سے مراد سیرۃ ابن ہشام ہے۔ ''قد'' سے مراد مغازی الواقدی ہے۔ ''حم'' سے مراد مسند احمد۔ ''عد'' سے مراد طبقات ابن سعد ہے۔

اس مقام پر کتاب **تیسیر المنفعة بکتابی مفتاح کنوز السنة والمعجم المفهرس لالفاظ الحدیث النبوی** جس کو محمد فواد عبدالباقی نے نو کتب السنۃ میں ابواب نمبر کی مدد سے ابواب کتب کے عناوین کو آسانی سے پہچاننے کے لئے ترتیب دیا ہے وہ کتب السنۃ مندرجہ ذیل ہیں۔

> **"جامع البخاری ،جامع مسلم ،جامع الترمذی ،سنن ابی داؤد، سنن النسائی،سنن ابن ماجه ،سنن الدارمی،موطا مالک ،مسند احمد".**

## ایک قابل ذکر بات

رقم الباب طبعات میں اختلاف کی وجہ سے بدلتے رہتے ہیں اس لئے حدیث **المعجم المفهرس** کے دیئے ہوئے رقم الباب سے پہلے کے دو تین باب میں تلاش کیا جائے یا بعد والے دو تین ابواب میں تلاش کیا جائے تو حدیث مل جائے گی کیونکہ طبعات کے فرق سے اتنا فرق پڑ ہی جاتا ہے۔

مثال جس پر حدیث کو ہم بطور مثال پیش کرنا چاہتے ہیں اس کا موضوع ہے آدم علیہ السلام اور حدیثی الفاظ کا تعین یہ ہے **فی یوم جمعة خلق آدم واسکن الجنه واهبط منها** .

اب اس حدیث کا موضوع آدم علیہ السلام ہمزہ ممدودہ سے شروع ہو رہا ہے یہ پہلے صفحے میں تلاش کرنے سے مل جائے گا کیونکہ کتاب بھی ہمزہ ممدودہ سے شروع ہو رہی ہے اس کی تخریج کتاب مندرجہ ذیل ہے۔

مس، ک ح ۷ او۱۸، ک ۵۰ ح ۲۷، بد۔ک ۲ب ۲، تر۔ک ۴ اور ۲، نس۔ک ۱۴ب ۴ و ۵ و ۴۵، مج ۔ک ۵ ب ۶ ۷ ک ۶ ب ۶۴ ، می ۔ک ۲ ب ۲۰۶، ما۔ک ۲۶ ح ۸۹، عد ۔ج ا قاص ۸۷، قاحم۔ثان ص ۳۱۱، ۳۲۷ و ۵۴۰۔

اس کی تخریج ان حوالہ جات کی مدد سے کر کے مندرجہ ذیل طریق سے سامنے آئے گی۔

مسلم ،الصحیح ،کتاب الجمعة، باب فضل یوم الجمعة ،ح (۸۵۴/۱۷) اور (۸۵۴/۱۸)، ۵۸۵/۲اور کتاب صفات المنافقین واحکامهم ،باب ابتداء الخلق وخلق آدم علیه السلام، ح (۲۷۸۹/۲۸ ۲۱۴۹/۴.

اور ابو داؤد السنن ،کتاب الصلوة، باب فضل یوم الجمعة ولیلة الجمعة، ح (۱۰۴۶)، ۶۳۴/۱.

اور الترمذی الجامع ابواب الجمعة باب ما جاء فی فضل یوم الجمعة ح (۴۸۸) ۳۵۹/۲.اور باب ما جاء فی الساعة التی ترجی فی یوم الجمعة ح (۴۹۱) ۳۶۲/۲.

اور النسائی السنن کتاب الجمعة باب ذکر فضل یوم الجمعة ۹۰/۳اور باب اکثار الصلوة علی النبی ﷺ یوم الجمعة۹۱/۳ .اور باب ذکر الساعة التی یستجاب فیها الدعا یوم الجمعة ۱۱۴/۲ .

اور ابن ماجه السنن کتاب اقامة الصلاة والسنة فیها باب فی فضل الجمعة ح(۱۰۸۴) ۳۴۴/۱،اور باب ذکر وفاته ﷺ ح (۱۶۳۶) ۵۲۴/۱.

اور الدارمی السنن کتاب الصلوة باب فی فضل الجمعة ۱/ ۳٦۹.

اورمالک الموطا کتاب الجمعة باب ما جاء فی الساعة التی فی یوم الجمعة ح (۱٦) ۱/۱۰۸.

اور ابن سعد الطبقات الکبری ج ۱ ق ۱ ص۸ .

احمد المسند ۲/ ۳۱۱، ۳۲۷، ۵۴۰.

**نوٹ:**۔اب ان ابواب کو آگے پیچھے کے ابواب سے تقابل کریں تو ضرور طبعات کی وجہ سے ایک دو ابواب کی تقدیم تاخیر ہوگی۔

اس حدیث کی مثال کی روشنی میں مبتدی کو چاہیے کہ مندرجہ ذیل احادیث کی تخریج کرے اور مندرجہ بالا طریق پر مکمل تخریج تحریر کرے۔

**الحدیث الاول:**۔دعا النبی ﷺ لابن عباس اس کا موضوع مفتاح کنوز السنة میں ابن عباس ہے جو حرف الف کی تختی میں مل جائے گا۔

**الحدیث الثانی:**۔لو کنت متخذا خلیلا من امتی لاتخذت ابا بکر اور اس کا موضوع ابوبکر ہے۔

**الحدیث الثالث:**۔ھذا جبل یحبنا و نحبه اس کا موضوع احد ہے۔

**الحدیث الرابع:**۔ کان اول من اذن موضوعه بلال .

**الحدیث الخامس:**۔اتقوا النار لو بشق تمرة موضوعه التصدق

**الحدیث السادس:**۔افضل الناس مومن یجاھد بنفسه وما له فی سبیل الله وموضوعه الجھاد .

**الحدیث السابع:**۔تابعوا بین الحج والعمرة فانھما ینفیان الفقر والذنوب موضوعه الحج .

**الحدیث الثامن:**۔انھا لیست بدواء ولکنھا داء موضوعه الخمر .

**الحدیث التاسع:**۔الخیل معقود فی نواصیھا الخیر .موضوعه الخیر.

**الحديث العاشر:۔ يكون في آخر الزمان دجاجلة كثيرون وموضوعه الدجال .**

## المرحلة الرابعة

اس مرحلے میں حدیث صرف صحابی اور مصنف کے نام کے ساتھ دی جائے باقی تمام تخریج مبتدی پر چھوڑ دی جائے۔

مثال:۔ حدیث عقبۃ بن عامر الجہنی رضی اللہ عنہ جس کی تخریج مسلم، ابوداؤد، الترمذی، النسائی، ابن ماجہ، الطحاوی، البیہقی نے ان الفاظ میں کی ہے:

**ثلاث ساعات كان رسول الله ﷺ ينهانا ان نصلي فيهن او ان نقبر فيهن موتانا حين تطلع الشمس بازغة حتى ترتفع وحين يقوم قائم الظهيرة حتى تميل وحين تضيف الشمس للغروب .**

اور تخریج کامل کے بعد اس کو مندرجہ ذیل طریقے سے درج کریں گے۔

**مسلم الصحيح كتاب صلاة المسافرين باب الاوقات التي نهى عن الصلاة فيها ح (۲۹۳/ ۸۳۱). ۵۶۹.**

اور **ابو داؤد السنن كتاب الجنائز باب الدفن عند طلوع الشمس ح (۳۱۹۲) ۳/ ۵۳۱.**

اور **الترمذي الجامع كتاب الجنائز باب ما جاء في كراهية الصلاة على الجنازة عند طلوع الشمس ح ۱۰۳۰) ۳/ ۳۴۸، ۳۴۹.**

اور **النسائي السنن كتاب المواقيت باب الساعات التي نهى عن الصلوة فيها ۱/ ۲۷۵.**

اور **ابن ماجه السنن كتاب الجنائز باب ما جاء في الاوقات التي لا يصلى فيها على الميت ح (۱۵۱۹) ۱/ ۴۸۶.**

اور الطحاوی شرح معانی الاثار کتاب الصلاۃ باب مواقیت الصلاۃ ۱/۱۵۱.

اور البیھقی السنن الکبری کتاب الصلوۃ باب النھی عن الصلوۃ فی ھاتین الساعتین ۲/۴۵۴.

اس مثال کو حل کر لینے کے بعد اس کی روشنی میں مندرجہ ذیل احادیث کی تخریج کامل درج کریں۔

**الاول:**۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ والی حدیث جو کہ مرفوعا منقول ہے۔

**الذهب بالذهب ربا الاهاء وهاء والبر بالبر ربا الاهاء وهاء والتمر بالتمر ربا الاهاء وهاء والشعير بالشعير ربا الا هاء وهاء.**

اس حدیث کو امام بخاری اور امام مسلم اور امام مالک اور دارمی اور ابوداؤد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے بیان کیا ہے اور ان میں سے اکثر کی کتابوں میں الذہب بالورق کے الفاظ ہیں۔

**الثانی:**۔ حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا

**لا يحل لامراة مومنة تومن بالله واليوم الاخر ان تحد على ميت فوق ثلاث ليال الا على زوج اربعة اشهر وعشر .**

اس حدیث کو امام بخاری ومسلم ومالک وابوداؤد وترمذی ونسائی نے بیان کیا۔

**الثالث:**۔ خدیث عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا

**كان فيما نزل من القرآن عشر رضعات معلومات يحرمن ثم نسخن بخمس معلومات فتوفى رسول الله ﷺ وهي فيهما يقرا من القرآن.**

اس حدیث کو امام مسلم ومالک وشافعی ودارمی وابوداؤد وترمذی ونسائی وابن ماجہ والبیہقی

نے بیان کیا ہے۔

**الرابع**:۔حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مرفوعا منقول ہے

**الایم احق بنفسها من ولیها والبکر تستامر فی نفسها واذنها صماتها.**

اس حدیث کو امام مسلم اور مالک اور ابوداود اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی اور بیہقی نے بیان کیا ہے۔

**الخامس**:۔حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ جو کہ مرفوعا منقول ہے۔

**الیمین علی نیة المستخلف.**

اس حدیث کو امام مسلم اور ابوداوٗد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور ابوشیبہ اور حاکم اور بیہقی نے بیان کیا ہے۔

## المرحلة الخامسة

اس مرحلے میں حدیث صرف صحابی کے نام کے ساتھ دی جائے باقی تخریجی مراحل مکمل طور پر مبتدی کے لئے چھوڑ دیے جائیں۔

**مثال**:۔حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہما

**ان الله ینهاکم ان تحلفوا بابائکم فمن کان حالفا فلیحلف بالله او لیصمت.**

اس کی تخریج **جامع الاصول لابن الاثیر** اور **نصب الرایه للزیلعی** اور کتب مشتملة سے مدد لینے کے بعد یوں سامنے آئی۔

**البخاری الصحیح کتاب الادب باب من لم یر اکفار من قال ذلک متاولا او جاهلا ح (۲۴) ۸/۲۳۶.**

اور **مسلم الصحیح کتاب الایمان باب النهی عن الحلف بغیر الله ح**

(۲۶۴۶) ۱۲۶۶/۳ .

اورمالک الموطا كتاب النذور والايمان باب جامع الايمان ح (۱۴) ۴۸۰/۲

اور ابو داؤد السنن كتاب الايمان والنذور باب فى كراهية الحلف بالاباء ح (۳۲۴۹) ۳/ ۴۶۹، ۵۷۰:

اور نسائى كتاب الايمان باب الحلف بالاباء ۵/ ۵۰۴ .

اورابن ماجه السنن كتاب الكفارات باب النهى ان يحلف بغير الله ح (۲۰۹۴) ۱/ ۶۷۷.

اورالبيهقى السنن الكبرى كتاب الايمان باب كراهية الحلف بغير الله عز وجل ۱۰/ ۲۹.

ان امثال کے حل ہو جانے کے بعد مبتدی پر لازم ہے کہ وہ مندرجہ ذیل احادیث کی تخریج کرے۔

**الاول**:۔حدیث انس رضی اللہ عنہ

كنا نصلى مع النبى ﷺ فى شدة الحر فاذا لم يستطع احدنا ان يمكن جبهته من الارض بسط ثوبه ثم سجد عليه .

**الثانی**:۔حدیث انس رضی اللہ عنہ

ما اولم النبى ﷺ على شى من نسائه ما اولم على زينب .

**الثالث**:۔حدیث ایاس بن عبدالمزنی رضی اللہ عنہ

ان النبى ﷺ نهى عن بيع فضل الماء .

**الرابع**:۔حدیث ثوبان رضی اللہ عنہ مرفوعا

افضل دينار ينفقه الرجل دينار ينفقه على عياله .

**الخامس**:۔حدیث جابر رضی اللہ عنہ

كان النبىﷺ يجمع بين الرجلين من قتلى احد فى الثوب الواحد.

## المرحلة السادسة

کسی صحابی کا ذکر کیے بغیر حدیث دی جائے اور اس کے تمام طرق کا تتبع کروایا جائے تو ان میں سے بعض احادیث تو احاد ہونگی اور بعض مشہور اور بعض متواتر یعنی جو اکثر صحابہ سے مروی ہوں اور کبھی ایک ہی صحابی کے لئے طریقہ بھی ایک ہی ہوگا اور کبھی متعدد ہوگا۔

مثال:۔اس کی مثال مندرجہ ذیل ہے۔

افطر الحاجم والمحجوم.

یہ حدیث (۱۹) انیس صحابہ سے مروی ہے حضرت ثوبان، شداد بن اوس، رافع بن خدیج، ابوموسی اشعری، معقل بن سنان، اسامہ بن زید، علی، عائشہ، ابو ہریرہ، ابن عباس، سمرہ، انس، جابر، ابن عمر، سعد بن مالک، ابوزید الانصاری، معقل بن یسار۔

بہرکیف حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث چھ طرق سے وارد ہوئی ہے۔

### پہلا طریقہ

**من رواية يحيى بن ابى كثير عن ابى قلابة عن ابى اسماء الرحبى عن ثوبان مولى رسول الله ﷺ عن النبى ﷺ قال افطر الحاجم والمحجوم.**

اس حدیث کو ابوداؤد اور السنن نے بیان کیا ہے کتاب الصوم باب فی الصائم تحتجم ح (۲۳۶۷) ۲/۷۷۰۔

اور نسائی السنن کتاب الصیام باب الحجامة للصائم ح (۳۱۳۷) ۱، ۲/۲۱۷.

اور ابن ماجه السنن میں کتاب الصیام باب ما جاء فی الحجامة للصائم ح (۱۶۸۰) ۱/۵۳۷

اور احمد المسند میں ۵/۲۷۷، ۲۸۲، ۲۸۳، ۲۸۰

اورالطیالسی المسندین ح (۹۸۹) ص ۱۳۳

اور الدارمی السنن میں کتاب الصوم باب الحجامة تفطر الصائم ۱۵،۱۴/۲.

اورعبد الرزاق المصنف میں کتاب الصیام باب الحجامة للصائم ح (۷۵۲۲) ۹۰۲۰/۴.

اور ابن خزیمه صحیح ابن خزیمه جماع ابواب الافعال اللوائی تفطر الصائم ح (۱۹۶۲) ۲۲۶/۳

اور ابن الجارود المنتقیٰ میں باب الصیام ح (۳۸۶) ص ۱۶۰

اور ابن حبان الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان لابن بلبان میں کتاب الصوم باب حجامه الصائم ح (۳۴۳۵) ۲۱۸/۵.

اور الطحاوی شرح معانی الاثار میں کتاب الصیام باب الصائم یحتجم ۹۸/۲.

اورالحاکم المستدرک میں کتاب الصوم باب افطر الحاجم والمحجوم ۴۲۸/۱

اور بیهقی السنن الکبری میں کتاب الصیام باب الحدیث الذی روی فی الافطار بالحجامة ۲۶۵/۴.

البزار فی مسنده عزاه له الزیلعی فی نصب الرایة ۴۷۲/۲

امام زیلعی فرماتے ہیں کہ امام احمد اور ابن المدینی وغیرہ نے اس کو صحیح قرار دیا ہے

(نصب الرایۃ کتاب الصوم ۴۷۲/۱)

اس وجہ سے طرق متابعات ہیں اور امام ابوالمہلب راشد بن داؤد الصنعانی متابع بنے ہیں ابوقلابہ کے اور یہ حضرات روایت کرتے ہیں ابو اسماء سے اور وہ حضرت ثوبان سے اور وہ نبی ﷺ سے اور بیہقی السنن الکبری نے اس کو بیان کیا کتاب الصیام باب الحدیث الذی

روی فی الافطار بالحجامة ۴/۲۶۶ . الدولابی الکنی والاسماء ترجمة ابی المهلب ۲/۱۳۵ .

اور یحییٰ بن حارث تابع ہوئے ہیں ابوقلابہ کے چنانچہ یہ حضرت روایت کرتے ہیں ابو اسماء سے اور وہ حضرت ثوبان سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے ابن ابی حاتم فی علل الحدیث۔

اور ابوحاتم ان اخبار کو معلول قرار دیتے ہیں جو روزے کے بارے میں مروی ہیں ح(۷۲۹)۱/۲۴۸۔

اور قتادہ یحییٰ بن ابو کثیر کی اتباع کرتے ہیں چنانچہ یہ روایت کرتے ابواسماء سے اور وہ ثوبان سے اور وہ نبی اکرم ﷺ سے ابن ابی حاتم علل حدیث میں ان اخبار کو بھی معلول قرار دیتے ہیں جو روزے کے بارے میں مروی ہیں۔

دوسرا طریقہ

من روایة ابن جریج اخبره مکحول ان شیخا من اهل الحی اخبربه ان ثوبان مولی النبی ﷺ اخبره ان النبی ﷺ قال افطر الحاجم والمحجوم .

اور ابو دائود السنن کتاب الصوم باب فی الصائم یحتجم ح(۲۳۷۰) ۲/۷۷۲.

اور النسائی السنن الکبری کتاب الصیام باب الحجامة للصائم ح(۲/۳۱۳۴) ۲/۲۱۶

اوراحمد المسند ۵/۲۸۲ .

اور عبد الرزاق المصنف کتاب الصیام باب الحجامة للصائم ح(۷۵۲۵)۴/۴/۲۱۰

اور ابن ابی شیبه المصنف میں کتاب الصیام باب من کره ان یحتجم الصائم ۳/۵۰ .

اور بیہقی السنن الکبری کتاب الصیام باب الحدیث الذی روی فی الافطار بالحجامة ۲۶۶/۴ پھر اپنی سند کے ساتھ ابوداوُد تک روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں:

**قال قلت لاحمد بن حنبل ای حدیث اصح فی افطر الحاجم والمحجوم قال حدیث ابن جریج عن مکحول عن شیخ من الحی عن ثوبان ۲۸۷/۴.**

## تیسرا طریقہ

**من روایة شهر بن حوشب عن عبد الرحمن بن غنم عن ثوبان مولی رسول اللهﷺ ان رسول اللهﷺ قال افطر الحاجم والمحجوم اخرجه احمد المسند ۲۷۶/۵، ۲۸۲.**

اورا لنسائی السنن الکبری کتاب الصیام باب الحجامة للصائم ح(۳۱۵۸) ۱، ۲۲۶/۲

اور الطحاوی شرح معانی الاثار کتاب الصیام باب الصائم یحتجم ۹۸/۲

اور ابن ابی حاتم علل حدیث میں ذکر کرتے ہیں کہ انہوں نے معلول قرار دیا ہے ان اخبار کو بھی جو روزے کے بارے میں مروی ہیں ح(۶۵۶) ۲۲۶/۱۔

## چوتھا طریقہ

**من روایة سالم بن ابی الجعد عن معدان بن طلحة عن ثوبان عن النبیﷺ اخرجه النسائی السنن ا لکبری کتاب لصیام باب الحجامة للصائم ح(۳۱۵۹) ۲۲۲/۲.**

اور ابن ابی حاتم نے بھی اس کو ذکر کیا ہے (المصدر السابق)۔

## پانچواں طریقہ

**من روایة یزید بن ربیعة ثنا ابو الاشعث عن ثوبان الحدیث اخرجه البیهقی المصدر السابق ۲۶۸/۴.**

## چھٹا طریقہ

من روایة قتادة عن شهر بن حوشب عن ثوبان اخرجه النسائی السنن الکبری کتاب الصیام باب الحجامة للصائم ح(۳۱۵۷/۲) ۲۲۲،۲۲۱/۲.

بہرحال شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کی حدیث پانچ وجوہ سے اور اس کا مدار علی ابی قلابہ عبداللہ بن زید الجرمی پر ہے بایں حیثیت کہ اس میں اختلاف ہے۔

## الوجه الاول

من روایة ابی قلابة عن ابی الاشعث الصنعانی عن ابی اسماء الرجمی عن شداد بن اوس قال سمعت رسول اللہ ﷺ یقول افطر الحاجم والمحجوم.

اخرجه النسائی السنن الکبری کتاب الصیام باب الحجامة للصائم ح(۳۱۴۵) ۷،۲/۲۱۹

اور عبد الرزاق المصنف میں کتاب الصیام باب الحجامة للصائمح(۷۵۱۹) ۴/۲۰۹

اور الدارمی السنن میں کتاب الصوم باب الحجامة تفطر الصائم ۱۴/۱.

اور عند البعض اس روایت میں زید کی جگہ یزید ہے اور یہ ایک شدید غلطی ہے اور ابن حبان الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان جو کہ ابن بلبان کی لکھی ہوئی ہے اس میں کتاب الصوم باب حجامة الصائم ح(۳۵۲۵) ۵/۲۱۸،۲۱۹۔

اور البیہقی السنن الکبری میں

کتاب الصیام باب الحدیث الذی روی فی الافطار بالحجامة ۲۶۵۳

اورابن ابی شیبۃ المصنف میں کتاب الصیام باب من کرہ ان یحتجم الصائم ۳/ ۴۹

اورالحازمی الاعتبار فی الناسخ والمنسوخ من الاثار میں باب الحجامۃ للصائم ص ۱۳۹.

## الوجه الثانی

من روایة ابی قلابة عن ابی الاشعث عن شداد بن اوس ان رسول اللہ ﷺ اتی علی رجل بالبقیع هو یحتجم وهو اخذ بیدی لثمان عشرة خلت من رمضان فقال افطر الحاجم والمحجوم.

اس کو بیان کرتے ہیں

ابوداؤ السنن کتاب ا لصوم باب فی الصائم یحتجم ح(۲۳۶۹) ۲/ ۷۷۲

اورالنسائی السنن الکبری میں کتاب الصیام باب الحجامة للصائم ح(۳/۳۱۴۱) ۲/ ۲۱۸.

اور الطیالسی المسند میں ح(۱۱۱۸) ص ۱۵۲

اورعبدالرزاق المصنف میں کتاب الصیام باب الحجامة للصائم ح(۷۵۲۰) ۴/ ۲۰۹.

اورالشافعی میں کتاب اختلاف الحدیث المطبوع مع الام باب الحجامة للصائم ۸/ ۶۴۰.

اورترتیب مسند الشافعی للسندی میں کتاب الصوم الباب الاول فیما یفسد الصوم وما لا یفسده ۱/ ۲۵۵. اور احمد المسند میں ۴/ ۱۲۲، ۱۲۳، ۱۲۴

اورالطحاوی شرح معانی الاثار میں کتاب الصیام باب الصائم یحتجم ۲/ ۹۹

اورابن حبان الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان جو کہ لکھی ہوئی ہے ابن بلبان کی اس میں

كتاب الصوم باب الحجامة للصائم ح(٣٥٢٦) ٥/٢١٩

اور البيهقي السنن الكبرى كتاب الصيام باب الحديث الذى روى فى الافطار بالحجامة ٢٥٤، ٢٦٧ اور الحاكم المستدرک میں کتاب الصوم ١/٤٢٩

اور الطحاوی شرح معانی الاثار میں كتاب الصيام باب الصائم يحتجم ٢/٩٩

اور الحازمي الاعتبار فى الناسخ والمنسوخ من الاثار میں باب الحجامة للصائم ص ١٣٩

اور ایوب ابوقلابہ کے تابع ہیں چنانچہ وہ ابی الاشعث اور وہ شداد سے روایت کرتے ہیں اسی کو حاکم مستدرک نے کتاب الصوم میں بیان کیا ہے ١/٤٢٨

## الوجه الثالث

من رواية ابى قلابة عن ابى اسماء الرحبى عن شداد بن اوس قال كنت مع النبى ﷺ بالمدينة قال وذاك لثمان عشرة خلون من رمضان فابصر رجلا يحتجم فقال رسول الله ﷺ افطر الحاجم والمحجوم .

اس کو بیان کرتے ہیں النسائی السنن الکبری كتاب الصيام باب الحجامة للصائم میں ح(٤/٣١٥٥) ٢/٢٢١ ـ احمد المسند ٢/٢٢١

## الوجه الرابع

من رواية ابى قلابة ان شداد بن اوس بينما هو يمشى مع رسول الله ﷺ بالبقيع فمر على رجل يحتجم بعد ما مضى من الشهر ثمانى عشرة ليلة فقال رسول الله ﷺ افطر الحاجم والمحجوم .

اس کو بیان کرتے ہیں:

ابوداؤد السنن كتاب الصيام باب الحجامة للصائم میں ح(٢٣٦٨) ٢/٧٧١، ٧٧٢

اورالنسائی السنن الکبری نے کتاب الصیام باب الحجامة للصائم میں ح(۳۱۴۴) ۲/ ۲۱۹،۲۱۸۔اورابن ماجہ السنن کتاب الصیام باب ما جاء فی الحجامة لصائم میں(۱۶۸۱) ۱/ ۵۳۷۔

## الوجه الخامس

من رواية ابی قلابة عمن حدثه عن شداد بن اوس ان رسول اللهﷺ اتی علی رجل یحتجم فی البقیع لثمان عشرة خلت من رمضان وهو اخذ بیدی فقال افطر الصائم والمحجوم.

اس کو بیان کیا ہے

احمد المسند ۴/ ۱۲۵۔اورابن ابی شیبۃ المصنف کتاب الصیام میں باب من کره ان یحتجم الصائم ۳/ ۴۹.

شداد بن اوس کی حدیث کو متعدد علماء نے صحیح قرار دیا ہے:

فقال الترمذی سالت محمدا البخاری عن هذا الحدیث فقال لیس فی هذا الباب شی اصح من حدیث شداد بن اوس وثوبان فقلنا له کیف بما فیه من الاضطراب فقال کلاهما عندی صحیح لان یحیی بن ابی کثیر روی عن ابی اسماء عن ثوبان وعن ابی الاشعث عن شداد بن او روی الحدیثین جمیعا وهکذا ذکروا عن علی ابن المدینی انه قال حدیث شداد بن اوس وثوبان صحیحان (علل الترمذی الکبیر ترتیب ابی طالب القاضی ابواب الصوم عن رسول اللهﷺ باب کراهیه الحجامة للصائم ۱/ ۳۶۲،۳۶۳)

نوٹ :۔مندرجہ بالا عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ کہ بعض دفعہ حدیث کے ساتھ ساتھ علماء کے نزدیک حدیث کا حکم بھی معلوم ہو جاتا ہے اور حاکم کہتے ہیں میں نے محمد بن

صالح کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے احمد بن سلمہ کو سنا وہ فرماتے تھے کہ میں نے اسحاق بن ابراہیم اور وہ ابن راہویہ ہیں کو فرماتے ہوئے سنا کہ یہ اسناد صحیح اور اسی کے ذریعہ حجت قائم ہوتی ہے وهذاالحديث قد صح باسانيد وبه نقول المستدرک کتاب الصوم ، ۴۲۸/۱.

ایسا ہی مضمون امام بیہقی داری کی طرف نسبت کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ میرے نزدیک افطر الحاجم والمحجوم والی حدیث جو کہ ثوبان اور شداد بن اوس سے مروی ہے یہ حدیث صحیح ہے اور میں بھی یہی کہتا ہوں کہ یہ حدیث صحیح ہے اور فرماتے ہیں کہ میں نے احمد بن حنبل کو بھی یہی فرماتے ہوئے سنا اور وہ بیان فرماتے ہیں کہ یہ حدیث ان کے نزدیک بھی صحیح ہے۔ السنن الكبرى كتاب الصيام باب فى ذكر بعض ما بلغنا عن حفاظ الحديث فى تصحيح هذا الحديث ۲۲۷/۴.

## حدیث رافع بن خدیج

فقد ورد من طريق يحى بن ابى كثير عن ابراهيم بن عبد الله بن قارظ عن السائب بن يزيد عن رافع بن خديج عن النبى ﷺ قال افطر الحاجم والمحجوم .

اس کو بیان فرماتے ہیں:

الترمذى وقال حديث رافع بن خديج حديث حسن صحيح وذكر عن احمد بن حنبل انه قال اصح شى فى هذا الباب حديث رافع بن خديج (السنن كتاب الصوم باب كراهيه الحجامة للصائم ح (۷۷۴) ۱۴۴/۳ ، ۱۴۵ ) واحمد المسند ۴۶۵/۳

وعبد الرزاق المصنف كتاب الصيام باب الحجامة للصائم ح(۷۵۲۳) ۲۱۰/۴

اور ابن خزیمہ میں ہے وہ فرماتے ہیں:

سـمـعـت الـعباس بن عبد العظيم العنبری يقول سمعت علی بن عبـد الله الـمـديـنـی يـقـول لا اعلم فی افطر الحاجم والمحجوم حـديـث اصـح من ذا (صحيح ابن خزيمة جماع ابواب الافعال اللواتی تفطر الصائم باب ذكر البيان ان الحجامة تفطر الحاجم والمحجوم جميعا ح(۱۹۶۴) ۲۲۷/۳

اور ابـن حبـان الاحسـان بتـريـب صـحـيـح ابن حبان لابن بلبان كتاب الصوم باب الحجامة للصائم ح(۳۵۲۷) ۲۱۹/۵

اور الحاكم المستدرک كتاب الصوم ۴۲۸/۱

اورفرماتے ہیں کہ:

یہ حدیث صحیح ہے شیخین کی شرط کے ساتھ اور البیہقی اور السنن الکبریٰ میں کتـــــاب الصيام باب الحديث الذی روی فی الافطار بالحجامه ۲۶۵/۴

ابوموسیٰ اشعری والی حدیث:۔ یہ حدیث چار طریقوں سے مروی ہے۔

## پہلا طریقہ

مـن رواية مـطـر الورق عن بكر بن عبد الله المزنی عن ابی رافع الـصـائغ قال دخلت علی ابی موسی وهو يحتجم ليلا فقلت لو كان كان هذا نهارا فقال اتامرنی فعن اهريق دمی وانا صائم وقد سمعت رسول الله ﷺ يقول افطر الحاجم والمحجوم.

اس کو بیان کیا ہے:

الـنسـائـی الـسـنـن الـكبری كتاب الصيام باب الحجامة للصائم ح(۳۲۰۸) ۲/ ۲۳۱، ۲۳۲.

اور ابن الجارود المنتقی باب الصيام ح(۳۸۷) ص ۱۶۰.

اورطـحـاوی شـرح مـعـانـی الاثـار كتـاب الـصـيـام باب الصائم

یحتجم ۲/۹۸.

اورحاکم فرماتے ہیں میں نے ابوعلی الحافظ کوفرماتے ہوئے سنا انہوں نے فرمایا کہ عبدان ازہری سے پوچھا کہ کیا یہ بات درست ہے کہ نبی ﷺ نے احتجام فرمایا روزہ کی حالت میں بھی انہوں نے فرمایا کہ میں نے حضرت عباس العنبری کوفرماتے ہوئے سنا کہ وہ کہہ رہے تھے میں نے علی بن المدنی سے سنا کہ ابی رافع عن ابی موسی والی یہ حدیث درست ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ افطر الحاجم والمحجوم. ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاہ. (المستدرک کتاب الصوم ۱/۴۲۹،۴۳۰)

اور البیھقی السنن الکبری کتاب الصیام باب الحدیث الذی روی فی الافطار بالحجامۃ ۴/۲۶۶

اور الطبرانی فی المعجم الکبیر عزاہ لہ الحافظ الھیثمی فی مجمع الزوائد کتاب الصیام باب الحجامۃ للصائم ۳،۱۶۹

| ۴۷ | مشہور........................ | ۲۸۹ |
| ۴۸ | مستفیض........................ | ۲۸۹ |
| ۴۹ | حدیث مشہور صحیح........................ | ۲۹۱ |
| ۵۰ | حدیث حسن........................ | ۲۹۱ |
| ۵۱ | حدیث مشہور ضعیف........................ | ۲۹۲ |
| ۵۲ | حدیث مشہور باطل........................ | ۲۹۲ |
| ۵۳ | سند عالی........................ | ۲۹۶ |
| ۵۴ | سند نازل........................ | ۲۹۶ |

| | | |
|---|---|---|
| ۵۵ | موافقہ........ | ۲۹۷ |
| ۵۶ | بدل........ | ۲۹۸ |
| ۵۷ | مساواۃ........ | ۲۹۸ |
| ۵۸ | مصافحہ........ | ۲۹۹ |
| ۵۹ | متابع........ | ۳۰۱ |
| ۶۰ | شاہد........ | ۳۰۱ |
| ۶۱ | مدرج........ | ۳۰۵ |
| ۶۲ | مسلسل........ | ۳۱۱ |
| ۶۳ | المصحف........ | ۳۱۵ |
| ۶۴ | فصل ششم........ | ۳۲۳ |
| ۶۵ | حدیث موضوع........ | ۳۲۳ |
| ۶۶ | حدیث موضوع کی تعریف........ | ۳۲۳ |
| ۶۷ | پہلا قاعدہ........ | ۳۲۳ |
| ۶۸ | دوسرا قاعدہ........ | ۳۲۴ |
| ۶۹ | تیسرا قاعدہ........ | ۳۲۵ |
| ۷۰ | چوتھا قاعدہ........ | ۳۲۵ |
| ۷۱ | پانچواں قاعدہ........ | ۳۲۶ |
| ۷۲ | فصل ہفتم........ | ۳۳۵ |
| ۷۳ | روایت ودرایت........ | ۳۳۵ |
| ۷۴ | خاتمہ........ | ۳۴۹ |

# تمہید

**الحمد للہ و کفی و سلام علی عبادہ الذین اصطفی اما بعد !**

بندہ ابو محمد محسن گلزار نعمانی عفا اللہ عنہ عرض کرتا ہے کہ اس سے پہلے تخریج الحدیث سے متعلق مباحث گزری ہیں جن میں اکثر الفاظ اصطلاحات حدیث سے تعلق رکھتے ہیں جنہیں عام مبتدی طلباء اچھی طرح سمجھنے سے قاصر ہوتے ہیں تو بندہ کو خیال ہوا کہ کتاب "آپ حدیث کیسے تلاش کریں؟" سے استفادہ اور اس کی فہم کے لئے اصطلاحات حدیث پر مشتمل حصہ دوم کو بطور ضمیمہ ملحق کر دیا جائے اگر طالب علم کو کسی حدیث کی اصطلاح کا ادراک نہ ہو سکے تو آنے والے صفحات پر مشتمل اصطلاحات حدیث کا مطالعہ کرنے سے مقصود حاصل ہو جائے گا۔ یہاں پر یہ بات قابل بیان ہے کہ اس کتاب میں محدثین کی اصطلاحات بیان کی گئیں ہیں جو اصول حدیث للفقہاء اور بالخصوص اصول حدیث للاحناف سے مختلف وجدا ہیں جن کا بیان بندہ تخصص فی علوم الحدیث النبوی الشریف کے تحت لکھے جانے والے مقالہ "**الموازنة بين اصول الاحناف والمحدثين في الحديث**" میں تفصیل سے ذکر کر چکا ہے اور عنقریب اس کے اردو ترجمہ بھی منظر عام پر آ جائے گا اور یہاں چونکہ محدثین کی ان اصطلاحات کا بیان مقصود تھا جن کا ذکر خاص حصہ اول میں گزرا ہے اس لئے یہاں چند تنبیہات کے ساتھ میں نے دکتور صبحی صالح کی کتاب علوم الحدیث سے اصطلاحات کے باب کا ترجمہ نقل کر دیا ہے اس کتاب کا ترجمہ پہلی دفعہ پاکستان میں پروفیسر غلام احمد حریری نے کیا تھا۔

یہ کتاب علوم حدیث میں محدثین کے مزاج وذوق کے مطابق اصطلاحات پر

معلومات کا اچھا ذخیرہ ہے امید ہے کہ اہل ذوق حضرات اس کی قدر کرینگے اور اپنی دعاؤں میں دکتور صبحی صالح پروفیسر احمد حریری اور بندہ کو ضرور یادرکھیں گے اور حصہ اول و دوم میں جہاں بھی کسی خطاء ولغزش پر مطلع ہونگے ازراہ کرم بندہ کو مطلع فرما کر دعا و شکریہ کا موقع فراہم کرینگے آخر میں اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ اس کتاب کے دونوں اجزاء کو اپنے عباد کے لئے نفع بخش بنائے اور بندہ اور اس کے والدین واساتذہ کرام اور بالخصوص حضرت اقدس مولانا نورالبشر صاحب دامت برکاتہم (رئیس شعبہ تخصص فی علوم الحدیث النبوی الشریف جامعہ فاروقیہ کراچی) فضیلۃ الاستاذ مولانا ساجد احمد الصدوی حفظہ اللہ ورعاہ (استاذ شعبہ تخصص فی علوم الحدیث جامعہ فاروقیہ کراچی) حضرت اقدس مولانا طارق جمیل صاحب مدظلہ العالی اور حضرت اقدس شیخ الحدیث مولانا سید محمود میاں صاحب دامت برکاتہم کے لئے صدقہ جاریہ اور ذخیرہ آخرت بنائے کہ انہی حضرات کی توجہات اور شفقتوں نے مجھے اس قابل بنایا ہے کہ میں یہ حقیرسی کاوش امت کے ان غیور طلباء وعلماء کی خدمت میں پیش کررہا ہوں جو حفاظت حدیث واشاعت حدیث اور الفت حدیث کے جذبات سے سرشار ہیں۔

**اللهم تقبله بجاه النبی الامی الکریم (امین)**

کتبہ العبد ابو محمد محسن گلزار نعمانی (قصور) عفی اللہ عنہ وعافاہ

واستاذ مدرسہ عربیہ قادریہ عیدگاہ تلمبہ

مدرسۃ الحسنین رئیس آباد تلمبہ خانیوال

یوم الاثنین ۲/۳/۱۴۳۱ھ بمطابق ۸/۳/۲۰۱۰ء

# اصطلاحات حدیث

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# فصل اول

## اقسام حدیث:

حدیث کی دو قسمیں ہیں

(۱) مقبول: صحیح حدیث کو مقبول کہتے ہیں (۲) مردود: ضعیف حدیث کو مردود کہا جاتا ہے۔

یہ حدیث کی طبعی تقسیم ہے، جس کے تحت بہت سی قسمیں داخل ہیں اور جن کے درجات میں صحت وضعف احوال رواۃ اور متون حدیث کے اعتبار سے بہت زیادہ فرق مدارج پایا جاتا ہے۔

مگر محدثین نے حدیث کی ایک ثلاثی (سہ گانہ) تقسیم بھی کی ہے جس کو وہ تقسیم سابق کے مقابلہ میں ترجیح دیتے ہیں۔ اس لئے کوئی حدیث ایسی نہیں جو ان تین عظیم اقسام میں شامل نہ ہو۔ وہ تین قسمیں یہ ہیں:

(۱) صحیح (۲) حسن (۳) ضعیف[1]

ظاہر ہے کہ حدیث حسن پہلے قول کے مطابق سابق الذکر دونوں قسموں (صحیح و ضعیف) میں سے ایک میں ضرور شامل ہوگی۔ چنانچہ امام بخاری ومسلم[2] اور محدث ذہبی

(۱) التدریب ص ۱۳، نیز توضیح الافکار ۱/ص ۷ (۲) امام ذہبی اس کی دلیل یہ دیتے ہیں کہ امام بخاری ومسلم نے جن راویوں سے حدیثیں روایت کی ہیں ان میں کم درجے کے راوی تو ہو سکتے ہیں مگر ان میں کوئی راوی متہم بالکذب نہیں ہے۔ مگر کم درجہ راوی ہونے کی صورت میں بخاری ومسلم نے یہ شرط عائد کی ہے کہ اس کی تائید ایسی حدیث سے ہونی ضروری ہے جو بالکل صحیح ہو۔ چنانچہ ان دونوں کتب میں صرف احادیث صحیحہ ہی پائی جاتی ہیں۔ اس لئے جن احادیث پر صفت حسن کا غلبہ ہے ان کو بھی احادیث صحیحہ میں شمار کرنا چاہیے۔

حسن کو حدیث صحیح کی ایک قسم قرار دیتے ہیں بخلاف ازیں امام احمد بن حنبل حسن کو ایسی ضعیف حدیث تصور کرتے ہیں جس پر عمل کرنا جائز ہوتا ہے (۱)۔

بلکہ وہ قیاس کے مقابلہ میں قابل ترجیح ہوتی ہے دوسری رائے کے مطابق حدیث حسن حدیث کی ایک جداگانہ مستقل قسم ہے وہ صحیح سے کم درجہ اور ضعیف سے افضل ہوتی ہے۔

## موضوع

موضوع وہ حدیث ہے جو خود گھڑ کر آنحضور ﷺ یا صحابہ کرام کی طرف منسوب کر دی جائے ہم نے موضوع کو حدیث کی قسموں میں اس لئے شمار نہیں کیا کہ موضوع نفس الامر اور واقع میں حدیث نہیں ہوتی البتہ اس کا واضع اس کو حدیث کے حکم میں شامل کرتا ہے (۲)۔ موضوع روایت کے بارے میں جب ثابت کر دیا جائے کہ وہ موضوع ہے تو اسے حدیث نہیں کہہ سکتے البتہ اثبات وضع سے پہلے بحث و تحقیق کے نتیجہ کے انتظار میں اس کو موضوع کہہ سکتے ہیں۔ بعد از تحقیق یا تو اس میں ضعف ثابت ہو جائے گا تو اس کو ضعیف حدیث کہیں گے اور ضعف کا سبب بیان کر دیا جائے گا یا اس کا موضوع ہونا واضح ہو جائے گا اور اس صورت میں وہ حدیث نہیں رہے گی۔ جب حدیث موضوع کا لفظ پڑھا یا سنا جائے تو اس میں حدیث کا لفظ ذکر کرنے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ اس کی نقل و روایت حرام ہے۔

پھر ان اقسام ثلاثہ (صحیح، حسن، ضعیف) کے تحت حدیث کی بہت سی قسمیں ہیں۔

ان میں کچھ تو خالص صحیح، حسن یا ضعیف ہیں اور بعض صحیح و حسن میں مشترک ہیں اور بعض وہ ہیں جو مساوی طور پر تینوں میں مشترک ہیں پھر حدیث کی ان خالص یا مشترک

---

(۱) اس لئے کہ محدثین نے ضعیف حدیث کو دو قسموں میں منقسم کیا ہے۔ ۱۔۔۔۔۔ وہ ضعیف حدیث جو متروک العمل ہوتی ہے اور اس کا راوی متہم بالکذب اور کثیر الغلط ہوتا ہے۔ ۲۔۔۔۔۔ وہ ضعیف حدیث جو متروک العمل نہیں ہوتی اس کو حسن بھی کہتے ہیں کیونکہ اس کا راوی متہم بالکذب اور کثیر الغلط نہیں بلکہ صرف حفظ و ضبط میں کمزور ہوتا ہے۔

(۲) امام سیوطی فرماتے ہیں ہم نے موضوع کا ذکر اس لئے نہیں کیا کہ وہ اصطلاحاً حدیث نہیں ہوتی البتہ واضع اس کے حدیث ہونے کا مدعی ہوتا ہے (التدریب ص ۱۴) اس سے ہمارے سابق الذکر قول کی تائید ہوتی ہے کہ موضوع حدیث نہیں ہوتی۔

اقسام کے لئے بہت سی اصطلاحات وضع کی گئی ہیں ان جداگانہ اصطلاحات کو علوم بھی کہتے ہیں اور انواع بھی، علمائے حدیث اس امر میں متفق ہیں کہ اقسام خارج از حصر وعدد ہیں (۱)۔

امام حازمی فرماتے ہیں۔(۲)

علم حدیث کی قسمیں سو (۱۰۰) تک پہنچتی ہیں ہر نوع ایک مستقل علم کی حیثیت رکھتی ہے، اگر طالب علم اپنی پوری عمر بھی اس نوع میں کھپا دیتو اس کی انتہا کو نہیں پا سکتا۔(۳)

محدث ابن الصلاح نے اپنی کتاب علوم حدیث میں علم حدیث کی ۶۵ اقسام کا ذکر کیا ہے اور تحریر کیا ہے کہ یہ آخری حد نہیں ہے بلکہ اس کی لاتعداد قسمیں ہوسکتی ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ راویان حدیث اور مرویات کے احوال وصفات کا کچھ ٹھکانا نہیں۔(۴)

حافظ ابن کثیر نے کتاب علوم حدیث کا جو اختصار لکھا ہے اس میں تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جن اقسام کا ذکر ابن الصلاح نے کیا ہے وہ ایک دوسری میں مدغم ہوسکتی ہیں اس لئے اقسام حدیث کا یہ پھیلاؤ درست نہیں انہوں نے اپنے نکتۂ خیال کے مطابق انواع حدیث کو از سر نو مرتب کیا ہے۔(۵)

آگے چل کر ہم ابن کثیر کی ترتیب جدید پر نقد وتبصرہ کریں گے، ہماری کتاب کا ماخذ بڑی حد تک اگرچہ ابن کثیر ہی کی کتاب ہے، تاہم ہم نے ہر جگہ ان سے اتفاق نہیں کیا بلکہ اختلاف بھی کیا ہے۔ ہمارے خیال میں علامہ جمال الدین قاسمی (۶) نے ''قواعد التحدیث'' میں احادیث کی جو تقسیم کی ہے وہ عقل ومنطق سے قریب تر ہے۔ علامہ مذکور نے حدیث کے ایسے القاب کا ذکر کیا ہے جس میں صحیح وحسن سب شامل ہیں (۷)۔ حدیث کی بعض قسمیں وہ ہیں جن میں صحیح، حسن اور ضعیف سب شریک ہیں (۸) بعض قسمیں ضعیف کے ساتھ خاص

---

(۱) التدریب ص۹ (۲) ابوبکر محمد بن موسیٰ بن حازم ہمدانی بہت بڑے امام حافظ حدیث اور ماہر انساب تھے آپ نے بغداد میں ۵۸۴ھ میں وفات پائی، آپ کثیر التصانیف تھے، آپ کی کتاب الاعتبار فی الناسخ والمنسوخ فی الآثار مشہور ہے آپ کی ایک تصنیف العجالۃ بھی ہے۔ (۳) التدریب ص۹ (۴) اختصار علوم الحدیث ص۱۹، ۲۰۔ (۵) حوالہ مذکور (۶) شام کے مشہور علامہ جمال الدین قاسمی صاحب تصانیف تھے آپ نے ۱۳۳۲ھ میں وفات پائی۔ (۷) قواعد التحدیث ص۸۸ (۸) کتاب مذکور ص۱۰۴

ہیں چونکہ یہ تقسیم ہمیں پسند ہے اس لئے ہماری یہ تصنیف بڑی حد تک ''قواعد التحدیث'' سے متاثر نظر آتی ہے مگر قاری کو اس حقیقت سے باخبر رہنا چاہیے کہ ہم نے اپنی اصطلاحات وتقسیمات میں ہر جگہ علامہ شام جمال الدین قاسمی کے ساتھ اتفاق ہی نہیں بلکہ اختلاف بھی کیا ہے اور متقدمین تو کہہ چکے ہیں کہ "لا مشاحه فی الاصطلاح" (نظر اپنی اپنی پسند اپنی اپنی)۔

چنانچہ ہم نے اس ضمن میں اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ ہمیں نہایت روشن عبارت میں اصطلاحات حدیث پیش کرنے کی توفیق بخشے اس تقسیم میں نہ تو کوئی التباس باقی رہے اور نہ ہی حدیث کی بعض قسمیں دیگر اقسام میں مدغم ومتداخل ہوں ۔ہم صرف اہم مباحث ومسائل کے ذکر وبیان پر اکتفاء کریں گے اور بے فائدہ مباحث اور جدل ونزاع میں الجھنے کی کوشش نہیں کریں گے۔

# فصل دوم (۱)

## (۱) حدیث صحیح:

حدیث صحیح کی تعریف یہ ہے:

**الحديث المسند الذى يتصل اسناده بنقل العدل الضابط عن العدل الضابط حتى ينتهى الى رسول اللهﷺ او الى منتهاه من صحابى او من دونه ولا يكون شاذا ولا معللا.**

صحیح اس مسند حدیث کو کہتے ہیں جو صاحب العدالت اور ضابط راوی دوسرے عدل اور ضابط راوی سے روایت کرے یہاں تک کہ وہ نبیﷺ یا صحابی وتابع تک پہنچ جائے اور وہ معلل اور شاذ بھی نہ ہو۔

مذکورہ صدر تعریف میں چند امور قابل غور ہیں۔

(۱) پہلی بات یہ ہے کہ صحیح حدیث مسند ہوتی ہے مسند (۲) وہ حدیث ہوتی ہے جو اپنے راوی سے لے کر آخر تک مربوط متصل ہو (اور اس میں کوئی کڑی ٹوٹی ہوئی نہ ہو) مسند کو موصول اور متصل بھی کہتے ہیں بنا

برین حدیث مرسل جس میں صحابی کا نام مذکور نہ ہو متصل نہ ہوگی اس لئے وہ مذہب راجح کے مطابق ضعیف ہوگی، صحیح نہ ہوگی، اس لئے کہ اس کی سند سے کوئی راوی ساقط ہوگیا ہوتا ہے یا اس کی سند میں کسی مبہم شخص کا ذکر کیا جاتا ہے اور ابہام وسقوط میں چنداں فرق نہیں ہے۔ علی ہذا القیاس حدیث مفصل جس کی سند سے دو یا دو سے زیادہ راوی ساقط ہوتے ہیں

(۱) اختصار علوم الحدیث ۲۱۔۔ (۲) بعض اوقات محدثین کرام مسند و متصل میں فرق بھی کرتے ہیں، وہ فرق یہ ہے کہ مسند لازماً حدیث مرفوع ہوتی ہے جو ذات نبوی تک پہنچ کر ختم ہوتی ہے، بخلاف ازیں متصل وحدیث ہے جس کی تمام کڑیاں ملی ہوئی ہوں، یعنی ہر راوی نے اپنے اوپر والے راوی سے سنا ہو، خواہ وہ حدیث مرفوع ہو یا موقوف ہو اور صرف صحابی تک پہنچی ہو یا مقطوع ہو اور تابعی تک پہنچ کر ختم ہو جاتی ہو۔ (التدریب ص ۶۰)

صحیح حدیث نہ ہوگی۔

(۲) دوسری بات یہ ہے کہ صحیح حدیث شاذ نہیں ہوتی شاذ اس روایت کو کہتے ہیں جس میں ثقہ راوی اپنے سے زیادہ ثقہ راوی کی مخالفت کرتا ہو جیسا کہ آگے چل کر ہم شذوذ کی بحث میں بیان کریں گے

(۳) حدث صحیح معلل بھی نہیں ہوتی۔ معلل اس حدیث کو کہتے ہیں جس میں کوئی ایسی علت قادحہ پائی جاتی ہو جس سے حدث کی صحت مخدوش ہو جاتی ہو اگرچہ بظاہر اس میں کوئی عیب نظر نہ آتا ہو۔

(۴) حدیث صحیح کی سند کے تمام راوی صاحب العدالت والضبط ہوتے ہیں، اگر کسی ایک میں بھی ضبط وعدالت کا وصف مفقود ہو تو وہ حدیث صحیح نہیں رہتی۔ ہم فصل ''شروط الراوی'' میں بیان کر چکے ہیں کہ ضبط وعدالت سے کیا مراد ہے۔

## صحیح کی دو قسمیں:

(۱) صحیح لذاتہ:۔ جو نہایت اعلی درجہ کی صفات قبول کو شامل ہو۔

(۲) صحیح لغیرہ:۔ وہ حدیث ہے جس میں اعلی صفات تو موجود نہ ہوں البتہ کسی اور وصف کی بنا پر اس کو صحیح قرار دیا جائے مثلا حدیث حسن جب متعدد طرق سے مروی ہو تو وہ حسن کے درجہ سے ترقی کر کے حدیث صحیح کے درجہ پر فائز ہو جاتی ہے(۱)۔ جس طرح حدیث حسن کو مسند و متصل کہتے ہیں اسی طرح اسے متواتر واحاد اور مشہور وغریب (۲) بھی کہا جاتا ہے، ہم دیکھیں گے کہ حدیث کے بہت سے اوصاف ایسے بھی ہیں جن میں صحیح اور حسن دونوں شریک ہیں۔ علاوہ ازیں کچھ اصطلاحات ایسی بھی ہیں جو صحیح حسن اور ضعیف تینوں قسموں کو شامل ہیں۔

## حدیث متواتر

متواتر اس حدیث کو کہتے ہیں جس کو ایک ایسی جماعت روایت کرتی ہو جس کا جھوٹ

---

(۱) قواعد التحدیث ص ۵۶۔ (۲) اختصار علوم الحدیث ص ۲۱۔

پر متفق ہونا عقلا وعادۃ محال ہو اور وہ جماعت جس دوسری جماعت سے روایت کرتی ہو وہ بھی اسی طرح کی ہو اور یہ وصف سند کے آغاز وسط اور آخر میں موجود رہے [۱]۔

متواتر کی تعریف میں یہ قید کہ ''عقل ان کے جھوٹ پر جمع ہونے کو محال سمجھتی ہو'' ہم نے اس لئے عائد کی ہے کہ ان متعارض ومتخالف نظریات سے بچ سکیں جو اس جماعت کی عددی تعیین کے بارے میں بلا برہان ودلیل پیش کیے گئے ہیں۔ مثلاً بعض علماء نے آیت قرآنی ''لولا جاء وا علیه باربعة شهداء'' [۲] سے جو زنا کی شہادت کے بارے میں وارد ہوئی ہے یہ مسئلہ استنباط کیا ہے کہ کم از کم چار راویوں کی روایت کو متواتر کہتے ہیں۔ بعض علماء نے آیت لعان [۳] کے پیش نظر پانچ راویوں کو کافی قرار دیا بعض نے دس کو کافی سمجھا اس لئے کہ دس سے کم پر جمع کا اطلاق نہیں کیا جاتا بلکہ ان کو احاد کہتے ہیں۔ بعض نے آیت قرآنی ''وبعثنا منهم اثنی عشر نقیبًا'' [۴] سے استدلال کرتے ہوئے بارہ (۱۲) کی تعداد مقرر کی۔ بعض نے متواتر کے راویوں کی کم از کم تعداد بیس (۲۰) مقرر کی، اور دلیل میں یہ آیت پیش کی ''ان یکن منکم عشرون صابرون یغلبوا مائتین'' [۵] بعض نے چالیس (۴۰) کہا اور دلیل میں یہ آیت پیش کی ''یایها النبی حسبک الله ومن اتبعک من المومنین'' [۶] جب یہ آیت کریمہ اتری تو اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کی بناء پر مسلمانوں کی تعداد چالیس تک پہنچ گئی تھی۔ بعض ستر کہتے ہیں اور دلیل میں یہ آیت پیش کرتے ہیں، '' واختار موسی قومه سبعین رجلا لمیقاتنا [۷] ''، بعض نے تین سو تیرہ مرد اور دو عورتیں کہا اور دلیل یہ دی کہ اصحاب بدر کی تعداد یہ تھی۔ مذکورہ صدر دلائل اگرچہ قرآن سے ماخوذ ومستنبط ہیں، مگر ان میں سے کوئی

---

(۱) شرح نخبہ ص ۳ (۲) سورہ نور ص ۱۳ (۳) یہ آیت سورہ نور میں ہے فرمایا والذین یرمون ازواجهم ولم یکن لهم شهداء الا انفسهم فشهادة احدهم اربع شهادات بالله انه لمن الصادقین، والخامسة ان لعنة الله علیه ان کان من الکاذبین، ویدرؤ عنها العذاب ان تشهد اربع شهادات بالله انه لمن الکاذبین والخامسة ان غضب الله علیها ان کان من الصادقین (آیت ۶ تا ۹) (۴) سورۃ مائدہ آیت ۱۱۔ (۵) سورۃ الانفال آیت ۶۵۔ (۶) سورۃ الانفال آیت ۶۴ (۷) سورۃ الاعراف آیت ۱۵۵

بھی اپنے مقصد پر صراحۃ دلالت نہیں کرتا۔ اس لیے کہ ان تمام آیات میں جس گنتی کا ذکر کیا گیا ہے اس کا تعلق ایک خاص واقعہ کے ساتھ ہے۔ اس لیے حدیث متواتر کی تعریف میں قول راجح یہ ہے کہ جماعت کی تعداد متعین کرنے کے بجائے یہ کہا جائے کہ عقل ان کے جھوٹ پر جمع ہونے کو محال تصور کرتی ہو، حافظ ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں:

صحیح قول کے مطابق عدد متعین کرنے کا کوئی مقصد نہیں ہے۔ (۱)

## حدیث متواتر کی دو قسمیں ہیں

(۱) متواتر لفظی (۲) متواتر معنوی۔

**متواتر لفظی:** ۔ متواتر لفظی وہ حدیث ہے جس کو مذکورہ جماعت سند کے اول، وسط، اور آخر میں ایک ہی قسم کے الفاظ کے ساتھ روایت کرتی ہو، جیسا کہ محدث ابن صلاح فرماتے ہیں: متواتر لفظی نادر الوجود بلکہ معدوم ہے۔ اس کی مثال طلب و تلاش پر بھی کہیں نہیں مل سکتی۔ (۲)

اکثر علماء کا خیال ہے کہ اگر متواتر میں لفظی مطابقت و مماثلت کی شرط لگائی جائے تو قرآن کریم کے سوا اس کی مثال کوئی دوسری نہیں مل سکتی۔ بخلاف ازیں بعض علماء کا یہ کہنا ہے کہ بہت سی حدیثیں متواتر لفظی ہیں مثلاً مندرجہ ذیل احادیث نبویہ:

(۱) وہ حدیث جس میں چاند کے دو ٹکڑے ہونے کا ذکر کیا گیا ہے۔

(۲) حدیث نبوی من کذب علی متعمدا ...... الخ

(۳) حدیث نبوی من بنی للہ مسجدا ....... الخ

(۴) وہ حدیث جس میں آپ کی شفاعت کا ذکر کیا گیا ہے۔

(۵) وہ حدیث جس میں کھجور کے اس تنے کے رونے کا ذکر کیا گیا ہے جس کے ساتھ سہارا لگا کر آپ ﷺ خطبہ ارشاد فرمایا کرتے تھے۔

---

(۱) شرح نخبہ صفحہ ۳ (۲) مگر ابن الصلاح حدیث من کذب علی متعمدا کو اس سے مستثنیٰ قرار دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ ۶۲ صحابہ سے مروی ہے (تدریب ص ۱۹۰)۔

(۶) موزوں پر مسح کی حدیث۔

(۷) واقعہ معراج۔

(۸) وہ حدیث جس میں مذکور ہے کہ آپ کی انگلیوں سے پانی پھوٹنے لگا اور سب لشکر سیراب ہو گیا

(۹) قتادہ کی آنکھ واپس دلانا۔

(۱۰) تھوڑے سے کھانے سے سب لشکر کو سیر کرنا۔[۱]

امام جلال الدین سیوطی[۲] نے اپنی کتاب "**الازھار المتناثرہ فی الاخبار المتواترہ**"[۳] اور قاضی عیاض نے "الشفاء" میں اسی رائے کا اظہار کیا ہے۔ کچھ یوں نظر آتا ہے کہ حافظ ابن حجر عسقلانی کا رجحان و میلان بھی اسی جانب ہے۔ چنانچہ شرح نخبہ میں فرماتے ہیں:

> جس سے یہ حقیقت واضح ہوئی کہ متواتر احادیث بکثرت موجود ہیں یہ بات ہے کہ جو مشہور و معروف کتب حدیث عام طور سے شرق و غرب میں لوگوں کے ہاتھوں میں متداول ہیں اور جن کی نسبت ان کے جامعین کی جانب بالکل قطعی ہے، جب یہ کتب کسی حدیث کے روایت کرنے میں متفق و متحد ہوں۔ اس حدیث کے طرق و اسانید بھی اس قدر متعدد ہوں کہ عقل عادۃ ان کے کذب پر جمع ہونے کو محال سمجھتی ہو تو ایسی حدیث یقینی علم کا فائدہ دے گی اور اس کی نسبت اس کے قائل کی جانب صحیح ہو گی[۴]۔

حافظ ابن حجر نے فتح الباری شرح بخاری میں تحریر کیا ہے کہ حدیث **من کذب علی متعمدا** کو چالیس سے زائد صحابہ نے روایت کیا ہے ان میں عشرہ مبشرہ بھی

(۱) التدریب ص ۱۹۰۔ (۲) علامہ عبدالرحمٰن جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ صاحب تصانیف کثیرہ، آپ نے حدیث و تفسیر اور لغت پر کتابیں لکھیں، حدیث میں الفیہ اور تدریب الراوی مشہور کتابیں ہیں۔ (۳) التدریب ص ۱۹۰۔ (۴) شرح نخبہ ص ۴، ۵۔

شامل ہیں۔(۱)

## متواتر معنوی

متواتر معنوی میں حدیث کے الفاظ کا یکساں ہونا شرط نہیں ہے، بلکہ مفہوم متحد ہونا چاہیے۔ اگرچہ روایات کے الفاظ مختلف ہوں۔ متواتر معنوی کی راوی بھی ایسی جماعت ہوتی ہے جس کا جھوٹ پر جمع ہونا عقلا محال ہو۔ متواتر معنوی احادیث بکثرت موجود ہیں، اور کسی کو اس سے مجال انکار نہیں، مثلا

دعا کے وقت ہاتھ اٹھانے کی حدیث رفع الیدین فی الدعا کے بارے میں تقریبا یک صد احادیث وارد ہوئی ہیں، اگرچہ ان کے مواقع مختلف ہیں۔ امام سیوطی نے ان احادیث کو ایک رسالہ میں جمع کیا ہے، یہ درست ہے کہ ان میں سے جو حدیث کسی موقع پر وارد ہوئی ہے وہ موقع بذات خود متواتر نہیں مگر ان کا قدر مشترک یعنی رفع الیدین فی الدعا مجموعی اعتبار سے متواتر ہے (۲)۔

بعض محدثین کا خیال ہے کہ جن احادیث سے علماء نے متواتر لفظی کے وجود پر استدلال کیا ہے دراصل وہ متواتر معنوی ہیں البتہ ان کے معنی ومفہوم کی شہرت نے لفظی اختلاف کو مٹا دیا اور علماء ان کو متواتر لفظی سمجھنے لگے۔

بعض علماء حدیث اس میں کوئی مضائقہ نہیں سمجھتے کہ متواتر معنوی ابتدائی دور میں خبر

---

(۱) عشرہ مبشرہ کے سمائے گرامی حسب ذیل ہیں۔۔ حضرت ابوبکر صدیق حضرت عمر فاروق حضرت عثمان حضرت علی سعد بن ابی وقاص سعید بن زید طلحہ بن عبید اللہ زبیر بن عوام عبدالرحمٰن بن عوف ابوعبیدہ عامر بن الجراح رضی اللہ عنہم۔ بعض علما کا قول ہے کہ اس حدیث کو سو سے زائد راویوں نے روایت کیا ہے۔ امام نووی شرح صحیح مسلم میں فرماتے ہیں ''اس کو دوصد اشخاص نے روایت کیا ہے'' حافظ عراقی کہتے ہیں یہ سب روایت متحد الفاظ نہیں ہیں، البتہ یہ جھوٹ کی مذمت میں وارد ہوئی ہیں، البتہ صرف ان الفاظ کی روایت کرنے والے ستر سے زائد صحابہ ہیں ان میں عشرہ مبشرہ بھی شامل ہیں۔ امام سیوطی نے تدریب میں ان کے نام ذکر کئے ہیں (تدریب ص ۱۹۰ ج ۱) (۲) التدریب ص ۱۹۱۔

واحد (۱) ہو۔ پھر آگے چل کر اس کو شہرت حاصل ہو جائے۔ نظر بریں وہ حدیث "انما الاعمال بالنیات" کو متواتر معنوی قرار دیتے ہیں، حالانکہ اس کے راوی صرف حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ہیں ان سے صرف علقمہ نے روایت کی، اور علقمہ سے روایات کرنے والے صرف محمد بن ابراہیم تیمی تھے اور ان سے صرف یحییٰ انصاری نے روایت کی۔ البتہ یحییٰ سے روایت کرنے والے بہت لوگ تھے اور اس طرح یحییٰ کے زمانہ میں اس حدیث کو شہرت نصیب ہوئی۔ (۲)

محدثین متواتر کا ذکر اس کا جداگانہ نام لے کر نہیں کرتے، بلکہ اس ضمن میں فقہاء اور علمائے اصول کی پیروی کرتے ہیں اس لئے کہ تواتر کا اسناد کے مباحث کے ساتھ کچھ تعلق نہیں۔ اسناد کے علم میں حدیث کی صحت وضعف سے اس لئے بحث کی جاتی ہے کہ بصورت صحت اس پر عمل کیا جائے اور ضعیف ہونے کی حالت میں اس پر عمل نہ کیا جائے۔ لیکن متواتر کے رواۃ ورجال سے نقد وجرح نہیں کی جاتی بلکہ جدل ونزاع کے بغیر اس پر عمل کیا جاتا ہے۔ (۳)

(۱) خبر واحد اصطلاحاً وہ حدیث ہے جو شروط تواتر حامل نہ ہو، اگر اس کا راوی صرف ایک ہو تو اس کو غریب کہتے ہیں، دو راوی ہوں تو وہ حدیث عزیز کہلاتی ہے اور اگر دو سے زیادہ ہوں تو اس کو مشہور کہتے ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خبر واحد کا راوی ہمیشہ ایک ہی نہیں ہوتا، شرح نخبہ ص ۶۔

(۲) التدریب ص ۱۸۹ نیز توضیح الافکار ج ۱ ص ۲۴۔ (۳) شرح نخبہ ص ۴

## خبر واحد سے یقینی علم حاصل ہوتا ہے

> فقہاء ومحدثین احناف کا نقطہ نظر اس موضوع میں کیا ہے ؟اس کے جواب کے لئے دیکھیں مقدمہ فتح الملهم للشيخ شبير احمد العثمانی کشف الاسرار للبخاری ،قواعد فی علوم الحديث للشيخ ظفر احمد التهانوی.
>
> ازابومحمد محسن گلزار نعمانی۔

اس امر میں محدثین کے یہاں سرے سے کوئی اختلاف نہیں پایا جاتا کہ متواتر لفظی ہو یا معنوی دونوں سے قطعی علم حاصل ہوتا ہے متنازع فیہ یہ بات ہے کہ آیا صحیح خبر واحد سے ظنی علم حاصل ہوتا ہے یا یقینی ؟امام نووی تقاریب میں کہتے ہیں کہ خبر واحد ظنی الثبوت ہوتی ہے اس لئے اس سے علم بھی ظنی حاصل ہوتا ہے اکثر محدثین کا خیال ہے کہ خبر واحد اگر بخاری ومسلم کی روایت کردہ ہو تو اس سے قطعی علم حاصل ہوتا ہے بعض علماء نے اس پر خیال کا اظہار کیا ہے کہ خبر واحد اگر صحیح ہو تو خواہ اسے شیخین (بخاری ومسلم) نے روایت کیا ہو یا دیگر محدثین نے وہ حدیث متواتر کی طرح یقینی علم کا فائدہ دیتی ہے۔

امام ابن حزم فرماتے ہیں:

> ”ایک صاحب العدالت راوی جب دیگر اصحاب عدالت سے روایت کرتا ہو تو ایسی حدیث واجب العلم والعمل ہوتی ہے۔“

امام ابن حزم کی رائے لائق اتباع ہے اس لئے کہ صرف بخاری ومسلم کی احادیث کو افادہ یقین کے ساتھ مخصوص کرنے کی کوئی دلیل نہیں جب دیگر کتب حدیث میں واردہ شدہ روایات کی صحت ثابت ہو جائے تو ان کا درجہ وحکم بھی وہی ہونا چاہیے جو بخاری ومسلم کی احادیث کا ہے لیکن بخاری ومسلم کو مسلمانوں کے دلوں میں جو قدر ومنزلت حاصل ہے اس کا یہ مطلب نہیں کہ دوسری کتب کی احادیث صحیحہ کا مقام ومرتبہ گھٹا دیا جائے اسی طرح یہ بات بھی عقل ومنطق کے خلاف ہے کہ جب احادیث

احاد کی صحت ثابت ہو جائے تو پھر بھی ان سے ظنی علم حاصل ہوتا ہے اس لئے کہ اثبات صحت کے لئے جو شرائط مقرر ہیں ان کے پائے جانے سے ظن کے جملہ امکانات ختم ہو جاتے ہیں اور وہ حدیث یقینی علم کی موجب ہوتی ہے۔ (۱)

## غریب

جب صرف ایک ہی ثقہ راوی کوئی روایت بیان کرے تو اس کی روایت کردہ حدیث صحیح کو غریب کہتے ہیں اس کی غرابت کبھی حدیث کے متن میں ہوتی ہے اور کبھی سند میں۔ (۲)

## حدیث مشہور

جب رُواۃ حدیث کی ایک جماعت ثقہ راوی سے روایت کرنے میں شریک ہو تو ان کی روایت کردہ حدیث کو مشہور کہتے ہیں۔ (۳)

یہ عجیب بات ہے کہ بعض محدثین نے یہ شرط ٹھہرائی ہے کہ حدیث صحیح عزیز ہو (۴) امام حاکم نے علوم الحدیث میں اس جانب اشارہ کیا ہے فرماتے ہیں:

> حدیث صحیح کی تعریف یہ ہے کہ اس کو روایت کرنے والا گمنام نہ ہو جس کی صورت یہ ہے کہ دو تابعی اس سے روایت کرتے ہوں بعد ازاں رواۃ حدیث عام طور سے اس کو دور حاضر تک روایت کرتے چلے آئے ہوں جس طرح گواہ کے حق میں شہادت دینے سے اس کی تائید و توثیق ہو جاتی ہے۔ (۵)

ظاہر ہے کہ اس مخصوص اصطلاح کی کوئی ضرورت نہیں ہم قبل ازیں بیان کر چکے ہیں کہ راوی حدیث کی تعدیل اور گواہ کی صفائی پیش کرنے کے مابین بہت فرق و امتیاز پایا جاتا ہے۔

---

(۱) الاحکام فی اصول الاحکام ص ۱۱۹، ۱۳۷) نیز اغاثۃ اللھفان لابن القیم ص ۱۶۰ مطبع میں یہ قاہرہ۔ باعث الحثیث ص ۳۹ (۲) حدیث غریب کا بیان آگے آرہا ہے۔ (۳) ہم آگے چل کر حدیث مشہور کے سلسلہ میں مزید تفصیلات بیان کریں گے (۴) عزیز اس حدیث کو کہتے ہیں جس کو کم از کم دو راوی دو راویوں سے بیان کرتے ہوں ایسی حدیث کو یا تو نادر الوجود ہونے کی وجہ سے عزیز کہتے ہیں یا اس لئے کہ ایک کے بجائے دو راوی ہونے کی بناء پر وہ عزیز یعنی قوی تر ہو جاتی ہے (شرح نخبہ ص ۵) (۵) معرفہ علوم الحدیث ص ۶۲ نیز شرح نخبہ ص ۵

امام بخاری اولین محدث تھے جنہوں نے مرسل، منقطع اور بلاغات کے بغیر ''خالص احادیث صحیحہ'' کی جمع وتالیف کا بیڑا اٹھایا انہوں نے صحیح بخاری میں جو تعلیقات درج کی ہیں وہ مقصود بالذات نہیں بلکہ ان کو صرف استشہاد اور دوسری احادیث کی تائید و توثیق کے لئے لایا گیا ہے اس لئے تعلیقات کو بخاری میں شامل کرنے سے یہ لازم نہیں آتا ہے کہ بخاری شریف خالص احادیث صحیحہ پر مشتمل نہیں ہے۔ (۱)

امام مالک کو احادیث صحیحہ کے اولین جامع و مؤلف نہیں کہہ سکتے س لئے کہ انہوں نے محض احادیث صحیحہ کی جمع وتالیف کا اہتمام نہیں کیا بلکہ اپنی کتاب میں مرسل مقطوع روایات اور بلاغات کو بھی جمع کر دیا ہے، امام بخاری کے بعد آپ کے شاگرد عزیز امام مسلم نے آپ کی پیروی میں احادیث صحیحہ (۲) کی جمع وتالیف کا بیڑا اٹھایا پھر اس کے بعد عام طور سے تدوین حدیث کا سلسلہ شروع ہو گیا، جیسا کہ آگے چل کر ہم فصل ''اہم کتب الروایۃ'' میں اس کی تفصیلات بیان کریں گے۔

یاد رہے کہ جن احادیث کو صحیح کہا جاتا ہے ان کا مرتبہ صحت میں یکساں نہیں ہوتا۔ علاوہ ازیں جن کتب میں احادیث صحیحہ کو جمع کرنے کا التزام کیا گیا ہے اس کا بھی یہ مطلب ہرگز نہیں کہ ان میں مندرج احادیث صحت میں مساوی الدرجہ ہیں بخلاف ازیں محدثین کے نزدیک بعض حدیثیں ''صحیح'' اور بعض ''اصح'' (صحیح تر) ہوتی ہیں، اسی طرح بعض حدیثیں ''ضعیف'' اور بعض ''اضعف'' (ضعیف تر) ہوتی ہیں۔

محدثین کا نقطہ نگاہ یہ ہے کہ جس طرح صحت کے مقتضی اوصاف میں قوت وضعف کے اعتبار سے درجہ بندی ہوتی ہے اسی طرح حدیث صحیح کے درجات بھی ان اوصاف کے اعتبار سے مختلف و متنوع ہوتے ہیں۔ (۳)

درجات کے اسی تفاوت کے پیش نظر امام نووی نے حدیث صحیح کو سات قسموں میں منقسم کیا ہے۔

(۱) وہ متفق علیہ حدیث جو بخاری و مسلم دونوں میں موجود ہو۔

---

(۱) التدریب ص ۲۴، ۲۵۔ (۲) التدریب ص ۲۵ (۳) شرح نخبۃ ص ۹

(۲) جو حدیث صرف بخاری میں ہو۔

(۳) جو صرف مسلم نے روایت کی ہو۔

(۴) جو حدیث بخاری و مسلم میں نہ ہو مگر کسی محدث نے اس حدیث کو ان دونوں کی شرط کے مطابق روایت کیا ہو۔

(۵) جو حدیث صرف بخاری کی شرط کے مطابق ہو۔

(۶) جو حدیث صرف مسلم کی شرط کے مطابق ہو۔

(۷) وہ حدیث جس کو بخاری و مسلم کے علاوہ دیگر آئمہ حدیث نے صحیح قرار دیا ہو۔[1]

حدیث صحیح کے درجات و مراتب میں تفاوت کی ایک وجہ وہ بلاد وامصار بھی ہیں جہاں کے راویوں نے وہ حدیثیں روایت کیں۔ چنانچہ اکثر علماء بڑے وثوق سے کہتے ہیں کہ اہل مدینہ کی روایات سب سے زیادہ صحیح ہوتی ہیں اس لئے کہ مدینہ طیبہ حدیث وسنت کا گھر تھا۔

امام ابن تیمیہ[2] فرماتے ہیں:

''محدثین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ صحیح ترین احادیث وہ ہیں جن کو اہل مدینہ نے روایت کیا اس کے بعد اہل بصرہ کا درجہ ہے پھر اہل شام کا''۔

خطیب بغدادی فرماتے ہیں:

''صحیح ترین احادیث وہ ہیں جن کو اہل حرمین (مکہ ومدینہ) نے روایت کیا، ان کے یہاں تدلیس نہایت کم ہے اور دروغ بیانی اور وضع احادیث کا وہاں گزر نہیں۔ اہل یمن کی روایات نہاں صحیح مگر قلیل ہیں، حجاز حدیث نبوی کا مرکز ومحور ہے۔ اہل بصرہ اسانید واضحہ کے ساتھ بہت صحیح حدیثیں بیان کرتے ہیں۔ ان کی مرویات بکثرت ہیں۔ اہل کوفہ کی روایات بھی کثیر التعداد ہیں مگر ان کے یہاں دروغ گوئی کی فراوانی ہے اس لئے ان کی بہت کم مرویات علل سے

(۱) قواعد التحدیث ص ۵۹ نیز التدریب ص ۳۷۔ (۲) امام مجدد شیخ الاسلام تقی الدین احمد بن تیمیہ حرانی ومشقی آپ کثیر التصانیف تھے ۷۲۸ھ میں وفات پائی فرانسیسی مستشرق ہنری لاؤست نے آپ کی سیرت وافکار پر ایک قابل قدر کتاب تحریر کی ہے

پاک ہیں۔ اہل شام کی روایات میں مرسل اور مقطوع کی بھرمار ہے۔ البتہ ثقات کی متصل روایات قابل احتجاج ہیں اور زیادہ تر وعظ ونصیحت سے تعلق رکھتی ہیں۔"(۱)

آئمہ حدیث اس ضمن میں مختلف الرائے ہیں کہ کون سی سند اصح الاسانید کہلانے کی مستحق ہے۔ ہر ایک نے جداگانہ خیال کا اظہار کیا ہے۔ ہر صحابی سے تابعین کی ایک جماعت روایت کرتی ہے پھر تابعین سے اتباع تابعین روایت کرتے ہیں اور ان میں سے اکثر ثقہ راوی ہیں اس لیے کسی خاص صحابی کی روایت کے بارے میں "اصح الاسانید" کا حکم لگانا درست نہیں۔(۲)

بعض اوقات محدثین "حدیث صحیح" کے بجائے "صحیح الاسناد" کہتے ہیں۔ اس سے ان کا مقصد یہ واضح کرنا ہوتا ہے کہ اس حدیث کی سند اگرچہ صحیح ہے مگر متن کا حال معلوم نہیں۔ ممکن ہے متن حدیث میں کوئی علت یا شذوذ موجود ہو، جب سند، متن دونوں کو صحیح ثابت کرنا چاہتے ہیں تو علی الاطلاق ہذا حدیث صحیح کہتے ہیں یہ عبارت صحیح الاسناد کہنے سے ارفع واولیٰ ہے۔

امام سیوطی الفیہ میں فرماتے ہیں:

والحکم بالصحة للاسناد　　والحسن دون المتن للنقّاد

لِعلّةٍ او لِشذُوذٍ واحکم　　للمتن ان اطلق ذو حِفظٍ نُمی

(الفیہ سیوطی ص۱۰۴،۱۰۵)

جب محدثین کسی حدیث کے بارے میں اصح شی فی الباب کہتے ہیں تو اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ وہ اس حدیث کو صحیح ٹھہراتے ہیں۔ بسا اوقات یہ الفاظ ضعیف حدیث کے بارے میں بھی کہے جاتے ہیں۔ محدثین کا مقصد اس عبارت سے صرف اس بات کا اظہار ہوتا ہے کہ اس مسئلہ میں جس قدر احادیث وارد ہوئی ہیں یہ ان سب میں راجح ہے یا اس میں دوسری روایات کی نسبت کم ضعف پایا جاتا ہے۔ (قواعد التحدیث بحوالہ نووی ص۵۹)

---

(۱) قواعد التحدیث للقاسمی ص۵۸　(۲) معرفۃ علوم الحدیث ص۵۴،۵۵ نیز توضیح الافکار ج۱ ص۳۳ علامہ احمد محمد شاکر نے چند اسانید کو جمع کیا ہے جن کو اصح الاسانید کہا جاتا ہے (الباعث الحثیث ص۲۵)

# فصل سوم (۱)

## حدیث حسن:

حدیث حسن کی تعریف یہ ہے:

**هو ما اتصل سنده بنقل عدل خفيف الضبط وسلم من الشذوذ والعلة**

''حدیث حسن وہ ہے جس کی سند متصل ہو اور جس کا راوی صاحب العدالت مگر قلیل الضبط ہو اور اس میں شذوذ وعلت بھی نہ ہو۔''

حدیث حسن اور صحیح کے مابین فرق و امتیاز کے لئے اس تعریف کا اہم پہلو یہ ہے کہ حدیث حسن کے راوی میں ضبط کی کمی ہوتی ہے۔ بخلاف ازیں حدیث صحیح کا راوی کامل الضبط ہوتا ہے، البتہ صحیح وحسن دونوں میں شذوذ وعلت کا وجود نہیں ہوتا۔ یہ دونوں قسمیں قابل احتجاج ہوتی ہیں۔

## حدیث حسن کی دو قسمیں ہیں:

(۱) حسن لذاتہ (۲) حسن لغیرہ

جب کسی قید وشرط کے بغیر حدیث حسن کہا جائے تو اس سے حسن لذاتہ مراد ہوتی ہے۔ اس لئے اس کی جداگانہ تعریف کی حاجت نہیں ہے۔ حسن لذاتہ کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اس میں جو خوبی پائی جاتی ہے وہ اس کی ذاتی ہے کسی خارجی سبب کی بناء (۲) پر نہیں اس میں حدیث صحیح کے سب شرائط پائے جاتے ہیں، البتہ اس کے رواۃ ورجال میں ضبط کی کمی ہوتی ہے۔

حسن لغیرہ وہ حدیث ہے جس کی سند میں ایسا مستور راوی ہوتا ہے جس کی؟؟؟ عدم صلاحیت کا کچھ پتہ نہیں ہوتا، البتہ وہ زیادہ غفلت پیشہ کثیر الخطا اور متہم نہیں ہوتا۔ نیز کسی دوسری حدیث سے اس کی تائید بھی ہوتی ہو، تائید کرنے والی حدیث کو متابع اور

(۱) شرح نخبۃ ص ۱۱ نیز حاشیہ الفیہ سیوطی ص ۴۲۔ (۲) شرح نخبۃ ص ۱۱

شاہد کہتے ہیں۔ (۱)

حسن کی دونوں قسموں میں کافی جدل و بحث کی گنجائش ہے البتہ ہم ان بے کار مباحث میں الجھنا نہیں چاہتے۔ (۲)

جامع ترمذی حدیث حسن کی پہچان میں اصل الاصول کی حیثیت رکھتی ہے اگر چہ علماء نے ان کی تعریف پر اعتراضات کیے ہیں۔ امام ترمذی اولین محدث تھے جنہوں نے حسن کو شہرت دی اور سب سے پہلے حدیث کو تین قسموں ''صحیح، حسن اور ضعیف'' میں تقسیم کیا۔

محدثین کے نزدیک ضعیف کی دو قسمیں ہیں: (۱) وہ ضعیف حدیث جس پر عمل جائز ہوتا ہے یہ امام ترمذی کی اصطلاح حدیث حسن سے ملتی جلتی ہے (۲) وہ ضعیف حدیث جس پر عمل جائز نہیں اور جس کو واہی (بیکار) بھی کہتے ہیں (۳)۔ جامع ترمذی کی دو اصطلاحات ہیں جن کا فہم وادراک بے حد ضروری ہے ورنہ قاری کے التباس وابہام میں پڑ جانے کا خطرہ ہے۔ (۴)

پہلی اصطلاح: حدیث حسن صحیح اور دوسری حسن صحیح غریب ہے۔

پہلی اصطلاح کا بہترین جواب یہ ہے کہ جس روایت کو حسن کہا گیا ہے وہ دوسری سند کے مطابق صحیح ہے۔ کیونکہ اس میں صحت کے شرائط پائے جاتے ہیں۔ لہٰذا جس سند کے بارے میں ترمذی حسن صحیح کہتے ہیں وہ ترمذی کے نزدیک حسن سے اعلیٰ اور صحیح سے کم درجہ کی ہوتی ہے (۵) حافظ ابن حجر نے اس اشکال کا ایک جامع جواب دیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

''امام ترمذی کا یہ قول اسی طرح ہے جیسے نقاد حدیث کسی راوی کے بارے

---

(۱) توضیح الافکار ج اص ۱۰۰ اہم آگے چل کر متابع اور شاہد کا ذکر کریں گے سردست یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ حسن لغیرہ کی تائید کسی اور حدیث سے بھی ہوتی ہے، جو الفاظ ومعانی میں اس کے مطابق ہوتی ہے تائید کرنے والی روایت کو متابع اور شاہد کہتے ہیں۔ (۲) اس جدل ونزاع میں یہ امر شامل ہے کہ حسن کی منطقی تعریف کیا ہے اور اس پر علماء نے کون سے اعتراضات وارد کیے ہیں نیز حسن کی وہ تعریف جو امام ترمذی نے کی ہے اور اس پر نقد و جرح پھر دونوں تعریفوں میں جمع وتطبیق (التدریب ص ۴۹،۵۲) (۳) اختصار علوم الحدیث وشرحہ ص ۴۳) (۴) یہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ کا قول ہے (قواعد التحدیث ص ۸۳) (۵) اختصار علوم الحدیث ص ۴۷

میں کہتے ہیں ''صدوق'' اور کسی کے بارے میں ''صدوق ضابط'' ظاہر ہے کہ پہلا وصف حدیث صحیح کے رواۃ ورجال کے مقابلہ میں کم درجہ اور دوسرا ان کے مساوی ہے، لہذا جس طرح ان دونوں اوصاف کے جمع کرنے میں کوئی حرج نہیں اسی طرح صحیح اور حسن کا اطلاق بھی ایک ہی حدیث پر کیا جاسکتا ہے''۔(۱)

حدیث حسن صحیح کو غریب کہنے کا مطلب یہ ہے کہ صحیح حدیث بعض اوقات ایک ہی سند سے مروی ہونے کی وجہ سے غریب ہوتی ہے لہذا حسن جو کہ صحیح سے کم درجہ ہوتی ہے بالاولی غریب ہوسکتی ہے

حافظ ابن حجر عسقلانی اس کی ایک اور وجہ بیان کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ امام ترمذی نے حسن مطلق (بلاقید وشرط) کی تعریف نہیں کی بلکہ حسن کی ایک خاص قسم کی تعریف کی ہے جس کا ذکر ان کی کتاب میں آیا ہے اور وہ حسن (معرف) وہ ہے جہاں اس کے ساتھ کوئی دوسری صفت مذکور نہیں۔

اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ ترمذی بعض احادیث کو ''حسن''، بعض کو ''صحیح'' اور بعض کو ''غریب'' کہتے ہیں۔ اسی طرح بعض احادیث کو ''حسن صحیح''، بعض کو ''حسن غریب'' اور بعض کو ''حسن صحیح غریب'' کہتے ہیں۔ نظر بریں انہوں نے جس ''حسن'' کی تعریف کی ہے اس سے مراد وہ ''حسن'' ہے جس کے ساتھ کوئی دوسری صفت مذکور نہ ہو، چنانچہ ان کی عبارت سے اس حقیقت کا اظہار ہوتا ہے۔

امام ترمذی کتاب کے آخر میں فرماتے ہیں:

''جس حدیث کے بارے میں ہم نے اپنی کتاب میں ''حدیث حسن'' کہا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کی سند ہمارے نزدیک حسن ہے جس حدیث کا راوی متہم بالکذب نہ ہو وہ کسی اور سند سے بھی مروی ہو اور شاذ بھی نہ ہو تو ہمارے نزدیک وہ حدیث حسن ہے''۔

---

(۱) التدریب ص ۵۳۔

اس سے معلوم ہوا کہ انہوں نے اس حسن کی تعریف کی ہے جس کے ساتھ کوئی دوسری صفت مذکور نہ ہو۔ جس حدیث کے بارے میں وہ ''حسن صحیح'' یا ''حسن غریب'' یا ''حسن صحیح غریب'' کہتے ہیں۔ اس کی تعریف نہیں کی اسی طرح جہاں وہ صرف صحیح یا غریب کہتے ہیں عام شہرت کی وجہ سے اس کو بھی نظر انداز کر دیا، صرف ''حسن'' کی تعریف یا تو اس لئے کہ یہ غامض اور دقیق ہے اور یا اس لئے کہ یہ ایک جدید اصطلاح ہے اس لئے ''عندنا'' فرمایا اور محدث خطابی[1] کی طرح اس کو دیگر علماء نے حدیث کی جانب منسوب نہ کیا۔[2]

حدیث حسن لذاتہ جب کسی اور سند سے بھی مروی ہو تو وہ حسن کے درجہ سے ترقی کر کے صحیح کے درجہ پر فائز ہو جاتی ہے اس لئے کہ دونوں سندوں کے مل جانے سے حدیث پہلے کی نسبت قوی تر ہو جاتی ہے کیونکہ حدیث حسن کے راوی میں حفظ وضبط کی کمی ہوتی ہے اگرچہ وہ راست گوئی اور عیوب کے ڈھکے چھپے ہونے میں مشہور ہوتا ہے، جب اس کی روایت کردہ حدیث کسی اور سند سے بھی منقول ہوگی تو اس تائید کی وجہ سے اس میں قوت پیدا ہو جائے گی اور اس طرح راوی میں حفظ وضبط کی جو کمی تھی اس کا ازالہ ہو جائے گا، اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ حدیث حسن کے درجہ سے ترقی کے صحیح کے درجہ پر فائز ہو جائے گی۔

اس کی مثال یہ حدیث ہے:

**لولا ان اشق علی امتی لامرتهم بالسواک عند کل صلوة**

''اگر مجھے اپنی امت پر تکلیف کا احساس نہ ہوتا تو ہر نماز کے ساتھ مسواک کرنے کا حکم صادر کرتا۔''

یہ حدیث محمد بن عمرو نے ابوسلمہ سے اور انہوں نے ابو ہریرہ سے روایت کی ہے، محمد

---

(۱) محدث خطابی کا نام حمد بفتح الحا بلا ہمزہ ہے امام حاکم کہتے ہیں کہ میں نے خطابی سے ان کا نام پوچھا تو انہوں نے کہا میرا نام حمد ہے، جب لوگ عام طور سے احمد کہنے لگے تو میں نے یہی نام بیٹے کا رکھ دیا امام خطابی بہت بڑے ادیب فقیہ اور محدث تھے آپ کی کتاب معالم السنن شرح ابی داؤد چھپ چکی ہے آپ نے اعلام السنن کے نام سے بخاری کی شرح بھی لکھی تھی ۳۸۸ھ میں بمقام بست وفات پائی اسی لئے آپ کو بستی بھی کہا جاتا ہے۔ (۲) شرح نخبہ ص ۱۲

بن عمرو حفظ وضبط میں متہم ہے اگر چہ بہت سے محدثین نے اس کی توثیق بھی کی ہے، لہذا یہ حدیث حسن لذاتہ اور صحیح لغیرہ ہے۔ اس لئے کہ حدیث محمد بن عمرو کے استاد اور ان کے شیخ الشیخ سے ایک اور طریقہ سے بھی نقل کی گئی ہے۔

علاوہ ازیں بہت سے لوگوں نے یہ روایت ابو ہریرہ سے نقل کی ہے جن میں اعرج بن ہرمز اور سعید مقبری کے اسماء (۱) بھی شامل ہیں۔

امام ترمذی اولین محدث تھے جنہوں نے حدیث حسن کو شہرت عطا کی۔ تاہم ہم دیکھتے ہیں کہ امام ترمذی سے پہلے محدثین کا جو طبقہ موجود تھا مثلاً امام بخاری اور امام احمد بن حنبل ان کے اساتذہ کے یہاں بھی ایسی حدیثیں موجود تھیں جن پر حدیث حسن کی صفات غالب تھیں (۲) اور وہ حدیث صحیح سے فروتر اور ضعیف سے اعلی وارفع تھیں۔ جب ہم امام ذہبی کی یہ تصریح ذکر کر چکے ہیں کہ حدیث حسن صحیح کی ایک قسم ہے تو اس سے ہمیں کوئی حیرت نہیں ہوتی کہ حسن کی صفات سے متصف احادیث نہ صرف مسند احمد بلکہ صحیح بخاری تک میں موجود ہیں۔

محدث ابن الصلاح فرماتے ہیں کہ حسن حدیثیں سنن ابی داؤد میں بھی موجود ہیں امام ابوداؤد سے منقول ہے کہ انہوں نے فرمایا:

> ''میں نے احادیث صحیحہ کے پہلو بہ پہلو وہ حدیثیں بھی اس کتاب میں درج کر دیں جو ان سے ملتی جلتی ہیں جس میں زیادہ ضعف پایا جاتا تھا وہ ذکر کر دیا جس حدیث پر میں نے کوئی جرح نہیں کی وہ قابل احتجاج ہے۔ میری کتاب میں بعض حدیثیں دوسری احادیث کی نسبت صحیح تر ہیں''۔ (۳)

''ابن الصلاح ابوداؤد کی مذکورہ صدر عبارت پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

> جو حدیث ہم ابوداؤد میں پائیں اور وہ نہ بخاری ومسلم میں موجود ہو اور نہ کسی نے اس کو صحیح قرار دیا ہو تو وہ ابوداؤد کے نزدیک حدیث حسن ہوگی''۔ (۴)

---

(۱) التدریب ص ۵۷ (۲) اختصار علوم الحدیث وشرحہ ص ۴۳ (۳) التدریب ص ۵۵ نیز توضیح الافکار ج ۱ ص ۱۹۱
(۴) اختصار علوم الحدیث ص ۴۴،

محدث ابن الصلاح کا مذکور صدر نقد و تبصرہ ان کے اس منہج و مقصد پر مبنی ہے کہ جب کوئی حدیث بخاری مسلم میں موجود نہ ہو اور آئمہ حدیث میں سے کسی نے بھی اس کی تصحیح نہ کی ہو تو متاخرین اس حدیث کو صحیح قرار نہیں دے سکتے اسی لئے ابن الصلاح کی رائے یہ ہے کہ محدث حاکم نے جن احادیث کی تصحیح کی ہے اور دیگر محدثین سے ان کے بارے میں تصحیح یا تضعیف منقول نہیں تو ہم ان احادیث کو حسن قرار دیں گے (یعنی احادیث صحیحہ میں شمار نہیں کریں گے) بجز اس صورت کے کہ ان میں کوئی ایسی علت پائی جائے جو ان کے ضعیف ہونے کی موجب ہو (تو اس صورت میں ان کو ضعیف قرار دیا جائیگا) مگر اس ضمن میں حافظ عراقی (۱) کا زاویہ نگاہ زیادہ قرین صحت و صواب نظر آتا ہے آپ فرماتے ہیں ''جو شخص اسانید و علل میں ماہرانہ بصیرت رکھتا ہو وہ کسی حدیث کی صحت یا ضعف کا حکم صادر کر سکتا ہے''۔ (۲)

امام بغوی (۳) نے اپنی کتاب مصابیح السنۃ میں صحیح اور حسن احادیث میں امتیاز پیدا کرنے کے لئے ایک خاص اصطلاح مقرر کی ہے، چنانچہ وہ صحیحین یا ان میں سے کسی ایک کی نقل کردہ حدیث کو صحیح کہتے ہیں۔

علاوہ ازیں جس حدیث کو ترمذی ابوداؤد اور دیگر محدثین نے روایت کی ہو اس کو حسن کہتے ہیں اکثر علماء نے اس پر اعتراض کیا ہے اور ان کے خیال میں اس اصطلاح کا سبب جواز کچھ نہیں اس کی وجہ یہ بھی ہے کہ بقول امام نووی مصابیح السنۃ میں منکر روایت بھی موجود ہیں جن کی روایت ایسے راویوں نے کی ہے جو عادل و ضابط نہ ہونے کی ساتھ ساتھ ان کی روایت میں منفرد بھی ہیں۔ (۴)

## حدیث کے القاب عامہ جن میں صحیح و حسن سب شامل ہیں

جب ناقدین حدیث کسی حدیث کو صحیح یا حسن کہتے ہیں تو اس کے ساتھ ساتھ چند اور

(۱) علامہ حافظ عبدالرحیم بن حسین زین الدین بغدادی عراقی آپ بہت بڑے امام اور اسی طرح فقیہ اور اصولی تھے آپ شافعی المذہب تھے علوم الحدیث پر آپ نے بہت سی کتب تصنیف کیں آپ کا الفیہ مشہور ہے ۸۰۶ھ میں وفات پائی۔
(۲) الباعث الحثیث ص ۲۹ (۳) حافظ ابو محمد حسین بن مسعود الفراء البغوی متوفی ۵۱۶ھ (۴) التدریب ص ۵۵

القاب سے بھی یاد کرتے ہیں جن سے واضح ہوتا ہے کہ یہ حدیث قابل احتجاج ہے مثلاً حدیث مقبول کو مندرجہ ذیل القاب سے بھی ملقب کیا جاتا ہے۔

جید ،مجود، قوی ،ثابت محفوظ ،معروف ،صالح ،مستحسن .

کچھ یوں نظر آتا ہے کہ مندرجہ بالا القاب میں محدثین کی اصطلاح کی نسبت لغوی مفہوم کا زیادہ خیال رکھا گیا ہے پہلے چار الفاظ میں تعبیر و بیان کا تنوع خصوصی طور سے نمایاں ہے اس کی تائید امام احمد بن حنبل کے قول سے ہوتی ہے آپ فرماتے ہیں:

''زہری کی سالم اور سالم کی اپنے والد سے روایت اجود الاسانید ہے''۔

مذکورہ صدر قول میں امام احمد نے متعارف لفظ اصح الاسانید کے بجائے اجود الاسانید فرمایا(۱) ابن الصلاح اور امام حاکم نے یہ عبارت امام احمد سے نقل کی ہے اس سے بعض علماء نے یہ نتیجہ نکالا کہ ابن الصلاح جید اور صحیح میں فرق نہیں کرتے بلکہ ان کو مساوی قرار دیتے ہیں۔(۲)

امام ترمذی بعض اوقات اپنے مشہور الفاظ حسن صحیح کے بجائے ہذا حدیث جید حسن کہتے ہیں اس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ وہ خاص حدیث امام ترمذی کی نگاہ میں حسن لذاتہ کے درجہ سے ارفع ہوتی ہے البتہ انہیں اس امر میں شبہ لاحق ہوتا ہے کہ آیا وہ حدیث صحیح کے درجہ پر فائز ہے یا نہیں تو گویا وہ حدیث حسن لذاتہ اور صحیح لغیرہ ہوتی ہے نظر بریں جید کا لفظ صحیح و حسن دونوں کو شامل ہے، کچھ یوں نظر آتا ہے کہ مندرجہ ذیل عبارت میں امام سیوطی نے اسی جانب اشارہ کیا ہے آپ فرماتے ہیں:

---

(۱) معرفۃ علوم الحدیث ص ۵۴ ان القاب پر لغوی مفہوم کے غلبہ کی تائید اس بات سے بھی ہوتی ہے کہ محدثین اپنی پسندیدہ روایت کو جیاد الاحادیث وغیرہا کہتے تھے الجامع (ج ۷ ص ۱۲۷) بعض محدثین کہتے ہیں لاحدیث اجود من هذا (الجامع ج ۷ ص ۱۳۴) بعض محدثین پسندیدہ افکار و آراء کے بارے میں کہتے تھے هذا جید حسن (توضیح الافکار ج ۱ ص ۳۲۷) حالانکہ تدلیس کا شمار ضعف حدیث کے اسباب میں ہوتا ہے محدثین اس میں بھی جید وغیرہ ایسے الفاظ استعمال کیا کرتے تھے جب کوئی راوی ضعیف راویوں کو ساقط کر دیتا تو وہ کہتے جید السند (توضیح الافکار ص ۶۱) (۲) التدریب ص ۵۸

''علمائے کبار جب حدیث صحیح کے بجائے جید کا لفظ استعمال کرتے ہیں تو یہ بلا وجہ نہیں ہوتا بلکہ کسی نکتہ پر مبنی ہوتا ہے اور وہ یہ کہ وہ مخصوص حدیث محدث کے نزدیک حسن لذاتہ سے بلند تر درجہ کی ہو مگر اس کا صحیح ہونا مشتبہ ہو اس لئے جید کا مقام اور مرتبہ صحیح سے بہر حال کم ہے قوی کی اصطلاح کا بھی یہی حال ہے''۔ (۱)

ہم نے مذکورہ صدر عبارت میں قوی کا جو لفظ نقل کیا ہے اس سے اس جانب اشارہ کرنا مقصود ہے کہ امام سیوطی جودت (عمدگی) اور قوت کے درمیان کوئی فرق ؤ امتیاز روا نہیں رکھتے نظریں بریں ہم تجوید اور جودت اور ثبوت وقوت کے درمیان کوئی فرق وامتیاز قائم نہیں کریں گے اس لئے کہ یہ سب حدیث مقبول کے اوصاف ہیں خواہ وہ حدیث صحیح ہو یا حسن کے درجہ کی ہو۔ ہم حدیث صحیح وحسن کی تعریف میں بتا چکے ہیں کہ وہ دونوں شذوذ سے پاک ہوتی ہیں لہٰذا ان میں سے کوئی بھی نہ منکر ہوتی ہے نہ شاذ بلکہ ان کو محفوظ اور معروف کہا جاتا ہے۔ حافظ ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں:

''حدیث صحیح وحسن کے راوی کی زیادت مقبول ہوتی ہے بشرطیکہ وہ ثقہ تر راوی کی روایت کے خلاف نہ ہو اگر وہ ارجح روایت کے خلاف ہو تو راجح کو محفوظ اور مرجوح کو شاذ کہیں گے اور اگر ایک ضعیف حدیث دوسری ضعیف حدیث کے خلاف ہو تو راجح کو معروف اور مرجوح کو منکر کہا جائے گا''۔ (۲)

حدیث صحیح وحسن کو صالح کہنے کے معنی یہ ہیں کہ یہ روایت صالح احتجاج ہے جس طرح محدثین سنن ابوداؤد کے بارے میں کہتے ہیں کہ اس کی روایت صالح ہیں کیونکہ ان میں صحیح وحسن ہر قسم کی روایتیں پائی جاتی ہیں۔ (۳)

جب محدثین کسی حدیث کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ مستحسن (پسندیدہ) ہے (۴) تو اس کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ وہ حدیث حسن اصطلاحی ہے بلکہ اس میں صحیح

---

(۱) حوالہ مذکور (۲) شرح نخبہ ص ۱۲، ۱۴ انیز الفیہ سیوطی برحاشیہ ص ۹۳ (۳) بعض اوقات صالح کا اطلاق ایسی ضعیف حدیث پر بھی کیا جاتا ہے جو کسی حد تک قابل قبول ہو التد ریب ص ۵۸) (۴) الجامع ج ۷ ص ۱۳۵

وحسن دونوں کا احتمال ہوتا ہے اس لئے کہ حسن جودت عمدگی کو کہتے ہیں اور استحسان (پسندیدگی) کے معنی ہیں استجادہ (کسی چیز کی عمدگی اور خوبصورتی کی طلب وتلاش) محدثین کا اندازتعبیر بہت نازک اور دقیق ہوا کرتا تھا یہ بات عوام میں نہیں پائی جاسکتی۔محدث علی بن المدینی فرماتے ہیں:

''ہم سفیان بن عیینہ کی مجلس میں بیٹھے تھے انہوں نے نبی کریم ﷺ کی ایک حدیث سنائی ایک آدمی نے کہا یہ حدیث کس قدر خوبصورت ہے؟ سفیان نے کہا آپ نے یوں کیوں نہ کہا یہ حدیث جواہر موتیوں اور یاقوت بلکہ سب دنیا سے زیادہ خوبصورت ہے''۔ (۱)

حدیث صحیح وحسن میں جو مباحث مشترک ہیں ان میں ایک بحث یہ بھی ہے کہ جب ہم کسی سند پر صحیح یا حسن ہونے کا حکم لگاتے ہیں تو اس کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ اس کا متن بھی اسی صفت سے موصوف ہے بخلاف ازیں ہوسکتا کہ اس کا متن شاذ یا معلل ہو یہ بات ہم حدیث صحیح کی بحث میں بیان کر چکے ہیں۔ یہاں اس کے دہرانے سے مقصود آپ کو اس حقیقت سے آگاہ کرنا ہے کہ حدیث حسن وصحیح میں کس حد تک یک رنگی وہم آہنگی پائی جاتی ہے۔ہم محدثین کا مقیاس ومعیار بھی پیش کرنا چاہتے ہیں جو اس راہ پر گامزن ہوتے ہیں کہ منڈی میں پیش کرنے سے پہلے جواہرات کو جانچا پرکھا جائے اور ظاہری شکل وصورت سے پہلے باطنی اوصاف کو دیکھا جائے محدثین کا قول ہے:

جو حدیث سند کے اعتبار سے صحیح ہو ضروری نہیں کہ اس کا متن بھی صفت صحت سے موصوف ہو۔ (۲)

(۱) الجامع ج ۷ ص ۱۳۵ (۲) توضیح الافکار ج ۱ ص ۱۹۳ نیز اختصار علوم الحدیث ص ۴۶

# فصل چہارم

## (۳) حدیث ضعیف

حدیث کی تیسری قسم حدیث ضعیف ہے اس کی بہترین تعریف مندرجہ ذیل ہے:

**مالم يجتمع فيه صفات الصحيخ ولا صفات الحسن**

''ضعیف حدیث وہ ہے جس میں حدیث صحیح وحسن کی کی صفات نہ پائی جاتی ہوں۔''

بعض علماء کا قول ہے کہ حدیث صحیح وحسن کی صفات کے فقدان کی بناء پر حدیث ضعیف کی عقلی اعتبار سے ۳۸۱ صورتیں بن سکتی ہیں لیکن ان میں سے اکثر صورتیں موجود نہیں اور اس لئے غیر واقعی ہیں علاوہ ازیں محدثین کے نزدیک ضعیف حدیث کے اقسام میں ان کا کوئی اصطلاحی نام معین نہیں ہے۔

محدث بن الصلاح کا خیال ہے کہ حدیث ضعیف کی وقع پذیر قسمیں ۴۲ سے زیادہ نہیں ہیں ابن الصلاح نے ان کی وضاحت کی اوران کی تخریج کا طریقہ بھی بتایا ہے حافظ عراقی نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے مگر ہم صرف انہی اقسام کا ذکر کریں گے جن کا کوئی خاص نام ہے ضعیف حدیث کی جس حالت کا کوئی جداگانہ نام نہیں ہے ہم اس کی طرف صرف اجمال اشارہ کریں۔

## حدیث ضعیف کی اقسام

محدثین نے مرسل منقطع معضل مدلس کو مطلقا حدیث ضعیف کی اقسام کے تحت ذکر کیا ہے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ تمام ناقابل احتجاج ہیں لیکن علی الاطلاق انکو رد کرنا محدثین احناف کے نزدیک درست نہیں ان کے ہاں تفصیل ہے جو **قواعد فی علوم الحدیث للشیخ ظفر احمد التهانوی مع تعلیقات الشیخ عبد الفتاح ابو غدہ الحنفی** میں واضح ہے، (ازابومحمد محسن گلزار نعمانی)

## مرسل:۔

حدیث مرسل کی مشہور تعریف یہ ہے:

مرسل وہ حدیث ہے جس سے صحابی کا نام ساقط ہو گیا ہو مثلاً نافع کہتے ہیں

**قال رسول اللہ ﷺ کذا وفعل کذا وفعل بحضرته کذا.**

''آپ نے یوں فرمایا یا یوں کیا یا آپ کی موجودگی میں اس طرح کیا گیا۔''

حالانکہ نافع تابعی ہیں گویا اس حدیث میں صحابی کا نام مذکور ہی نہیں۔

''اس اعتبار سے مرسل حدیث مرفوع تابعی ہوتی ہے خواہ تابع چھوٹی عمر کا ہو یا بڑا ہو۔''(۱)

مرسل حدیث کے ضعیف ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اس میں اتصال نہیں ہوتا۔ اس کو مرسل اس لئے کہتے ہیں کہ حدیث کا راوی اس کو مطلق (بلاقید) چھوڑ دیتا ہے اور اس صحابی کا ذکر نہیں کرتا جس نے اس کو نبی کریم ﷺ سے روایت کیا ہے۔(۲)

## حدیث مرسل حجت نہیں:

حدیث مرسل دین میں حجت نہیں ہے، حدیث نبوی کے حفاظ ونقاد کی آخری وحتمی رائے یہی ہے اور اسی فیصلہ کو انہوں نے اپنی تصانیف میں درج کیا ہے(۳) امام مسلم مقدمہ صحیح مسلم میں فرماتے ہیں:

''ہمارے اور محدثین کے قول کے مطابق مرسل حجت نہیں ہے اکثر علماء مراسیل صحابہ کو ضعیف نہیں سمجھتے اور ان سے احتجاج کرتے ہیں اس لئے کہ جو صحابی روایت کرتا ہے اس نے وہ حدیث براہ راست نبی اکرم ﷺ سے نہیں سنی بلکہ کسی اور صحابی سے سنی اور اس صحابی نے براہ راست آپ سے اخذ کی بنا بریں سند سے صحابی کے ساقط ہو جانے سے حدیث کو کوئی ضرر نہیں پہنچتا جس طرح صحابی کے مجہول الحال ہونے سے حدیث کی صحت بدستور رہتی ہے اس لئے کہ

(۱) شرح نخبۃ ص ۱۷ (۲) توضیح الافکار ج ۱ ص ۲۸۴ (۳) اختصار علوم الحدیث ص ۵۲

صحابی ہونے کے اعتبار سے جو شرف وعظمت اس کو حاصل ہے وہ اس کی تعدیل کے لئے کافی ہے''۔

امام سیوطی تدریب الراوی میں یہ رقمطراز ہیں:

''بخاری ومسلم میں لاتعداد مراسیل صحابہ موجود ہیں اس لئے کہ اکثر روایات صحابہ سے منقول ہیں اور صحابہ سب عدول ہوتے ہیں۔ صحابہ کے علاوہ دوسروں کی مرویات شاذ ونادر ہیں جب صحابہ کے علاوہ کسی اور سے روایت کرتے ہیں تو وہ ذکر کر دیتے ہیں کہ یہ حدیث صحابہ کے علاوہ دوسروں سے منقول ومروی ہے، صحابہ نے تابعین سے جو روایت بیان کی ہیں وہ مرفوع احادیث نہیں بلکہ اسرائیلیات قصے کہانیاں یا موقوف روایات ہیں۔ (۱)

حقیقت یہ ہے کہ مراسیل صحابہ سے انکار کرنا بہت مشکل کام ہے مثال کے طور پر حضرت ابن عباس کی اکثر روایات مرسل ہیں کیونکہ عہد رسالت میں ان کی عمر چھوٹی تھی جب آنحضورﷺ اس دار فانی سے تشریف لے گئے تو ابن عباس کی عمر اس وقت تیرہ سال سے زیادہ نہ تھی۔ (۲)

حدیث مرسل کے مختلف مراتب ہیں سب سے اعلیٰ مرسل حدیث وہ ہے جس کو ایسا صحابی مرسل بیان کرے جس کا سماع آنحضورﷺ سے ثابت ہو۔ اس کے بعد اس صحابی کی مرسل کا درجہ ہے جس نے آپ کو دیکھا ہو مگر سماع ثابت نہ ہو۔ پھر مخضرم (وہ صحابی جس نے کفر واسلام کے دونوں زمانے دیکھے ہوں۔ صحابی کی مرسل روایات اس کے بعد ثقہ تابعین

---

(۱) التدریب ص ۱۷۱ نیز شرح التنقیح للقرانی ص ۱۶۴ مطبع الخیریہ ۱۳۰۶ھ قاہرہ ابن الصلاح کا قول ہے کہ صحابہ ایک دوسرے سے مرسل روایتیں بیان کرتے ہیں مگر یہ درست نہیں بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ صحابہ کی اکثر روایات ایسی ہوتی ہیں سب کی سب نہیں دیکھئے توضیح الافکار ج ۱ ص ۳۱۷ بعض علماء مراسیل صحابہ میں تشدد سے کام لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس تعبیر وبیان میں مجاز سے کام لیا جاتا ہے ورنہ حقیقت میں صحابہ کی کوئی روایت مرسل ہے ہی نہیں (توضیح الافکار ج ۱ ص ۲۹۵) (۲) توضیح ج ۱ ص ۲۹۱ بعض علما نے سہل انگاری سے کام لیا ہے وہ معتبر آئمہ حدیث کی مراسیل کو بھی قبول کرتے ہیں توضیح ج ۱ ص ۲۸۷

مثلاً سعید بن المسیب کی روایت پھران راویوں کی روایات جو ایسے اساتذہ وشیوخ کا انتخاب بڑی سوچ بچار کے بعد کرتے ہوں مثلاً شعبی اور مجاہد اس کے کے بعد ان راویوں کی مرسل روایات ہین جو ہر کسی سے روایت اخذ کرتے ہیں۔ مثلاً حسن بصری جہاں تک کم عمر تابعین کا تعلق ہے مثلاً قتادہ زہری حمید الطویل یہ زیادہ تر تابعین سے روایت کرتے ہیں۔ (۱)

حدیث مرسل جب ثقہ راویوں سے مسند نقل کی گئی ہو تو اس میں قوت آجاتی ہے اور اس کی صحت واضح ہو جاتی ہے کیونکہ اس وقت دو صورتیں جمع ہو جاتی ہیں۔

(۱) صورت ارسال (۲) صورت اسناد

جب کوئی دوسری حدیث مسند ان دونوں سے معارج ہوگی تو ان کو راجح قرار دیا جائے گا اس لئے کہ مرسل ایسی سند سے مل کر قوت حاصل کر لیتی ہے جو اپنے آخری نقطہ تک پہنچی ہوئی ہوتی ہے۔ (۲)

(۲) منقطع:

حدیث منقطع کی شہرہ آفاق تعریف یہ ہے:

الحدیث الذی سقط من اسنادہ رجل او ذکر فیہ رجل مبھم. (۳)

"منقطع وہ حدیث ہے جس کی سند سے کوئی راوی ساقط ہو یا اس میں کوئی مبہم راوی ذکر کیا گیا ہو۔"

حدیث منقطع اس لئے ضعیف ہوتی ہے کہ اس کی سند متصل نہیں ہوتی گویا اس اعتبار سے یہ حدیث مرسل کی طرح ہوتی ہے۔

سقوط راوی کی مثال وہ حدیث ہے جسے عبد الرزاق نے ثوری سے انہوں نے ابو

(۱) قواعد التحدیث ص ۱۲۵، ۱۲۶ بحوالہ فتح المغیث للسخاوی بر حاشیۃ الفیہ عراقی طبع دہلی امام زہری کو تابعین صغار میں شمار کرنا درست نہیں اس لئے کہ وہ تیرہ صحابہ کو مل چکے تھے ابن خلکان کہتے ہیں کہ زہری نے دس صحابہ کو دیکھا تھا (التوضیح ج ۱ ص ۲۸۸) (۲) التوضیح ج ۱ ص ۲۸۹ (۳) اختصار علوم الحدیث ص ۵۳

اسحاق سے انہوں نے زید سے اور انہوں نے حذیفہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے آپ نے فرمایا:

''اگر تم ابو بکر کو خلیفہ بنادو تو وہ قوی بھی ہے اور امانت دار بھی''۔

اس حدیث کی اسناد میں ثوری اور ابو اسحاق کے درمیان ایک راوی شریک نامی گر گیا ہے اس لئے کہ ثوری نے براہ راست ابو اسحاق سے نہیں سنا بلکہ شریک سے سنا اور شریک نے یہ حدیث ابو اسحاق سے سنی۔

حدیث میں مبہم راوی مذکور ہونے کی مثال حدیث نبوی:

**اللھم انی اسئلک الثبات فی الامر**

یہ حدیث ابو العلاء بن عبداللہ نے دو آدمیوں سے روایت کی اور انہوں نے شداد بن اوس[1] سے

اب سوال یہ ہے کہ یہ دو آدمی کون ہیں بظاہر یہ دونوں مبہم آدمی ہیں اس بات پر محدثین کا اتفاق ہے کہ یہاں دو آدمی مبہم ہیں بعض روایات میں ایک راوی مبہم ہوتا ہے اس وقت صرف یہ بتانا پیش نظر ہے

کہ سند کے کسی حصہ میں بعض اوقات کوئی مبہم راوی بھی ہوتا ہے۔

بعض اوقات کسی حدیث میں کوئی راوی ایسا بھی ہوتا ہے جس کا نام مذکور نہیں ہوتا اور وہ حدیث منقطع بھی نہیں ہوتی۔ اس کی مثال یہ حدیث ہے کہ:

حدثنا شیخ عن ابی ھریرۃ. ہمیں ایک شیخ نے ابو ہریرہ سے حدیث سنائی

ظاہر ہے کہ شیخ کسی آدمی کا نام نہیں حدیث کا مضمون یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا

''لوگوں پر ایک ایسا زمانہ بھی آئے گا کہ آدمی کو اختیار دیا جائے گا کہ یا تو وہ عجز و تقصیر کا اعتراف کرے اور یا گناہ کا مرتکب ہو جس کی زندگی میں یہ زمانہ آجائے وہ عجز و تواضع کو اختیار کرے اور گناہ کا مرتکب ہونے سے بچے''۔

جس آدمی کو اس روایت میں شیخ کہا گیا ہے دوسری روایت میں اس کا نام ابو عمرو جلی

(۱) اختصار علوم الحدیث ص ۵۴ نیز معرفۃ علوم الحدیث للحاکم ص ۲۷

مذکور ہے منقطع کی اس قسم کی پہچان بہت دشوار ہے بہت بڑا حافظ اور متبحر عالم حدیث ہی اس کو پہچان سکتا ہے۔ (۱)

حدیث منقطع اور مرسل سبب ضعف کے اعتبار سے باہم مشابہ ومماثل ہیں ان دونوں میں ضعف کا سبب اتصال کا فقدان ہے بنابریں خطیب بغدادی اپنی کتاب الکفایۃ فی علم الروایۃ میں فرماتے ہیں:

> ''حدیث منقطع مرسل کی مانند ہوتی ہے مگر یہ اصطلاح وہاں استعمال کی جاتی ہے جہاں تابعی سے نچلے درجہ کا راوی صحابہ سے روایت کرے مثلا امام مالک عبداللہ بن عمر سے روایت کریں یا سفیان ثوری جابر بن عبداللہ سے یا شعبہ بن حجاج انس بن مالک سے وغیر ذلک''۔ (۲)

جس غالب استعمال کی جانب خطیب بغدادی نے مذکورہ صدر عبارت میں اشارہ کیا ہے وہ منقطع کی اس تعریف سے میل نہیں کھاتا جو ہم قبل ازیں بیان کر چکے ہیں ہم نے جو تعریف ذکر کی ہے وہ ایک خاص اصطلاح ہے جس میں ایک ایسے وصف کو ملحوظ رکھا گیا جو اکثر احادیث منقطعہ میں پایا جاتا ہے

## (۳) معضل:

معضل اس حدیث کو کہتے ہیں جس میں دو یا دو سے زیادہ راوی پے در پے ساقط ہو گئے ہوں (۳) معضل کی پہچان منقطع سے بھی زیادہ دشوار ہے کیونکہ منقطع کی نسبت اس میں زیادہ اخفاء وابہام پایا جاتا ہے اسی لئے اس کو معضل (دشوار مشکل) کہتے ہیں۔ (۴)

حدیث معضل کو منقطع کی ایک خاص قسم سمجھا جاتا ہے اس لئے کہ ہر معضل حدیث منقطع ہوتی ہے مگر ہر منقطع معضل نہیں ہوتی (۵) اس کے ضعف کا سب فقدان اتصال ہے

---

(۱) معرفۃ علوم الحدیث ص ۲۸ (۲) الکفایہ ص ۲۱ (۳) التدریب ص ۷۳ اگر راوی پے در پے ساقط نہ ہوئے ہوں تو اس کو منقطع کہتے ہیں جیسا کہ ہم قبل ازیں دو مبہم راویوں کی شداد بن اوس سے روایت میں دیکھ چکے ہیں (شرح نخبۃ ص ۱۸) (۴) توضیح الافکاری ج ۱ ص ۳۲۷ (۵) کتاب مذکور ج ۱ ص ۳۲۴۔

مرسل منقطع کے ضعیف ہونے کا سبب بھی یہی ہے۔

معضل کی ایک قسم یہ بھی ہے کہ اتباع تابعین میں سے کوئی مرسلا روایت کرے۔اس کی مثال یہ ہے کہ اعمش شعبی سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا آدمی سے قیامت کے دن کہا جائے گا کہ تو نے فلاں فلاں کام کیے؟ وہ کہے گا ''نہیں'' پھر اس کے منہ پر مہر لگا دی جائے گی۔

یہ روایت اس لئے معضل ہے کہ شعبی نے انس سے روایت کی اور انس نے نبی اکرم ﷺ سے تو گویا اعمش نے انس اور نبی کریم کو سند سے ساقط کر کے حدیث کو معضل بنا دیا۔(۱)

حدیث معضل کی حالت منقطع سے زیادہ خراب ہوتی ہے اسی طرح منقطع کا درجہ مرسل سے فروتر ہوتا ہے اور ادھر مرسل کا یہ حال ہے کہ اسے قابل احتجاج نہیں سمجھا جاتا مگر معضل اس صورت میں منقطع سے فروتر ہوتی ہے جب انقطاع سند کے صرف ایک حصہ میں ہو جب انقطاع سند کے دو یا دو سے زیادہ جگہوں میں ہو تو وہ معضل کے برابر ہوتی ہے۔(۲)

## (۴) مدلس:

حدیث مدلس کی دو قسمیں ہیں:(۳)

## (۱) مدلس الاسناد:

یہ وہ حدیث ہے جو روای ایسے شخص سے روایت کرے جو اس کا ہم عصر ہو اور اس سے مل چکا ہو مگر اس سے اس کا سماع ثابت نہ ہو یا ایسے ہم عصر سے روایت کرے جسے ملا نہ ہو مگر دوسرے کو یہ تاثر دے کہ اس نے اپنے معاصر سے سن کر یہ روایت بیان کی ہے۔

اس کی مثال علی بن خشرم کا یہ قول ہے:

''ہم سفیان بن عیینہ کے یہاں حاضر تھے سفیان نے کہا زہری نے یوں فرمایا سفیان سے پوچھا گیا کیا آپ نے زہری سے سنا ہے؟ سفیان نے کہا مجھے عبد الرزاق نے بتایا اس نے معمر سے سنا اور معمر نے زہری سے سنا۔''(۴)

---

(۱) اختصار علوم الحدیث ص ۵۵ (۲) التوضیح ج ۱ ص ۳۲۹۔ (۳) التوضیح ج ۱ ص ۱۱۱، ۱۱۲ (۴) اختصار علوم الحدیث ص ۵۸

مذکورہ صدر اسناد میں سفیان زہری کے ہمعصر اور ان سے مل چکے تھے مگر انہوں نے زہری سے کوئی روایت نہیں سنی بخلاف ازیں سفیان نے یہ روایت عبدالرزاق سے سنی عبد الرزاق نے معمر سے اور معمر نے زہری سے اخذ کی بنا بریں اس سند میں تدلیس یہ ہے کہ سفیان نے عبدالرزاق اور معمر دونوں کا نام حذف کر دیا اور ایسے الفاظ سے روایت کی جن سے متوہم ہوتا ہے کہ انہوں نے براہ راست یہ حدیث زہری سے سنی۔

یہ تدلیس کی نہایت بدترین قسم ہے اور صریح دروغ گوئی پر مبنی ہے شعبہ فرماتے ہیں:

''میں تدلیس کا مرتکب ہونے کی نسبت زنا کاری کو ترجیح دیتا ہوں۔''(۱)

مزید فرماتے ہیں:

''تدلیس جھوٹ کا بھائی ہے۔''(۲)

جو راوی ایک دفعہ بھی تدلیس کا ارتکاب کرتا تو امام شافعی اس کی روایت کو رد کر دیتے مگر اکثر علما کا زاویہ نگاہ یہ ہے کہ جو راوی تدلیس کی جانب منسوب ہو وہ جس روایت میں سماع کی تصریح کرے وہ روایت قبول کی جائے گی اور جو روایت مبہم ہوگی اس کو رد کر دیا جائے گا۔(۳)

امام حاکم نے ان بلاد و امصار کا اچھی طرح جائزہ لیا ہے جن کے رہنے والے تدلیس کے مرض میں مبتلا تھے ان کا خیال ہے کہ حجاز حرمین، مصر، عوالی، خراسان، اصبہان، بلاد فارس، خوزستان اور ماوراء النہر کے باشندوں میں سے کوئی بھی تدلیس میں معروف نہیں ہے کوفہ مدلسین کا مرکز و مامن تھا باغندی اولین شخص تھا جس نے تدلیس کو رواج دیا۔(۴)

## (۲) تدلیس الشیوخ:

تدلیس الشیوخ سے مراد یہ ہے کہ راوی بڑھا چڑھا کر اپنے شیخ کے القاب بیان کرے یا کنیت کے بغیر اس کا نام ذکر کرے اور مقصد یہ ہو کہ اس کی پہچان نہ ہو سکے۔ مثلاً یوں کہے:

''یہ حدیث مجھے فلاں علامہ امام ضابط اور حافظ نے سنائی۔''

(۱) التوضیح ج ۱ ص ۳۶۶ (۲) الباعث الحثیث ص ۵۸ (۳) اختصار علوم الحدیث ص ۵۸ (۴) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۱۱، ۱۱۲

اس کی مثال وہ حدیث ہے جو ابو بکر بن مجاہد المقری نے ابو بکر بن ابی داؤد سے روایت کی اس نے کہا مجھے عبداللہ بن ابی عبداللہ نے حدیث سنائی۔ اس نے ابو بکر محمد بن حسن نقاش مفسر سے سنا اس نے کہا ہمیں محمد بن سند نے بتایا۔ اس اسناد میں راوی کے والد کے بجائے اس کی نسبت اس کے دادا کی طرف کر دی گئی ہے حالانکہ اس کی نسبت والد کی جانب مشہور تر ہے۔[1]

ابن الصلاح کا خیال ہے کہ خطیب بغدادی کی تصانیف میں تدلیس کی یہ دوسری قسم[2] پائی جاتی ہے ابن الصلاح نے اس کی چند مثالیں بھی بیان کی ہیں، مثلاً خطیب اپنی تصانیف میں ابو القاسم ازہری سے روایت کرتے ہیں، علاوہ ازیں وہ عبید اللہ بن ابی الفتح الفاسی اور عبید اللہ بن احمد بن عثمان الصیرفی سے بھی حدیثیں روایت کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ ایک ہی شخص کے تینوں نام ہیں اور تین جداگانہ آدمیوں کے نام نہیں ہیں۔

اسی طرح خطیب حسن بن محمد خلال اور حسن بن ابی طالب اور ابو محمد خلال سے بھی روایت کرتے ہیں یہ تینوں ایک ہی شخص کے نام ہیں۔

خطیب ابو قاسم التنوخی اور علی بن محسن اور قاضی ابو قاسم علی بن محسن التنوخی اور علی بن ابی علی المعدل سے روایت کرتے ہیں حالانکہ یہ ایک ہی شخصیت کے چاروں نام ہیں۔

ہماری نگاہ میں خطیب بغدادی کا مقام اس سے کہیں زیادہ بلند ہے کہ آپ کا مقصد اپنے شیخ کی شخصیت کو چھپانا ہو، مگر ہم اس امر پر اپنی حیرت کو چھپا نہیں سکتے کہ آخر انہوں نے ایسے نام کیوں ذکر کیے جن سے شیخ کی شخصیت کا پوری طرح اظہار نہیں ہوتا؟ حالانکہ یہ ایک شخصیت کے سب نام ہیں اور محدث مذکور جانتے بھی ہیں کہ یہ ایک ہی شخص کے نام ہیں۔ بخلاف ازیں بہت سے لوگوں کو یہ بات معلوم بھی نہیں کہ یہ ایک شخص کے متعدد نام ہیں یا ان کی شخصیات متعدد ہیں۔

## تدلیس العطف:

بعض علماء نے تدلیس کو متعدد انواع میں تقسیم کر دیا ہے۔ جن میں سے ایک تدلیس

(۱) اختصار علوم الحدیث ص ۵۹ (۲) التوضیح ج ۱ ص ۳۶۹

العطف بھی ہے مثلاً راوی کہے حدثنا فلان و فلان حالانکہ اس نے اس دوسرے شخص سے کچھ بھی نہ سنا ہو جس کا ذکر وہ واو عطف کے بعد بصورت معطوف کرتا ہے۔[1]

## تدلیس السکوت:

تدلیس سکوت کا مطلب یہ ہے کہ راوی کہے سمعت یا حدثنا یا حدثنی اس کے بعد تھوڑی دیر خاموش رہے، پھر کہے اعمش۔ اس سے سننے والا یہ تاثر لے گا کہ اس نے اعمش سے سنا، حالانکہ یہ درست نہیں۔

## تدلیس تسویہ:

تدلیس تسویہ کا مطلب یہ ہے کہ کسی راوی کے شیخ کا نام اس لیے ذکر نہ کیا جائے کہ وہ ضعیف یا صغیر السن ہے اس کے بجائے یہ ظاہر کیا جائے کہ حدیث صرف ثقات سے مروی ہے تاکہ اسے صحیح اور مقبول قرار دیا جائے۔ یہ تدلیس کی بدترین قسم ہے کیونکہ اس میں شدید ترین دھوکہ پایا جاتا ہے۔

ولید بن مسلم اس قسم کی تدلیس میں مشہور تھے۔ چنانچہ وہ اوزاعی کے ضعیف شیوخ کو حذف کر کے صرف ثقات کا نام ذکر کرتے۔ جب اس ضمن میں ولید سے سوال کیا گیا تو اس نے کہا:

> ''اوزاعی کا مقام اس سے کہیں زیادہ بلند ہے کہ وہ ایسے ضعیف راویوں سے حدیث روایت کرے''۔

پھر ولید سے کہا گیا۔

> ''جب اوزاعی ان ضعیف راویوں سے منکر روایتیں نقل کریں اور آپ کو ان کو حذف کر کے ان کی جگہ ثقہ راویوں کے نام ذکر کر دیں تو پھر اوزاعی کو ضعیف راوی قرار دینا چاہیے''

ولید نے یہ سن کر کچھ جواب نہ دیا۔

(۱) الباعث الحثیث ص ۶۰

مدلسین کے الفاظ ان کے خبث باطن کی غمازی کرتے ہیں، مثلاً بعض مدلسین اپنے شیخ کی تعظیم کے لئے ایک مبہم اور متشابہ لفظ بولتے ہیں اور اس طرح کسی شہر یا قبیلہ کی عظمت وفضیلت کے پردہ میں شیخ کی عظمت جتانا چاہتے ہیں۔ مثلاً ایک مصری شخص کہے کہ **حدثني فلان بالاندلس** (مجھے اندلس کے فلاں شخص نے حدیث سنائی) اور اندلس سے مراد وہ مقام ہو جو "القرافة" میں واقع ہے یا "زقاق حلب" کہے اور قاہرہ کی ایک جگہ مراد لے یا ایک بغدادی شخص کہے **حدثني فلان بما وراء النهر** (یعنی ماوراء النہر کے شخص نے مجھے حدیث سنائی) اور اس سے مراد یہ لے کہ دریائے دجلہ[1] کے پار اس نے مجھے حدیث سنائی یا یوں کہے کہ "رقہ" میں مجھے حدیث سنائی اور "رقہ" (ایک شہر کا نام ہے) دریائے دجلہ کنارہ پر ایک باغ مراد لے یا دمشق کا رہنے والا یوں کہے کہ "مجھے فلاں شخص نے کرک میں حدیث سنائی" اور کرک سے "کرک نوح" مراد لے جو دمشق کے قریب ایک بستی کا نام ہے۔

ان تمام الفاظ سے سامع کے ذہن میں یہ وہم پیدا ہوتا ہے کہ یہ شخص طلب حدیث میں کافی سفر وسیاحت کر چکا ہوگا۔ حافظ بن حجر عسقلانی اس ملمع سازی اور دجل وفریب کو "تدلیس البلاد" سے تعبیر کرتے اور کہتے ہیں کہ یہ "تدلیس الشیوخ" سے ملتی جلتی ایک اصطلاح ہے۔[2]

بعض تدلیس پیشہ محدثین تدلیس میں لطف ولذت محسوس کرتے تھے۔ انہیں مذاق کا یہ انداز بڑا پسند آتا تھا کہ سہل انگاری سے ایک مبہم روایت بیان کرتے پھر اس پر ندامت کا اظہار کرنے لگتے۔ ہُشیم[3] بن بشیر سے دریافت کیا گیا آپ کو تدلیس پر کیا چیز آمادہ کرتی ہے؟ ہشیم نے کہا "تدلیس میں بڑی لذت ہے"۔[4]

---

(۱) ماوراء النہر کے بارے میں سمعانی کا واقعہ قبل ازیں ذکر کیا جا چکا ہے۔ (۲) التوضیح ج ۱ ص ۳۷۲ (۳) ہشیم بن بشیر بہت بڑے حافظ تھے، ہشیم نے امام زہری عمر بن دینار، منصور بن زاذان، حصین بن عبدالرحمٰن ابو بشر ایوب سختیانی اور بہت سے لوگوں سے حدیثیں سنیں۔ امام ذہبی ان کے بارے میں فرماتے ہیں "ہشیم کے حافظ ہونے میں شبہ کی مجال نہیں۔ البتہ اس میں تدلیس کا عیب پایا جاتا تھا اس نے ایسے لوگوں سے روایات کی جن سے اس کا سماع ثابت نہیں" ہشیم نے ۱۸۳ھ میں وفات پائی (تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۲۴۸) (۴) الکفایہ ص ۳۶۱

ایک روز ہشیم کے تلامذہ نے باہم اتفاق کیا کہ ان کی تدلیس کو قبول نہیں کریں گے ہشیم کو پتہ چل گیا۔ وہ جو حدیث بھی ذکر کرتا اس کی سند یوں بیان کرتا:

''مجھے حصین اور مغیرہ نے ابراہیم سے حدیث سنائی۔''

جب فارغ ہوا تو پوچھا کیا آج میں نے تدلیس سے کام لیا یا نہیں؟ وہ کہنے لگے'' نہیں''، ہشیم نے کہا ''میں نے جو حدیثیں ذکر کیں ان میں سے مغیرہ سے ایک حرف بھی نہیں سنا، میں نے یوں ہی بلا سماع مغیرہ کا نام ذکر کر دیا تھا''۔ (۱)

مذکورہ صدر واقعہ سے یہ حقیقت عیاں ہوتی ہے کہ ہشیم نے محسوس کر لیا تھا کہ تدلیس کا مذاق کرنے کی کچھ حدود ہیں، اسی لئے اس نے اس بات کا اعتراف کیا کہ اس نے یہ روایتیں مغیرہ سے نہیں سنیں

مدلسین عام طور سے تدلیس کا اعتراف کر لیا کرتے تھے خصوصاً جب کوئی شخص ان کے اس عیب کا کھوج لگانے میں کامیاب (۲) ہو جاتا، اکثر یوں ہوتا کہ تدلیس پیشہ محدثین اپنی مبہم عبارتوں سے رجوع کر کے اپنے حقیقی سماع کی تصریح صاف صاف لفظوں میں کر دیا کرتے تھے اور لوگوں کو تدلیس پر مبنی احادیث روایت کرنے سے روک دیتے۔

علی بن خشرم کہتے ہیں ہم ابن عُیینہ (۳) کے پاس بیٹھے تھے۔ انہوں نے زہری سے حدیث بیان کی تو کسی نے پوچھا ''کیا زہری نے خود تمہیں حدیث سنائی تھی؟'' خشرم نے کہا

(۱) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۰۵ نیز التدریب ص ۷۹ اس قسم کی تدلیس کو ''تدلیس العطف'' کہتے ہیں، جیسا کہ قبل ازیں ہم بیان کر چکے ہیں۔ ہشیم نے مذکورہ صدر عبارت میں حدثنی حصین و مغیرہ کہا حالانکہ اس نے مغیرہ سے ایک حرف بھی نہیں سنا۔ البتہ حصین نے مغیرہ سے بہت حدیثیں سنیں۔ حصین سے یہاں حصین بن عبدالرحمٰن مراد ہے۔ سیوطی نے التدریب میں اس پر روشنی ڈالی ہے (۲) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۰۴ نیز التدریب ص ۷۹ (۳) علامہ حافظ شیخ الاسلام سفیان بن عیینہ بن میمون ابو محمد ہلالی کوفی مشہور محدث تھے۔ عمرو بن دینار زہری، زیاد بن علاقہ، ابواسحاق، اسود بن قیس زید بن اسلم، عبداللہ بن دینار، منصور بن معتمر اور عبدالرحمٰن بن قاسم سے حدیثیں سنیں۔ سب ائمہ حدیث ان کی روایت سے احتجاج کرنے پر متفق ہیں۔ مگر یہ ثقات کی روایات میں تدلیس کیا کرتے تھے۔ ۱۹۸ھ میں فوت ہوئے (تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۲۶۲)

''نہ میں نے زہری سے سنا اور نہ اس شخص سے جس نے زہری سے براہ راست سنا ہو، یہ حدیث مجھے عبدالرزاق نے معمر سے اور معمر نے زہری سے سن کر بتائی تھی''۔ (۱)

بعض اوقات اس پر تعجب کا اظہار کیا جاتا ہے کہ ابن عیینہ اور ہشیم جیسے عظیم محدثین کیونکر تدلیس کے مرتکب ہوئے؟ خصوصاً جب کہ محدثین میں بڑے حافظ وضابط اور امین سمجھے جاتے تھے۔ دراصل اس میں حیرت واستعجاب کی کوئی بات نہیں کیونکہ بہت کم لوگ تدلیس سے محفوظ رہے تھے۔ (۲)

اس کی حد یہ ہے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ جیسے جلیل القدر صحابی بھی تدلیس سے بچ نہ سکے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے بہت کم اور بقول بعض علماء صرف چار حدیثیں سنی تھیں۔ دیگر احادیث انہوں نے صحابہ سے سنیں، مگر بایں ہمہ ابن عباس رضی اللہ عنہ صحابی کا نام ذکر نہیں کرتے اور صاف کہتے ہیں نبی ﷺ نے یوں فرمایا۔ (۳)

ابن عیینہ اور ہشیم کی عظمت وفضیلت کا خصوصی پہلو یہ ہے کہ یہ دونوں بخاری ومسلم کے رُواۃ ورجال میں سے ہیں، ظاہر ہے کہ ان کی عظیم خصوصیت ہے اس فضیلت کا تقاضا یہ

---

(۱) التوضیح ج ۱ ص ۳۵۔ نیز التدریب ص ۷۸۔ اس کو ''تدلیس القطع'' کہتے ہیں۔ کیونکہ راوی روایت کے الفاظ میں قطع وبرید سے کام لیتا ہے۔ وہ اپنے شیخ کو صرف ''فلاں'' سے تعبیر کرتا ہے جیسے ابن عیینہ کی روایت میں گزر چکا ہے۔ راوی اس قسم کی تدلیس میں شیخ کا نام بتعیین بیان نہیں کرتا۔ ابن عیینہ نے مذکور صدر عبارت میں یہ نہیں بتایا کہ زہری نے ان کو یہ حدیث سنائی۔ ہم قبل ازیں ''تدلیس الاسناد'' میں اس کا ذکر کر چکے ہیں۔ یہاں ایک جدید استنباط کے لئے ہم نے اسے دوہرایا ہے۔ (۲) امام ابن عبدالبر فرماتے ہیں ''بنا بریں کوئی شخص بھی تدلیس کے عیب سے محفوظ نہیں رہا خواہ امام مالک ہو یا کوئی اور شخص'' (التدریب ص ۷۷) (۳) التوضیح ج ۱ ص ۳۴ بعض علماء کا یہ خیال ہے کہ اس کو تدلیس کے بجائے ''مراسیل صحابہ'' سے تعبیر کرنا زیادہ قرین عقل وقیاس ہے، علماء مراسیل صحابہ سے احتجاج کرتے ہیں، محدثین اس کے ساتھ ساتھ مرسل اور مدلس روایات میں فرق بھی کرتے ہیں جیسا کہ آگے چل کر ہم اس پر روشنی ڈالیں گے اس میں شبہ نہیں کہ حضرت ابن عباس کی اکثر روایات مرسل ہیں، البتہ بعض روایتوں میں ایسا خفا واشتباہ پایا جاتا ہے جو تدلیس سے قریب تر ہے اس لئے ہم اپنے الفاظ دہراتے ہیں کہ تدلیس سے بہت کم محدثین محفوظ رہے ہیں۔

تھا کہ ان پر اور صحیحین کے دیگر رواۃ مثلاً اعمش [۱] قتادہ [۲] حسن بصری [۳]، عبدالرزاق [۴] اور ولید بن مسلم [۵] پر تدلیس کا جو الزام عائد کیا جاتا ہے محدثین ان کی جانب سے اس کا دفاع کرتے۔ علمائے حدیث ایک خاص عذر کی بناء پر ابن عیینہ کی تدلیس قبول کرتے ہیں [۶] وہ

---

(۱) اعمش کا نام سلیمان بن مہران کرخی ہے۔ آپ علاقہ کے رہنے والے تھے۔ اعمش نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو دیکھا اور ان سے حدیثیں یاد کی تھیں۔ آپ تابعین صغار میں شمار کیے جاتے ہیں۔ ان میں تدلیس کا عیب پایا جاتا ہے (المیزان) ذہبی کہتے ہیں ''بعض اوقات اعمش ضعیف راویوں کی روایت بھی تدلیس کے ساتھ بیان کرتا ہے۔ اس وقت پتہ نہیں چلتا کہ وہ کس سے روایت کر رہے ہیں اعمش جب ''حدثنا'' کہتے ہیں تو تدلیس کا ڈر نہیں ہوتا اور جب ''عن'' سے روایت کرتے ہیں تو اس میں تدلیس کا احتمال ہوتا ہے'' آپ ۱۴۸ھ میں فوت ہوئے۔ (۲) قتادہ بن دعامہ بن عزیز دوسی بصری نابینا تھے۔ یہ بڑے حافظ، علامہ اور ثقہ راوی تھے، یہ عبد بن سرجس انس بن مالک سعید ابن المسیب اور ابوالطفیل سے روایت کرتے ہیں قتادہ مشہور مدلس راوی تھے ابن معین کہتے ہیں ''قتادہ کا سماع سعید بن جبیر اور مجاہد سے ثابت نہیں'' شعبہ کہتے ہیں ''قتادہ کا سماع ابورافع سے ثابت نہیں'' واسط کے شہر میں طاعون سے ۱۱۸ھ میں وفات پائی۔ بعض کہتے ہیں کہ ۱۱۷ھ میں فوت ہوئے۔ (۳) حسن بن ابی الحسن یسار بصر کبار تابعین اور مشہور عابد وزاہد علماء میں شمار ہوتے تھے، المیزان میں لکھا ہے کہ حسن بصری ثقہ راوی تھے مگر ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بتدلیس روایت کرتے تھے جب حدثنا کہہ کر روایت کرتے ہیں تو پھر تدلیس کا احتمال باقی نہیں رہتا ۱۱۰ھ میں وفات پائی۔ (۴) عبدالرزاق بن ہمام صنعانی حسب بیان المیزان بڑے ثقہ راوی تھے۔ مگر تدلیس کے مرض میں گرفتار تھے ۲۱۱ھ میں وفات پائی۔ (۵) ولید بن مسلم ابوالعباس دمشقی ثقہ راوی اور شام کے بہت بڑے عالم تھے (المیزان) ابومسہر کا قول ہے کہ ولید مدلس تھے اور بسا اوقات جھوٹے راویوں سے بتدلیس حدیثیں بیان کرتے۔ جب ولید ابن جریج اور اوزاعی سے بہ لفظ ''عن'' روایت کرتے ہیں تو وہ قابل اعتماد نہیں کیونکہ وہ جھوٹے راویوں سے تدلیس کرتے ہیں۔ جب حدثنا کہہ کر روایت بیان کرتے ہیں تو وہ حجت ہوتی ہے۔ آپ ۱۹۵ھ میں فوت ہوئے (تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۳۰۲) (۶) یہ تمام مشاہیر ائمہ بخاری و مسلم کے رواۃ میں شمار ہوتے ہیں اور اس کے باوصف ان میں تدلیس کا عیب پایا جاتا ہے۔ صاحب التوضیح نے اس طرف اشارہ کیا ہے (توضیح الافکار ج ۱ ص ۳۵۳، ۳۵۴ نیز التدریب ص ۸۰)

عذر یہ ہے کہ حالت تدلیس میں وہ ابن جریج[۱] اور معمر[۲] کا حوالہ دیتے ہیں۔ محدث ابن حبان[۳] ابن عیینہ کی تدلیس کی وجہ ترجیح بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

> ''یہ وصف سفیان کے سوا اور کسی میں نہیں پایا جاتا کہ آپ ثقہ اور صاب حفظ وضبط راویوں سے بتدلیس روایت کیا کرتے تھے۔ سفیان کی کوئی روایت ایسی نہیں جس میں تدلیس کی ہو اور اپنا سماع کسی ثقہ راوی سے بیان نہ کیا ہو''۔[۴]

صحیحین کے جو راوی تدلیس میں مشہور ہیں ان کے بارے میں محدثین نے عام عذر یہ بیان کیا ہے کہ ان کی تدلیس مبنی پر کذب نہیں ہوتی۔ بلکہ اس میں یک گونہ ابہام وخفا پایا جاتا ہے۔ ان کی روایت میں ایک طرح کا سماع پایا جاتا ہے مثلاً وہ کہتے ہیں **سمعت حدثنا اخبرنا** وغیرہ۔

اس امر کا بھی احتمال ہے کہ امام بخاری ومسلم نے تدلیس کرنے والے راوی کے سماع پر اعتماد نہ کیا ہو بلکہ ان کے یہاں کوئی دوسری روایت موجود ہو جس سے اس حدیث کی صحت معلوم ہوتی ہو امام بخاری ومسلم نے تدلیس کرنے والے راوی کی روایت کو اس لئے اختیار کیا کہ اس کی امانت ودیانت مسلم ہے۔ اور اس کی حدیث کو ضعیف تصور نہیں کیا جاسکتا نیز یہ کہ تائید ومتابعت کرنے والوں میں کوئی راوی بھی ایسا نہ تھا جو تدلیس کرنے والوں کے مرتبہ ومقام کا راوی ہوتا یا ان کی طرح شہرت وفضیلت کا حامل ہوتا[۵] (لہٰذا انہوں نے متابعت کرنے والوں کے بجائے مدلس راوی کی روایت کو ترجیح دی)۔[۶]

---

(۱) ابن جریج مکہ کے بڑے فقیہ تھے ان کا نام عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج رومی تھا۔ ابن جریج نے سب پہلے کتابوں میں حدیث جمع کیں۔ ۱۵۰ھ میں وفات پائی (تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۱۶۹، ۱۷۰) (۲) معمر بہت بڑے امام اور حافظ حدیث تھے ان کا نام معمر بن راشد کنیت ابو عروہ، اور نسبت ازدی ہے۔ ۱۵۲ھ میں وفات پائی (تذکرہ الحفاظ ج ۱ ص ۱۹۰، ۱۹۱) (۳) ابن حبان عظیم حافظ حدیث اور کثیر التصانیف عالم تھے۔ پورا نام محمد بن حبان بن احمد بن معاذ یمنی دارمی اور بستی ہے انکی کنیت ابو حاتم ہے۔ انہوں نے ''التقاسیم والانواع'' نامی کتاب پانچ جلدوں میں تصنیف کی یہ کتاب ایک انوکھی ترتیب کے مطابق لکھی گئی ہے۔ ۳۵۴ھ میں فوت ہوئے۔ (۴) التدریب ص ۷۹۔ (۵) التدریب ص ۸۰) (۶) التوضیح ج ۱ ص ۳۵۶)

بعض نقاد حدیث کا خیال ہے کہ صحیحین کے بعض راویوں پر جو تدلیس کا الزام عائد کیا گیا ہے اس سے بہتر ہے کہ اس کو ''مرسل خفی'' کے نام سے یاد کیا جائے۔ ان کے نزدیک مدلس اور مرسل خفی کے مابین بہت دقیق فرق پایا جاتا ہے۔

## تدلیس اور مرسل خفی:

تدلیس کی اصطلاح اس راوی کے ساتھ مختص ہے جو ایسے شخص سے روایت کرے جس کے ساتھ اس کی ملاقات عام طور سے معروف ہو۔ اگر وہ شخص اس کا ہم عصر ہو اور اس کی ملاقات اس کے ساتھ مشہور نہ ہو تو اسے ''مرسل خفی'' کہتے ہیں۔ حافظ ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں:

> ''جو شخص تدلیس کی تعریف میں محض معاصرت بلا ملاقات کو کافی سمجھتا ہے اس کے نزدیک تدلیس اور مرسل خفی دونوں ایک ہی چیز ہیں۔ مگر صحیح بات یہ ہے کہ مرسل اور خفی دونوں ایک نہیں بلکہ علیحدہ علیحدہ اصطلاحیں ہیں''۔ (۱)

تدلیس کے اثبات کے لئے معاصرت کے ساتھ ملاقات کے ضروری ہونے کی دلیل یہ دی جاتی ہے کہ سب محدثین کے نزدیک مخضرمین مثلاً ابوعثمان نہدی (۲) اور قیس بن ابی حازم (۳) کی نبی کریم ﷺ سے روایت ارسال کے قبیل سے ہے تدلیس نہیں ہے اگر تدلیس میں صرف ہم زمانہ ہونا کافی ہوتا تو ان لوگوں کی روایت کو تدلیس قرار دینا چاہیے تھا کیونکہ یہ آنحضور ﷺ کے ہم عصر تھے مگر یہ معلوم نہیں کہ آپ سے ان کی ملاقات ہوئی یا نہیں۔ (۴)

---

(۱) شرح نخبۃ ص ۱۸۔ (۲) ابوعثمان نہدی کا نام عبدالرحمٰن بصری ہے۔ اس نے آنحضور ﷺ کا زمانہ پایا تھا۔ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں یہ مدینہ آیا اور صحابہ کی ایک جماعت سے حدیثیں سنیں ۱۰۰ھ یا اس کے کچھ مدت بعد وفات پائی (تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۶۵) (۳) قیس بن ابی حازم ابوعبداللہ احمسی کوفہ کے مشہور محدث تھے۔ کوفہ سے آنحضور ﷺ کی بیعت کے ارادہ سے نکلے۔ ابھی راستہ ہی میں تھے کہ آپ ﷺ نے انتقال فرمایا۔ قیس نے خلفائے اربعہ اور متعدد صحابہ کرام سے حدیثیں سنیں ان کی روایات کو حجت قرار دیا جاتا ہے ۹۷ھ یا ۹۸ھ میں وفات پائی (تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۶۱) (۴) شرح نخبہ ص ۱۹

خطیب بغدادی نے مدلس اور مرسل کے درمیان فرق وامتیاز کے سلسلہ میں بڑی فیصلہ کن بات کہی ہے۔فرماتے ہیں:

> ''اگر راوی یہ بیان کردے کہ جس شیخ کا نام اس نے ذکر کیا ہے اس نے اس سے حدیث نہیں سنی تو اس کی وضاحت کے بعد وہ ارسال کرنے والا ہوگا مدلس نہیں ہوگا اس لئے کہ ارسال کرنے والا سامع کو یہ تاثر نہیں دیتا کہ اس نے سنا ہے حالانکہ اس نے سنا نہیں ہوتا البتہ جس تدلیس کا ذکر ہم نے کیا ہے وہ لامحالہ ارسال پر مشتمل ہوتی ہے اس لئے کہ مدلس اس شخص کا ذکر نہیں کرنا چاہتا جس سے وہ تدلیس کرتا ہے مدلس اور مرسل کے درمیان فرق یہ ہے کہ مدلس سامع کو اس بات کا تاثر دیتا ہے کہ اس نے سنا حالانکہ اس نے سنا نہیں ہوتا اس لئے یہ تدلیس ارسال کو متضمن ہے البتہ ارسال تدلیس کو شامل نہیں ہے کیونکہ ارسال میں سامع کو اس وہم میں مبتلا کرنا نہیں ہوتا کہ اس نے سنا ہے حالانکہ سنا نہیں ہوتا اسی لئے علماء ارسال کرنے والے کی مذمت نہیں کرتے مگر مدلس کو ناپسند کرتے ہیں۔ (۱)

حدیث مدلس کے جملہ اقسام کے ضعیف ہونے کا سبب واضح ہے اور وہ یہ کہ اس میں ثقاہت کی شرط مفقود ہوتی ہے۔ابن المبارک نے کیا خوب کہا ہے:

**دلس للناس احادیثه — والله لا یقبل تدلیسًا** (۲)

> ''اس نے حدیثوں میں تدلیس کا عیب پیدا کر دیا اور اللہ تعالیٰ تدلیس (دھوکہ فریب) کو پسند نہیں کرتا۔''

## (۵) معلل:

معلل (۳) اس حدیث کو کہتے ہیں جس میں کسی ایسی علت کا پتہ چلے جس سے حدیث

---

(۱) الکفایہ ص ۳۵۷ (۲) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۰۳۔ (۳) اس کو معلول بھی کہتے ہیں جیسا کہ بخاری ترمذی اور امام حاکم کے یہاں مستعمل ہے لغۃً بہتر یہ ہے کہ ''معلل'' ایک لام سے بولا جائے اس لئے کہ یہ اَعلَّ ماضی سے اسم مفعول ہے معلّل علّل فعل ماضی سے اسم مفعول ہے علّل کے معنی ہیں کسی چیز کے ساتھ مشغول رکھنا یہ فعل محدثین کے یہاں مستعمل نہیں ہے۔

میں قدح وارد ہو جاتی ہو اگر چہ بظاہر وہ حدیث علل سے سالم (۱) نظر آتی ہو۔

حدیث کی علت معلوم کرنے کے لئے وسعت علم قوت حافظہ اور فہم دقیق کی ضرورت ہے اس لئے کہ علت ایک پوشیدہ چیز ہے جس کا پتہ بسا اوقات علوم حدیث میں مہارت رکھنے والوں کو بھی نہیں چلتا حافظ ابن حجر فرماتے ہیں:

''یہ حدیث کے نہایت دقیق وعویص (مشکل) علوم میں سے ہے علت کی پہچان میں صرف وہی شخص ماہر ہو سکتا ہے جس کو اللہ تعالی نے روشن دماغی قوت حافظہ مراتب رواۃ کی پہچان اور اسانید ومتون میں مہارت تامہ سے نوازا ہو''۔ (۲)

بعض اوقات ایک دانشمند اور علم حدیث میں مہارت رکھنے والا القاء ربانی اور شرح صدر کی بناء پر بھی حدیث کی کسی مخفی علت سے آگاہ ہو جاتا ہے اس میں تعجب کی کوئی بات نہیں اس لئے کہ حدیث کا علم کسی کے پڑھانے سے نہیں الہام ربانی سے حاصل ہوتا ہے۔ (۳)

عبدالرحمٰن بن مہدی (۴) فرماتے ہیں:

''حدیث کی پہچان ایک الہام ہے اگر تم کسی علل حدیث کے عالم سے کہو کہ فلاں علت کی کیا دلیل ہے؟ تو وہ اس کا کچھ جواب نہیں دے سکے گا''۔ (۵)

عبدالرحمٰن بن مہدی سے کہا گیا ''آپ کسی حدیث کو صحیح قرار دیتے اور کسی کو ضعیف ٹھہراتے ہیں اس کی کیا دلیل ہے؟'' فرمایا ''اگر تم کسی صراف کو اپنے درہم دکھاؤ اور وہ کہے کہ یہ کھرے ہیں اور وہ کھوٹے ہیں تو آیا تم اس کی بات تسلیم کرو گے یا اس کی دلیل طلب کرو گے؟'' سائل نے کہا ''میں اس کی بات مان لونگا''۔ عبدالرحمٰن نے فرمایا ''تو حدیث کا معاملہ بھی اسی طرز کا ہے کیونکہ اس میں طویل صحبت مناظرہ اور مہارت کی ضرورت ہے''۔ (۶)

---

(۱) التدریب ص ۸۹ (۲) شرح نخبہ ص ۲۱ نیز التوضیح ج ۲ ص ۲۹۔ (۳) الجامع ج ۹ ص ۱۷۷ (۴) امام عبدالرحمٰن بن مہدی بن حسان ابوسعید بصری بہت بڑے حافظ حدیث تھے امام احمد بن حنبل ان کے بارے میں فرماتے ہیں وہ یحیی القطان سے بڑے فقیہ اور وکیع سے زیادہ ثقہ راوی تھے ۱۹۸ھ میں وفات پائی (تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۳۲۹) (۵) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۱۳۔ (۶) التدریب ص ۸۹ نیز الباعث الحثیث ص ۷۱ عبدالرحمٰن بن مہدی نے مزید فرمایا اگر مجھے ایک حدیث کی علت کا پتہ چل جائے تو یہ بات مجھے بیس نئی حدیثیں لکھنے سے زیادہ عزیز ہے۔ (الجامع ج ۱ ص ۱۹۱ نیز معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۱۲)

اسی لئے خطیب بغدادی فرماتے ہیں:

''علم حدیث کے طالب کو صراف کی طرح کھوٹے اور کھرے میں تمیز کرنے والا ہونا چاہیے جس طرح درہم کھوٹے بھی ہوتے ہیں اور کھرے بھی حدیث کی بھی یہی حالت ہے''۔[1]

چونکہ علل حدیث کا فن نہایت دقیق وعویص ہے اور اس میں بڑی طویل ممارست کی ضرورت ہے اس کے اس موضوع پر بہت کم کتابیں لکھی گئی ہیں[2] اس ضمن میں سب سے زیادہ قابل قدر کتاب امام بخاری کے استاد محترم علی بن المدینی نے ''کتاب العلل'' کے نام سے تحریر کی[3] اس فن پر ایک کتاب خلال[4] اور دوسری ابن ابی حاتم نے تحریر کی ابن ابی حاتم[5] کی کتاب مصر میں دو جلدوں میں چھپ چکی ہے اس ضمن میں جو کتاب ہم تک پہنچیں ان میں سنن ترمذی کے آخر میں امام موصوف کی کتاب العلل ہے مگر وہ بہت مختصر ہے۔

ابن رجب[6] نے کتاب العلل ترمذی کی شرح لکھی ہے۔ امام احمد بن حنبل نے بھی ایک ''کتاب العلل'' کے موضوع پر لکھی تھی مگر وہ ابھی تک طبع نہیں ہوئی[7] ابو الحسن دارقطنی[8] نے اس موضوع پر اس قدر جامع کتاب تحریر کی ہے کہ اس سے بہتر کتاب لکھنا تقریباً ناممکن ہے[9] البتہ اس کی جمع وتالیف کا فریضہ ان کے شاگرد

(۱) الجامع ج۹ص۱۷۷ (۲) شرح نخبہ ص۲۱ (۳) التدریب ص۹۱ (۴) احمد بن محمد بن ہارون بغدادی حنبلی کی کنیت ابوبکر ہے آپ خلال کے نام سے مشہور تھے آپ کی کتاب کئی جلدوں میں ہے (الرسالۃ المستطرفۃ ص۱۱۱) (۵) (الرسالۃ المستطرفۃ ص۱۱۱) (۶) حافظ زین الدین ابوالفرج عبدالرحمٰن بن احمد بن حسین بن محمد بغدادی دمشقی حنبلی المعروف ابن رجب متوفی ۷۹۵ھ (الرسالۃ المستطرفۃ ص۱۱۱) (۷) دیکھئے مخطوط الظاہریہ مجموعہ ۴۰ یہ چھوٹے سائز کے ۲۳ صفحات پر مشتمل ہے اس میں چند رسائل اور بھی یکجا مجلد ہیں جن کی ضخامت ۳۲۵ صفحات تک پہنچتی ہے ان رسائل کا انداز تحریر الگ الگ ہے۔ (۸) دارقطنی کا نام علی بن عمر بن احمد بن مہدی کنیت ابوالحسن اور دارقطنی کے نام سے مشہور تھے دارقطنی بغداد میں ایک محلے کا نام ہے آپ امیر المومنین فی الحدیث کہلاتے تھے سنن دارقطنی آپ کی تالیف ہے آپ نے ۳۸۵ھ میں وفات پائی۔ (الرسالۃ المستطرفۃ ص۱۹) (۹) اختصار علوم الحدیث ص۷۰

حافظ ابو بکر البرقانی (۱) نے ادا کیا۔ اسی طرح امام بخاری یعقوب بن ابی شیبہ (۲) الساجی (۳) ابن الجوزی (۴) اور ابن حجر (۵) کی جانب بھی علل الحدیث کے موضوع پر بعض کتابیں منسوب کی گئی ہیں۔

علت زیادہ تر اس سند میں پائی جاتی ہے جو بظاہر شروط صحت کی جامع ہو۔ اس صورت میں علت کی پہچان راوی کے متفرد ہونے سے ہوتی ہے یا اس بات سے کہ دوسرا راوی اس کی مخالفت کرتا ہو مزید براں اس کے ساتھ کچھ اور قرائن بھی جمع ہو جاتے ہیں جس سے ناقد حدیث پر یہ حقیقت کھل جاتی ہے کہ اس حدیث میں وہم ہے یا موصول کو مرسلاً اور مرفوع کو مرفوعاً روایت کیا گیا ہے یا ایک حدیث دوسری میں داخل ہوگئی ہے جس سے گمان غالب یہ ہے کہ یہ حدیث صحیح نہیں ہے یا راوی شک کی بنا پر روایت کرنے میں توقف کرتا ہے۔ (۶)

چونکہ اسناد میں بکثرت علل کے وقوع پذیر ہونے کا احتمال ہوتا ہے اس لئے راوی کو چاہیے کہ امکانی حد تک اس کی علت بیان کر دے (۷) جس طرح راوی جب کوئی معلول حدیث بیان کر رہا ہو تو اسے چاہیے کہ اس کی علت واضح الفاظ میں بیان کر دے۔ (۸)

معلل حدیث کی پہچان کا طریقہ یہ ہے کہ حدیث کے تمام طرق و اسانید کو جمع کر کے راویوں کے اختلاف اور ضبط و اتقان کو دیکھا جائے محدث علی بن المدینی فرماتے ہیں:

''جب تک کسی حدیث کے طرق و اسانید یکجانہ ہوں اس کی خطا کا پتہ نہیں چلتا''۔

حاکم نیشاپوری نے اپنی کتاب معرفۃ الحدیث میں علل کی دس قسمیں بیان کی ہیں اور پھر ہر قسم کی مثال دے کر اسے واضح کیا ہے۔ پھر کہتے ہیں:

---

(۱) (الرسالۃ المستطرفۃ ص ۱۱۱)۔ (۲) شرح نخبہ ص ۲۱ (۳) ابو یحیی زکریا بن یحیی بصری بصرہ کے عظیم محدث تھے ۳۰۷ھ میں وفات پائی۔ امام ذہبی فرماتے ہیں ساجی نے علل الحدیث کے موضوع پر ایک مفید کتاب لکھی ہے جو ان کے تبحر علمی پر دلالت کرتی ہے (الرسالۃ المستطرفۃ ص ۱۱۱) (۴) ابن الجوزی کی کتاب کا نام العلل المتناہیۃ فی الاحادیث الواہیہ ہے (الرسالۃ المستطرفۃ ص ۱۱۱) (۵) ابن حجر کی کتاب کا نام الزہر المطلول فی الخبر المعلول ہے التدریب ص ۹۱۔ (۶) التدریب ص ۸۹ نیز التوضیح ج ۲ ص ۲۷، ۲۸ (۷) الجامع ج ۱۰ ص ۱۹۱ (۸) الجامع ج ۷ ص ۱۲۷

''علل کی چند قسمیں اور بھی ہیں جو ہم نے ذکر نہیں کیں ۔ہم نے ان کو اکثر احادیث معلولہ کی مثال کے طور پر ذکر کیا ہے تا کہ اس فن کا ماہر ان میں بصیرت حاصل کر سکے اس میں شبہ نہیں کہ علل الحدیث کی پہچان علوم الحدیث میں خاص اہمیت کی حامل ہے''۔

یادر ہے کہ علل حدیث کے انواع واقسام ان دس قسموں [1] میں محدود و محصور نہیں ہیں جن کا ذکر امام حاکم نے کیا ہے۔نظر بریں ہم حدیث نبوی میں قدح وارد کرنے والے ان پوشیدہ اسباب کی توضیح کے لئے چند اہم مثالیں بیان کرنے پر اکتفاء کریں گے۔

مثلاً یہ کہ ایک حدیث ایک خاص صحابی کی روایت سے صحیح اور محفوظ ہو پھر یہی حدیث ایک اور راوی سے روایت کی جائے جس کی جائے سکونت پہلے راوی یا رواۃ سے مختلف ہوتو یہ حدیث معلول ہوگی۔مثال کے طور پر موسی بن عقبہ کی ابو اسحاق سے روایت وہ ابو بردہ سے روایت کرتے ہیں اور ابو بردہ مرفوعاً اپنے والد سے حدیث بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

''میں دن میں سو مرتبہ خدا سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتا اور توبہ کرتا ہوں''۔ [2]

مذکورہ بالا سند کو دیکھنے والا پہلی نگاہ میں یہ سمجھے گا کہ یہ بخاری و مسلم کی شرط کے مطابق ہے مگر اس کی سند میں ایک مدنی راوی کوفی سے روایت کرتا ہے اور یہ بات مشہور ہے کہ مدینہ کے رہنے والے جب اہل کوفہ سے روایت کرتے ہیں تو وہ غلطی کر جاتے ہیں۔ [3]

(۲) معلول کی ایک قسم یہ بھی ہے کہ ایک شخص سے اس کے شیخ کے نام میں اختلاف کیا جائے یا اس کو مجہول (بلا نام) ذکر جائے مثلاً ابو شہاب سفیان ثوری سے روایت کرتے ہیں وہ حجاج سے وہ یحیی بن ابی کثیر سے وہ ابو سلمہ سے اور ابو سلمہ ابو ہر یرہ سے مرفوعاً روایت

(۱) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۱۳ تا ۱۱۹ ان اقسام عشرہ کا ذکر کیا گیا ہے سیوطی نے تدریب میں امام حاکم سے نقل کر کے یہ اقسام معہ امثلہ بیان کی ہیں دیکھئے تدریب ص ۱۹۱ تا ۱۹۳۔ (۲) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۱۹۔ (۳) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۱۵

کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

''مومن بھولا بھالا اور سخی ہوتا ہے اور کافر مکار اور کنجوس ہوتا ہے''۔

محدث حاکم کہتے ہیں کہ مذکورہ صدر روایت میں علت اس وقت پیدا ہوتی ہے جب سند یوں بیان کی جائے کہ ابن کثیر نے کہا میرے پاس سفیان ثوری نے حجاج سے سن کر بیان کیا اور حجاج نے ایک شخص سے روایت کیا اور اس نے ابو سلمہ سے۔

(۳) حدیث معلول کا ایک طریقہ یہ ہے کہ ایک شخص جس سے روایت کرتا ہو اس سے ملا ہو اور اس سے حدیثیں بھی سنی ہوں اگر خاص زیر بحث احادیث کا سماع اس سے ثابت نہ ہو۔ جب ایسی احادیث اس شخص سے بلا واسطہ روایت کرے گا تو ان میں علت یہ ہوگی کہ ان احادیث کا سماع اس سے ثابت نہیں ہے مثلاً یحیی بن ابی کثیر کی حضرت انس سے یہ روایت کہ نبی جب کسی کے گھر روزہ افطار کرتے تو فرماتے:

''روزہ داروں نے تمہارے یہاں روزہ افطار کیا''[۳] (الحدیث)

امام حاکم مذکورہ صدر حدیث پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''متعدد طرق سے یہ امر ہمارے یہاں ثابت ہو چکا ہے کہ یحیی بن ابی کثیر کی روایت انس بن مالک سے درست ہے مگر یحیی نے مذکورہ صدر حدیث انس سے نہیں سنی پھر حاکم نے سند یحیی سے ذکر کیا کہ مجھے یہ حدیث کسی نے انس سے سن کر بتائی تھی (میں نے خود نہیں سنی تھی)''

(۴) حدیث معلول کی ایک صورت یہ ہے کہ حدیث کی سند بظاہر صحیح معلوم ہوتی ہو مگر اس میں کوئی ایسا راوی بھی ہو جس کا سماع اپنے شیخ سے معروف نہ ہو مثلاً موسی بن عقبہ سہیل بن ابی صالح سے روایت کرتے ہیں وہ اپنے والد سے وہ ابو ہریرہ سے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

---

۔ معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۱۷ علامہ احمد شاکر فرماتے ہیں کہ حاکم کی بیان کردہ علت درست نہیں کیونکہ اس سند کے اور بھی شواہد اور متابعات ہیں (الباعث الحثیث ص ۷۶) (۳) حدیث کا باقی ماندہ حصہ یوں ہے نیک لوگوں نے تمہارا کھانا کھایا اور فرشتوں نے تمہارے لئے دعا کی۔ معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۱۷، ۱۱۸

''جو شخص ایسی مجلس میں بیٹھا جہاں بہت شور وغل ہو برخاست کرنے سے قبل یہ کلمات کہے:

''سبحنک اللھم وبحمدک لا الہ الا انت استغفرک واتوب الیک''۔

تو اس سے جو گناہ اس مجلس میں صادر ہوئے تھے وہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔

مروی ہے کہ امام مسلم امام بخاری کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اس حدیث کے بارے میں دریافت کیا جناب امام نے فرمایا:

''یہ بڑی خوبصورت حدیث ہے اور دنیا بھر میں اس مضمون کی یہ واحد حدیث ہے البتہ یہ معلول ہے یہ حدیث ہمیں موسیٰ بن اسماعیل وہیب سے سن کر بتائی وہیب نے سہیل سے اور اس نے عون بن عبداللہ سے سنی حالانکہ موسیٰ بن عقبہ کا سماع سہیل بن ابی صالح سے معروف نہیں''۔(۱)

(۵) حدیث کے طالب علم پر یہ فریضہ عائد ہوتا ہے کہ جب وہ یہ عبارت دیکھے کہ ''یہ حدیث فلاں وجہ سے معلول ہے'' تو جلدی سے فیصلہ صادر نہ کر دے کہ اس میں کوئی اصطلاحی علت قادحہ پائی جاتی ہے۔ اس لئے کہ بعض علماء علت کا اطلاق اصطلاحی معنی و مفہوم کے علاوہ دوسرے معانی پر بھی کرتے ہیں۔ ان کی نگاہ میں علت ایک پوشیدہ عیب (۲) مثلاً ضعف حافظہ یا دروغ گوئی کے مترادف نہیں ہوتی بلکہ وہ علت سے حدیث کا ظاہری نقص وعیب مراد لیتے ہیں جس سے حدیث کی صحت مجروح نہیں ہوتی۔ یہ امر واضح ہے کہ ضعف حدیث کے کسی ظاہری سبب کی بناء پر حدیث کو معلل قرار نہیں دے سکتے اس لئے کہ علت غامض اور پوشیدہ عیب کا نام ہے جیسا کہ ہم مثالوں سے واضح کر چکے ہیں۔ البتہ بعض ناقدین کا خیال ہے کہ علت میں پوشیدہ ہونے کی شرط غالب اکثریت کی بناء پر ہے ورنہ ایسی علل بھی حدیث میں موجود ہوتی ہیں جو بالکل واضح ہوتی ہیں۔(۳)

محدث ابو یعلی خلیلی نے اپنی کتاب ''الارشاد'' میں علت کا اطلاق حدیث کے ایسے

(۱) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۱۳، ۱۱۴ (۲) الباعث الحثیث ص ۷۷ (۳) التوضیح ج ۲ ص ۲۷

نقائص پر بھی کیا ہے جن سے حدیث کی صحت متاثر نہیں ہوتی مثلاً کوئی شخص ایسی روایت کو مرسلاً بیان کرے جس کو کسی ثقہ اور ضابطہ راوی نے موصولاً روایت کیا ہو۔

ابو یعلی خلیلی فرماتے ہیں:

"صحیح معلول بھی حدیث صحیح کے اقسام میں سے ہے بعض علماء حدیث شاذ کو بھی صحیح اقسام میں شمار کرتے ہیں اور اس ضمن میں اصطلاح کے دائرہ میں محدود نہیں رہتے"

وہ اس کی مثال میں مؤطا امام مالک کی یہ روایت بیان کرتے ہیں کہ ابو ہریرہ نے کہا کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ خادم کو لباس اور خوراک دی جائے۔ امام مالک نے یہ روایت معضلاً بیان کی ہے ابراہیم بن طہمان اور نعمان بن عبد السلام نے مالک سے روایت کیا انہوں نے محمد بن عجلان سے اس نے اپنے والد سے اس نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بیان کیا۔ اسناد کے بعد یہ حدیث صحیح ٹھہری اور معضل نہیں رہی۔ بعض محدثین کہتے ہیں یہ حدیث معلول کے برعکس ہے اس لئے کہ بظاہر معلول میں کوئی نقص نظر نہیں آتا۔ البتہ تحقیق وتلاش کے بعد اس میں نقص کا پتہ چلتا ہے بخلاف ازیں اس حدیث میں بظاہر اعضال کی علت معلوم دیتی ہے لیکن تحقیق کے بعد پتہ چلتا ہے کہ یہ حدیث موصول ہے۔

امام حاکم فرماتے ہیں:

"کسی حدیث کو ایسے وجوہ واسباب کی بنا پر معلول قرار دیا جاتا ہے جب بظاہر اس میں جرح ونقد کی گنجائش نہ ہو مجروح راوی کی حدیث کو ساقط اور ضعیف کہیں گے معلل نہیں قرار دیں گے جہاں تک علت کا تعلق ہے وہ تو ثقہ راویوں کی روایات میں بھی پائی جاتی ہے مگر انہیں وجود علت کا پتہ نہیں چلتا اور اس وجہ سے حدیث معلول ٹھہرتی ہے کسی حدیث کی حجیت ہمارے نزدیک اس کے راویوں کے فہم وحفظ اور معرفت سے ثابت ہوتی ہے"۔ (۳)

---

؎ الباعث الحثیث ص ۷۷، ۷۸ نیز التوضیح ج ۲ ص ۳۳، ۳۴۔ التوضیح ج ۲ ص ۲۷۔ (۳) الرسالۃ المستطرفۃ ص ۱۱۱۔

مضطرب: (۱)

مضطرب اس حدیث کو کہتے ہیں جس کی متعدد روایات ہوں اور تعدد کے باوجود ان میں اس طرح کی مساوات پائی جاتی ہو کہ کسی طرح بھی ایک روایت کو دوسری کے مقابلہ میں ترجیح نہ دی جا سکتی ہو بعض اوقات ایک ہی راوی اس حدیث کو دو یا دو سے زیادہ مرتبہ روایات کرتا ہو یا دو یا دو سے زیادہ راوی اس کو روایت کرتے ہوں۔

حدیث مضطرب کے ضعف کی وجہ اس کے رواۃ کا وہ اختلاف ہے جو ان کے حفظ وضبط میں پایا جاتا ہے۔ یہ اختلاف اسی صورت میں دور ہو سکتا ہے۔

جب ایک راوی کی روایت اس کے حفظ وضبط یا طول سماع کے باعث دوسری روایت کے مقابلہ میں راجح ہو۔ یہی وجہ ہے کہ ایک روایت یا متعدد روایات کے راجح ہونے کی صورت میں حدیث کو مضطرب نہیں کہا جاتا۔ (۲)

یوں تو اضطراب اکثر اسناد میں واقع ہوتا ہے مگر بعض اوقات حدیث کے متن میں بھی اضطراب پایا جاتا ہے لیکن ایسا بہت کم ہوتا ہے کہ صرف متن حدیث کے اختلاف کی بناء پر کسی حدیث کو مضطرب کہا جائے۔ (۳)

سند میں اضطراب کی مثال حضرت ابو بکر کی یہ روایت ہے کہ انہوں نے کہا یا رسول اللہ آپ بوڑھے ہو گئے ہیں آپ نے فرمایا سورہ ہود اور اس جیسی دوسری سورتوں نے مجھے

(۱) اضطراب وقوع خلل اور فساد نظام کو کہتے ہیں دراصل اضطراب کا اطلاق موجوں کے باہم ٹکرانے پر کیا جاتا ہے اگر مضطرب بفتح الراء پڑھا جائے تو یہ اضطراب سے اسم مکان ہوگا اور اس میں اصطلاحی معنی ومفہوم کا تحقق زیادہ نمایاں صورت میں ہوگا گویا مضطرب کے معنی ہوں گے وہ حدیث جہاں راوی یا راویوں کا اختلاف بخوبی نمایاں ہے (الفیہ سیوطی حاشیہ ص ۱۱۸) (۲) التدریب ص ۹۳۔ (۳) التوضیح ص ۴۷ حدیث مضطرب میں رواۃ درجال کا عدم وضبط واضح ہے خواہ اس کا راوی ایک ہو یا متعدد اسلئے کہ جب راوی ایک عدیث کو متعدد طریقوں سے روایت کرے تو اس میں حفظ وضبط کا اہتمام نہایت مشکل ہے کیونکہ تعدد روایت خود تناقض کی ایک قسم ہے جب مضطرب حدیث کے راوی ایک سے زائد ہوں تو وہ سب کے سب عدم ضبط میں شریک ہوں گے عدم ضبط کا ازالہ صرف اسی صورت میں ممکن ہے جب ایک روایت کو دوسری پر ترجیح دینے کے امکانات روشن ہوں۔

۲ التدریب ص ۹۳ ـــ ۳ شرح نخبہ ص ۲۲

بوڑھا کر دیا۔

دار قطنی کہتے ہیں یہ حدیث مضطرب ہے یہ صرف بطریق ابی اسحاق روایت کی گئی ہے اور ابو اسحاق سے روایت کرنے والوں نے دس مختلف طریقوں سے یہ روایت ان سے بیان کی مثلاً ابو اسحاق کے بعض شاگردوں نے یہ روایت ان سے مرسلا بیان کی ہے اور بعض نے موصولا بعض نے ابوبکر کی مسند بتایا بعض نے سعد کی اور بعض نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی، اس کے راوی سب ثقہ ہیں اس لئے کسی روایت کو بھی ترجیح نہیں دی جاسکتی نیز یہ کہ جمع و تطبیق کا بھی یہاں کوئی امکان نہیں۔

جو شخص ایسی متباین و مختلف حدیث پر غور کرتا ہے بعض اوقات وہ یہ سوچتا ہے کہ اس حدیث کے دس متعدد و متخالف طرق سے یہ لازم نہیں آتا کہ یہ حدیث صحیح نہ ہو۔ اس لئے کہ اس کے راوی سب ثقہ ہیں اور ان کی صداقت و ثقاہت اس حد تک ہم رنگ و ہم آہنگ ہے کہ ان کی روایات میں ترجیح کا کوئی امکان نہیں یہ خیال کسی حد تک مقبول بھی ہے۔

مگر بات یہ ہے کہ کسی حدیث پر عند التعارض جو حکم عائد کیا جاتا ہے وہ اس کی روایات مختلفہ کو کئی درجات میں تقسیم کر دیتا ہے جن میں بعض روایتیں صحیح اور بعض صحیح تر ہوتی ہیں۔ مثلاً وہ حدیث جس کے راوی کے تلامذہ میں اختلاف نہ پایا جاتا ہو اس حدیث کی نسبت صحیح تر ہوگی جس میں یہ اختلاف موجود ہے اسی لئے سند میں اضطراب کو ضعف کی علامت سمجھا جاتا ہے کیونکہ روایات کا درجہ میں مساوی ہونا اور ان کا عدم تعارض صحیح حدیث کے مطابق فیصلہ صادر کرنے سے روک دیتا ہے۔ نظر بریں صحیح ہونے میں ان روایات کی مساوات گویا ضعیف ہونے میں مساوات ہے اس لئے کہ ایسی کوئی وجہ ترجیح موجود نہیں جس کی بناء پر ایک

---

[1] التدریب ص ۹۴۔

[2] التوضیح ج ۲ ص ۴۷ میں اس نظریہ کو حافظ ابن حجر کی جانب منسوب کیا گیا ہے انہوں حافظ علائی سے اخذ کیا حافظ علائی کا نام صلاح الدین ابوسعید خلیل دمشقی ثم مقدسی شافعی ہے آپ نے بیت المقدس میں ۷۶۱ھ میں وفات پائی آپ کی تصانیف جامع التحصیل فی احکام المراسیل اور اختصار جامع الاصول لابن اثیر الجزری ہیں۔ ان کا تعارف مذکورہ ذیل کتاب ہیں (الرسالۃ المستطرفۃ ص ۶۲، ۶۳)

روایت پر عمل کیا جائے اور باقی کو ترک کر دیا جائے۔

متن حدیث میں اضطراب کی مثال وہ حدیث ہے جس میں بسم اللہ کا ذکر کیا گیا ہے۔امام مسلم اپنی صحیح مسلم میں ولید بن مسلم سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اوزاعی سے سنا کہ قتادہ نے انہیں بذریعہ تحریر حضرت انس بن مالک سے سن کر اطلاع دی کہ میں نے (انس رضی اللہ عنہ نے) نبی ﷺ حضرت ابوبکر وعمر وعثمان رضی اللہ عنہم کی اقتداء میں نماز پڑھی۔ وہ قرأت کا آغاز الحمد للہ رب العالمین سے کیا کرتے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہ قرأت کے شروع میں پڑھتے اور نہ آخر میں

یہ آخری عبارت جس میں راوی صراحتاً بسم اللہ پڑھنے کی نفی کرتا ہے اس حدیث میں مضطرب ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ امام بخاری ومسلم نے اسی مسئلہ سے متعلق ایک اور روایت ذکر کی ہے جس میں بسم اللہ کا ذکر نفیاً واثباتاً کسی طرح بھی نہیں کیا گیا۔راوی صرف یہ الفاظ کہتا ہے کہ وہ قرأت کا آغاز الحمد رب العلمین سے کرتے تھے۔راوی کا مقصد یہ بیان کرنا ہے کہ قرأت کا آغاز سورہ فاتحہ سے کرتے تھے۔اگر معاملہ اسی بات پر ختم ہوجاتا تو ہم (مسلم کی حدیث کے مقابلہ میں) صحیحین کی متفق علیہ روایت کو ترجیح دیتے اور مسلم کی روایت کو مضطرب قرار نہ دیتے مگر حضرت انس رضی اللہ عنہ ہی سے ایک تیسری روایت بھی منقول ہے جس سے مستفاد ہوتا ہے کہ انس رضی اللہ عنہ سے بسم اللہ کے ساتھ نماز کا آغاز کرنے کے بارے میں جب دریافت کیا گیا تو انہوں نے جواب دیا کہ مجھے اس ضمن میں آنحضور ﷺ سے کچھ یاد نہیں ہے ظاہر ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا تردد اس ضمن میں قابل غور

---

[1] حافظ بن حجر نے حافظ علائی سے اضطراب فی الاسناد کی چھ قسمیں نقل کی ہیں۔

(۱) وصل وارسال کا تعارض (۲) موقوف ومرفوع کا تعارض (۳) متصل اور منقطع ہونے کا تعارض۔

(۴) محدثین کی ایک جماعت ایک حدیث کو ایک شخص کے واسطہ سے تابعی اور وہ جمال سے روایت کرے پھر یہی شخص اس حدیث کو کسی اور تابعی مگر اسی صحابی سے روایت کرے۔(۵) دونوں میں سے کسی ایک سند میں ایک راوی کا اضافہ۔(۶) کسی راوی کے نام ونسب میں ایسی صورت میں اختلاف کا رونما ہونا جب دونوں میں سے ایک راوی ثقہ اور ایک ضعیف ہو یہ چھ صورتیں ہے امثلہ توضیح ج ۲ ص ۳۸، ۴۷ پر مذکور ہیں)

ہے نظر بریں بسم اللہ کی کسی روایت کو بھی وہ نفیا ہو یا اثباتا ترجیح دینا بڑا دشوار کام ہے عدم ترجیح ہی کی بناء پر ہم نے پہلی حدیث کے متن کو مضطرب قرار دیا۔

مذکورہ صدر حدیث متن حدیث میں وقوع علت کی مثال بھی بن سکتی ہے یہی وجہ ہے کہ ابن الصلاح نے علوم الحدیث میں حافظ عراقی نے ابن الصلاح [1] کی کتاب کی شرح میں اور امام سیوطی نے تدریب [2] میں اس کو حدیث معلل کے طور پر ذکر کیا ہے اس میں تعجب کی کوئی بات نہیں۔ اس لئے کہ اضطراب بھی ایک طرح کی علت ہے۔ اضطراب واعلال میں چنداں فرق وامتیاز نہیں۔ [3]

حافظ ابن حجر نے جو بات معلل کے بارے میں کہی تھی وہی محدث علائی سے مضطرب کے بارے میں منقول ہے۔ امام علائی رقمطراز ہیں:

> ''حدیث مضطرب کی پہچان علوم الحدیث کے نہایت دقیق وعویص مسائل میں سے ایک ہے۔ وہی شخص اس سے عہدہ برآ ہوسکتا ہے جس کو اللہ تعالی نے روشن دماغی وسعت علم اور رواۃ ورجال کے مراتب کی پہچان میں مہارت تامہ سے نوازا ہو''۔ [4]

مذکورہ صدر بیان سے یہ حقیقت واشگاف ہوتی ہے کہ حافظ ابن حجر نے اپنی کتاب المقترب فی بیان المضطرب کی تالیف میں کس لئے دارقطنی کی کتاب العلل پر اعتماد کیا ہے بات یہ ہے کہ مضطرب اور معلل میں چنداں فرق نہیں اور اس اعتبار سے دونوں کا موضوع تقریبا ایک ہی ہے ان کی مثالیں بھی باہم ملتی ہیں۔

اس بیان سے اس امر کی بھی عقدہ کشائی ہوتی ہے کہ محدثین کرام مختلف احادیث کی

---

(۱) دیکھئے شرح کتاب ابن الصلاح ص ۹۸، ۱۰۳ (۲) التدریب ص ۸۹، ۹۱ البتہ سیوطی نے اس حدیث کو مضطرب فی المتن کی مثال کے طور پر بھی ذکر کیا ہے وہ لکھتے ہیں میرے خیال میں مضطرب المتن حدیث کی بہترین مثال وہ حدیث ہے جس میں بسم اللہ کا ذکر کیا گیا ہے ابن عبدالبر نے اس حدیث کو مضطرب قرار دیا ہے بعض اوقات ایک حدیث مضطرب بھی ہوسکتی ہے اور معلل بھی التدریب ص ۹۵۔ (۳) التوضیح ج ۲ ص ۳۷۔ (۴) التوضیح ج ۲ ص ۳۶، ۳۷۔

توزیع و تقسیم کے حریص کس لئے تھے۔ اور روایات کے اوصاف کو مختلف انواع و اقسام میں کس لئے تقسیم کرتے تھے۔

یہ دوسری بات ہے کہ ان میں سے بعض قسمیں ایک دوسری میں منقسم و مدغم ہوسکتی ہیں اقسام کا یہ تداخل اور ادغام نہ تناقص کا حامل ہے اور نہ اس سے محدثین کرام کی دیدہ ریزی اور باریک بینی کی نفی ہوتی ہے اس لئے کہ انہوں نے ایک ہی حدیث کے مختلف پہلوؤں کو دیکھا۔ جو پہلو اس بات کا مقتضی تھا کہ اس حدیث کو مضطرب قرار دیا جائے۔ اس کے پیش نظر اس کو مضطرب کا نام دیا ہے جو پہلو چاہتا تھا کہ اس حدیث کو معلل ٹھہرایا جائے۔ جب اس کی جانب نظر کی تو اس کو معلل قرار دیا۔

یہ بات پیش نظر کہ اضطراب کی بعض صورتیں حدیث صحیح و حسن کے ساتھ جمع ہوسکتی ہیں۔ یہ صورت اس وقت پیش آتی ہے جس کسی راوی کے نام و نسب اور اس کے والد کے نام میں اختلاف پیدا ہوا اور وہ راوی ثقہ ہو۔ ایسی حدیث کو اگرچہ مضطرب کہا جاتا ہے مگر اس کے مضطرب ہونے کی یہ معنی نہیں کہ یہ صحیح و حسن کے درجہ کی حدیث نہیں ہوسکتی۔ البتہ وہ اضطراب ضعیفِ حدیث کا سبب بنتا ہے جس کی صورتیں متناً و سنداً ہم بیان کر چکے ہیں۔

## (۷) مقلوب:

مقلوب اس حدیث کو کہتے ہیں جس میں کسی راوی سے متن حدیث کا کوئی لفظ یا سند میں کسی راوی کا نام و نسب بدل گیا یا مقدم کو مؤخر یا مؤخر کو مقدم کیا گیا یا ایک چیز کی جگہ دوسری چیز رکھ دی گئی ہو اس تعریف سے آشکارا ہوتا ہے کہ قلب سند و متن دونوں میں پایا جاتا ہے۔

مقلوب فی المتن کی مثال صحیح مسلم کی وہ روایت ہے جس میں ان سات آدمیوں کا

(۱) التدریب ص ۹۵۔ (۲) التدریب ص ۹۱۔ (۳) امام سیوطی تدریب ص ۹۵ پر زرکشی کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ قلب اضطراب اور شذوذ حدیث صحیح اور حسن کے ساتھ جمع بھی ہوسکتے ہیں یعنی جو حدیث مقلوب مضطرب یا شاذ ہو وہ صحیح اور حسن کے درجہ کی حدیث ہوسکتی ہے۔ (۴) الباعث الحثیث ص ۸۷۔ (۵) یہ تعریف ہم نے مقلوب کی تمام قسموں کے پیش نظر کی ہے۔

ذکر کیا گیا ہے جو روز قیامت سایہ خداوندی کے نیچے ہوں گے۔ اس حدیث[1] میں مذکور ہے کہ "وہ آدمی جس نے پوشیدہ صدقہ دیا حتی کہ اس کا بایاں ہاتھ جو خرچ کرتا ہے دائیں کو بھی اس کا پتہ نہیں چلتا"۔

صحیح کے الفاظ یوں ہیں:

"اس کا دایاں ہاتھ جو خرچ کرتا ہے بائیں کو اس کا پتہ نہیں چلتا"۔

مگر راوی سے حدیث کے الفاظ میں تقدیم و تاخیر واقع ہوگئی اور اس نے "دائیں" کو پہلے اور "بائیں" کو پیچھے ذکر کیا حالانکہ اصل حدیث میں الفاظ اس کے برعکس تھے۔

مقلوب فی الاسناد کی مثال وہ تقدیم و تاخیر ہے جو اکثر اسماء رواۃ میں رونما ہوتی ہے۔ مثلاً مُرہ بن کعب اور کعب بن مرہ اس لئے کہ ان میں سے ایک راوی کا جو نام ہے وہ دوسرے کے والد کا نام ہے[2] خطیب بغدادی نے اس موضوع پر ایک کتاب "رفع الارتیاب فی القلوب من الاسماء والنساب" نامی تحریر کی ہے۔

مذکورہ صدر دونوں مثالوں میں قلب سہواً واقع ہوا ہے عمداً نہیں تاہم اس سے بھی حدیث ضعیف قرار پائی ہے۔ اور اگر بالفرض یہ قلب عمداً وقوع پذیر ہوتا تو یہ حدیث موضوع اور من گھڑت کہلاتی۔

قلب عمداً یوں وقوع پذیر ہوتا ہے کہ ایک حدیث ایک راوی یا ایک خاص سند کی بناء پر

---

(۱) حدیث کے الفاظ یوں ہیں سات آدمی روز قیامت سایہ خداوندی تلے ہوں گے جب کہ اس کے سایہ کے سوا اور کوئی سایہ نہ ہوگا (۱) عادل سلطان (۲) وہ نوجوان جس نے عبادت خداوندی کے ماحول میں پرورش پائی ہو (۳) وہ آدمی جس کا دل مسجد سے وابستہ ہو (۴) وہ آدمی جن کی محبت فقط للہ ہو رضائے الٰہی کے لئے محبت کریں اور اسی کے لئے اسے ترک بھی کریں (۵) وہ آدمی جس کو کسی حسین اور مالدار عورت نے پکارا اور اس نے جواباً کہا کہ میں خدا سے ڈرتا ہوں (۶) وہ آدمی جس نے اس قدر پوشیدہ صدقہ دیا کہ اس کے بائیں ہاتھ کو صدقہ کا علم نہیں جو اس کے دائیں نے خرچ کیا (۷) وہ آدمی جس نے خلوت میں خدا کو یاد کیا اور اس کے آنسو بہنے لگے (شرح نخبہ ص ۲۲ نیز التوضیح ج ص ۲۰۶) (۲) شرح نخبہ ص ۲۲ (۳) الباعث الحثیث ص ۹۷ بحوالہ شرح نخبہ ص ۲۲ (۴) شرح نخبہ ۲۲

مشہور ہوتی ہے بعض واضعین (حدیث گھڑنے والے) راوی کی جگہ ایک ایسا راوی بھرتی کر دیتے ہیں۔ جس کی روایات عام طور سے مقبول ہوتی ہیں مثلاً ایک حدیث سالم بن عبداللہ سے مروی ہو اور اس کی جگہ نافع کا نام درج کر دیا جائے یا ایک سند کی بجائے دوسری سند ذکر کی جائے۔

مثلاً حماد بن عمرو نصیبی کذاب اعمش سے روایت کرتا ہے وہ ابو صالح سے اور وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ''جب راستہ میں تمہاری ملاقات مشرکین سے ہو تو ان کو پہلے سلام نہ کہو'' حماد نے یہ حدیث بدل دی اور اسے اعمش کی روایت قرار دیا۔ حالانکہ معروف روایت سہیل بن ابی صلح از والد خود از ابی ہریرہ ہے۔

اکثر محدثین احادیث کو بدل کر رواۃ حدیث کا امتحان لیا کرتے تھے ان کا مقصد حدیثیں وضع کرنا نہ تھا اور نہ یہ کہ ان کی تبدیل کردہ روایت بدستور موجود رہے۔ وہ صرف یہ دیکھنا چاہتے تھے کہ فلاں راوی کو اپنے حافظہ پر کس حد تک اعتماد ہے اور آیا وہ کسی کی غلط بات قبول کرتا ہے یا نہیں؟۔

خطیب بغدادی احمد بن منصور روباذی سے روایت کرتے ہیں کہ میں امام احمد اور یحیی بن معین کی رفاقت میں عبدالرزاق کے پاس گیا جب پہنچے تو یحیی بن معین نے احمد بن حنبل سے میں ابو نعیم کا امتحان لینا چاہتا ہوں امام احمد نے روکا مگر وہ باز نہ رہے۔ انہوں نے ابو نعیم

(۱) التوضیح ج ۲ ص ۹۹ (۲) سالم بن عبداللہ بن عمر بن خطاب القرشی العدوی سادات تابعین اور علمائے کبار میں سے تھے یہ مدینہ کے فقہاء سبعہ میں شمار ہوتے تھے ۱۰۶ھ میں وفات پائی۔ تہذیب التہذیب ج ۳ ص ۴۳۶۔ (۳) نافع تابعین مدینہ کے امام تھے ان کی کنیت ابو عبداللہ ہے یہ ابھی بچہ ہی تھے کہ کسی لڑائی میں عبداللہ بن عمر کے ہاتھ آ گئے عمر بن عبدالعزیز نے حدیثوں کی تعلیم دینے کے لئے اور مصر بھیجا یہ بڑے ثقہ راوی اور کثیر الروایۃ تھے ۱۱۷ھ میں وفات پائی۔ والتہذیب ج ۱۰ ص ۴۱۲۔ (۴) بخاری نصیبی کو منکر الحدیث اور نسائی متروک کہتے ہیں جوزقانی کہتے کہ وہ کذاب تھا ابن حبان اس کو واضع قرار دیتے ہیں (المیزان) نیز التوضیح ج ۲ ص ۱۰۱ (۵) امام مسلم نے یہ حدیث بروایت شعبہ وثوری وجریر وابن عبدالحمید وعبدالعزیز از سہیل بیان کی ہے (التوضیح ج ۲ ص ۱۰۱) (۶) الجامع ج ۱ ص ۱۷۱۔ (۷) التوضیح ۲ ص ۱۰۲ (۸) التدریب ص ۱۰۷۔

کی روایت کردہ تیس حدیثیں ایک کاغذ پر لکھیں، ہر دس احادیث پر ایک حدیث کا اضافہ کر دیا جو ابونعیم کی روایت کردہ نہ تھی پھر ہم ابونعیم کے یہاں آئے وہ ہماری طرف آئے اور اپنے مکان کے سامنے ایک چبوترے پر بیٹھ گئے۔ امام احمد کو دائیں اور یحییٰ کو بائیں جانب بٹھایا میں نیچے بیٹھ گیا۔ یحییٰ نے ابونعیم کو دس حدیثیں پڑھ کر سنائیں ابونعیم خاموش رہا پھر گیارہویں حدیث سنائی تو ابونعیم نے کہا یہ حدیث میں نے روایت نہیں کی اس کو مٹا دیجئے۔

پھر دوسری دس حدیثیں سنائی میں اور گیارہویں حدیث پڑھی تو ابونعیم نے کہا یہ بھی میں نے روایت نہیں کی اس کو مٹا دیجئے۔ پھر آخر دس حدیثیں سنائی اور تیسری پڑھی۔ یہ دیکھ کر ابونعیم غصے سے لال پیلا ہو گیا اور امام احمد کی کلائی پکڑ کر کہا ''یہ متقی آدمی ہے اس لئے اس سے ایسی حرکت سرزد نہیں ہو سکتی'' پھر احمد بن منصور کی جانب اشارہ کر کے کہا یہ معمولی آدمی ہے یہ بھی ایسا نہیں کر سکتا پھر یحییٰ کی جانب متوجہ ہو کر کہا بدکار یہ تمہاری شرارت معلوم ہوتی ہے پھر ٹانگوں سے دھکیل کر یحییٰ بن معین کو چبوترہ سے اتار دیا اور اٹھ کر گھر چل دیا۔ امام احمد نے یحییٰ بن معین سے کہا میں نے آپ سے نہیں کہا تھا کہ یوں نہ کیجئے یہ بڑا ثقہ راوی ہے یحییٰ نے کہا یہ دھکے مجھے سفر سے زیادہ عزیز ہیں۔

مگر نقاد حدیث اس قسم کی فریب دہی کو پسند نہیں کرتے کیونکہ نبی کریم ﷺ نے ایسی باتوں سے منع کیا ہے (۲) چنانچہ جب شعبہ نے ابان بن ابی عیاش کی مرویات کو الٹ پلٹ کر دیا تو مشہور محدث حرمی نے شعبہ پر اعتراض کیا اور کہا تھا اس نے بہت برا کیا۔ (۳)

حدیث مقلوب کی پہچان کے لئے وسعت علم اور روایات و اسانید میں مہارت تامہ کی ضرورت ہے جب قلب کے باوصف محدث احادیث کا پتہ چلانے میں کامیاب ہو جائے تو اس سے اس کی مہارت حدیث کا ثبوت بہم پہنچتا ہے۔

## واقعہ امتحان بخاری

اس ضمن میں خطیب بغدادی نے امام بخاری کا ایک واقعہ ذکر کیا ہے جس سے امام موصوف کی عظمت و جلالت ہماری نگاہ میں دوبالا ہو جاتی ہے خطیب ذکر کرتے ہیں کہ جب

(۱) التوضیح ج ۲ ص ۱۰۲، ۱۰۳۔ (۲) کتاب مذکور ص ۱۰۲۔ (۳) التدریب ص ۱۰۷۔

امام بخاری وارد بغداد ہوئے تو علمائے بغداد جمع ہوئے انہوں نے ایک صد احادیث کے اسانید ومتون کو باہم گڈمڈ کر دیا، ایک حدیث کے متن کے ساتھ دوسری سند لگا دی علی ہذا القیاس سب احادیث کو کھچڑی بنا دیا۔ دس آدمیوں کو دس حدیثیں دے کر کہا کہ جناب امام مجلس میں تشریف فرما ہوں تو باری باری یہ حدیثیں پیش کریں۔ ایک وقت معین طے پایا اس مجلس میں دیار غیر مثلاً خراسان وغیرہ اور خاص طور پر بغداد کے محدثین جمع ہو گئے۔ جب مجلس جم گئی تو ان دس آدمیوں میں سے ایک شخص حضرت امام کی خدمت میں حاضر ہوا اور ایک حدیث کے بارے میں پوچھا امام بخاری نے کہا مجھے نہیں معلوم۔ پھر دوسری حدیث کے بارے میں دریافت کیا امام نے وہی جواب دہرایا۔ دس کا یہی حشر ہوا۔ بخاری وہی الفاظ دہراتے چلے گئے، مجلس میں جو سمجھدار لوگ بیٹھے تھے وہ تاڑ گئے کہ آدمی سمجھدار ہے جو زیادہ دانشمند نہ تھے وہ سمجھے امام بخاری یہ حدیثیں سمجھنے سے قاصر رہے ہیں، پھر دوسرا آدمی آگے بڑھا اور ایک حدیث کے بارے میں پوچھنے لگا امام بخاری نے وہی جواب دیا، چنانچہ اس نے بھی دس حدیثیں سنائیں مگر امام کے جواب میں کوئی تبدیلی نہ آئی۔ خلاصہ یہ کہ دس آدمیوں نے باری باری سب حدیثیں سنا دیں، امام بخاری سب کے جواب میں لا اعرفہ کہتے گئے۔

جب امام بخاری نے سمجھ لیا کہ اب اور کوئی شخص باقی نہیں رہا تو پہلے شخص کی طرف متوجہ ہو کر کہا آپ کی پہلی حدیث یوں تھی دوسری اس طرح اور تیسری اس طرح یہاں تک کہ دس احادیث صحیح حالت میں بیان کر دیں انہوں نے حدیث کے ساتھ اس کا اصلی متن اور سند لگا دیا اور دوسرے آدمیوں کے ساتھ بھی یونہی کیا یہ دیکھ کر سب لوگوں نے آپ کے زبردست قوت حافظہ کو تسلیم کر لیا اور آپ کے آگے گردن تسلیم خم کر دی۔

حدیث مقلوب کے ضعیف ہونے کی وجہ ضبط کی کمی ہے اس لئے کہ اس میں تقدیم وتاخیر اور یہ تبدیلی پیدا ہو جاتی ہے علاوہ ازیں حدیث مقلوب کے فہم وادراک میں دشواری پیدا ہو جاتی ہے اور سامع غلطی میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ (التوضیح ج ۲ ص ۱۰۳)

---

التدریب ص ۱۰۶، ۱۰۷ نیز التوضیح ج ۲ ص ۱۰۴۔ والفیہ سیوطی حاشیہ ص ۱۲۲۔

## (۸) شاذ:

حدیث شاذ کی تعریف بڑی دشوار ہے، یہی وجہ ہے کہ اس ضمن میں علماء نے مستقل کتب تصنیف نہیں کیں۔ البتہ یہ درست ہے کہ شاذ میں زیادہ تر دو باتیں ملحوظ رکھی جاتی ہیں۔(۱) انفراد (۲) مخالفت۔

حدیث شاذ کی عام تعریف یہ ہے کہ ''وہ حدیث جس میں ایک ثقہ راوی دوسرے ثقہ راوی کی مخالفت کرتا ہو، اور اگر زیادہ دقیق انداز تعبیر و بیان اختیار کیا جائے تو شاذ سے وہ حدیث مراد ہوتی ہے۔ جس میں ایک مقبول راوی اپنے سے افضل راوی کی مخالفت کرر ہا ہو'' حافظ بن حجر نے تصریح کی ہے کہ حدیث شاذ کی اصطلاحی اور قابل اعتماد تعریف یہی ہے۔

حافظ ابن حجر نے مذکورہ صدر تعریف میں دو مشہور اصطلاحوں کے درمیانی بعد کو امکانی حد تک دور کرنے کی کوشش کی ہے۔ ان دونوں اصطلاحوں میں سے ایک امام شافعیؒ اور دوسری حاکم کی جانب منسوب ہے۔

امام شافعی فرماتے ہیں:

> ''حدیث شاذ کا مطلب یہ نہیں کہ ثقہ راوی وہ روایت بیان کرے جو دوسرا کوئی راوی نہ کرتا ہو، بخلاف ازیں حدیث شاذ سے مراد ہے یہ ہے کہ ثقہ راوی ایک ایسی حدیث بیان کرے جو سب لوگوں کے خلاف ہو''۔

---

(۱) اس حدیث کو شاذ اس لئے کہتے ہیں کہ یہ جمہور سے شاذ (منفرد الگ تھلگ ہوتی ہے (التوضیح ج۱ص ۳۷۷) (۲) التدریب ص ۱۸۱ (۳) شرح نخبہ ص ۱۴ (۴) امام شافعی کی ذات گرامی تعارف کی محتاج نہیں۔ آپ صاحب مذہب اور کثیر التصانیف امام تھے۔ آپ نے روئے زمین کو علم دین سے معمور کر دیا۔ آپ کا نام نامی واسم گرامی محمد بن ادریس بن عباس بن عثمان بن شافع ہے، شافع کی جانب منسوب کر کے آپ کو شافعی کہا جاتا ہے، آپ قرشی مطلبی اور مکی الاصل تھے۔ کنیت ابو عبداللہ تھی، آپ کی والدہ بنی آزد سے تھیں، آپ نے امام مالک صفیان بن عینیہ عبدالمالک بن ماجشون سے حدیث پڑھی مسلم بن خالد زنجی سے فقہ کا درس لیا، آپ نے حدیث تفسیر اور فقہ وادب پر بہت سی کتابیں تصنیف کیں۔ ان میں سے (الرسالۃ) ''الام'' اور ''المبسوط'' خاص طور سے مشہور ہیں، مصر میں ۲۰۴ھ میں بعمر ۵۴ سال وفات پائی۔

امام شافعی کی مذکورہ بالا تعریف میں ''لوگوں'' سے ثقہ راوی مراد ہیں گویا ان کی بیان کردہ تعریف کا خلاصہ یہ ہوا کہ ''حدیث شاذ وہ ہے جس میں ایک ثقہ راوی دوسرے ثقہ راویوں کی مخالفت کرتا ہو'' اس سے واضح ہوتا ہے کہ شاذ کی تعریف میں امام شافعی صرف تفرد کو پیش نظر نہیں رکھتے بلکہ بہ یک وقت تفرد اور مخالفت دونوں کو ضروری سمجھتے ہیں البتہ امام موصوف نے یہ شرط نہیں لگائی کہ ثقہ راوی اور اوثق والی راوی کی مخالفت کرے بلکہ صرف ثقات کی مخالفت کہا ہے۔

کثیر علماء حجاز نے اسی اصطلاح کو قبول کیا ہے۔ ابن الصلاح نے بھی اس کی تائید کی ہے۔ ابن کثیر نے اس سے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ جب ثقہ راوی ایسی روایت بیان کرے جو کسی اور نے نہ کی ہو اور وہ راوی حافظ وضابط بھی ہو تو اس کی روایت کو قبول کیا جائے گا کیونکہ اگر اس حدیث کو رد کر دیا جائے تو بہت سی احادیث کا مردود ہونا لازم آئے گا اور بہت سے مسائل بلا دلائل رہ جائیں گے۔

امام ابن قیم[4] پرزور الفاظ میں اس کی تائید کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''حدیث شاذ سے مراد یہ ہے کہ ایک راوی دوسرے ثقہ راویوں کی مخالفت کرے، جب ثقہ راوی ایک منفرد روایت بیان کرے اور ثقہ راویوں نے اس کی مخالفت نہ کی نہیں کہتے، اور اگر ایسی حدیث کو شاذ کہا بھی جائے تو اس کے معنی یہ نہیں کہ اصلی ہو تو اس کو شاذ اصطلاح اس سے ناقابل قبول ہو جائے گی''۔(۵)

امام حاکم فرماتے ہیں:

(۱) معرفۃ علوم الحدیث ص۱۱۹ التدریب ص۸۱ والتوضیح ج۱ ص۳۷۷۔ (۲) اختصار علوم الحدیث ص۶۲، ۶۳۔ (۳) اختصار علوم الحدیث ص۶۲، ۶۳۔ (۴) شمس الدین ابو عبد محمد بن ابی بکر بن ایوب بن سعد بن حریز الذرعی الدمشقی بہت بڑے امام حدیث تھے۔ آپ ابن قیم الجوزمیۃ کے لقب سے مشہور تھے۔ آپ حنبلی المسلک تھے۔ ۷۵۱ھ میں وفات پائی۔ (۵) اغاثۃ اللھفان ص۱۶۰

"حدیث شاذ وہ ہے جس کے روایت کرنے میں ایک ثقہ راوی منفرد ہو اور اس کی تائید دوسری کسی راویت سے نہ ہوتی ہو"۔ (۱)

امام حاکم صراحۃً حدیث شاذ میں تفرد کی قید لاتے ہیں۔ وہ مخالفت کی شرط عائد تو کرتے ہیں مگر صراحت نہیں۔

اگر ثقہ راوی کی روایت کی تائید کسی اور حدیث سے ہوتی ہو تو ثقات کی مخالفت کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔ جیسا کہ ہم دیکھ چکے ہیں کہ امام حاکم حدیث شاذ میں مؤید حدیث کے نہ ہونے کی شرط لگاتے ہیں تو گویا مخالفت کا مفہوم ان کے یہاں ضمناً معتبر سمجھا گیا ہے، دور جانے کی ضرورت نہیں۔ امام حاکم نے حدیث شاذ کی تعریف میں خود ہی یہ حقیقت الم نشرح کردی ہے۔ چنانچہ اپنی تعریف سے متصل امام شافعی کی بیان کردہ تعریف لا کر اس ضمن میں تمام مشکوک وشبہات کو صاف کر دیا ہے اور یہ بات واضح کردی ہے کہ ان کی اپنی اور امام شافعی دونوں کی تعریف میں کوئی فرق نہیں پایا جاتا، دونوں تعریفوں میں امام حاکم کے نزدیک اس حد تک تماثل وتشابہ پایا جاتا ہے کہ انہوں نے حدیث شاذ کی صرف ایک مثال بیان کر کے اس طرح اشارہ کیا ہے کہ اگر چاہو تو اس کو ان (حاکم) کی بیان کردہ تعریف کی مثال بنالو اور اگر چاہو تو یوں کہو کہ یہ امام شافعی کی تعریف کی مثال ہے۔

امام حاکم نے حدیث شاذ کی مثال کے طور پر یہ روایت بیان کی ہے کہ ابوبکر محمد بن احمد موسیٰ بن ہارون سے وہ قتیبہ بن سعید سے وہ لیث بن سعد سے وہ یزید بن ابی حبیب سے وہ ابوالطفیل سے اور وہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ غزوہ تبوک میں جب آفتاب کے ڈھلنے سے قبل کوچ کرتے تو ظہر کو مؤخر کر کے عصر کے ساتھ ملا کر پڑھتے اور جب آفتاب ڈھلنے کے بعد عازم سفر ہوتے تو ظہر وعصر دونوں نمازیں ادا کر لیتے۔ پھر سفر پر روانہ ہوتے جب مغرب سے قبل کوچ کرتے تو مغرب کو مؤخر کر کے عشاء کے ساتھ ادا کرتے اور جب مغرب کے بعد سفر پر روانہ ہوتے تو عشاء کو مغرب کے ساتھ ملا کر پڑھ لیتے۔

---

(۱) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۱۹

امام حاکم مذکورہ صدر حدیث پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''اس حدیث کے راوی اگر چہ ثقہ ہیں مگر اس کا متن و اسناد دونوں شاذ ہیں علاوہ ازیں ہم اس میں کوئی علت بیان نہیں کر سکتے اگر لیث اس حدیث کو ابو الطفیل سے روایت کرتے تو اس کی وجہ سے ہم حدیث کو معلل ٹھہراتے۔ یا یزید بن ابی حبیب ابو الزبیر سے روایت کرتے تو بھی ہم اس کو معلول قرار دیتے۔ جب اس میں یہ دونوں علتیں نہیں پائی جاتیں تو اس کو معلل ٹھہرانے کی کوئی وجہ نہیں ہے پھر جب ہم نے غور کیا تو دیکھا کہ یزید بن ابی حبیب کی ابو طفیل سے کوئی روایت ثابت نہیں۔ نیز یہ کہ ابو الطفیل کے شاگردوں میں سے کوئی بھی اس روایت کو ان الفاظ کے ساتھ بیان نہیں کرتا اور نہ ان لوگوں میں سے اس کی کوئی تائید کرتا ہے جنہوں نے یہ حدیث بروایت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ از ابو الطفیل بیان کی ہے۔ اس لئے ہم نے یہ فیصلہ صادر کیا کہ یہ حدیث شاذ ہے''۔ (۱)

امام حاکم نے اس امر کی انتہائی کوشش کی ہے کہ حدیث زیر تبصرہ کو معلل نہ کہا جائے، انہوں نے صراحۃً کہا ہے کہ اس کی کوئی علت ہمارے علم میں نہیں آئی لہٰذا اس حدیث کو معلول ٹھہرانے کی کوئی وجہ نہیں۔ اس کی وجہ امام حاکم کا یہ شعور و احساس ہے کہ حدیث شاذ میں جو صعوبت پائی جاتی ہے، وہ معلل میں بھی موجود ہوتی ہے۔ کسی حدیث کے ناقد کو بسا اوقات یہ بات کھٹکتی ہے کہ فلاں بات غلط ہے مگر وہ دلیل دے کر اسے منوا نہیں سکتا (۲)۔ اس لئے امام حاکم کو معلل و شاذ کے درمیان فرق کرنا پڑا۔

امام حاکم فرماتے ہیں:

''معلول اس حدیث کو کہتے ہیں جس کی علت معلوم ہو ما ایک حدیث دوسری میں داخل ہو گئی ہو یا راوی سے وہم سرزد ہوا ہو یا ایک واری نے روایت مرسلاً بیان کی ہو اور وہم کرنے والے نے اسی کو موصولاً بیان کر دیا (۳) اگر چہ حدیث

(۱) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۱۹، ۱۲۰ (۲) التدریب ص ۸۱ نیز الفیہ سیوطی حاشیہ ص ۹۲ (۳) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۱۹۔

معلل کی علت پوشیدہ ہوتی ہے تاہم اس سے باخبر ہونا ممکن ہوتا ہے۔ مگر شاذ معلل کی نسبت دقیق تر ہوتی ہے اور اس کا پتہ چلانا بہت مشکل ہوتا ہے اس کا فیصلہ وہی صادر کر سکتا ہے، جو اس فن میں وسیع تجربہ رکھتا ہو، ذہین وفطین ہو اور اس علم میں اللہ تعالیٰ نے اسے انتہائی عمدہ ملکہ عطا کیا ہو"۔ (۱)

حدیث شاذ میں دشواری اس لئے پیش آتی ہے کہ یہ فیصلہ صادر کرنا نہایت مشکل ہے کہ فلاں حدیث کی تائید دوسری کسی روایت سے نہیں ہوتی۔ اس لئے کہ اس امر کا انحصار نہایت گہری طلب وتلاش اور تحقیق پر ہے۔

غالباً امام حاکم نے حدیث شاذ میں جس باریک بینی اور دقت وصعوبت کا ذکر بڑے مبالغہ آمیز طریقہ سے کیا ہے اسی بناء پر ان کو حدیث شاذ کی تعریف میں منفرد اور جمہور کی رائے سے الگ خیال کیا جاتا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ ابن الصلاح حاکم کے نظریہ کی تضعیف کرتے اور حدیث "انما الاعمال بالنیات" کی بناء پر ان کی بیان کردہ تعریف پر اعتراض وارد کرتے ہیں۔

حدیث "انما الاعمال بالنیات" کے روایت کرنے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ منفرد ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرنے والے صرف علقمہ اور ان سے صرف محمد بن ابراہیم نے روایت کی اور ان سے صرف یحیی بن سعید انصاری (۲) نے ہم وہ غیر مشہور روایات قبل ازیں ذکر کر چکے ہیں۔ جو علما اس حدیث کی تائید میں پیش کرتے ہیں نقاد حدیث کے تبصرہ سے یہ حقیقت اجاگر ہوتی ہے، کہ مذکورہ صدر حدیث متابعات وشواہد کے باوصف صرف اسی سند سے صحت کے درجہ کو پہنچتی ہے جس کا ذکر ہم کر چکے ہیں۔

ابن العربی کا دعوی ہے کہ انہوں نے تیرہ مختلف سندات سے یہ حدیث روایت کی ہے ان کے اہل شہر جب ان مختلف سندات کا پتہ چلانے میں ناکام رہے تو انہوں نے ابن العربی کو ہدف طعن بنانا شروع کیا۔

ایک شاعر کہتا ہے:

(۱) التوضیح ج اص ۳۷۹۔ (۲) اختصار علوم الحدیث ص ۶۱ (۳) ہم قبل ازیں اس کی وضاحت کر چکے ہیں۔

”یا اهل حمص من بها اوصیکم بالبر و التقوی وصیة مشفق

فخذوا عن العربی اسماء الدحی وخذوا الروایة من امام متقی

ان الفتی ذرب اللسان مهذب ان لم یجد خبرا صحیحا یخلق“

(۱) اے حمص (اشبیلیہ) والو میں تمہیں ایک شفیق کی طرح نیکی اور تقوی کی نصیحت کرتا ہوں۔

(۲) عرب والوں سے تاریکی کے نام سیکھو (عربی زبان سیکھو) اور حدیث کا علم ایک متقی امام (ابن العربی) سے حاصل کرو۔

(۳) یہ نوجوان (ابن العربی) بڑا تیز زبان اور شائستہ ہے۔ اگر اس کو کوئی صحیح روایت نہ ملے تو یہ خود بھی حدیثیں گھڑ لیتا ہے۔

جب مذکورہ صدر حدیث امام حاکم کی رائے کے مطابق حدیث شاذ کی مثال نہیں بن سکتی اس لئے کہ اگرچہ یہ روایت متفرد ہے تاہم صحیح ہے اور صحیح حدیث شاذ نہیں ہوسکتی تو بکثرت احادیث ایسی ہیں جن کو جمہور نے شاذ کی مثال کے طور ذکر کیا ہے اور لطف یہ ہے کہ امام حاکم نے شاذ کی جو تعریف کی ہے وہ بھی ان پر صادق آتی ہے کیونکہ متابعات وشواہد کے نہ پائے جانے کی وجہ سے ان میں ثقات کی مخالفت موجود ہے۔ اس کی واضح ترین مثال ابوداؤد اور ترمذی کی وہ حدیث ہے جو عبدالواحد بن زیاد اعمش سے اور وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعا روایت کرتے ہیں کہ جب تم میں سے کوئی فجر کی دو رکعتیں پڑھ لے تو دائیں پہلو پر لیٹ جائے۔

مشہور محدث امام بیہقی[۳] فرماتے ہیں:

---

(۱) حمص سے اشبیلیہ کا شہر مراد ہے کیونکہ ابن العربی اسی شہر میں رہتے تھے اشبیلیہ کا دوسرا نام حمص بھی ہے (۲) التوضیح ج۱ ص۳۸۱ (۳) امام بیہقی کا نام احمد بن حسین بن علی اور کنیت ابو بکر ہے بیہق نیشاپور سے ساٹھ میل کے فاصلہ پر چند دیہات کا نام ہے امام بیہقی کثیر التصنیف تھے۔ بعض علماء کے نزدیک آپ نے ایک ہزار کتابیں تحریر کیں۔ ان میں سے السنن الکبری اور دلائل النبوۃ زیادہ مشہور ہیں۔ امام بیہقی نے ۴۵۸ھ میں وفات پائی (الرسالۃ المستطرفۃ ۲۵، ۲۶)

’’عبدالواحد نے اس روایت میں بہت سے راویوں کی مخالفت کی ہے۔ اس لئے کہ دیگر راویان حدیث نے فجر کی سنتوں کے بعد لیٹنے کو آپ کے فعل کی حیثیت سے روایت کیا ہے قول کے طور پر نہیں صرف عبدالواحد نے یہ روایت ان الفاظ کے ساتھ بیان کی ہے‘‘۔ (۱)

نقاد حدیث اس ضمن میں ابویعلی خلیلی (۲) کی تعریف کا ذکر بھی کرتے ہیں جو انہوں نے دیگر حفاظ حدیث سے نقل کی ہے۔ ان کے خیال میں حدیث شاذ وہ ہے جس کی ایک ہی سند ہو خواہ اس کو روایت کرنے والا ثقہ ہو یا غیر ثقہ ثقہ راوی حدیث شاذ روایت کرے گا تو اس میں توقف کیا جائے گا اور اس سے احتجاج نہیں کیا جائے گا اسی طرح غیر ثقہ راوی کی حدیث شاذ کو بھی رد کر دیا جائے گا۔ (۳)

ابن الصلاح کو چاہیے تھا کہ جس طرح انہوں نے حاکم کی رائے کی تضعیف کی تھی اسی طرح خلیلی کے نظریہ کی بھی تردید کرتے مگر خلیلی اور امام حاکم کے نظریات میں بڑا فرق پایا جاتا ہے۔ وہ فرق یہ ہے کہ امام حاکم کی رائے کو جمہور کے نظریہ کے مطابق وموافق قرار دیا جاسکتا ہے۔ مگر خلیلی کی رائے کسی طرح بھی جمہور کے نظریہ سے ہم آہنگ نہیں ہوسکتی۔ خلیلی صرف تفرد کو حدیث کے شاذ ہونے کے لئے کافی خیال کرتے ہیں۔ ضروری نہیں کہ وہ کسی حدیث کی مخالف بھی ہو۔ جب کہ جمہور کے نزدیک حدیث شاذ میں تفرد اور مخالفت ثقات دونوں شرطیں معتبر ہیں، البتہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ خلیلی نے شاذ کی یہ تعریف از خود نہیں کی بلکہ حفاظ حدیث کے قول کو نقل کر دیا ہے اس لئے یہ تعریف خلیلی کے ساتھ مختص نہیں بلکہ شاذ کی وہی تعریف ہے جو امام شافعی نے بیان کی اور جمہور نے اسے اختیار کیا (۴) خلیلی نے صرف

(۱) التدریب ص ۸۲ یہ شاذ المتن کی مثال ہے کیونکہ عبدالواحد ان الفاظ کے روایت کرنے میں منفرد ہے۔ باقی راویوں نے اس کو آپ کا فعل بتایا ہے قول نہیں۔ (۲) قاضی حافظ خلیل بن عبداللہ قزوینی متوفی ۴۴۶ھ آپ نے ایک کتاب الارشاد فی علماء البلاد تصنیف کی۔ اس کتاب میں انہوں نے اپنے زمانہ تک محدثین اور علماء کا ذکر ترتیب بلاد کے اعتبار سے کیا ہے پھر ابن تطولفائے نے اس کو مروت کے مطابق مرتب کیا۔ ابن تطولفائے ۸۷۹ھ میں وفات پائی (الرسالۃ المستطرفہ ص ۹۷) (۳) اختصار علوم الحدیث ص ۶۱ (۴) التدریب ص ۸۱

یہ کیا کہ علماء کی رائے کو امانت ودیانت سے نقل کر دیا۔ (۱)

یہ امر قابل ذکر ہے کہ اگر خلیلی کی بیان کردہ تعریف کو درست تصور کیا جائے تو اس سے بڑے خطرناک نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔ اس کے پیش نظر بعض اوقات لازم آئے گا کہ حدیث صحیح بھی شاذ ہو حالانکہ ہم نے حدیث صحیح کی تعریف میں یہ شرط عائد کی تھی کہ صحیح حدیث جس طرح ہر علت سے پاک ہوتی ہے اسی طرح وہ شذوذ سے بھی سالم ہوتی ہے۔ البتہ ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ جس طرح محدث خلیلی حدیث صحیح کو معلول بھی کہتے ہیں اور اصطلاح کے دائرہ میں محدود نہیں رہے اسی طرح جب ثقہ راوی کسی روایت کے ذکر کرنے میں شاذ اور متفرد ہو تو وہ اس کو بھی عام اصطلاح کے خلاف حدیث صحیح وشاذ کہتے ہیں۔ اس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ خلیلی حدیث شاذ کی ایک انوکھی اور نرالی تعریف کرنے کے باوجود جمہور کے مخالف نہیں ہیں بلکہ ان کی رائے بھی جمہور سے ملتی جلتی ہے اور سے ہمارے اس اعتماد کو تقویت بہم پہنچتی ہے کہ خلیلی نے جمہور ہی کی رائے نقل کی ہے۔

مذکورہ صدر بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ حدیث شاذ کی تعریف میں تفرد اور مخالفت دونوں شرائط کا عائد کرنا ضروری ہے۔

اورانہی دو وجوہات کی بناء پر حدیث شاذ صحیح حدیث سے جدا ہو کر احادیث صحیفہ میں شمار ہونے لگتی ہے اب یہ بات باقی رہی کہ جب ثقہ یا غیر ثقہ راوی کسی حدیث کے روایت کرنے میں متفرد ہو البتہ اس کی روایت کسی دوسری روایت کے خلاف نہ ہو تو ایسی روایت تفرد مطلق کی ایک نوع ہے۔

یاد رہے کہ حدیث فرد میں تفرد مطلق ہی کا نقص وعیب پایا جاتا ہے ہم حدیث فرد کو صحیح حسن اور ضعیف کے مشترک اقسام میں ذکر کریں گے فرد کو حدیث شاذ میں مدغم کرنے کی کوئی وجہ جواز نظر نہیں آتی۔

باقی رہی یہ بات کہ جب ثقہ راوی کسی راویت کے بیان کرنے میں متفرد ہو تو اس میں توقف سے کام لیا جائے اور جب غیر ثقہ راوی متفرد ہو تو اس حدیث کو رد کر دیا جائے۔ ان

(۱) اختصار علوم الحدیث ص ۶۱ (۲) التوضیح ص ۳۸۴ (۳) دیکھئے کتاب ہذا (علوم الحدیث) میں حدیث مخلل کی بحث۔

دونوں امور کا تعلق احتجاج وعدم احتجاج کے ساتھ ہے اور حدیث کے صحیح یا ضعیف ہونے کے ساتھ اس کا کچھ تعلق نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جو حدیث احتجاج واستدلال کی صلاحیت رکھتی ہو اس کو ہم نے احادیث صحیحہ اور حسن میں شمار کیا ہے صحیح اور حسن کے علاوہ احادیث صحیحہ احتجاج کے قابل نہیں بلکہ مردود ہیں ساری بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ اوصاف القاب کا تنوع وتخالف ضروری نہیں کہ ہمیشہ اقسام واصطلاحات سے ہم رنگ وہم آہنگ ہی ہو۔ (۱)

منکر: (۲)

حدیث منکر کی دقیق ترین تعریف یہ ہے کہ منکر اس حدیث کو کہتے ہیں جس کو ضعیف راوی ثقہ راوی کی مخالفت کرتے ہوئے بیان کرتا ہے حدیث منکر شاذ سے مختلف ہوتی ہے۔ اس لئے کہ شاذ کا راوی ثقہ ہوتا ہے اور منکر کا روایت کنندہ ضعیف اور غیر ثقہ ہوتا ہے۔ حدیث منکر مقابل کو معروف اور حدیث شاذ کی ضد کو محفوظ کہتے ہیں اس لئے کہ منکر راوی جس حدیث کی مخالفت کرتا ہے وہ جانی پہچانی اور مشہور ہوتی ہے اگرچہ محفوظ نہیں ہوتی کیونکہ حفظ وضبط کے ایک درجہ کا نام ہے جس سے ضعیف حدیث کے راوی کو دور کی مناسبت بھی نہیں ہوتی۔

بخلاف ازیں حدیث شاذ کا راوی ثقہ ہونے کے ساتھ ساتھ زیادہ تر حافظ وضابط بھی ہوتا ہے مگر وہ جس راوی کی مخالفت کرتا ہے وہ حفظ واتقان میں اس سے بھی بڑھ کر ہوتا ہے تو گویا شاذ کا راوی مشہور حدیث کی مخالفت نہیں کرتا بلکہ اس حدیث کو جو محفوظ ہوتی ہے اور اس کا راوی صاحب ضبط واتقاق ہوتا ہے۔

---

(۱) ہم قارئین کرام سے معذرت خواہ ہیں کہ حدیث شاذ کی تعریف میں ہم کو متخالف ومتعارض نظریات وافکار کے بیان کرنے کی ضرورت لاحق ہوگی ورنہ ہم نے وعدہ کر رکھا ہے کہ جدل ونزاع سے امکانی حد تک احتراز کریں گے۔ چونکہ شاذ کی تعریف میں بظاہر تناقض وتضاد نظر آتا ہے اس لئے ہم نے طوالت سے کام لیا؟؟ کہ ہم بظاہر متخالف نظریات میں اتحاد و یگانگت ثابت کرنے میں کامیاب رہے ہیں اس لئے بحث وجدل میں الجھے بغیر دونوں میں سے ایک نظریہ پر عمل کیا جا سکتا ہے۔ (۲) منکر انکر ماضی سے اسم مفعول ہے اس کے معنی ہیں انکار کرنا اور پہچان نہ کرنا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ محدثین اصطلاحی الفاظ میں لغوی مفہوم کو بھی پیش نظر رکھتے ہیں۔ (۳) ہم قبل ازیں القاب مشترکہ میں حدیث محفوظ کا ذکر کر چکے ہیں۔

حافظ ابن حجر فرماتے ہیں:

''اور حدیث صحیح وحسن کے راوی کی زیادت قبول ہے بشرطیکہ وہ اس راوی کے خلاف نہ ہو جو اس سے زیادہ ثقہ ہو اگر ایسا راوی اس کی مخالفت کرتا ہو جو حفظ وضبط کی زیادتی یا کثرت عدد یا کسی اور وجہ ترجیح کی بناء پر اس کے مقابلہ میں ارجح ہو تو دریں صوت راجح کو محفوظ اور مرجوح کو شاذ کہیں گے اگر حدیث ضعیف اس کی مخالف ہو تو راجح کو معروف اور اس کے مقابل کو منکر کہیں گے''۔ (۱)

مگر ابن الصلاح منکر وشاذ میں فرق نہیں کرتے اور دونوں کو مترادف قرار دیتے ہیں۔

ابن الصلاح نے البرودیجی سے منکر کی یہ تعریف نقل کی ہے:

''منکر اس حدیث کو کہتے ہیں جس کے روایت کرنے میں کوئی شخص منفرد ہو اور دوسرے کسی طریقہ سے بھی اس کی تائید نہ ہوتی ہو''۔ (۲)

گویا حدیث منکر میں ابن الصلاح کے نزدیک صرف تفرد کا عیب پایا جاتا ہے۔ اور حدیث متفرد کو اکثر محدثین مردود ومنکر اور شاذ قرار دیتے ہیں۔ تفرد علی الاطلاق کی دو قسمیں ہوتی ہیں:

(۱) مقبول (۲) مردود

جب کوئی راوی کسی حدیث کے بیان کرنے میں متفرد ہوگا تو دیکھیں گے کہ آیا وہ روایت کسی زیادہ ثقہ راوی کے خلاف تو نہیں اگر ایسا ہے تو اس کی روایت شاذ اور مردود ہوگی اور اگر اس کی ذکر کردہ روایت کسی دوسرے راوی کی روایت کے خلاف نہیں بلکہ سرے سے کسی اور راوی نے اس قسم کی کوئی روایت بیان ہی نہیں کی تو اس منفرد راوی کو دیکھیں گے اگر یہ راوی صاحب الفظ والعدالت ضابط اور قابل اعتماد ہوا تو اس کی منفرد روایت کو بلا نقد وجرح قبول کرلیں گے اور اگر قابل اعتماد نہ ہوا تو اس کے منفرد ہونے کی بناء پر اس کی روایت کو احادیث صحیحہ میں شمار نہیں کریں گے۔ (۴)

---

(۱) شرح نخبہ ص ۱۲، ۱۴۔ (۲) التوضیح ج ۲ ص ۴، ۵۔ (۳) التوضیح ج ۲ ص ۶ (۴) التوضیح ج ۲ حاشیہ ص ۱۴۔

ابن الصلاح نے تفرد مطلق کی قسمیں بیان کر کے اس جانب اشارہ کیا ہے کہ حدیث شاذ کی جتنی قسمیں ہیں حدیث منکر بھی اتنی ہی قسموں میں منقسم ہوتی ہے۔ان دونوں میں ارجح راوی کی مخالفت پائی جاتی ہے۔شاذ اور منکر دونوں کی دو قسمیں ہیں:

(۱) مقبول (۲) مردود

مذکورہ صدر بیان کے پیش نظر اگر یہ کہا جائے کہ ابن الصلاح منکر و شاذ کو مترادف قرار دیتے ہیں تو اس میں تعجب کی کوئی بات نہیں۔[۱]

مگر منکر اور شاذ کو مترادف قرار دینا بعید از عقل وصواب ہے۔

امام سیوطی فرماتے ہیں:

المنکر الذی روی غیر الثقة　　مخالفا فی نخبة قد حققه

قابله المعروف والذی رای　　ترادف المنکر والشاذ نای [۲]

(۱) حدیث منکر وہ ہے جو ضعیف راوی ثقہ کی مخالفت کرتے ہوئے بیان کرے جیسا کہ (ابن حجر) نے نخبہ میں واضح کیا ہے۔

(۲) منکر کی مقابل کو معروف کہتے ہیں جو شخص منکر اور شاذ کو مترادف قرار دیتا ہے وہ غلطی پر ہے۔

امام سیوطی نے یہ طنز ابن الصلاح پر کی ہے جو شاذ اور منکر کو مترادف قرار دینے کی وجہ سے جادہ اعتدال سے دور نکل گئے۔حافظ ابن حجر بھی ابن الصلاح پر طنز کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"جس نے منکر و شاذ دونوں کو ایک سمجھا اس نے غفلت کا ثبوت دیا۔"[۳]

حدیث منکر کی واضح ترین مثال وہ روایت ہے جو ابن ابی حاتم[۴] نے بطریق حبیب

---

(۱) التدریب ص۸۲ (۲) الفیہ سیوطی ص۹۳ دیکھئے شعر نمبر ۱۸۰،۱۸۱ (۳) شرح نخبہ ص۴ (۴) عبدالرحمٰن بن ابی حاتم محمد بن ادریس بن المنذر رازی شہری کے عظیم حافظ حدیث تھے۔آپ کی مسند ایک ہزار اجزاء پر مشتمل ہے (الرسالۃ المستطرفۃ ص۵۴)

بن حبیب یہ حمزہ بن حبیب زیادت قاری (۱) کے بھائی تھے از ابی اسحاق از عیزار از ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم روایت کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''جس نے زبان کی پابندی کی، زکوۃ ادا کی، حج کیا روزے رکھے اور مہمان کی خاطر ومدارات کی تو وہ جنت میں جائے گا''۔

ابو حاتم کہتے ہیں کہ یہ راوی منکر ہے کیونکہ دوسرے ثقہ راویوں نے یہ روایت ابو اسحاق سے موقوفاً بیان کی ہے اور یہ روایت اس کے مقابلہ میں معروف ہے۔ (۲)

اس امر میں بڑی احتیاط کی ضرورت ہے کہ بعض آئمہ حدیث نے محض تفرد پر بھی منکر کا اطلاق کیا ہے (۳) اس لئے حدیث منکر میں علامات انکار کا وجود از بس ناگزیر ہے تا کہ حدیث کی دوسری صورتوں کے ساتھ منکر کا التباس لازم نہ آئے۔ چنانچہ منکر کی نمایاں علامت یہ ہے کہ جب اس کا تقابل دوسرے ثقہ راویوں کی روایت کے ساتھ کیا جائے تو حدیث منکر ان کے خلاف ہو حالانکہ دوسرے راویوں کی روایت جھوٹ سے پاک ہے۔ (۴)

بعض اوقات محدثین یوں بھی کہتے ہیں۔:

هذا انكر ما رواه فلان          اس نے فلاں روایت کی مخالفت کی ہے۔

اگرچہ جس روایت کے بارے میں یہ الفاظ کہے جاتے ہیں۔ وہ ضعیف نہیں ہوتی مثلاً محدث ابن عدی فرماتے ہیں:

''اس راوی نے یزید بن عبداللہ ابن بردہ کی روایت کردہ حدیث کی مخالفت کی ہے جس میں مذکور ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کسی امت کی بھلائی چاہتے ہیں تو اس امت کی موجودگی میں اس کے نبی کی روح قبض کر لیتے ہیں''۔ (۵)

یہ سند حسن ہے اور اس کے راوی ثقہ ہیں بعض لوگوں نے اس کو احادیث صحیحہ میں شمار کیا ہے۔ (۶)

---

(۱) یہ قراء سبعہ میں سے ایک تھے یہ عکرمہ بن ربیع کے آزاد کردہ غلام تھے انہوں نے اعمش سے درس لیا۔ (۲) شرح نخبہ ص ۱۴ (۳) التوضیح ج ۲ ص ۶ (۴) التوضیح ج ۲ ص ۷ (۵) التدریب ص ۸۵ (۶) التدریب ص ۸۵

## (۱۰) متروک:

محدثین کی اصطلاح میں متروک اس حدیث کو کہتے ہیں جس کے راوی پر حدیث میں دروغ گوئی یا کسی قول وفعل کی وجہ سے فسق کا الزام عائد کیا گیا ہو یا وہ غافل طبع اور کثیر الوہم ہو۔[۱]

مثلاً صدقہ بن موسی کی فرقد سے روایت جو اس نے مرہ سے اور اس نے ابو بکر سے سنی اسی طرح عمرو بن شمر کی جابر سے روایت جو اس نے حارث اعور سے اور اس نے حضرت علی سے سنی۔

مذکورہ صدر حدیث ضعیف کی ایسی دس قسمیں ہیں جو بالکل ضعیف ہیں اگر چہ ان میں بھی فرق مراتب پایا جاتا ہے اور سب کے ضعف کا درجہ مساوی نہیں ہے۔ ضعف کا یہ بعد وتفاوت حال رواۃ کے تابع ہے جس طرح حدیث صحیح بھی ہوتی ہے اور صحیح تر بھی۔ اسی طرح حدیثیں ضعیف بھی ہوتی ہیں اور اضعف (ضعیف تر) بھی امام حاکم نے اپنی معروف کتاب ''معرفۃ علوم الحدیث''[۴] میں ضعیف اسانید ورجال کی بڑی عمدہ تفصیل بیان کی ہے۔

## کیا موقوف مقطوع روایات احادیث ضعیفہ میں شامل ہیں؟

جیسا کہ ہم نے آغاز بحث میں عرض کیا تھا ہم نے اب تک حدیث ضعیف کی صرف انہی قسموں کا ذکر کیا ہے جو کسی خاص نام سے جانی پہچانی جاتی ہیں۔

ایسی حادیث ضعیفہ جو کسی خاص نام سے معروف نہیں ہم نے ان کی طرف صرف اجمالی اشارہ کیا ہے

حدیث کی ایسی قسموں کا ذکر کرنے سے قبل جن میں صحیح وحسن اور ضعیف مشترک ہیں اوران کے مابین کوئی امتیاز قائم نہیں کیا گیا۔ ہم دو مسئلے چھیڑنا چاہتے ہیں۔

(۱) پہلا مسئلہ یہ ہے کہ آیا موقوف اور مقطوع روایات کو ضعیف قرار دے سکتے ہیں؟

---

(۱) الفیہ سیوطی حاشیہ ص ۹۴۔ (۲) التدریب ص ۸۴ نیز شرح نخبہ ص ۱۴ و معرفۃ علوم الحدیث ص ۵۶۔ (۳) معرفۃ علوم الحدیث ص ۵۸،۵۶۔ (۴) معرفۃ علوم الحدیث ص ۵۸،۵۶۔

(۲) دوسرا یہ کہ احادیث ضعیفہ کے جواز کے بارے میں شرعی حکم کیا ہے؟ نیز آیا ان پر عمل کر سکتے ہیں یا نہیں؟۔

## موقوف:

صحابی کے قول فعل یا تقریر کو موقوف کہتے ہیں۔

مثلا راوی یوں کہے کہ ''حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے یوں کہا'' یا ''حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یوں کیا'' یا ''حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالی عنہ کے سامنے فلاں کام کیا گیا اور آپ نے منع نہ فرمایا''۔

خلاصہ یہ کہ حدیث مرفوع میں قول فعل یا تقریر (وہ کام جو آپ کی موجودگی میں کیا گیا ہو اور آپ نے اس سے روکا نہ ہو) کا صدور سرور کائنات ﷺ سے ہوتا ہے۔

بخلاف ازیں موقوف روایات میں قول وفعل یا تقریر کا ماخذ مصدر صحابی ہوتا ہے۔ اسی اساس پر بعض علماء نے موقوف روایات کو ضعیف ٹھہرایا[۱] ہے اس لئے کہ مرفوع روایت کو جو تقدس حاصل ہتا ہے وہ جلیل القدر صحابہ کی روایت کے حصہ میں نہیں آیا مگر ہم اس اساس پر موقوف روایات کو ضعیف ٹھہرانے کی کوئی وجہ جواز نہیں دیکھتے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب ہم کسی موقوف روایت میں صحیح یا حسن کے اوصاف دیکھ کر اس پر حدیث صحیح یا حسن ہونے کا فیصلہ صادر کرتے ہیں تو اس وقت ہمارا یہ فیصلہ حدیث رسول کے بارے میں نہیں بلکہ صحابی ہی کی روایت کے بارے میں ہوتا ہے۔

بناء بریں موقوف روایت کے بارے میں صحیح یا حسن ہونے کا فیصلہ مبنی بر کذب ودروغ نہیں ہوتا اور نہ ہم صحابی کی جانب ایسی بات کو منسوب کرتے ہیں جو اس نے نہ کہی ہو۔ مزید براں جب ہم موقوف روایت کو صحیح یا حسن قرار دیں تو اس سے یہ مراد نہیں لیتے کہ ہم اسکو واجب العمل سمجھتے ہیں۔ ہم اسی روایت پر عمل کرنے کو مباح سمجھتے ہیں جس کے بارے میں قطعی طور پر ہمیں معلوم ہو جائے کہ اس میں رائے واجتہاد کی کوئی گنجائش نہیں ہے[۲]

(۱) قواعد التحدیث ص ۱۱۱ (۲) شرح نخبہ ص ۲۶

اس لئے کہ صحابی وہی کہتا ہے وہی کرتا ہے اور اسی فعل کی تائید کرتا ہے جو آنحضور ﷺ سے ثابت ہو۔

چنانچہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''جو شخص کسی نجومی یا کاہن کے پاس آیا اس نے محمد ﷺ کی رسالت کا انکار کیا۔''(۱)

جب موذن اذان دے رہا ہو اور کوئی شخص مسجد سے نکل جائے تو اس کے بارے میں صحابی موصوف فرماتے ہیں:

''اس نے ابو القاسم ﷺ کے حکم سے سرتابی کی''۔ (۲)

مذکورہ صدر دونوں حدیثیں موقوف ہیں مگر اس کے باوصف ان پر عمل جائز ہے تاہم جو موقوف روایات کعب الاحبار عبداللہ بن سلام اور عبداللہ بن عمرو بن العاص سے منقول ہیں ان میں احتیاط کی ضرورت ہے اس لئے کہ یہ ان صحابہ میں شمار ہوتے ہیں جو اسرائیلیات اور قصے کہانیوں کے ذکر و بیان میں شہرت رکھتے تھے۔ خصوصاً وہ روایات جن میں علامات قیامت اور آخری زمانہ کے فتنوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس قسم کے واقعات سے متعلق اکثر احادیث ضعیف ہیں اگرچہ ہم ان کو موضوعات میں شمار نہیں کر سکتے مگر ان کے ضعیف ہونے کا سبب یہ نہیں یہ موقوف روایات ہیں بلکہ ان کا ضعف شذوذ علت یا اضطراب پر مبنی ہے ورنہ یہ روایت اس قابل ہیں کہ احادیث مرفوعہ کی طرح ان کو صحیح حسن یا ضعیف کہا جا سکے جس کا انحصار ان کے متون واسانید پر ہے جس قسم کا متن باسند ہوگا اس پر ویسا ہی حکم لگایا جائے گا۔

جب صحابی سے روایت کرنے والا یوں کہے کہ ''یرفع الحدیث'' یا'' ینمیہ'' یا'' یبلغ النبی'' تو ایسی حدیث محدثین کے نزدیک صریحاً مرفوع روایت کی طرح ہوتی ہے۔ مگر محدثین کی یہ بات درست نہیں کہ صحابہ کی تفسیر قرآن حدیث مرفوع کا درجہ رکھتی ہے اس لئے کہ صحابہ تفسیر قرآن میں اجتہاد سے بھی کام لیتے تھے اور بعض مسائل اور فروعات میں ان کے یہاں اختلاف بھی پایا جاتا ہے اسی طرح بعض صحابہ اہل کتاب سے اسرائیلیات روایت کرتے تھے۔

(۱) التوضیح ج ا ص ۲۶۲۔ (۲) کتاب مذکور ص ۲۶۸۔

## مقطوع:

تابعی کے قول، فعل یا تقریر کو مقطوع کہتے ہیں۔ امام ابو حنیفہ کی مقطوعات کے بارے میں ایک مشہور رائے ہے اگرچہ آپ نے متعدد صحابہ مثلاً انس بن مالک اور عبداللہ بن عباس کا زمانہ پایا تھا تاہم آپ صحابہ کے بارے میں صریحاً فرماتے ہیں: ''جو بات آنحضور ﷺ سے منقول ہو وہ بسر و چشم تسلیم ہے جو باتیں ہمیں صحابہ سے پہنچی ہیں ہم ان میں سے اچھی باتیں انتخاب کر لیں گے باقی رہا تابعین کا معاملہ تو وہ بھی آدمی ہیں اور ہم بھی آدمی ہیں''۔

اس سے بڑھ کر یہ کہ امام ابو حنیفہ اقوال تابعین کو ضعیف اور ناقابل احتجاج قرار دیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جس فقہی دبستان خیال کے ساتھ آپ وابستہ تھے اس میں عام طور سے یہ رجحان و میلان پایا جاتا ہے کہ قیاس ظاہر کو اقوال تابعین کے مقابلہ میں ترجیح دی جائے۔

مگر اس ضمن میں پسندیدہ رائے یہ ہے کہ اسناد و متن کے حالات کے پیش نظر اقوال تابعین کو صحیح حسن یا ضعیف قرار دے سکتے ہیں۔ نیز یہ کہ ان کو صحیح یا حسن ٹھہرانے سے یہ لازم نہیں آتا کہ تابعین ہی تک محدود رہے گی ان میں سے قابل احتجاج اقوال صرف وہی ہوں گے جو اکابر تابعین مثلاً سعید بن المسیب، شعبی، نخعی[۳] اور مسروق سے مروی و منقول ہوں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ لوگ اکابر صحابہ کی صحبت سے مستفید ہو چکے تھے۔

---

(۱) اختصار علوم الحدیث ص۵۰ (۲) الباعث الحثیث ص۵۰ (۳) ہم قبل ازیں ابن المسیب اور شعبی کا تعارف کر چکے ہیں۔ امام نخعی کا نام یزید بن قیس کوفی فقیہ العراق ہے، آپ نے ۹۶ھ میں وفات پائی جب امام شعبی کو ان کی وفات کی خبر پہنچی تو کہا ''اس نے اپنے پیچھے کسی ایسے شخص کو نہیں چھوڑا جو ان سے بڑا فقیہ اور صاحب علم ہو'' ان سے کہا گیا کہ حسن بصری اور ابن سیرین بھی ان سے بڑھ کر فقیہ نہیں؟ شعبی نے کہا ''نہیں بلکہ بصرہ، کوفہ، حجاز اور شام میں بھی ان سے بڑا کوئی عالم موجود نہیں'' مسروق بن اجدع بن مالک کوفی اصحاب عبداللہ بن مسعود میں بڑے فقیہ سمجھے جاتے تھے ۶۲ھ میں وفات پائی۔

## احادیث ضعیفہ کی نقل وروایت اوران پر عمل

اس موضوع پر احناف کی تحقیق ورائے جاننے کے لئے دیکھئے "قواعد فی علوم الحدیث" للشیخ العلامه ظفر احمد الحنفی العثمانی التهانوی مع تعلیقات الشیخ عبد الفتاح ابو غده الحنفی الحلبی، نیز الاجوبة الفاضلة للعلامة عبد الحی لکھنوی مع تعلیقات الشیخ عبدالفتاح ابو غده الحنفی سے متعلقہ بحث نکال کر ملاحظہ فرمائیں، اسی طرح شیخ محمود سعید ممدوح تلمیذ الشیخ عبدالفتاح ابوغدہ الحنفی کی کتاب "التعریف بمن قسم السنن الی صحیح وضعیف" بھی دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے انہوں نے اس کتاب میں شیخ ناصرالدین الالبانی پر اسی موضوع کے تحت بہترین رد کیا ہے کیونکہ وہ مطلق ہر حدیث ضعیف کو رد کرنے کے اکثر عادی ہیں تو شیخ ممدوح نے انہیں راہ اعتدال کی دعوت دی ہے۔ (از محمد محسن گلزار الحنفی)

لوگ عموماً یہ عبارت نقل کیا کرتے ہیں کہ "یجوز العمل بالحدیث الضعیف فی فضائل الاعمال" (فضائل اعمال میں ضعیف حدیث پر عمل کرنا جائز ہے ) اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ روایت حدیث میں سہل انگاری سے کام لیتے اور وہ حدیثیں بھی روایت کرنے لگے ہیں جو ان کے نزدیک بھی صحیح نہیں ہوتیں اس طرح دین اسلام میں اکثر ایسے اعمال اور تعلیمات کا عمل دخل شروع ہو جاتا ہے جن کی شرعاً کوئی دلیل نہیں یہ عبارت یونہی سالہا سال سے زبان زد عام چلی آرہی ہے حالانکہ اس کی اصل حقیقت صرف اتنی ہے کہ یہ تین ائمہ کبار کی جانب منسوب عبارت کا چرچہ اور اس کی صدائے بازگشت ہے اور بس وہ تین آئمہ امام احمد بن حنبل عبدالرحمٰن بن مہدی اورعبداللہ بن مبارک رحمہم اللہ ہیں ان کا قول ہے کہ:

> "جب ہم حلال وحرام کے بارے میں کوئی حدیث روایت کریں گے تو اس میں تشدد سے کام لیں گے اور جب فضائل اعمال میں کوئی حدیث روایت کریں گے تو اس میں سہل انگاری برتیں گے"۔

بات یہ ہے کہ آئمہ ثلاثہ کی جانب منسوب اس عبارت کا مطلب صحیح طور سے سمجھا نہیں گیا انہوں نے جس تشدد کا ذکر کیا ہے اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہم اس طرح تقابل کریں گے

جس طرح حدیث صحیح ضعیف حدیث کی مقابل اور ضد ہوتی ہے اس طرح ہم فضائل اعمال میں احادیث ضعیفہ سے احتجاج کریں گے۔ واقعہ یہ تھا کہ محدثین حلال وحرام سے متعلق مسائل میں سختی برتنے کے خوگر تھے اور صرف انہی احادیث سے احتجاج کرتے تھے جو صحت کے اعلی درجہ پر فائز ہوتیں اور جن کو بالتفاق صحیح قرار دیا جاتا تھا۔ بخلاف ازیں جب حلال وحرام کے علاوہ فضائل اعمال کے بارے میں حدیث روایت کرنا مقصود ہوتا تو تشدد کی ضرورت نہ سمجھتے اور صرف احادیث صحیحہ (یعنی اعلی درجہ کی شرط عائد کیے بغیر) سے اخذ واحتجاج کرتے بلکہ اس سے نیچے اتر کر وہ ان روایات سے بھی احتجاج کرتے تھے جو صحیح کے درجہ سے فروتر ہوتیں جن کو ہم حسن کہتے ہیں اور جو اس دور میں اس نام سے معروف نہ تھیں حسن کو متقدمین کے عصر وعہد میں حدیث ضعیف ہی کی ایک قسم قرار دیا جاتا تھا مگر خود ان کے نزدیک بھی اس کا درجہ ان ضعیف احادیث کے مقابلہ میں بڑھ کر تھا جن کو آگے چل کر ضعیف اصطلاحی قرار دیا گیا۔

اگر عام لوگ اس حقیقت سے آگاہ ہوتے کہ فضائل اعمال میں سہل انگاری کا مطلب محدثین کرام کے نزدیک صرف یہ تھا کہ وہ اس ضمن میں احادیث حسن سے احتجاج کیا کرتے تھے جن کا درجہ احادیث صحیحہ کے بعد ہوتا ہے تو وہ یہ عبارت ہرگز نہ نقل کرتے۔

دین اسلام میں یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ ضعیف حدیث کسی حکم شرعی یا فضائل اعمال کے لئے مصدر وماخذ قرار نہیں دی جاسکتی (اس لئے کہ حدیث ضعیف کی اساس ظن پر رکھی گئی ہے) اور ظن کسی صورت میں بھی حق کی جگہ نہیں لے سکتا۔ پھر یہ امر بھی قابل غور ہے کہ فضائل شرعی احکام کی کی طرح دین کے بنیادی ستونوں کی حیثیت رکھتے ہیں۔ یہ کسی طرح جائز نہیں کہ دین کی اساس وبنیاد ایسے ستونوں پر رکھی گئی ہو جو بالکل کمزور اور قوت واستحکام سے یکسر عاری ہوں۔

خلاصہ یہ کہ ہم اس بات کو تسلیم کرنے کے لئے ہرگز تیار نہیں ہیں کہ فضائل اعمال میں ضعیف حدیثوں کو معمول بھی بنا سکتے ہیں اگرچہ وہ شرائط ان میں موجود بھی ہوں جن کو آسانی ڈھونڈنے والوں نے اس ضمن میں ضروری ٹھہرایا ہے۔

ان کے خیال کے مطابق یہ شرائط تین ہیں:

(۱) پہلی شرط یہ ہے کہ وہ روایت بہت زیادہ ضعیف نہ ہو۔

(۲) وہ ان اصول وکلیات سے ہم آہنگ ہو جو کتاب اور سنت صحیحہ سے ثابت ہیں۔

(۳) اس سے قوی تر دلیل اس کی معارض نہ ہو۔

ان شروط کے باوصف ہم ضعیف حدیث کو تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں اس لئے کہ ہم اس پر عمل کرنے سے بے نیاز ہیں ہمارے پاس احادیث حسن وصحیح کی احکام شرعیہ اور فضائل میں اس قدر کثرت ہے کہ ان کے ہوتے ہوئے حدیث ضعیف کو تسلیم کرنے کی کچھ حاجت نہیں۔ عدم تسلیم کی وجہ یہ بھی ہے کہ حدیث ضعیف کا ثبوت ہمارے قلب وضمیر میں ہمیشہ کھٹکتا رہے گا اور ہمیں کبھی بھی اطمینان قلب حاصل نہ ہو سکے گا اور اسی شک وشبہ کی وجہ سے ہم اس کو ضعیف کہتے ہیں حالانکہ دینی امور میں یقین واذعان کی ضرورت ہوتی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ حدیث نبوی کے درس ومطالعہ کے دوران حدیث ضعیف کے ضعف کا کشف وبیان نہایت ضروری ہے اس کے ساتھ ساتھ ایسے الفاظ سے احتراز واجتناب ضروری ہے۔ جن سے سامع کو یہ تاثر حاصل ہوتا ہو کہ یقینی طور پر صحیح حدیث ہے مثلاً یوں نہ کہا جائے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کیونکہ سامع وقاری یہ سن کر اس وہم میں مبتلا ہو جاتا ہے کہ یہ حدیث حسن یا صحیح ضروری ہوگی بلکہ بتصریح اس کے ضعف کی نوعیت واضح کی جائے مثلاً یہ کہ اس میں اعلال اعضال (حدیث معضل) اضطراب یا شذوذ کا عیب پایا جاتا ہے بشرطیکہ ان نقائص کا ہمیں قطعی علم ہو۔ علاوہ ازیں ایسے قول کے اثبات میں محدثین کرام کی آراء کو اس حدیث کی تضعیف میں ذکر کر دینا چاہیے۔

جب ہم حدیث ضعیف کی مختلف قسموں میں غور وفکر کرتے ہیں تو یہ حقیقت اجاگر ہوتی ہے کہ حدیث کا ضعف کبھی سند پر مبنی ہوتا ہے اور گاہے متن حدیث پر۔ اس سے عیاں ہوتا ہے کہ کسی حدیث کے بارے میں ضعیف ہونے کا فیصلہ بڑی سوچ وبچار کے بعد صادر کرنا چاہیے کسی حدیث کو صرف ضعیف (بلا توضیح تفصیل) کہہ دینے کے کوئی معنی نہیں اس لئے کہ مطلقاً ضعف کا اطلاق کرنے کا مطلب تو یہ ہے کہ ایک حدیث کو بیک جنبش قلم ایک ہی قوت میں اسناداً ومتناً ضعیف قرار دیا جائے حالانکہ اس امر کا بھی احتمال ہوتا ہے کہ ضعف صرف سند

میں یا محض متن میں ہو بلکہ اس امر کا بھی امکان ہے کہ ضعف ایک خاص سند میں ہو اور اس کی باقی اسنادی ضعف سے پاک اور بالکل صحیح ہوں لہذا جب ہم کسی حدیث ضعیف سند دیکھیں تو وقت نظر سے کام لے کر یوں کہنا چاہیے کہ یہ حدیث اس سند کے ساتھ ضعیف ہے"

(الباعث الحثیث ص ۹۹)

اور اگر کسی محدث نے اس کے متن کو ضعیف قرار دیا ہو تو یوں کہیں یہ عبارت دوسری کسی صحیح سند سے منقول نہیں جیسا کہ فلاں محدث نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے۔

علاوہ ازیں فقہ کی طرح حدیث نبوی میں اجتہاد کا دروازہ ابھی تک کھلا ہے اور کھلا رہے گا۔ اس لئے جو شخص حدیث کی روایت و درایت میں ماہرانہ بصیرت رکھتا ہو اور متقدمین کی طرح اس میں اجتہاد کے شرائط پائے جاتے ہوں تو وہ کسی حدیث پر ضعف کا حکم لگا سکتا ہے۔ بشرطیکہ اس نے اس حدیث کے جمیع طرق و اسانید کا بغور مطالعہ کر لیا ہو اور اس کا ظن غالب یہ ہو کہ اس حدیث کا متن دوسری کسی صحیح سند سے ثابت نہیں۔

علم حدیث کا جو طالب علم اس فن میں ناپختہ کار اور مبتدی ہو۔ جب وہ ایسی روایت نقل کرے جس کے بارے میں اسے کچھ معلوم نہ ہو کہ آیا صحیح ہے یا ضعیف تو اسے بڑے محتاط انداز میں یوں کہنا چاہیے کہ "آپ سے یوں روایت کیا گیا" یا "فلاں بات ہمیں اس طرح پہنچی" یہ بات جائز نہیں کہ مشکوک الفاظ کے ساتھ کہے کہ یہ صحیح حدیث ہے اور اس کی سند بھی بیان نہ کرے اس لئے کہ اس سے حدیث کے ضعیف ہونے کا وہم پیدا ہوتا ہے بلکہ پورے جزم و وثوق کے ساتھ کہے آپ نے یوں فرمایا۔

(۱) الباعث الحثیث تعلیقات علامہ احمد شاکر ص ۱۰۰

# فصل پنجم

## صحیح وحسن وضعیف میں مشترک اقسام:

اب ہم ان مشترک اصطلاحات حدیث کا ذکر کرتے ہیں جن سے استقراء و بحث کے دوران ہم پر یہ حقیقت روشن ہوئی ہے کہ وہ ان اقسام سہ گانہ (صحیح، حسن، ضعیف) میں سے کسی ایک کے ساتھ مختص نہیں ہیں بلکہ ان میں ان تینوں اقسام کے وصف ولقب بننے کی صلاحیت پائی جاتی ہے۔

یہ بیس اصطلاحات ہیں جن میں سے (موقوف ومقطوع) کا ذکر ہم کر چکے ہیں۔ یہ دونوں قسمیں ایسی ہیں کہ صحت وضعف اور حسن تینوں کے ساتھ متصف ہوسکتی ہیں۔ باقی اٹھارہ اصطلاحات حسب ذیل ہیں۔

**مرفوع، مسند، متصل، مؤنن، معنعن، معلق، فرد، غریب، عزیز، مشهور، مستفيض عالی، نازل، تابع، شاهد، مدرج، مسلسل، مصحف.**

ہم ان سب سے بعض اصطلاحات کو تقارب وتداخل کے لحاظ سے تین قسموں اور بعض کو عکس وتقابل کے اعتبار سے دو میں تقسیم کریں گے تاکہ ان کے القاب واوصاف میں موازنہ کیا جاسکے۔ البتہ ہم آخری تین قسموں پر مُقَابَلَۃً زیادہ طویل بحث کرنا چاہتے ہیں۔ اس لئے کہ ان تینوں قسموں یعنی مدرج، مسلسل اور مصحف کے مابین کو تصادم اور کشمکش نہیں پائی جاتی اور ان کا مفہوم وضاحت وصراحت کی بنا پر مقارنہ وموازنہ سے بے نیاز ہے۔

## مرفوع، مسند، متصل

### مرفوع:

مرفوع اس قول فعل یا تقریر کو کہتے ہیں جو نبی ﷺ کی جانب منسوب ہو، خواہ اس

کی نسبت آپ کی طرف صحابی نے کی ہو یا تابعی نے یا کسی اور نے اور خواہ اس کی سند متصل ہو یا نہ۔ (۱)

مذکورہ صدر تعریف سے یہ حقیت آشکار ہوتی ہے کہ حدیث مرفوع ہمیشہ متصل ہی نہیں ہوتی بلکہ جب اس کی سند سے صحابی کا نام ساقط ہو جائے تو مرسل ہو جاتی ہے یا کسی اور راوی کا نام رہ جائے یا کسی مبہم شخص کا نام ذکر کر دیا جائے تو منقطع ہو جاتی ہے اور اگر دو یا دو سے زیادہ راویوں کے نام ساقط ہو جائیں تو معضل ہو جاتی ہے اور ان تینوں حالتوں (مرسل، منقطع، معضل) میں مرفوع ہونے کے باوصف ضعیف قرار پاتی ہے۔

نظر بریں کسی حدیث کے فقط مرفوع ہونے سے اس کا صحیح ہونا لازم نہیں آتا بلکہ یہ دیکھنا ضروری ہوتا ہے کہ وہ کسی سند سے مرفوع کے درجہ تک پہنچی ہے تاکہ اس بات کا پتہ چل سکے کہ آیا وہ متصل ہے یا منقطع۔ نیز یہ اگر متصل ہے تو اس کے رواۃ و رجال حفظ وضبط میں کیا درجہ رکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ حدیث مرفوع کو ہم نے مشترک قرار دیا ہے اگر اس کی سند میں انقطاع ہوگا تو حدیث ضعیف کی قسموں میں سے نوعیتِ انقطاع کے پیش نظر اس کا کوئی الگ نام تجویز کیا جائے گا اور اگر اس کی سند متصل ہوگی تو اس کے راویوں کے درجہ کے مطابق اس کو صحیح یا حسن کہیں گے۔

## مرفوع قولی:

مرفوع قولی کی مثال یہ ہے کہ صحابی کہے کہ میں نے نبی ﷺ کو یوں فرماتے سنا یا آپ نے مجھے یہ حدیث سنائی یا آپ سے مروی ہے کہ آپ نے اس طرح فرمایا علی ہذا القیاس۔

## مرفوع فعلی:

مرفوع فعلی میں صحابی یوں کہتا ہے کہ میں نے آپ کو یوں کرتے دیکھا یا کسی اور نے مجھے بتایا کہ آپ اس طرح کیا کرتے تھے۔

(۱) التوضیح ج ۱ ص ۲۵۴

## مرفوع تقریری:

مرفوع تقریری یہ ہے کہ صحابی کہے میں نے آنحضرت ﷺ کی موجودگی میں یوں کیا یا کسی نے کہا کہ فلاں شخص نے آپ کے سامنے اس طرح کیا اور آپ ﷺ نے اس پر اعتراض نہ فرمایا۔[1]

حدیث مرفوع میں صرف متن کو دیکھا جاتا ہے سند کو نہیں۔ اس لئے جو حدیث بھی نبی کریم ﷺ کی جانب منسوب ہوگی اس کو مرفوع کہیں گے[2] قول وفعل ہو یا تقریر تینوں کو متن حدیث کہا جاتا ہے۔ اس لئے کہ جب نگاہ صرف متن حدیث پر ہوگی تو سند کا اس کے ساتھ کچھ تعلق ہی نہیں۔

## مسند:

مسند اس حدیث کو کہتے ہیں جس کی سند راوی سے لے کر آخر تک متصل ہو (درمیان میں کوئی کڑی ٹوٹی ہوئی نہ ہو) اور وہ پیغمبر ﷺ تک پہنچ جائے۔[3]

خطیب بغدادی کہتے ہیں کہ حدیث مسند کی تعریف میں مرفوع ہونے کی شرط غالِ اکثریت کی بناء پر ہے (یعنی ہمیشہ ضروری نہیں ہے) خطیب فرماتے ہیں:

> "کسی حدیث کو مسند کہنے کے معنی یہ ہیں کہ وہ راوی سے لے کر مسند عنہ تک متصل ہو مگر مسند کا اطلاق زیادہ تر اسی حدیث پر کیا جاتا ہے جو مرفوع ہو اور نبی کریم ﷺ تک پہنچتی ہو۔ اتصال سند کا مطلب یہ ہے کہ اس حدیث کو ہر راوی نے اپنے اوپر والے راوی سے سنا ہو۔ یہاں تک کہ وہ آخر تک پہنچ جائے۔ اگرچہ اس میں صراحۃً سماع کا ذکر نہ ہو بلکہ صرف "عن" کے ساتھ روایت کی گئی ہو"۔[4]

---

(۱) یہ مثالیں حافظ ابن حجر نے شرح نخبہ ص ۲۶ میں بیان کی ہیں۔ حافظ ابن حجر کے نزدیک یہ تینوں مثالیں مرفوع حقیقی کی ہیں جس میں اس بات کی صراحت ہوتی ہے کہ یہ حدیث مرفوع ہے۔ اس کے بعد انہوں نے مرفوع حکمی کی بھی تین مثالیں بیان کی ہیں۔ دیکھئے ص ۲۷، ۲۸۔ ہم حدیث موقوف میں یہ مثالیں ذکر کر چکے ہیں۔ (۲) التوضیح ج ۱ ص ۲۵۹ (۳) قواعد التحدیث ص ۱۰۴ نیز التوضیح ج ۱ ص ۲۵۸۔ (۴) الکفایہ ص ۲۱

صحیح تر قول یہ ہے کہ مسند اور مرفوع دونوں مترادف نہیں ہیں۔ اگر چہ مسند میں یہ شرط ہوتی ہے کہ وہ مرفوع ہو۔ اس لئے کہ حدیث مرفوع کی سند میں انقطاع کا امکان ہوتا ہے کیونکہ مرفوع میں توجہ کا مرکز حدیث کا متن ہوتا ہے۔ اس لئے ضروری نہیں کہ ہر مرفوع حدیث مسند بھی ہو۔ بخلاف ازیں حدیث مسند میں رفع (مرفوع ہونا) اور اتصال (حدیث کا متصل ہونا) دونوں شرط ہیں۔ کیونکہ اس میں سند و متن دونوں کو دیکھا جاتا ہے اس لئے ہر مسند حدیث متصل بھی ہوتی ہے۔ اس کی سند آخر تک ملی ہوئی ہوتی ہے۔ اسی طرح ہر مسند مرفوع ہوتی ہے کیونکہ اس کا متن نبی ﷺ تک پہنچتا ہے۔ (۱)

اسی لئے امام حاکم کی رائے یہ ہے کہ مسند کا اطلاق ہمیشہ مرفوع متصل حدیث پر کیا جاتا ہے (۲) امام موصوف کے نزدیک حدیث مسند کی شرط یہ ہے کہ موقوف مرسل معضل نہ ہو اور نہ اس کی سند میں کوئی مدلس (۳) راوی ہو۔ امام حاکم یہ بھی کہتے ہیں کہ:

حدیث مسند کی سند میں اس قسم کے الفاظ نہیں ہونے چاہئے۔ مثلاً اخبرت عن فلان یا حدیث عن فلان یا بلغنی عن فلان یا رفعه فلان یا اظنه مرفوعا اس لئے کہ ان الفاظ سے اس کا اتصال قائم نہیں رہتا اور اس میں فساد رونما ہو جاتا ہے۔ (۴)

حدیث مسند کی لاتعداد مثالیں ہو سکتی ہیں۔ امام حاکم نے صرف ایک مثال ذکر کی ہے جس پر باقی ہزار ہا مسند احادیث کو قیاس کیا جا سکتا ہے۔ امام حاکم عثمان بن احمد سے وہ حسن بن مکرم سے وہ عثمان بن عمر سے وہ یونس سے وہ زہری سے اور وہ عبداللہ بن کعب بن مالک سے وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ اس نے مسجد نبوی میں ابن ابی حدزد سے قرض کا تقاضا کیا اور ان کی آواز مسجد میں اس قدر بلند ہو گئی کہ نبی ﷺ نے سن لیا آپ نے حجرہ کا پردہ اٹھایا اور پوچھا کیا آپ نے واقعی ان کا قرض دینا ہے؟ انہوں نے کہا ہاں، ہاں! تب آپ نے یہ رقم (۵) ادا کر دی اس سند کے تمام راویوں کا سماع ایک دوسرے سے ثابت ہے۔ (۶)

(۱) التوضیح ج ۱ ص ۲۵۹ (۲) التدریب ص ۶۰ (۳) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۸ (۴) حوالہ مذکور ص ۱۹
(۵) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۰، ۱۸ (۶) حوالہ مذکور۔

امام ابن عبدالبر(۱) نے حدیث مسند کو مرفوع کے مساوی قرار دے کر ایک انوکھے خیال کا اظہار کیا ہے۔ان کی رائے میں مسند اس حدیث کو کہتے ہیں جو آنحضور ﷺ سے منقول ہو۔قطع نظر اس سے کہ متصل ہو یا منقطع۔ (۲)

متصل کی مثال میں وہ امام مالک کی روایت کردہ حدیث بیان کرتے ہیں جس کو مالک نافع سے وہ ابن عمر سے اور وہ رسول کریم ﷺ سے بیان کرتے ہیں۔منقطع کی مثال میں انہوں نے امام مالک کی روایت از زہری از ابن عباس از (۳) رسول کریم ﷺ ذکر کی ہے۔

آخری حدیث پر تبصرہ کرتے ہوئے ابن عبدالبر فرماتے ہیں کہ ''یہ حدیث مسند ہے اس لئے کہ یہ نبی کریم ﷺ کی جانب منسوب ہے۔مگر یہ منقطع بھی ہے کیونکہ زہری کا سماع حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ثابت نہیں۔ (۴)

مگر ابن عبدالبر کا یہ نقطہ نگاہ محدثین کی عام روش کے خلاف ہے کیونکہ وہ مسند و مرسل کو ایک دوسرے کی ضد تصور کرتے ہیں۔محدثین کہتے ہیں کہ ''فلاں محدث نے اس حدیث کو مسنداً روایت کیا'' اور فلان نے اس کی روایت مرسلاً کی ہے۔ (۵)

حق بات یہ ہے کہ حدیث مسند میں انقطاع اور ارسال کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ بخلاف ازیں اس میں بیک وقت رفع بھی ہوتا ہے اور اتصال بھی یہ بات واضح ہے کہ رفع کی طرح اتصال بھی کسی حدیث کے صحیح ہونے کی ضمانت نہیں ہے (۶) اس لئے کہ کوئی حدیث صرف اسی صورت میں صحیح ہوسکتی ہے۔جب اس کے رواہ ورجال میں حفظ وضبط کی شرائط پائی جاتی ہوں۔جیسا کہ ہم قبل ازیں بیان کر چکے ہیں۔ (۶)

## متصل یا موصول:

متصل یا موصول اس حدیث کو کہتے ہیں جس کی سند متصل ہو، خواہ وہ حدیث

(۱) یوسف بن عبداللہ بن عبدالصمد بن عبدالبر النمری القرطبی مصنف کتاب الاستیعاب وتمہید وجامع بیان العلم۔آپ نے ۴۶۳ھ میں وفات پائی (شذرات الذہب) ج ۳ ص ۳۱۴۔(۲) اختصار علوم الحدیث ص ۴۸۔(۳) التدریب ص ۶۰۔(۴) التوضیح ج ۱ ص ۲۵۸۔(۵) کتاب مذکور ص ۲۵۹۔(۶) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۹۔(۷) دیکھئے کتاب ہذا میں حدیث صحیح کی بحث۔

مرفوع ہو، جو نبی کریم ﷺ تک پہنچتی ہو یا صحابی کی موقوف روایت ہو اور یا تابعی کی مقطوع روایت۔ (۱)

مگر خطیب بغدادی متصل اور مسند کو مترادف قرار دیتے ہیں اور دونوں میں کوئی فرق وامتیاز روا نہیں رکھتے۔ان کے نزدیک فرق صرف غلبہ استعمال کے اعتبار سے ہے اور بس ان کے خیال میں مسند زیادہ تر اس حدیث کو کہتے ہیں جو نبی کریم ﷺ سے مروی ومنقول ہو۔اس لئے رفع کی شرط مسند میں صرف غالب استعمال کے پیش نظر عائد کی جاتی ہے مگر یہ خطیب کی اپنی اصطلاح ہے۔جس طرح مسند ومتصل کو مترادف ومساوی قرار دینا ان کا ذاتی اور منفرد نظریہ ہے۔ ان دونوں کے درمیان بھی وہ صرف کثرت استعمال کا فرق بتاتے ہیں۔ہم بتا چکے ہیں کہ مذہب رائج کے پیش نظر حدیث مسند میں مرفوع ہونے کی شرط حقیقی اور ہر لحاظ سے ہے صرف غلبہ استعمال کی وجہ سے نہیں ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ حدیث متصل مرفوع کی مثالیں بیان کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ۔اس لئے کہ مرفوع حدیث کی جو مثالیں ہیں وہ اس کی مثالیں بھی بن سکتی ہیں۔اسی طرح حدیث متصل جب موقوف (قول صحابی) ہو تو جملہ موقوف روایات اس کی مثالیں ہوں گی۔ ابن الصلاح متصل موقوف کی مثال میں امام مالک کی روایت از نافع از ابن عمر از حضرت عمر رضی اللہ عنہما (۲) بیان کرتے ہیں جب تابعین کے اقوال ان تک پہنچ جاتے ہوں تو ان کو صرف متصل (بلا قید وعلی الاطلاق) نہیں کہتے بلکہ یوں کہتے ہیں کہ یہ قول سعید بن المسیب کی جانب متصل ہے تابعی کا ذکر کیے بغیر ان کو فقط متصل کہنا اس لئے درست نہیں کہ جو روایت تابعی تک پہنچ کر ختم ہو جاتی ہے اس کو ''مقطوع'' کہتے ہیں۔اور اس میں شبہ نہیں کہ مقطوع لغت اور ذوق دونوں کے لحاظ سے موصول کی ضد ہے۔اصطلاحاً یہ معیوب ہے کہ ایک لفظ کا اطلاق اس کی ضد پر کیا جائے گا۔ (۳)

مذکورہ بالا تصریحات کے پیش نظر ابن الصلاح کے حسب ذیل قول کا مطلب صاف سمجھ میں آ جاتا ہے۔ابن الصلاح فرماتے ہیں:

---

(۱) اختصار علوم الحدیث ص ۴۸۔ (۲) التدریب ص ۶۰۔ (۳) التوضیح ج ۱ ص ۲۶ نیز التدریب ص ۶۰، ۶۱۔

''جہاں متصل کا ذکر علی الاطلاق کیا جاتا ہے وہاں اس سے مرفوع اور موقوف مراد ہوتی ہے''۔[۱]

حالانکہ ہم متصل کی تعریف میں بتا چکے ہیں کہ اس کا اطلاق مقطوع روایات یعنی اقوال تابعین پر بھی کیا جاتا ہے۔

مذکورہ صدر بیانات کا خلاصہ یہ ہے کہ حدیث مرفوع متصل بھی ہوتی ہے اور غیر متصل بھی اسی طرح حدیث متصل مرفوع بھی ہوتی ہے اور غیر مرفوع بھی۔ مگر مسند میں ان دونوں (مرفوع و متصل) کی نسبت زیادہ عموم پایا جاتا ہے چنانچہ حدیث مسند بہ یک وقت متصل بھی ہوسکتی ہے اور مرفوع بھی۔[۲]

حدیث کی یہ تمام قسمیں اپنے رواۃ و رجال کے مرتبہ و مقام کے پیش نظر صحیح حسن اور ضعیف سب کچھ ہوسکتی ہیں۔

# معنعن، مؤنن، معلق

## معنعن:

معنعن اس روایت کو کہتے ہیں جس میں ''فلان عن فلان'' کے الفاظ سے روایت کی گئی ہو اور سماع حدیث کا ذکر صراحتہ نہ کیا گیا ہو[۳] مذہب راجح کے مطابق روایت معنعن کو متصل قرار دیا جائے گا بشرطیکہ اس میں تین شرائط پائے جاتے ہوں۔

(۱) راوی کی عدالت۔

(۲) راوی اپنے استاد سے مل چکا ہو۔

(۳) راوی میں تدلیس (استاد کو چھپانا) کا عیب نہ پایا جاتا ہو۔[۴]

یوں تو معنعن روایات صحیحین میں بکثرت پائی جاتی ہیں۔ مگر مقابلۃً صحیح مسلم میں ان کی اکثریت ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ امام مسلم اس بات کو ضروری نہیں سمجھتے کہ راوی جس

(۱) التوضیح ج ۱ ص ۲۶۰۔ (۲) قواعد التحدیث ص ۱۰۴۔ (۳) التوضیح ج ۱ ص ۳۳۰۔ (۴) دیکھئے شرح العراقی علی علوم الحدیث ص ۶۷۔

استاد سے عن عن کے ساتھ روایت کرتا ہے اس سے ملا بھی ہو۔ بخلاف ازیں انہوں مقدمہ صحیح مسلم میں ان لوگوں کی تردید کی ہے جو اس شرط کو ضروری قرار دیتے ہیں حالانکہ یہ شرط عائد کرنے والوں میں امام بخاری ابن المدینی اور دیگر اکابر محدثین کے نام شامل ہیں۔ امام مسلم نے اپنے مسلک کی اساس متقدمین و متاخرین اہل علم کے اس نظریہ پر رکھی ہے کہ عن عن کے ساتھ جو روایت کی جائے وہ ثابت ہوتی ہے اور دین میں حجت سمجھی جاتی ہے۔ نیز یہ کہ عن کو ہمیشہ سماع پر محمول کیا جائے گا بشرطیکہ راوی اور مروی عنہ دونوں ثقہ بھی ہوں اور معاصر بھی۔ (۱)

کسی محدث نے بھی امام مسلم کے قول کی تائید و حمایت نہیں کی بلکہ ان کو ہمیشہ ہدف طعن و تنقید بناتے رہے۔ ابن الصلاح فرماتے ہیں:

> ''مسلم کا قول محل نظر ہے۔ کہا گیا ہے کہ امام مسلم نے جس نظریہ کی تردید کی ہے اس کی حمایت کرنے والوں میں امام بخاری اور علی بن المدینی جیسے اکابر محدثین شامل ہیں'' (۲)

امام نووی اس سے بھی زیادہ واضح الفاظ میں فرماتے ہیں:

> ''محدثین نے امام مسلم کے نظریہ سے اتفاق نہیں کیا بلکہ اسے ضعیف قرار دیا ہے۔ جس نظریہ کی انہوں نے تردید کی ہے۔ صحیح اور مختار مذہب وہی ہے اور آئمہ حدیث سب اسی کو درست خیال کرتے ہیں''۔

بعض نقاد حدیث کا زاویہ نگاہ یہ ہے کہ حدیث معنعن مرسل کے قبیل سے ہے اور اس لئے ناقابل احتجاج ہے۔ مگر اس کے باوصف محدثین کا ایک گروہ اس کو قابل استناد خیال کرتا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اکثر وہ صحابہ عن عن سے مرسل روایتیں بیان کرتے ہیں جو روایت کی اصطلاحات سے ناواقف ہوتے ہیں۔ چنانچہ روایت کرتے وقت ایسے صحابہ بعض اوقات ''سمعت''، بعض ''رفعہ'' عن رسول اللہ اور گاہے قال رسول اللہ کہتے ہیں۔ چنانچہ اس ضمن میں انہوں نے حسب ذیل تفصیل کو زیادہ مناسب خیال کیا ہے۔

---

(۱) مقدمہ صحیح مسلم ج ۱ ص ۲۳۔ (۲) علوم الحدیث لابن الصلاح ص ۷۶۔

تفصیل یہ ہے کہ جو صحابی اکثر نبی اکرم ﷺ کی صحبت میں رہا ہو اس کی روایت ہر حال میں سماع پر محمول کی جائے گی۔ خواہ وہ کسی عبارت میں روایت بیان کرے اور اگر وہ اس وصف سے موصوف نہ ہو تو اس کی روایت میں سماع اور عدم سماع دونوں کا احتمال ہوگا۔

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ اور ان کا ایک پڑوسی روزانہ باری باری آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا کرتے تھے۔ ایک روز حضرت عمر رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتے اور ان کا پڑوسی آ کر ان دریافت کر لیتا۔ دوسرے دن پڑوسی بارگاہ نبوت میں حاضر ہوتا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس سے آپ کے ارشادات کے بارے میں دریافت کرتے جیسا کہ صحیح بخاری میں صراحۃً مذکور ہے۔[۲]

مگر امام نووی فرماتے ہیں کہ علمائے سلف کے نزدیک حدیث معنعن کو مرسل قرار دینے کی کوئی وجہ جواز نہیں ہے[۳] صحیحین اور خصوصاً صحیح مسلم کی کثرت کے بارے میں محدثین یہ عذر پیش کرتے ہیں کہ جن کتب میں بخاری و مسلم کی احادیث کی تخریج کی گئی ہے ان میں ایسی احادیث کو متعدد طرق سے روایت کیا گیا ہے جن میں تحدیث و سماع کا ذکر واضح الفاظ میں کیا گیا ہے[۴] مسلم میں معنعن روایات کی کثرت کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اس میں ایک حدیث کو متعدد طرق و اسانید سے ذکر کیا گیا ہے جن میں سب کی سب روایات معنعن نہیں بلکہ بہت سی روایات میں سماع کی صراحت بھی پائی جاتی ہے۔

حافظ ابن حجر نے اس ضمن میں ایک فیصلہ کن بات کہی ہے، فرماتے ہیں:

(۱) عن عن سے روایت حدثنا و اخبرنا کی مانند ہے۔[۵]

(۲) جب مدلس راوی عن عن سے روایت کرے تو وہ حدثنا اور اخبرنا کی مانند نہیں ہے۔

(۳) عنعن کے ساتھ جو روایت کی جاتی ہے وہ اس اخبرنا کی طرح ہے جس کو روایت کی اجازت دینے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ اگرچہ اس کو اتصال پر

(۱) شرح صحیح مسلم للنووی ج ۱ ص ۱۲۸۔ (۲) التوضیح ج ۱ ص ۳۳۵ (۳) حوالہ مذکور (۴) قواعد التحدیث ص ۱۰۴ (۵) شرح صحیح مسلم للنووی ج ۱ ص ۱۴

محمول کریں گے مگر اس کا مرتبہ سماع سے بہرحال فروتر ہوگا جیسا کہ اخذ روایت
کی صورتوں میں ہم بیان کر چکے ہیں۔ (۱)

## حدیث مؤنن:

حدیث مؤنن وہ ہے جس کی سند میں حدثنا فلان ان فلانا کے الفاظ ہوں۔ امام مالک ایسی روایات کو حدیث معنعن کی طرح خیال کرتے ہیں۔ جب ان سے دریافت کیا جاتا کہ ''عن فلان'' اور ''ان فلانا قال کذا'' میں کیا فرق ہے؟ تو آپ فرماتے کہ ''دونوں مساوی'' ہیں۔ (۲)

امام بردیجی (۳) ایسی روایت کو منقطع قرار دیتے ہیں الا یہ کہ کسی اور سند سے سماع ثابت ہو جائے (۴) اس ضمن میں سچی بات وہی ہے جو ہم سماع کی بحث میں ذکر کر چکے ہیں اور وہ یہ کہ راوی جو بھی مختلف الفاظ اس ضمن میں ذکر کرتا ہے ان کو علمائے لسانیات سماع پر محمول کریں گے البتہ نقاد حدیث کے یہاں عرف وعادت کے اعتبار سے ان میں فرق وامتیاز پایا جاتا ہے۔ (۵)

## معلق:

معلق اس حدیث کو کہتے ہیں جس کی سند کے آغاز سے ایک یا ایک سے زیادہ راوی ترتیب وار محذوف اور حدیث کو ان راویوں کی طرف منسوب کیا گیا ہو جو محذوف راویوں کے اوپر ہوں (۶) بخاری میں ایسی روایات بہت ہیں ان کی مثال وہ حدیث ہے جس کو عثمان بن ہیثم عوف سے اور وہ محمد بن سیرین سے وہ وہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے مجھے صدقہ فطر کی حفاظ پر مامور فرمایا رات کو ایک آنے والا آیا اور خوردنی اشیاء کو چادر میں ڈالنے لگا میں نے اسے پکڑ لیا اور کہا بخدا میں آپ کا معاملہ بارگاہ نبوی میں پیش کرونگا۔ (۷)

---

(۱) التوضیح ج ۱ ص ۳۳۶ (۲) التوضیح ج ۱ ص ۳۳۷ (۳) ان کا تعارف قبل ازیں ذکر کیا جا چکا ہے۔ (۴) التوضیح ج ۱ ص ۳۳۸۔ (۵) الکفایہ ص ۲۸۸۔ (۶) قواعد التحدیث ص ۱۰۵۔ (۷) صحیح بخاری ج ۳ ص ۶۴ کتاب الوکالۃ۔

''صحیح بخاری میں جو معلق روایات مذکور ہیں ان کی دو قسمیں ہیں''۔

(۱) وہ معلق روایات جو بخاری میں دوسری جگہ موصولا مذکور ہیں یہاں اختصار طوالت سے بچنے کے لئے ان کو معلق ذکر کیا۔

(۲) ایسی روایات جو بخاری میں صرف بطور معلق مذکور ہیں مگر ان کا ذکر امام بخاری نے پورے جزم و وثوق کے ساتھ کیا ہے جس سے اس روایت کی صحت واضح ہوتی ہے۔

امام نووی اس ضمن میں فرماتے ہیں:

''جو معلق روایتیں امام بخاری نے صیغہ جزم مثلا قَالَ ،فَعَلَ ،اَمَرَ، روی اور ذکر کے ساتھ ذکر کی ہیں۔ان سے اس جانب اشارہ مقصود ہے کہ مروی عنہ کی جانب ان کی نسبت درست ہے بایں ہمہ ان روایات کو صحیح بخاری میں وارد کرنا اس بات کی جانب اشارہ ہے کہ یہ اپنی اصل کے اعتبار سے صحیح ہیں محقق پر یہ فریضہ عائد ہوتا ہے کہ جب وہ ایسی روایات سے استدلال کرے تو اچھی طرح سے دیکھ لے کہ ان کے رواۃ ورجال اور سند کا کیا حال ہے اور آیا یہ قابل احتجاج بھی ہیں یا نہیں''۔ (۱)

بعض علماء کا نقطہ نظر یہ ہے کہ حدیث معلق منقطع کی ایک قسم ہے جس کی سند سے کوئی راوی ساقط ہو گیا ہوتا ہے یا کوئی مبہم راوی مذکور ہوتا ہے امام سیوطی فرماتے ہیں صحیح مسلم میں ایسی حدیثیں بھی موجود ہیں جن کے بعض راوی مبہم ہیں اور ان میں سے بعض حدیثیں منقطع ہیں۔ (۲)

بخلاف ازیں امام نووی ایسی حدیثوں کو معلق کہتے اور یا منقطع اور معلق کے درمیانی نام سے موسوم کرتے ہیں۔

امام نووی فرماتے ہیں:

---

(۱) قواعد التحدیث ص ۱۰۵ (۲) التدریب ص ۱۱۷، ۱۱۸۔

''امام مسلم نے کہا کہ یہ روایت لیث بن سعد نے بیان کی اس کے بعد امام نووی پوری حدیث ذکر کرتے اور آخر میں فرماتے ہیں کہ یہ روایت مسلم میں جملہ طرق سے مسلم اور لیث کے درمیان بطور منقطع واقع ہوئی ہے اس کو معلق کہتے کہیں ہیں''۔(۱)

مذکورہ صدر ہر سہ احادیث کے بارے میں جو خاص بات ہم کہنا چاہتے ہیں وہ یہ ہے کہ ان پر علی الاطلاق حدیث ضعیف کا حکم لگانا دقت نظر اور بالغ نظری کے خلاف ہے ۔بخلاف ازیں ان تینوں احادیث کو ان کے رواۃ ورجال کے حالات کے پیش نظر حسب مرتبہ ومقام حدیث صحیح، حسن یا ضعیف قرار دے سکتے ہیں۔

## (۷) فرد (۸) غریب:

فرد اور غریب کے مابین لغت واصطلاح دونوں کے اعتبار سے گہرا ربط وتعلق پایا جاتا ہے وہ ربط یہ ہے کہ دونوں میں تفرد کا مفہوم موجود ہے اسی ربط کو ملحوظ رکھتے ہوئے بعض علماء نے دونوں کو مترادف قرار دیا وہ کہتے ہیں کہ تفرد بہ فلان اور اغرب بہ فلان کے معنی مفہوم میں قطعاً کوئی فرق نہیں۔(۲)

اس ضمن میں حق بات یہ ہے کہ اکثر محدثین کثرت وقلت استعمال کے اعتبار سے دونوں میں فرق کرتے ہیں۔ چنانچہ فرد کا اطلاق وہ زیادہ تر فرد مطلق پر کرتے ہیں۔ جو ہر قید وشرط سے آزاد ہوتا ہے۔ بخلاف ازیں غریب کا لفظ فرد نسبی پر بولتے ہیں۔ جس میں نسبت ایک معین چیز کی جانب کی جاتی ہے گویا اصطلاحی معنی مفہوم کے اعتبار سے دونوں میں فرق پایا جاتا ہے۔ اس لئے اپنی اصل کے لحاظ سے یہ دونوں مترادف نہیں ہیں مگر جب فرد اور غریب کے افعال مشتقہ استعمال کرتے ہیں تو ان میں اس فرق کو ملحوظ نہیں رکھتے۔(۳)

یاد رہے کہ فرد مطلق کا التباس شاذ کے ساتھ نہیں پڑنا چاہیے۔ ہم دیکھ چکے ہیں کہ شاذ میں دو شرطیں ہیں از بس ناگزیر ہوتی ہیں (۱) تفرد (۲) مخالفت۔ بخلاف ازیں فرد میں

(۱) شرح مسلم للنووی ج ۲ ص ۶۳ (۱) شرح نخبہ ص ۸ (۳) التوضیح ج ۲ حاشیہ ص ۸

صرف تفرد کو پیش نظر رکھا جاتا ہے اسی لئے حدیث فرد کی تعریف محدثین ان الفاظ میں کرتے ہیں کہ:

''خود اس حدث کو کہتے ہیں جس کی روایت میں ایک راوی منفرد ہو اگرچہ فرد اس کے طرق متعدد ہوں''۔(۱)

حدیث فرد کو اس کے رواۃ ورجال کے مرتبہ ومقام کے پیش نظر صحیح حسن یا ضعیف کے ساتھ موصوف کر سکتے ہیں حدیث فرد مطلق صحیح کی مثال میں محدثین وہ حدیث پیش کرتے ہیں جس میں ولاء غلام کا حق وراثت جو آزاد کنندہ کو غلام کی موت کے بعد حاصل ہوتا ہے کو فروخت اور ہبہ کرنے سے منع کیا گیا ہے عبداللہ بن دینار حضرت عبداللہ بن عمر(۲) سے اس حدیث کو روایت کرنے میں متفرد ہے اور عبداللہ بن دینار بالاتفاق ایک ثقہ اور صاحب حفظ وضبط راوی ہیں۔

فرد نسبی (جس کو اصطلاحا غریب کہتے ہیں) کا التباس بھی شاذ کے ساتھ نہیں پڑتا کیونکہ اس میں مخالفت اور تفرد شاذ کی دونوں شرطیں دونوں کا وجود نہیں ہوتا۔ بخلاف ازیں فرد نسبی میں ایک خاص قسم کا تفرد پایا جاتا ہے جو ایک خاص راوی یا ایک خاص شہر کے رہنے والوں سے روایت کرنے تک محدود ہوتا ہے اس لئے محدثین نے فرد نسبی کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے۔

فرد نسبی اس حدیث کو کہتے ہیں جس کے روایت کرنے میں ایک شخص منفرد ہو خواہ تفرد سند کے کسی حصہ میں واقع ہو۔(۳)

حدیث غریب میں بعض اوقات تفرد وسط سند میں واقع ہوتا ہے اور اسی جگہ کے ساتھ مخصوص ہو جاتا ہے مثلاً صحابی سے روایت کرنے والے ایک سے زیادہ راوی ہوں، پھر ان میں کسی ایک سے روایت کرنے والا منفرد ہو(۴) بخلاف ازیں حدیث فرد میں تفرد اس جانب واقع ہوتا ہے جس طرف صحابی ہوتا ہے اگرچہ اس حدیث کے طرق متعدد ہوں گے

(۱) بحث حدیث شاذ کتاب ہذا (۲) الفیہ سیوطی ص ۹۵ نیز حاشیہ شعر نمبر ۱۸۴ (۳) شرح نخبہ ص ۸۔ (۴) شرح نخبہ ص ۸۔

مگر تفرد کا تعلق اسی جانب کے ساتھ ہوتا ہے۔[1]

جب حدیث غریب میں کسی خاص شہر کے راویوں کی شرط لگائی جاتی ہے تو ان کے تفرد سے مجازاً صرف ایک ہی راوی کا منفرد ہونا مراد لیا جاتا ہے[2] خلاصہ یہ ہے کہ حدیث غریب کا راوی جملہ حالات میں صرف ایک ہی ہوتا ہے۔

حدیث غریب کی یوں تو بہت قسمیں ہیں مگر ان سب میں تفرد کی نسبت ایک خاص چیز کی جانب کی جاتی ہے۔ غریب کی تین قسمیں خصوصی اہمیت کی حامل ہیں۔

(۱) پہلی قسم یہ ہے کہ ایک شخص دوسرے سے روایت کرنے میں متفرد ہو[3] مثلاً عبدالرحمٰن بن مہدی ثوری سے اور واصل سے حضرت عبد اللہ بن مسعود کی حدیث روایت کرنے میں منفرد ہیں حضرت عبد اللہ نے دریافت کیا یا رسول اللہ سب سے بڑا گناہ کونسا ہے فرمایا یہ کہ تم خدا کا شریک ٹھہراؤ حالانکہ اسی نے تم کو پیدا کیا ہے عرض کی اس کے بعد کونسا گناہ ہے فرمایا یہ کہ تو اپنے پڑوسی کی بیوی سے بدکاری کرے۔[4]

غریب کی یہ قسم محدثین کے یہاں کثیر الوجود اور عام طور سے متعارف ہے۔

(۲) حدیث کی دوسری قسم یہ ہے کہ ایک شہر والے کسی آدمی سے رویات کرنے میں متفرد ہوں[5] مثلا ابن بریدہ کی یہ روایت کہ جب سے میں نے اپنے والد سے نبی کریم ﷺ سے قضاۃ کے بارے میں حدیث سنی ہے میں قاضی بننے کے لئے تیار نہیں ہوتا نبی کریم ﷺ نے فرمایا قاضی تین قسم کے ہوتے ہیں ان میں سے دو دوزخی ہیں اور ایک جنتی۔ ایک قاضی وہ ہے جو دانستہ بے انصافی پر مبنی فیصلہ کرے۔ یہ دوزخی ہے۔ دوسرا قاضی وہ ہے جو غیر شعوری طور پر غلط فیصلہ صادر کرتا ہے۔ یہ بھی جہنمی ہے۔ تیسرا جنتی قاضی وہ ہے جو حق کے مطابق

---

(۱) شرح نخبہ ص ۸ (۲) التدریب ص ۸۸۔ (۳) التوضیح ج ۲ ص ۱۰۔ امام حاکم نے اس کو اس قسم شمار کیا ہے اور اس کا نام تجویز کیا ہے ایسی احادیث جن کو صرف ایک شخص ایک امام حدیث سے روایت کرتا ہو (معرفۃ علوم الحدیث ص ۹۹) (۴) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۰۰۔ (۵) التوضیح ج ۲ ص ۱۰ امام حاکم اس کو قسم اول قرار دیتے اور اس کا نام رکھتے ہیں ان احادیث کی پہچان جن کے صحابی سے روایت کرنے میں ایک شہر کے لوگ متفرد ہوں (معرفۃ علوم الحدیث)

فیصلہ کرتا ہے۔ امام حاکم کہتے ہیں اس حدیث کے روایت کرنے میں اہل خراسان متفرد ہیں اس حدیث کے سب راوی شہر مرو کے رہنے والے ہیں۔ [۱]

(۳) غریب کی تیسری قسم یہ ہے کہ ایک شہر کے رہنے والوں میں سے ایک راوی دوسرے شہر والوں سے روایت کرنے میں متفرد ہو[۲] مثلاً خالد بن نزار کی روایت از نافع بن عمر از بشر بن عاصم از والد خود از عبداللہ بن العاص کہ سرور کائنات نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ ناپسندیدہ وہ بلیغ آدمی ہے جو باتوں کو یوں لپیٹتا جائے جیسے گائے گھاس کو لپیٹتی جاتی ہے۔

امام حاکم فرماتے ہیں اس فرد حدیث کو مصری لوگ مکہ والوں سے روایت کرتے۔ اس لئے کہ خالد بن نزار کا شمار مصری راویوں میں ہوتا ہے اور نافع بن عمر مکہ والوں میں سے گنے جاتے ہیں۔ [۳]

امام حاکم نے اس تیسری قسم کے بارے میں یہ الفاظ ارشاد فرمائے ہیں:

''اہل مدینہ کی احادیث جن کی روایت کرنے میں اہل مکہ منفرد ہیں اور اہل مکہ کی روایات جن کے روایت کرنے میں اہل مدینہ منفرد ہیں نیز وہ احادیث جن کو صرف اہل خراسان اہل حرمین سے روایت کرتے ہیں یہ قسم بڑی نادر الوجود اور دقیق ہے''[۴]

جیسا کہ ہم قبل ازیں بیان کر چکے ہیں ان تینوں قسموں میں صرف ایک شخص متفرد ہوتا ہے ہر قسم میں تفرد سند کی ایک خاص جگہ میں واقع ہوتا ہے نیز یہ کہ تفرد اصل سند میں جس جانب صحابی ہوتا ہے وہاں نہیں واقع ہوتا بلکہ وسط سند میں وقوع پذیر ہوتا ہے۔ اسی اضافی قید وشرط کی بنا پر حدیث غریب کو فرد نسبی کا نام دیا جاتا ہے ہم نے جن امثلہ سے اس ضمن میں استشہاد کیا ہے۔ امام حاکم نے اپنی کتاب معرفۃ الافراد میں [۵] ان کا ذکر کیا ہے گویا ان کے نزدیک فرد وغریب کے مابین جو فرق وامتیاز بھی پایا جاتا ہے وہ صرف مطلق ومقید میں محدود ہے اور بس۔

---

(۱) معرفۃ علوم الحدیث ص ۹۹ نیز دیکھئے کتاب ھذا باب الطابع الاقلیمی نشاءۃ الحدیث (۲) التوضیح ج ۲ ص ۱۰۔ (۳) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۰۲۔ (۴) حوالہ مذکور ص ۱۰۰۔ (۵) معرفۃ علوم الحدیث ص ۹۶، ۱۰۲۔

## (۹) عزیز (۱۰) مشہور (۱۱) مستفیض

ان تینوں قسموں میں یہ وصف مشترک پایا جاتا ہے کہ فرد نسبی اور تواتر معنوی کے درمیان واقع ہیں چنانچہ ان میں کسی حد تک غرابت پائی جاتی ہے جس کے بارے میں ہم بتا چکے ہیں کہ اس کو فرد نسبی بھی کہتے ہیں اس لئے کہ حدیث غریب کے روایت کرنے میں جب دو یا تین راوی شریک ہوں تو اس حدیث کو عزیز کہتے ہیں اور اگر ایک جماعت روایت کرتی ہو تو اس کو مشہور (۱) کہا جاتا ہے اور اگر راویوں کی ایک جماعت روایت کرتی ہو اور ان کی تعداد اور روایت کے آغاز وانتہا میں یکساں رہتی ہو تو اس کو مستفیض (۲) کہتے ہیں۔

ان اقسام سہ گانہ میں ایک طرح کا معنوی تواتر پایا جاتا ہے اس لئے کہ تعدد رواۃ کی بنا پر ایسی احادیث شہرت پذیر ہو جاتی ہیں نیز زیادہ راویوں کی وجہ سے حدیث کو تائید وتقویت حاصل ہوتی ہے اور راویوں کی ایک جماعت کے مسلسل نقل کرنے کی بناء پر زبان زدعام ہو جاتی ہے۔

البتہ ان اقسام ثلاثہ کا تعلق متواتر کی نسبت غریب کے ساتھ زیادہ ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے مباحث اسناد کے ساتھ متعلق ہیں اور متواتر کا سند سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ (۳) پھر یہ امر بھی قابل غور ہے کہ ان تینوں اقسام کے راویوں میں تفاوت درجات جو تعدد پایا جاتا ہے وہ ان کو اخبار آحاد ہونے سے خارج نہیں کر سکتا اور نہ جمع کے اس درجہ پر فائز کر سکتا ہے جو متواتر کے لئے شرط ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ یہ تینوں قسمیں بہر کیف حدیث غریب ہی کے جداگانہ اسماء والقاب ہیں اور غریب ہی کی صحیح وحسن اور ضعیف میں منقسم ہوتی ہیں۔

عجلت پسند ناظر جب ان اقسام سہ گانہ کو دیکھتا ہے تو وہ یہ سمجھنے لگتا ہے کہ ان کو صرف صحیح کے اندر محدود رہنا چاہیے (یعنی ان میں سے کوئی قسم بھی حسن اور ضعیف نہیں ہونی چاہیے)۔

اس کے خیال میں یہ بات بعید از قیاس ہے کہ حدیث عزیز جو ایک اور سند سے مروی ہونے کی بناء پر قوی تر ہو جاتی ہے یا حدیث مستفیض ومشہور جو راویوں کی سند سے مروی

---

(۱) اختصار علوم الحدیث ص ۱۸۷۔ (۲) شرح نخبہ ص ۵۔ (۳) ہم قبل ازیں اس پر تفصیلی روشنی ڈال چکے ہیں۔

ہونے کی بناء پر قوی تر ہو جاتی ہے یا حدیث مستفیض و مشہور جو راویوں کی ایک جماعت سے منقول ہونے کے باعث شہرت ہو چکی ہوتی ہے۔ اس غریب روایت کے مرتبہ و مقام تک اتر آئے۔ جس کو صرف ایک راوی روایت کرتا ہے۔ جس طرح لوگ ہر زمان و مکان میں عدد و کثرت سے متاثر ہونے کے خوگر ہیں اس کے پیش نظر یہ نتیجہ بلکہ عقل و منطق سے قرین نظر آتا ہے۔

مگر علمی تحقیق سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ جاتی ہے کہ روایات کی توثیق یا تضعیف میں محدثین کا مقیاس و معیار کمیت کے بجائے کفیت پر مبنی ہے۔ چنانچہ اس ضمن ارقام الاعداد اور جمع وافراد کے بجائے وہ رواۃ ورجال کے اوصاف کو ملحوظ رکھتے۔ جو مسند میں مذکور ہوتے ہیں قطع نظر اس سے کہ وہ تعداد میں کم ہوں یا زیادہ یہی ہے کہ ناقدین حدیث متواتر میں راویان کی خاص تعداد کو معین نہیں کرتے بلکہ یہ شرط عائد کرتے ہیں کہ عرفاً وعادۃً اتنے لوگوں کا جھوٹ پر جمع ہونا محال ہو۔ (۱)

اس موضوع پر بحث کرنے والے غلطی کی انتہاء کو پہنچ جاتے ہیں جب یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ بعض محدثین کے نزدیک روایات حدیث کا تعدد بڑی حد تک حدیث کی تصحیح پر اثر انداز ہوتا ہے امام حاکم کے کلام میں بعض ایسے اشارے موجود ہیں جن سے متوہم ہوتا ہے کہ عددی معیار کو معتبر سمجھتے ہیں مثلاً وہ صحیح حدیث کے لئے یہ شرط عائد کرتے ہیں کہ کم ازکم اس کو دو راوی روایت کریں۔ جب ہم حدیث صحیح کی بحث میں ان کے نقطہ نظر کو واضح کر چکے ہیں (۲) امام حاکم کا ہم پر یہ حق بھی ہے کہ ہم صحیح طریقہ سے ان کے نقطہ نظر کی وضاحت پیش کریں۔

اس ضمن میں واضح ہو کہ امام حاکم کے نزدیک حدیث صحیح کا عزیز ہونا شرط ہے یعنی ان کے نزدیک یہ ضروری ہے کہ جو حدیث صحیح ہو وہ عزیز بھی ہو۔ یعنی فرد غریب نہ ہو وہ یہ نہیں کہتے کہ ہر عزیز حدیث لازماً صحیح بھی ہوتی ہے۔ بخلاف ازیں حدیث مشہور و مستفیض تعدد رواۃ اور راویوں میں ایک جماعت کی شرط ہونے کے باوصف ہمیشہ صحیح اور ضعیف ہر قسم کی

(۱) جیسا کہ ہم قبل ازیں واضح کر چکے ہیں۔ (۲) ہم قبل ازیں اس پر روشنی ڈال چکے ہیں۔

حدیثیں ہوتی ہیں ہم اس سے بڑھ کر یہ کہتے ہیں کہ حدیث مستفیض ومشہور میں باطل اور موضوع حدیثیں بھی ہوتی ہیں امام حاکم کی عبارت اس ضمن میں واضح اور ناقابل تاویل ہے۔

حاکم فرماتے ہیں:

> ''بہت سی مشہور حدیثیں صحیح نہیں ہیں (۱) حاکم بکثرت احادیث کا ذکر کر کے جن میں حسن اور ضعیف ہر قسم کی حدیث موجود ہیں کہتے ہیں کہ یہ جملہ احادیث اپنے طرق واسانید کی بناء پر مشہور ہیں ان میں سے ہر حدیث کے اتنے طرق ہیں جو ایک جزء یا دو جزء میں سماتے ہیں مگر ان میں سے کسی کی تخریج بھی حدیث صحیح میں نہیں کی گئی''۔

جن احادیث سے امام حاکم نے استشہاد کیا تھا سیوطی نے ان احادیث کو بنظر غائر دیکھا اور بہت اچھی طرح ان کی چھان پھٹک کی۔ پھر ہر ایک کو اصطلاحی نام سے موسوم کیا جو اس کے شایان شان تھا۔ ان پر بہت کچھ اضافہ بھی کیا۔ اور امام زرکشی کی کتاب التذکرۃ فی الاحادیث المشتھرہ (۲) میں جو کمی رہ گئی تھی اس کی تلافی کے لئے حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق ایک کتاب مرتب کی۔ امام سیوطی کی کتاب التدریب میں ایسے شواہد بکثرت موجود ہیں جن کو سیوطی حدیث مشہور کی تمام قسموں صحیح، حسن، ضعیف اور موضوع کے لئے مثال کے طور سے پیش کرتے ہیں۔

### (۱) حدیث مشہور صحیح:

حدیث مشہور صحیح کی مثال یہ حدیث ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ علم کو لوگوں سے یک لخت چھین نہیں لے گا بلکہ وہ علماء کو وفات دے کر لوگوں کو علم سے محروم کر دے گا اور جب کوئی عالم باقی نہ رہے گا تو لوگ جاہلوں کو سردار بنالیں گے جو علم کے بغیر فتوی دیا کریں گے اور اس طرح خود بھی گمراہ ہوں گے اور لوگوں کو بھی ضلالت میں مبتلا کریں گے۔ (۳)

### (۲) حدیث مشہور حسن:

اس کی مثال یہ حدیث ہے کہ:

---

(۱) معرفۃ علوم الحدیث ص ۹۲ (۲) التدریب ص ۱۸۸ (۳) التدریب ۱۸۸ نیز معرفۃ علوم الحدیث ص ۹۲

طلب العلم فريضة على كل مسلم — ہر مسلمان پر علم کی تلاش فرض ہے۔

امام المزی[1] فرماتے ہیں:

''اس حدیث کے متعلق طرق ہیں جن کی بناء پر یہ حدیث حسن کے درجہ تک پہنچ جاتی ہے''۔[2]

## (۳) حدیث مشہور ضعیف:

اس کی مثال یہ ہے حدیث ہے:

جبلت القلوب على حب من احسن اليها [3]

دلوں کو اس شخص کی محبت پر پیدا کیا گیا ہے جو ان سے نیک سلوک روا رکھتا ہے۔

## (۴) حدیث مشہور باطل:

حدیث مشہور جو باطل اور بے اصل ہو اس کی لاتعداد مثالیں ہیں ان میں بعض سے مرفوع بعض قول صحابی اور بعض اقوال تابعین کے درجہ کی ہوتی ہیں۔

ایسی حدیثیں عوام میں زبان زد عام ہوتی ہیں چند احادیث ملاحظہ ہوں۔

"من عرف نفسه فقد عرف ربه"

''جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا''۔

"يوم صومكم يوم نحركم"

''تمہای قربانی کا دن تمہارے روزے کا دن ہے''۔

كنت كنزا لا اعرف

''میں ایک ایسا خزانہ تھا جس کو کوئی پہچانتا نہ تھا''۔

(۱) یوسف بن عبدالرحمٰن ابوالحجاج المعروف المزی (بکسر الزاء المکسورہ) مزہ دمشق کے قریب ایک بستی کا نام ہے آپ کی وفات دمشق کے دارالحدیث اشرفیہ میں ۷۴۲ھ میں ہوئی (الرسالۃ المستطرفۃ ص۱۲۶) (۲) التدریب ص۱۸۹ نیز معرفۃ علوم الحدیث۔ (۳) التدریب ص۱۸۹۔

**الباذنجان لما اکل له** (۱)

''بینگن ہر مرض کی دوا ہے''۔

حدیث کی شہرت ایک اضافی (۲) امر ہے بعض اوقات ایک حدیث صرف محدثین کے یہاں مشہور ہوتی ہے گاہے محدثین علماء اور عوام سب اس سے آگاہ و آشنا ہوتے ہیں اسی لئے کہا گیا کہ:

(۱) **حدیث ابغض الحلال الی اللہ الطلاق** فقہاء میں مشہور ہے۔

(۲) **حدیث رفع عن امتی الخطاء والنسیان وما استکرهوا علیه** علمائے اصول کے یہاں شہرت رکھتی ہے۔

(۳) **حدیث نعم العبد صهیب** علمائے نحو میں مشہور ہے۔

(۴) **حدیث مداراة الناس صدقة** عوام کے یہاں مشہور ہے۔

(۵) **حدیث من سلم المسلمون من لسانه ویده** بہ یک وقت محدثین علماء اور عوام سب میں مشہور ہے۔ (۳)

جہاں تک اس حدیث مشہور اصطلاحی کا تعلق ہے جس سے نقاد حدیث بھی آشنا ہوں اس سے وہ مراد نہیں ہوتی جو علماء و عوام کی زبانوں پر جاری و ساری ہو بلکہ مشہور اصطلاحی اس حدیث کو کہتے ہیں جس کو تین یا تین سے زیادہ راویوں نے روایت کیا ہو (۴) اس کی مثالیں اگرچہ بہت ہیں مگر محدثین و مجتہدین کے سوا کوئی بھی ان سے آشنا نہیں۔ (۵)

حدیث مشہور اصطلاحی کی روشن ترین مثال حضرت انس کی یہ روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ ایک ماہ تک رکوع کے بعد دعائے قنوت پڑھتے اور رعل و ذکوان کے قبیلوں پر دعا فرماتے رہے یہ حدیث بخاری و مسلم نے بروایت سلیمان التیمی از ابی مجلز از انس (۶) بیان کی ہے امام حاکم اس کے مشہور ہونے کے وجوہ و اسباب ذکر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

(۱) امام سیوطی نے صراحتہ ان کو موضوع کہا ہے فرماتے ہیں وکلها باطل لا اصل لها (التدریب ص۱۸۹) (۲) اختصار علوم الحدیث ص۱۸۵ (۳) التدریب ص۱۸۹ نیز التوضیح ج۲ ص۴۰۸ (۴) التوضیح ج۲ ص۴۸۹ (۵) معرفۃ علوم الحدیث ص۹۴ (۶) التدریب ص۱۸۹۔

''اس کی تخریج احادیث صحیحہ میں کی گئی ہے ابومجلز کے علاوہ اور راویوں نے بھی اس کو حضرت انس سے روایت کیا ہے پھر ابومجلز سے روایت کرنے والے سلیمان التیمی کے علاوہ اور لوگ بھی ہیں مزید بران سلیمان التیمی سے روایت کرنے والے بھی انصاری کے علاوہ بہت سے لوگ ہیں مگر فن حدیث میں مہارت رکھنے والوں کے علاوہ کوئی شخص بھی اس امر سے آگاہ نہیں ہوسکتا فن حدیث سے بے خبر تو یہ کہے گا کہ سلیمان التیمی تو حضرت انس رضی اللہ عنہ کا (بلاواسطہ) شاگرد ہے۔ پھر یہ عجب بات ہے کہ وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بواسطہ ابی مجلز روایت کرتا ہے۔ اس لئے یہ حدیث غریب ہے۔ اس یہ معلوم نہیں ہوتا کہ اس حدیث کی روایت زہرہ اور قتادہ نے بھی کی ہے۔ قتادہ سے روایت کرنے والے بہت سے راوی ہیں۔ فن حدیث سے نابلد شخص یہ بھی نہیں جانتا کہ قبیلہ عرینہ والوں کے ضمن میں اس حدیث کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس لئے اس حدیث کے طرق واسانید بھی حدیث عرینہ کی طرح بہت زیادہ ہیں۔ (۱)

حدیث مشہور کی جو مثالیں ہم نے ذکر کی ہیں وہ مستفیض کی مثالیں بھی بن سکتی ہیں اس لئے کہ فقہاء کی ایک جماعت کی رائے میں مشہور اور مستفیض دونوں مترادف ہیں لیکن صحیح تر بات یہ ہے کہ دونوں میں فرق ہے حدیث مستفیض ابتدا و انتہاء دونوں میں یکساں طور پر مشہور ہوتی ہے مگر حدیث مشہور میں زیادہ عموم پایا جاتا ہے۔ (۲)

بعض محدثین نے دونوں کا فرق ایک اور طبقہ سے واضح کیا ہے ان کے نزدیک راویوں کی جو جماعت حدیث مشہور کو روایت کرتی ہے وہ تین یا اس سے زیادہ راویوں پر مشتمل ہوتی ہے گویا مشہور کے طرق واسانید دو سے زیادہ راویوں میں محصور محدود ہوتے ہیں بخلاف ازیں مستفیض اس حدیث کو کہتے ہیں جس کے راوی تین سے زیادہ ہوں تین راویوں سے کم کی روایت کو مستفیض نہیں کہتے چونکہ مستفیض عام طور سے پھیلی ہوئی ہوتی ہے

(۱) معرفۃ علوم الحدیث ص ۹۳، ۹۴۔ (۲) شرح نخبہ ص ۵

اس لئے اس کو مستفیض کہتے ہیں (۱) یہ فاض الماء (پانی بہ نکلا سے) ماخوذ ہے یہ محاورہ اس وقت بولا جاتا ہے جب پانی برتن کے کناروں سے بہنے لگے۔ (۲)

علماء نے حدیث مشہور اور مستفیض میں کسی شبہ کی گنجائش نہیں دیکھی ان کی مثالیں بھی لا تعداد ہیں البتہ حدیث عزیز کے بارے میں انہوں نے شکوک وشبہات کا اظہار کیا ہے۔

ابن حبان بستی فرماتے ہیں:

''حدیث عزیز کا کوئی وجود ہی نہیں اس لئے کہ عزیز اس حدیث کو کہتے ہیں جس کو دو راوی دوسرے دو راویوں سے سلسلہ سند کے آخر تک روایت کریں''۔ (۳)

ابن حبان کے خیال کے مطابق اس حدیث کو عزیز اس لئے کہتے ہیں کہ اس کا وجود عزیز یعنی دشوار ہے اس لئے نہیں کہ یہ قلیل الوجود یا نادر الوجود ہوتی ہے۔

ابن حجر اس کی تردید فرماتے ہیں:

''اگر ابن حبان کا مطلب یہ ہے کہ دو راویوں کی صرف دو سے روایت اصلا موجود نہیں تو یہ بات قابل تسلیم ہے مگر حدیث عزیز کی جو صورت ہم نے بیان کی ہے وہ موجود ہے ہم بتا چکے ہیں کہ عزیز اس حدیث کو کہتے ہیں جس کو دو سے کم راوی دوسرے دو سے کم راویوں سے نقل نہ کرتے ہوں اس کی مثال بخاری ومسلم کی وہ روایت ہے جس کے راوی حضرت انس ہیں نیز بخاری میں یہ روایت ابو ہریرہ سے بھی منقول ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مؤمن نہیں ہوسکتا جب تک وہ مجھے اپنے والدین سے بڑھ کو محبوب نہ رکھے۔ انس سے یہ حدیث قتادہ اور عبد العزیز بن صہیب نے روایت کی ہے پھر قتادہ سے شعبہ اور سعید نے عبد العزیز سے اسماعیل بن عُلیہ اور عبد الوارث نے روایت کی اور ان سب سے راویوں کی ایک جماعت نے یہ حدیث روایت کی''۔ (۴)

(۱) التوضیح ج ۲ ص ۴۰۲، ۴۰۳ بر حاشیہ (۲) التوضیح ج ۲ حاشیہ ص ۴۰۵ (۳) التدریب ص ۱۸۸ نیز التوضیح ج ۲ ص ۴۰۷ (۴) نزہۃ النظر ص ۸ نیز التدریب ص ۱۹۱

حدیث کی اصطلاحات میں یہ صورت بڑی نادر ہے کہ کسی حدیث میں عزیز اور مشہور دونوں کے اوصاف پائے جاتے ہوں اس حالت میں اس کو "عزیز مشہور" کہیں گے ایسا اس وقت ہوتا ہے جب کسی حدیث کے بارے میں معلوم ہو کہ وہ کسی خاص طبقہ میں دو راویوں سے مروی ہونے کی وجہ سے عزیز کے درجہ کی حدیث ہے مگر اس سے پہلے یا بعد کے طبقہ میں زیادہ راویوں سے منقول ہونے کی بناء پر مشہور کے درجہ پر فائز ہوگی۔

حافظ علائی [1] اس کی مثال میں حدیث **نحن الاخرون السابقون یوم القیامة** پیش کرتے اور کہتے ہیں کہ یہ حدیث عزیز ہے اس کو حذیفہ بن یمان اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ سے روایت کیا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سات راویوں نے یہ حدیث روایت کی ان کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں ۔ (۱) ابو سلمہ بن عبد الرحمٰن (۲) ابو حازم (۳) طاؤس (۴) اعرج (۵) ہمام (۶) ابو صالح (۷) عبد الرحمٰن مولی ام برثن [2]

## (۱۲) عالی (۱۳) نازل

اصحاب ورع وتقوی علماء ہمیشہ ایسے محدثین کی روایات کو ترجیح دیتے رہے جن کی سند عالی ہو اور سرور کائنات ﷺ سے قریب تر ہو وہ یہ اعتقاد رکھتے تھے کہ اسنادی قرب تقریب الی اللہ کا باعث ہے۔ [3]

قرب اسنادی انہیں ہمیشہ بسہولت حاصل نہیں ہوا کرتا تھا اس لئے وہ صحابہ تابعین اور علماء اعلام سے ایسی سند کے حصول میں کوشاں رہا کرتے تھے اس طرح سند عالی کی دو صورتیں وجود میں آگئی تھیں (۱) مطلق (۲) نسبی واضافی۔

### (۱) سند عالی مطلق

وہ ہے جس کے راوی قلت تعداد کے باعث نبی کریم ﷺ سے قریب ہوں اور اسی حدیث کی کسی دوسری سند میں راویوں کی تعداد اس سے زیادہ ہو۔ [4]

ایسی سند عالی کو " **اجل الاسانید** "تصور کیا جاتا ہے بشرطیکہ وہ سند صحیح اور پاکیزہ ہو۔

(۱) ان کا تعارف کرایا جاچکا ہے۔ (۲) التدریب ص ۱۹۳ (۳) الجامع ج ۱ ص ۱۲ (۴) التدریب ص ۱۸۴۔

اگر ضعیف ہوگی تو اسے ناقابل التفات قرار دیا جائے گا۔ خصوصاً جب کہ اس میں پچھلے زمانہ کے ایسے جھوٹے راوی بھی موجود ہوں جو صحابہ سے سماع کے دعوی دار تھے۔ مثلاً ابن ہدبہ ،دینار، خراشہ، نعیم بن سالم، ابی الدنیا۔

اس لئے حافظ ذہبی فرماتے ہیں:

”جب کسی محدث کو دیکھو کہ ایسے راویوں کی سند عالی کو دیکھ کر خوش ہوتا ہے تو سمجھ لو کہ وہ جاہل آدمی ہے“۔ (۱)

## سند عالی نسبی:

وہ سند ہے جس کے راوی کسی امام حدیث سے قرب تر ہوں، مثلاً اعمش، ابن جریج، مالک، شعبہ اور دیگر آئمہ حدیث اس کے ساتھ ساتھ سند صحیح بھی ہو یا اس سند کے راوی معتبر کتب حدیث میں سے کسی کتاب سے قریب تر ہوں۔ مثلاً کتب صحاح ستہ مؤطا امام مالک اور دیگر کتب (۲) اس کو نسبی اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں جو علو سند پایا جاتا ہے وہ حقیقی نہیں بلکہ نسبی اور اضافی ہوتا ہے۔

سند عالی نسبی کی متعدد صورتیں ہیں مشہور ترین صورت یہ ہے کہ بخاری کی روایت کردہ ایک حدیث کو لے کر کسی دوسری سند سے اس طرح روایت کی جائے کہ وہ امام بخاری کے شیخ یا شیخ الشیخ تک پہنچ جائے اور اس سند میں بخاری کی سند کے مقابلہ میں راویوں کی تعداد کم ہو۔ (۳)

حافظ ابن حجر عسقلانی نے سند عالی نسبی کو چار قسموں میں منقسم کیا ہے (۱) موافقت (۲) بدل (۳) مساواۃ (۴) مصافحہ۔

## (۱) موافقت:

موافقت کا مطلب یہ ہے کہ حدیث کی کسی کتاب کے مؤلف کے شیخ تک کسی دوسری سند سے پہنچ جائیں۔

---

(۱) قواعد التحدیث ص ۱۰۸۔ (۲) التدریب ص ۱۸۵۔ (۳) الباعث الحثیث ص ۱۸۲۔

مثلاً امام بخاری ایک حدیث قتیبہ سے اور وہ مالک سے روایت کرتے ہیں۔ کوئی دوسرا شخص کسی اور سند سے یہی روایت قتیبہ سے بیان کرے اور اس سند میں امام بخاری کی نسبت راویوں کی تعداد کم ہو۔ (۱)

## (۲) بدل:

اور اگر کوئی شخص مؤلف کتاب کے شیخ الشیخ تک کسی اور سند سے پہنچ جائے تو اس کو بدل کہتے ہیں مثلاً سند مذکورہ بالا کو کوئی شخص ایک اور سند سے قعنبی از مالک روایت کرے تو اس صورت میں قعنبی گویا قتیبہ کا بدل ہوگا۔ (۲)

## (۳) مساواۃ

مساواۃ کا مطلب یہ ہے کہ مؤلف کتاب نے ایک حدیث کو ایک خاص سند سے روایت کیا ہو ایک دوسرا شخص کسی دوسری سند سے یہ حدیث بیان کرے اور دونوں میں راویوں کی تعداد برابر ہو اس کی مثال بقول ابن حجر یہ ہے کہ فرض کیجئے امام نسائی ایک حدیث روایت کرتے ہیں اور اس کی سند میں ان سے لے کر نبی ﷺ تک گیارہ راوی ہوں۔ ہم یہی حدیث کسی اور سند سے بیان کریں اور اس میں بھی اتنے ہی راوی ہوں تو گویا ہم اس صورت میں امام نسائی کے مساوی ہوں گے اگرچہ ان کی سند ہماری سند سے الگ ہے۔ (۳)

محدث ابن الصلاح فرماتے ہیں:

> ''ہمارے عصر وعہد میں مساواۃ سے مراد یہ ہے کہ کسی سند میں راویوں کی مساواۃ صرف امام مسلم یا دیگر مولفین کے شیخ یا شیخ الشیخ تک پہنچنے کے اعتبار سے نہیں بلکہ صحابی یا تابعی بلکہ رسول کریم تک پہنچنے کی نسبت سے ہو مثلاً کسی حدیث کو روایت کرنے والے اور صحابی کے درمیان اتنے ہی راوی ہوں جتنے امام مسلم اور اس صحابی کے درمیان اس طرح وہ روایت کنندہ قرب اسناد اور عدد رجال میں امام مسلم کے برابر ہوگا''۔ (۴)

(۱) شرح نخبہ ص ۳۱۔ (۲) نیز نخبہ ص ۳۱ نیز التدریب ص ۱۸۵۔ (۳) شرح نخبہ ص ۳۲ (۴) علوم الحدیث لابن الصلاح ص ۲۹۱

(۴) مصافحہ:

مصنف کتاب کے تلمیذ کے ساتھ مساوات کو مصافحہ کہتے ہیں مصافحہ کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ جب دو آدمی ملتے ہیں تو وہ باہم مصافحہ کرتے ہیں[۱] اگر تلمیذ مصنف نے تمہارے شیخ کی برابری کی ہو تو گویا تم نے مصنف کتاب سے مصافحہ کیا اور ان سے روایت کی۔ اور اگر مساوات تمہارے شیخ الشیخ کے ساتھ ہوئی تو مصافحہ کرنے والا تمہارا شیخ ہوگا اور اگر مساوات تمہارے شیخ کے شیخ الشیخ کے ساتھ ہوئی تو مصافحہ کرنے والا تمہارا شیخ الشیخ ہوا۔[۲]

مذکورہ صدر اقسام میں سے مساواۃ اور مصافحہ کا عالی ہونا محتاج بیان نہیں۔ یہ دونوں قسمیں نسبۃً مولف کتاب کے اپنی سند میں نازل ہونے کی وجہ سے عالی ہوئیں اسی لئے عصر حاضر یعنی چودھویں صدی اور اس کے قریب زمانہ میں ان دونوں قسموں کا وجود متعذر ہے کیونکہ ان ادوار کے اندر اسناد میں بہت بُعد پیدا ہو گیا ہے۔

ابن الصلاح مساواۃ اور مصافحہ کو ایک ہی نگاہ سے دیکھتے اور ان کو حقیقی علو سے عاری خیال کرتے ہیں پھر پورے وثوق سے کہتے ہیں:

> ''علو کی یہ اقسام نزول کے تابع ہیں اس لئے کہ اگر مؤلف کتاب اپنی سند میں نازل نہ ہوتا تو اس کے مقابل راوی کو علو سند نصیب نہ ہوتا''۔[۳]

علو نسبی کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ راوی اپنے استاد سے قبل فوت ہو جائے اگرچہ دونوں سندیں راویوں کی تعداد کے لحاظ سے مساوی ہوں۔ مثلاً جس نے مسند احمد کا سماع بطریق احمد علی حلاوی از ابو العباس حلبی از نجیب کیا ہو وہ اس شخص کی نسبت عالی ہوگا جس نے جمال کتانی از قرضی از زینب بنت مکی کی سند سے مسند کا درس لیا ہو اس لئے کہ اول الذکر تینوں راوی مؤخر الذکر سے پہلے وفات پا چکے تھے[۴] اور اس لئے وہ احمد اور مسند احمد سے قریب تر ہیں۔

علو نسبی تقدم سماع سے بھی حاصل ہوتا ہے[۵] چنانچہ جس نے کسی شیخ سے پہلے سنا ہے

---

(۱) شرح نخبہ ص ۳۲ (۲) التدریب ص ۱۸۶ (۳) علوم الحدیث لابن الصلاح ص ۲۲۰ (۴) التدریب ص ۱۸۶ (۵) علوم الحدیث لابن الصلاح ص ۲۲۰۔

وہ بعد میں سننے والے سے اعلیٰ ہوگا مثلاً دو شاگردوں نے ایک ہی استاد سے استفادہ کیا ہو ایک کو اس سے استفادہ کیے ہوئے ساٹھ برس گزرے اور دوسرے کو چالیس تو اندریں صورت پہلا دوسرے سے اعلیٰ ہوگا۔ (۱)

پچھلے ادوار کے محدثین اسناد عالی بہر دو صنف مطلق و نسبی کے بڑے شائق تھے ان کے اشتیاق کا یہ عالم تھا کہ انہوں نے اسی کو سرمایہ افتخار بنا کر دیگر اہم امور نظر انداز کر دیا تھا۔ چنانچہ انہوں نے اس پر اسی طرح کبر و فخر کا مظاہرہ کرنا شروع کر دیا جس طرح وہ غریب اور منکر حدیثیں ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر ان پر اترایا کرتے تھے۔ جیسا کہ ہم قبل ازیں اس پر روشنی ڈال چکے ہیں علو سند کے مرغوب و محبوب ہونے کی وجہ یہ تھی کہ اس میں اقرب الی الصحت اور قلت خطاء کے امکانات زیادہ ہیں اس لئے کہ سند میں جتنے راوی ہوں گے ہر راوی سے غلطی کا صدور جائز ہوگا درمیانی وسائط جتنے بڑھتے جائیں گے اور سند لمبی ہوتی جائے گی غلطی کے احتمالات میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا اور سند میں جتنے راوی کم ہوں گے اسی قدر غلطی کا احتمال کم ہوتا جائے گا (۲) اسی لئے محدثین کے یہاں یہ مقولہ زبان زد عام ہے کہ ''سند نازل گھٹیا ہوتی ہے''۔ (۳)

امام سیوطی الفیہ میں فرماتے ہیں: (۴)

| | |
|---|---|
| وطلب العلو سنة ومن | يفضل النزول عنه ما فطن |
| (سند عالی کی طلب و تلاش | (محدثین کی) سنت ہے اور جو سند |
| نازل کو ترجیح دیتا ہے وہ | (اس کی فضیلت کو) سمجھا ہی نہیں) |

یہ بات محتاج بیان نہیں کہ سند نازل عالی کی ضد ہے سند نازل کی قسموں کی تفصیل سند عالی کی اقسام ہی سے معلوم کی جا سکتی ہے زیادہ تفصیل کی حاجت نہیں۔ (۵)

یاد رہے کہ سند عالی کو نازل کے مقابلہ میں جو عظمت و فضیلت حاصل ہے وہ ہر وقت اور ہر جگہ مطلقاً نہیں ہے۔ بخلاف ازیں جب سند نازل میں کوئی خوبی پائی جاتی ہو تو وہ عالی

(۱) الباعث الحثیث ۱۸۴ نیز التدریب ص ۱۸۷ (۲) شرح نخبہ ص ۳۱ (۳) علوم الحدیث لابن الصلاح ۲۲۲ (۴) اختصار علوم الحدیث ص ۱۸۴ (۵) الفیہ سیوطی ص ۲۶۰ شعر نمبر ۷۰۴۔

سے بڑھ جاتی ہے مثلاً جب سند نازل کے راوی زیادہ حافظ ثقہ اور فقیہ تر ہوں یا اس کے اخذ وروایت کی صورت اقرب الی السماع ہو۔(۱)

وکیع (۲) اپنے اصحاب وتلامذہ سے فرمایا کرتے تھے بتایئے ان دو سندوں میں سے تمہیں کون سی سند پسند ہے آیا (۱) اعمش از ابی وائل از ابن مسعود یا (۲) سفیان از منصور از ابراہیم از علقمہ از ابن مسعود رضی اللہ عنہ۔

پہلی سند میں سب شیوخ حدیث ہیں اور دوسری سند فقہاء پر مشتمل ہے اور فقہاء کی سند ہمیں شیوخ کی سند سے عزیز تر ہوتی ہے۔(۳)

حافظ سلفی (۴) نے اس سے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ حدیث میں وجہ فضیلت صرف یہ ہے کہ علماء سے مروی ومنقول ہو اس لئے جو سند علماء پر مشتمل ہو وہ نازل بھی ہو تو جہلاء کی سند عالی سے بہتر ہے محققین کا مذہب یہی ہے۔

''اندریں صورت سند نازل نظر وتحقیق کی بناء پر عالی کہلانے کی مستحق ہوگی''۔(۵)

## (۱۴) متابع (۱۵) شاہد

بعض محدثین متابع ومشاہد کو ایک دوسرے کی جگہ استعمال کرتے ہیں اور اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے (۶) اس لئے کہ یہ دونوں قسمیں ایسی ہیں کہ ان سے فرد نسبی (حدیث غریب) کو تقویت وتائید حاصل ہوتی ہے مگر اس سے دونوں کا مترادف ہونا لازم نہیں آتا بلکہ ان کے درمیان بڑا نازک فرق پایا جاتا ہے اور علماء نے ان کی جداگانہ تعریفیں کی ہیں۔

اس ضمن میں جو اقوال وامثلہ محفوظ ہیں ان سے واضح ہوتا ہے کہ شاہد میں متابع کی نسبت زیادہ عموم پایا جاتا ہے اس لئے کہ شاہد لفظ ومعنی دونوں کی تائید کرتا ہے بخلاف ازیں

(۱) التدریب ص ۱۸۸ (۲) وکیع بن جراح بن ملیح بن عدی ان کی کنیت ابوسفیان ہے کوفہ کے باشندہ تھے اور قیس عیلان کے قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے ۱۲۸ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۹۸ھ میں وفات پائی امام احمد بن حنبل اور یحیی بن معین ان کے بارے میں کہا کرتے تھے عراق میں ثقہ راوی وکیع ہیں (تاریخ بغداد ج ۱۳ ص ۴۶۶، ۴۸۱)۔ (۳) اختصار علوم الحدیث ص ۱۸۵۔ (۴) ان کا تعارف قبل ازیں کرایا جا چکا ہے۔ (۵) التدریب ص ۸۸۔ (۶) شرح نخبہ ص ۱۵، نیز التدریب ص ۸۵

متابع میں صرف الفاظ کی تائید مقصود ہوتی ہے معنی کی نہیں۔ (۱)

اس اساسی واصولی فرق وامتیاز کی بناء پر ہم متابع کی یہ تعریف کر سکتے ہیں کہ جس کے راوی کی دوسرا راوی تائید کرتا ہو اور تائید کرنے والا اس قابل ہو کہ اس کی روایت تسلیم کی جا سکے۔ تائید کرنے والا پہلے راوی کے شیخ یا شیخ الشیخ سے ایسے الفاظ میں روایت کرے جو پہلے راوی کے بیان کردہ الفاظ سے ملتے جلتے ہوں۔ (۲)

شاہد کی تعریف یہ ہے کہ دوسرا راوی یوں تو اس کے راوی کی تائید کرتا ہو مگر وہ مختلف صحابی سے روایت کرتا ہو اور اس کی یہ روایت لفظ ومعنی دونوں میں یا صرف معنی میں پہلے راوی کی روایت سے ملتی جلتی ہو۔ (۳)

متابع کی دو قسمیں ہیں:۔(۱) متابع تام (۲) متابع قاصر۔

اسی طرح شاہد کی بھی دو قسمیں ہیں:۔(۱) شاہد لفظی (۲) شاہد معنوی۔

## متابع تام:

وہ ہے جس میں ایک راوی دوسرے راوی کی تائید کرتا ہو۔ اس کی مثال وہ حدیث ہے جس کو امام شافعی اپنی ''کتاب الام'' میں امام مالک از عبداللہ بن دینار از ابن عمر روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

''مہینہ انتیس دن کا ہوتا ہے چاند دیکھے بغیر نہ روزہ رکھو اور نہ افطار کرو اگر بادل چھایا ہوا ہو تو تیس دن کی گنتی پوری کرلو''۔

بعض علماء کا خیال ہے کہ ان الفاظ کے ساتھ اس حدیث کو امام مالک سے روایت کرتے میں شافعی متفرد ہیں اور اسلئے اس حدیث کو غرائب شافعی میں شمار کرتے ہیں اس لئے کہ امام مالک کے دوسرے تلامذہ نے اسی سند سے حدیث کے یہ الفاظ نقل کیے ہیں کہ اگر بادل چھا جائے تو اندازہ کرلو مگر علماء یہ بھی کہتے ہیں کہ امام شافعی کے ایک متابع بھی ہیں اور وہ عبداللہ بن مسلمہ قعنبی ہیں۔ چنانچہ امام بخاری نے یہ روایت بطریق قعنبی از مالک اسی

(۱) التدریب ص ۸۵۔ (۲) قواعد التحدیث ص ۱۸۹ (۳) شرح نخبہ ص ۱۵

طرح روایت کی ہے۔[1]

متابع قاصر:

وہ ہے جو راوی کے شیخ یا شیخ الشیخ کی تائید کرتا ہو۔

اس کی مثال ابن خزیمہ کی ذکر کردہ مذکورہ صدر حدیث ہے جو موصوف نے بطریق عاصم بن محمد از والد خود محمد بن زید از جد خود عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بایں الفاظ روایت کی ہے کہ تیس دن پورے کرلو۔ بخلاف ازیں صحیح مسلم میں عبید اللہ بن عمر نافع سے اور وہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کرتے ہیں کہ ''تیس دن کا اندازہ کرلو''۔

شاہد لفظی:

جو متن حدیث کی لفظ تائید کرے اس کو شاہد لفظی کہتے ہیں اس کی مثال سابقاً ذکر کردہ حدیث کی وہ روایت ہے جو نسائی نے بروایت محمد بن حسین از ابن عباس رضی اللہ عنہ از نبی کریم ﷺ ذکر کی ہے یہ اس حدیث کے بالکل مطابق ہے جو عبداللہ بن دینار نے ابن عمر سے روایت کی ہے۔[2]

شاہد معنوی:

جو کسی حدیث کے معنی ومفہوم کی تائید کرے اسے شاہد معنوی کہتے ہیں اس کی مثال حدیث سابق کی وہ روایت ہے جو امام بخاری نے بطریق محمد بن زیاد ابو ہریرہ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے کہ اگر بادل چھا جائے تو شعبان کے تیس دن پورے کرلیا کرو۔[3]

اس طرح رویت ہلال سے متعلق حدیث متابعت تامہ وقاصرہ نیز شاہد لفظی ومعنوی چاروں کی مثال بن گئی۔[4]

اصول حدیث سے متعلق وشاہد کے ساتھ ساتھ اعتبار کا ذکر بھی کیا جاتا ہے جس سے قاری سمجھنے لگتا ہے کہ مجموعی اعتبار سے یہ تین قسمیں ہیں حق بات یہ ہے کہ اعتبار متابع وشاہد

(۱) شرح نخبہ ص ۱۴ (۲) التوضیح ج ۲ ص ۱۴ نیز شرح نخبہ ص ۱۴ (۳) شرح نخبہ ص ۱۵ (۴) التوضیح ج ۲ ص ۱۵

کی پہچان کے لئے ایک ذریعہ ووسیلہ کی حیثیت رکھتا ہے امام سیوطی الفیہ میں فرماتے ہیں:[1]

**الاعتبار سبر ما یرویه　　　　هل شارک الراوی سواه فیه**

(اعتبار روایت کی اس جانچ پڑتال کو کہتے ہیں کہ کیا کوئی دوسرا راوی بھی اس کے روایت کرنے میں شریک ہے یا نہیں)۔

حافظ بن حجر فرماتے ہیں:

''مختلف کتب حدیث مثلاً جوامع مسانید اور اجزاء سے طرق واسانید کو اس مقصد کے لئے تلاش کرنے کو اعتبار کہتے ہیں کہ آیا جس حدیث کو فرد اور غریب سمجھا جاتا ہے اس کا کوئی متابع بھی ہے یا نہیں''؟

ابن الصلاح کے قول" **معرفة الاعتبار والمتابعات والشواهد**" سے وہم پڑتا ہے کہ شاید اعتبار بھی متابع وشاہد کی طرح ایک مستقل قسم ہے حالانکہ ایسا نہیں بلکہ متابعات وشواہد تک پہنچنے کا ایک ذریعہ ہے۔[2]

جو احادیث اصل کی حیثیت رکھتی ہیں محدثین ان میں جس حد تک تشدد سے کام لیتے ہیں شواہد ومتابعات میں اتنی سختی نہیں برتتے، چنانچہ شواہد ومتابعات میں اگر کسی قدر ضعف بھی پایا جاتا ہو تو اس کو گوارا کرتے ہیں مگر اصل روایات میں اس کو ناقابل برداشت تصور کرتے ہیں بلکہ ایسا ضعف صحیحین کے متابعات وشواہد میں بھی موجود ہے اسی لئے امام دار قطنی اور دیگر نقاد حدیث بعض ضعیف راویوں کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ راوی اعتبار کے لئے موزوں ہے اور فلاں موزوں نہیں۔[3]

جب کسی ضعیف راوی کے بارے میں ''متروک الحدیث'' کے الفاظ منقول ہوں تو وہ اعتبار کے لے موزوں نہیں ہے۔ اس کی مثال حدیث نبوی **احبب حبیبک** ہوناما ہے یہ حدیث ترمذی نے بطریق حماد سلمہ از ایوب ابن سیرین از ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ از نبی کریم ﷺ کی روایت ہے امام ترمذی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث غریب ہے اور کسی دوسری سند سے مروی نہیں سیوطی نے امام ترمذی کی اس عبارت کا مطلب یہ بتایا ہے کہ یہ حدیث

(۱) الفیہ سیوطی ص ۴۰ا شعر نمبر ۲۰۴ (۲) نزہۃ النظر ص ۳ نیز التوضیح ج ۲ ص ۱۱، ۱۲ (۳) اختصار علوم الحدیث ص ۶۴

کسی صحیح سند سے منقول نہیں ورنہ حسن بن دینار نے اس کو ابن سیرین سے روایت کیا ہے مگر حسن متروک الحدیث ہونے کی بناء پر متابعات روایت کرنے کے لائق نہیں۔ [۱]

جو شخص ایسے طریق و اسانید کا طالب ہو جو متابعات و شواہد کے لائق ہیں اسے مختلف کتب حدیث مثلاً جوامع مسانید اور اجزاء کا مطالعہ کرنا چاہیے ہم قبل ازیں متابعات و شواہد پر روشنی ڈال چکے ہیں۔

## (۱۶) مدرج:

مدرج اس حدیث کو کہتے ہیں جس کی سند یا متن میں ایسے اضافہ کا پتے چلے جو دراصل اس میں نہ ہو [۲] اس کی وجہ تسمیہ واضح ہے ادراج ایک چیز کو دوسری کے اندر داخل کرنے اور اس کے سمونے کو کہتے ہیں۔ [۳]

احادیث صحیحہ حسن اور مسند کے راوی عموماً بتا دیا کرتے ہیں کہ اضافہ کہاں واقعہ ہوا ہے اضافہ معمولی بھی ہو تو بھی وہ اس سے آگاہ کر دیتے ہیں اور یہ بھی بتاتے ہیں کو اضافہ کرنے والا کون ہے خواہ یہ زیادت متن میں ہو یا سند میں ادراج کو ظاہر نہ کرنے کی صورت میں انہیں یہ خدشہ دامنگیر رہتا ہے کہ کوئی شخص ان کی زبانی یہ روایت نقل کرے اور اس بات کی تصریح نہ کرے کہ یہ ادراج ہے جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ غیر شعوری طور پر حدیث رسول یا رواۃ حدیث کے بارے میں دروغ گوئی کرنے والوں کے معاون ٹھہریں گے۔

اس میں شبہ کی کوئی مجال نہیں کہ ادراج کذب و تدلیس کی ایک قسم ہے اور ہی شخص اس کا ارتکاب کرتا ہے جو ضعیف الایمان ہو اور راسخ العقیدہ نہ ہو۔

سمعانی فرماتے ہیں:

> ''جو شخص دانستہ ادراج کا مرتکب ہوتا ہے وہ ساقط العدالت ہے اور ان لوگوں میں شمار ہوتا ہے جو کلمات کی تعریف کرتے ہیں وہ کذابین کے زمرہ میں شامل ہے''۔ [۴]

---

(۱) الباعث الحثیث ص۶۴ بحوالہ التدریب ص۸۵۔ (۲) الباعث الحثیث ص۸۰ (۳) التوضیح ج۲ حاشیہ ص۵۰ (۴) التدریب ص۵۸۔

ادراج فی المتن اکثر حدیث کے اخری حصہ میں وقوع پذیر ہوتا ہے بعض راویان حدیث ایضاح وتفسیر کے نقطہ خیال سے حدیث کے آخر میں بعض الفاظ درج کر دیتے ہیں بعض اوقات یہ اضافہ آغاز حدیث اوراس کے وسط میں بھی ہوتا ہے زیادہ تر شروع میں ہوتا ہے اوراس کی نسبت وسط میں بہت کم وقوع پذیر ہوتا ہے۔ (۱)

ادراج فی الوسط کی مثال وہ حدیث ہے جو امام نسائی نے مرفوعاً حضرت فضالہ سے روایت کی ہے۔

**"انا زعیم... والزعیم الحمیل... لمن امن بی و اسلم وجاھدفی سبیل اللہ ببیت فی ربص الجنۃ" (۲).**

(جو مجھ پر ایمان لائے مشرف باسلام ہو جائے اور خدا کی راہ میں جہاد کرے میں اس کے لئے جنت کے کنارے ایک گھر کا ضامن ہوں۔

اس حدیث میں **"والزعیم الحمیل"** کے الفاظ نبی کریم ﷺ کے فرمودہ نہیں بلکہ حدیث کے راوی ابن وہب نے لفظ "زعیم" کی تشریح کے لئے درج کیے ہیں راوی نے سمجھا کہ زعیم کا لفظ عام فہم نہیں ہے لہٰذا اس کا مفہوم واضح کر دیا۔

آغاز حدیث میں ادراج کی مثال خطیب بغدادی کی وہ روایت ہے جو موصوف نے بطریق ابوقطن وشبابہ از شعبہ از محمد بن زیاد از ابی ہریرہ روایت کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا **اسبغوا الوضوء ویل للاعقاب من النار** (وضو اچھی طرح کیا کرو، افسوس کہ ایڑیاں جہنم کی آگ کی نذر ہوں گی)۔

اس حدیث میں **اسبغوا الوضوء** کے الفاظ آپ نے نہیں فرمائے بلکہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اپنی طرف سے درج کیے تھے ابوقطن اور شبابہ نے جب شعبہ سے روایت کی تو انہوں نے اس کو ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے بجائے نبی کریم ﷺ کا ارشاد سمجھا۔ (۳)

(۱) التوضیح ج ۲ حاشیہ ص ۵۳ (۲) التدریب ص ۹۷ (۳) روایات کثیرہ سے اس ادراج کا پتہ چلتا ہے جن میں اسبغوا الوضو کے الفاظ سرے سے موجود ہی نہیں ان میں سب سے زیادہ اہمیت کی حامل امام بخاری کی وہ روایات ہے جو موصوف نے بطریق آدم از شعبہ از محمد بن زیاد از ابی ہریرہ نقل کی ہے کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا اسبغوا الوضوء (وضو اچھی طرح کیا کرو) کیونکہ آنحضو ﷺ کا ارشاد ہے ویل للاعقاب من النار. امام سیوطی تدریب ص ۹۶ پر خطیب سے نقل کرتے ہیں کہ اس آخری روایت کو ایک جم غفیر نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سابق الذکر راوی آدم کی طرح نقل وروایت کیا ہے۔

حدیث کے آخری حصہ میں ادراج کی مثال ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ صحیح اور مرفوع روایت ہے کہ غلام کو دو اجر ملیں گے مجھے اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر جہاد حج اور والدہ کی اطاعت کا خیال دامن گیر نہ ہوتا تو میں غلامی کی حالت میں مرنے کو ترجیح دیتا۔(1)

نبی کریم ﷺ نے صرف یہ فرمایا تھا کہ غلام کو دو اجر ملیں گے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے غلام بننے کی آرزو کا اظہار کر کے حدیث میں ذکر کردہ اجر و ثواب کی تائید کردی ظاہر ہے کہ نبی کریم ﷺ تو خود غلاموں کو آزاد کرنے کی تعلیم دیتے تھے آپ ایسی خواہش کا اظہار کیونکر کر سکتے تھے نیز یہ کہ نبی کریم ﷺ کی والدہ تو بچپن ہی میں وفات پا گئی تھیں پھر یہ الفاظ آپ کے کیونکر ہو سکتے ہیں۔(2)

جہاں تک مدرج الاسناد کا تعلق ہے اس کا نتیجہ بھی دراصل ادراج فی المتن (3) ہی کی صورت میں رونما ہوتا ہے تاہم مدرج الاسناد کی دو صورتیں زیادہ اہم ہیں۔(4)

(۱) ایک صورت یہ ہے کہ راوی ایک سند کے ساتھ متعدد سندوں والی حدیث کو جمع کر دے اور اختلاف اسانید کو بیان نہ کرے (5) اس کی مثال ترمذی کی وہ حدیث ہے جو موصوف نے بطریق ابن مہدی از ثوری از واصل ومنصور واعمش از ابو وائل از عمرو بن شرحبیل از ابن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کی ہے کہ میں دریافت کیا یا رسول اللہ ﷺ سب سے بڑا گناہ کون سا ہے؟ (آخر تک) واصل نے اپنی روایت میں عمرو بن شرحبیل کا ذکر نہیں کیا بلکہ واصل نے براہ راست ابو وائل اور اس نے ابن مسعود سے روایت کی اس لئے عمرو بن شرحبیل کا ذکر اصل کی روایت میں ادراج اور منصور واعمش کی سند میں درست ہے۔

اس کی دلیل یہ ہے کہ یحییٰ قطان نے ثوری سے دو سندوں کے ساتھ یہ حدیث واصل سے روایت کی ہے اور کسی میں بھی عمرو بن شرحبیل کا ذکر نہیں پایا جاتا ایک روایت منصور سے

(۱) التدریب ص۹۶ (۲) التوضیح ج۲ ص۶۲۔ (۳) الباعث الحثیث ص۸۲ (۴) حافظ ابن حجر نے شرح نخبہ ص۲۱، ۲۲ پر مدرج الاسناد کی چار قسمیں بیان کی ہیں۔ (۵) الباعث الحثیث ص۸۲

ہے اور دوسری اعمش سے قطان کی روایت بخاری نے بھی ذکر کی ہے۔[۱]

مذکورصدر روایت سے واضح ہوتا ہے کہ اس حدیث کی سندیں متعدد ہیں مگر راوی نے اس کا ذکر نہیں کیا بلکہ اس نے یہ تاثر دینے کی کوشش کی ہے کہ یہ حدیث واصل نے عمرو بن شرحبیل سے روایت کی ہے کیونکہ منصور اور اعمش نے صراحۃً عمرو بن شرحبیل کا ذکر کیا ہے۔

(۲) مدرج الاسناد کی دوسری صورت[۲] یہ ہے کہ ایک حدیث راوی نے ایک سند کے ساتھ روایت کی ہو علاوہ ازیں اس نے ایک اور حدیث علیحدہ سند کے ساتھ بھی روایت کی ہو بعد ازاں ایک راوی آئے اور دونوں میں سے ایک حدیث کو اس کی سند کے ساتھ روایت کرے اور بلا اطلاع دوسری حدیث کو بھی اس میں شامل کردے۔

اس کی مثال وہ حدیث ہے جو سعید بن ابی مریم نے بروایت مالک از زہری از انس مرفوعاً

ان الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے۔

**لا تباغضوا ولا تحاسدوا ولا تدابروا ولا تنافسوا**

ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو حسد نہ کرو ایک دوسرے سے پیٹھ نہ پھیرو اور ایک دوسرے پر رشک نہ کرو)

سعید ابن ابی مریم نے اس حدیث میں ایسی عبارت بھی شامل کردی ہے جو اس میں نہیں ہے بلکہ وہ دوسری حدیث کی عبارت ہے جس کی سند الگ ہے اور وہ امام مالک سے بطریق ابوالزناد از اعرج از ابوہریرہ مرفوعا روایت کی گئی ہے وہ مدرج عبارت **لا تنافسوا** ہے یہ عبارت دوسری سند میں صراحۃً مذکور ہے جیسا کہ بخاری و مسلم نیز موطا میں یہ الفاظ نقل کیے گئے ہیں۔[۳]

ادراج کے اسباب ومحرکات بہت سے ہیں مثلاً:

(۱) حدیث نبوی میں ذکر کردہ بعض نادر الاستعمال الفاظ کی تشریح وتوضیح۔

(۱) التدریب ص۹۸ (۲) الباعث الحثیث ص۸۳ (۳) التوضیح ج۲ ص۶۵، نیز حاشیہ لقط الدرر ص۷۹

(۲) راوی متن حدیث کے آغاز میں اپنی ﷺ جانب سے چند تمہیدی الفاظ کا اضافہ کر دیتا ہے۔

(۳) حدیث نبوی سے کسی شرعی حکم کا استنباط کر کے راوی حدیث کے وسط یا آخر میں اپنی طرف سے کچھ اضافہ کر دیتا ہے۔ (۱)

مذکورہ صدر محرکات ایسے ہیں کہ اگر راوی سے عمداً صادر ہوں تو بھی ہم انہیں جائز قرار دے سکتے ہیں یہی وجہ ہے کہ امام زہری اور دیگر آئمہ حدیث نادر الفاظ کی تفسیر کے لئے ادراج کو جائز سمجھتے اور اس میں کوئی حرج نہیں خیال کرتے تھے۔ (۲)

علاوہ ازیں دیگر اسباب ومحرکات کے زیر اثر سب محدثین وفقہاء کے نزدیک حدیث نبوی کے الفاظ میں دانستہ اضافہ کرنا حرام ہے یہ بات روشن ہے کہ حدیث مدرج کی جس قسم کو ہم نے حدیث صحیح حسن وضعیف کی مشترک قسم میں داخل کیا ہے وہ ایسی مدرج ہے جس میں تدلیس کو دخل نہ ہو نیز یہ کہ صرف اسی مدرج کو صحیح یا حسن کہہ سکیں گے جس میں مدرج عبارت معلوم ہو اور یہ بھی جانتے ہوں کہ یہ ادراج ایضاح وتفسیر کی خاطر کیا گیا ہے ورنہ حدیث نبوی اس سے خالی ہے حدیث نبوی میں یا تو آنحضور ﷺ کے اقوال شامل ہیں یا صحابہ وتابعین کے آثار وغیرہ۔

## مدرج کی پہچان کے کئی طریقے ہیں (۳)

(۱)...... مدرج کی پہچان کا پہلا طریقہ یہ ہے کہ اس کی نسبت نبی اکرم ﷺ کی جانب محال ہو مثلاً حدیث الطیرۃ شرک وما منا الا ...... اس حدیث میں آخری عبارت حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی درج کردہ ہے اس لئے کہ شرکیہ کلمات کو آپ ﷺ کی جانب منسوب نہیں کیا جا سکتا اسی طرح ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے غلامی کی آرزو کرنے کا واقعہ ہم ابھی بیان کر چکے ہیں۔

(۲)...... دوسرا طریقہ یہ ہے کہ صحابی خود تصریح کرے کہ اس نے یہ مدرج جملہ نبی

(۱) التوضیح ج ۲ بر حاشیہ ص ۵۲ (۲) التدریب ص ۹۸ (۳) لقط الدار ص ۹۱ نیز التوضیح ج ۲ ص ۶۲

کریم ﷺ سے نہیں سنا مثلاً عبداللہ بن مسعود کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فقرہ کہتے سنا کہ:

من جعل لله ندا دخل النار

''جس نے خدا کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا وہ دوزخ میں داخل ہوگا۔''

اور دوسرا فقرہ میں خود کہتا ہوں کہ:

من مات لا يجعل لله ندا دخل الجنة

جو خدا کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرائے بغیر مر جائے وہ جنت میں جائے گا۔

صحیح مسلم میں یہ حدیث ان الفاظ کے ساتھ مروی ہے:

ایک فقرہ آنحضور ﷺ نے فرمایا اور دوسرا میں خود کہتا ہوں

مگر اختلاف روایت کی بنا پر ہم قطعی طور پر نہیں کہہ سکتے کہ دونوں میں سے مدرج جملہ کون سا ہے۔

(۳)...... مدرج کی پہچان کا تیسرا طریقہ یہ ہے کہ راوی صراحۃ حدیث مرفوع سے مدرج عبارت کو علیحدہ کر دے اور بتا دے کہ یہ فلاں شخص نے درج کی ہے اس کی مثال یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے تشہد کے بارے میں حدیث نبوی ذکر کر کے فرمایا:

''جب تم نے یہ سب کچھ کر لیا تو تمہاری نماز پوری ہوگئی اگر چاہو تو اٹھ جاؤ ورنہ بیٹھے رہو''۔ (ابوداؤد)

یہ عبارت مدرج ہے شبابہ بن سوار نے عبداللہ بن مسعود سے جو روایت بیان کی ہے اس سے بات قطعی طور پر ثابت ہو جاتی ہے۔

شبابہ کہتے ہیں:

''عبداللہ بن مسعود نے کہا جب تم نے ایسا کیا تو تمہاری نماز پوری ہوگئی''۔

یہ حدیث دارقطنی نے روایت کی اور کہا کہ شبابہ ثقہ راوی ہے۔

## (۱۷) مسلسل:

مسلسل وہ حدیث ہے جس کی سند متصل ہو تدلیس سے پاک ہو اور جس کی روایت میں ایک خاص عبارت یا فعل کا تکرار ہوتا ہو اور ہر راوی اوپر والے راوی سے اس فعل یا عبارت کو نقل کرتا ہو یہاں تک کہ وہ سند نبی کریم ﷺ تک پہنچ جائے۔

فن حدیث میں ناپختہ کار شخص حدیث مسلسل کے تدلیس وانقطاع سے پاک ہونے سے متاثر ہو کر فوراً اس کی صحت کا فیصلہ صادر کرتا ہے اور یہ نہیں دیکھتا کہ اس روایت میں جس عبارت یا ہم رنگ وہم آہنگ فعل کی تکرار پائی جاتی ہے وہ شک وشبہ سے پاک نہیں ہے۔

ابن کثیر فرماتے ہیں:

> ''حدیث مسلسل میں یہ فائدہ ضرور ہے کہ وہ تدلیس وانقطاع سے پاک ہوتی ہے مگر ایسی حدیثیں شاذ ونادر ہی صحیح ہوتی ہیں''۔ (۱)

مسلسل احادیث کا اصل متن اگر تدلیس سے پاک ہونے کی بناء پر صحیح ہوتا ہے مگر بعض اقوال افعال کے کامل اور متماثل تسلسل کی وجہ سے ان میں ضعف پیدا ہو جاتا ہے اس لئے کہ اخبار واحوال کی نقل وروایت میں اس قسم کا تسلسل بہت نادر اور دشوار ہوتا ہے (۳) یہی وجہ ہے کہ اکثر احادیث کا متن اگرچہ صحیح ہوتا ہے مگر جب تسلسل کے طریقہ سے ان کی روایت کی جاتی ہے تو ان کی صحت برقرار نہیں رہتی۔ (۴)

حافظ ابن حجر عسقلانی حدیث مسلسل کے بارے میں فرماتے ہیں:

> ''یہ اسناد کی صفت ہے جب کہ مرفوع ہونا متن کا وصف ہے بخلاف ازیں صحیح متن وسند دونوں کی صفت ہے''۔

حدیث مسلسل جس کی نقل وروایت پر مشتمل الفاظ میں یکسوئی پائی جاتی ہو اور ایسا

---

(۱) لفظ الدار میں ص ۳۶ پر حدیث مسلسل کی تعریف یہ کی ہے کہ جس کے راوی کسی صفت یا حالت یا کیفیت کے بیان کرنے میں یک زبان ہوں۔ (۲) اختصار علوم الحدیث ص ۱۸۹ (۳) حاشیہ لقط الدار ص ۱۳۶ (۴) شرح نخبہ ص ۳۴

تماثل وتشابہ بہت نادر ہواس کی مثال وہ حدیث ہے جس کو محمد بن داؤد بن سلیمان ابن احمد سے اور وہ ابراہیم بن راشد سے اور وہ محمد بن یحیٰ واسطی سے (جو ابو منصور کے خادم تھے) روایت کرتے ہیں کہ ابو منصور نے مجھے کہا کہ اٹھ کر پانی ڈالیے تا کہ میں آپ کو منصور کے وضو کرنے کا طریقہ بتاؤں منصور نے مجھے کہا تھا کہ اٹھ کر پانی ڈالو تا کہ میں تمہیں ابراہیم کے وضو کرنے کا طریقہ بتاؤں ابراہیم نے مجھے کہا تھا کہ اٹھ کر پانی ڈالیے کہ میں آپ کو علقمہ کے وضو کا طریقہ بتاؤں کیونکہ علقمہ نے مجھے کہا تھا کہ اٹھ کر پانی ڈالیے تا کہ میں تمہیں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے وضو کا طریقہ بتاؤں ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے مجھے کہا تھا اٹھ کر پانی ڈالیے تا کہ میں تمہیں نبی کریم ﷺ کے وضو کرنے کا طریقہ دکھاؤں کیونکہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا تھا اٹھ کر پانی ڈالیے کہ میں تمہیں جبریل علیہ السلام کے وضو کرنے کا طریقہ بتاؤں۔(۱)

جس روایت میں ایک ہی طرح کے افعال مسلسل مذکور ہوں اور ان افعال کی یکسائی ویگانگت اسی طرح حیرت واستعجاب کی موجب ہو جس طرح سابق الذکر حدیث میں اس کی مثال محدث حاکم کی بیان کردہ یہ حدیث ہے کہ احمد بن حسین قاری نے میرے پنجے میں پنجہ ڈالا اور کہا ابو عمر عبدالعزیز بن عمر بن حسن نے میرے پنجے میں پنجہ ڈالا اور کہا میرے باپ نے میرے پنجے میں پنجہ ڈالا اور کہا ابراہیم بن ابی یحیی نے میرے پنجے میں پنجہ ڈالا اور کہا صفوان بن سلیم نے میرے پنجے میں پنجہ ڈالا اور کہا ایوب بن کالد انصاری نے میرے پنجے میں پنجہ ڈالا اور کہا عبداللہ بن رافع نے میرے پنجے میں پنجہ ڈالا اور کہا ابو ہریرہ نے میرے پنجے میں پنجہ ڈالا اور کہا ابو القاسم ﷺ نے میرے پنجے میں پنجہ ڈالا اور فرمایا:

''اللہ تعالی نے زمین کو ہفتہ کے دن پیدا کیا، پہاڑوں کو اتوار کے دن، درختوں کو سوموار کے دن، مکروہات کو منگل کے روز، نور کو بدھ کے روز، مویشیوں کو جمعرات کے دن اور آدم علیہ السلام کو جمعہ کے دن پیدا کیا''۔(۲)

مذکورہ صدر افعال واقوال کی یکسانی سے نفس انسانی میں جو شکوک وشبہات ابھرتے

---

(۱) معرفۃ علوم الحدیث ص ۳۰ (۲) معرفۃ علوم الحدیث ص ۳۳، ۳۴۔

ہیں محدثین میں ان کا احساس پیدا ہو گیا تھا۔

حاکم نیشاپوری اس قسم کے شواہد امثال ذکر کر کے ان پر مندرجہ ذیل الفاظ میں تبصرہ کرتے ہیں:

> ''یہ ہیں مسلسل اور متصل اسانید کی انواع واقسام، جن میں تدلیس کی کوئی آمیزش نہیں پائی جاتی۔ راویوں میں سماع کے آثار بھی پائے جاتے ہیں۔ البتہ ان پر جرح وتعدیل کی پختہ مہر لگی ہوئی ہے۔ ان میں سے اکثر اسانید کو میں صحیح تصور نہیں کرتا۔ میں نے ان کا ذکر صرف اس لئے کر دیا ہے تاکہ ان کے شواہد سے ان پر استدلال کیا جا سکے''۔ (۱)

اگرچہ امام حاکم مذکورہ اسانید میں سے بعض کو صحیح تصور نہیں کرتے تاہم وہ بعض مسلسل اسانید کے بارے میں صحیح اور حسن ہونے کا فیصلہ بھی صادر کرتے ہیں امام حاکم کا یہ فیصلہ ایسی مسلسل احادیث کے بارے میں ہے جن کے راوی حفظ وضبط کے اوصاف سے موصوف ہوں اور جس متماثل ومتشابہ عبارت کے ساتھ انہوں نے کوئی حدیث اخذ کی ہو انہی الفاظ کے ساتھ اس کو دوسروں تک پہنچا دیں مثلاً **سمعت حدثنا** اور **اخبرنا** کے الفاظ کے ساتھ روایت کریں یہاں تک کہ حدیث نبی کریم ﷺ تک پہنچ جائے۔

مذکورہ بالا قسم کا تسلسل جو ایسے الفاظ میں رونما ہوتا ہے جن سے روایت حدیث کی صورت معلوم ہوتی ہے ممکن الوقوع ہوتا ہے یا کم از کم اس کے امکانات الفاظ حدیث یا افعال رواۃ کے تماثل وتشابہ کی نسبت زیادہ روشن ہوتے ہیں۔

اس کی مثال امام حاکم کی وہ روایت ہے جو انہوں نے بطریق ابو الحسن بن علی از علی بن سالم اصبہانی از یحییٰ بن حکیم از عبدالرحمٰن بن مہدی از سفیان ثوری از ابو عون ثقفی از عبد اللہ بن شداد بیان کی ہے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا:

> ''جس چیز کو آگ نے چھوا ہو اس سے وضو کرنا ضروری ہو جاتا ہے''۔

---

(۱) معرفۃ علوم الحدیث ص ۳۴

اس سند کے تمام راوی ایک دوسرے سے سمعت کہہ کر روایت کرتے ہیں۔ راوی کہتا ہے کہ میں نے یا کسی اور نے مروان کو یہ حدیث سنائی تو اس نے مجھے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں بھیجا محترمہ نے مجھے بتایا کہ پیغمبر ﷺ نماز کے لئے جایا کرتے تھے۔ آپ نے ایک بوٹی یا شانے کی ہڈی چبائی، پھر نماز پڑھی اور دوبارہ وضو نہ کیا۔ مسلسل صحیح کی ایک قسم وہ بھی ہے جس کے تمام راوی حافظ اور اعلیٰ صفات کے ساتھ موصوف ہوں مسلسل کی یہ قسم قطعی علم کا فائدہ دیتی ہے۔ (۲)

لیکن صحیح ترین حدیث مسلسل جو اس کائنات پر روایت کی گئی وہ ہے جس میں سورہ صف کی تلاوت کا ذکر کیا گیا ہے (۳) عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہم چند لوگ آپس میں بیٹھے باتیں کر رہے اور کہہ رہے تھے کہ اگر ہمیں معلوم ہو کہ خدا کے نزدیک محبوب تر کون سا کام ہے تو ہم اس پر ضرور عمل کریں۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے سورۃ الصف نازل فرمائی عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے یہ سورت بھی پڑھ کر سنائی۔ ابوسلمہ کہتے ہیں کہ عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے یہ سورت ہمیں سنائی، یحیی کہتے ہیں کہ ابوسلمہ نے یہ سورت ہمیں سنائی اور اوزاعی کا بیان ہے کہ یحیی نے یہ سورت تلاوت کی۔ محمد بن کثیر کہتے ہیں کہ اوزاعی نے یہ سورت ہمیں پڑھ کر سنائی۔ محدث دارمی کہتے ہیں کہ محمد بن کثیر نے سورہ صف تلاوت کی۔ (۴)

مسلسل احادیث میں سے ایک حدیث وہ ہے جس کے تسلسل اور متن دونوں کو نقاد حدیث نے باطل قرار دیا ہے وہ حدیث یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ''خدا کی قسم جبریل امین نے مجھے بتایا اور کہا خدا کی قسم میکائل نے مجھے بتایا'' یہاں تک کہ اسی طرح یہ روایت اللہ تک پہنچ جاتی ہے۔ محدث سخاوی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث متناً و تسلسلاً دونوں اعتبار سے باطل ہے۔ (۵)

خلاصہ کلام یہ ہے کہ کسی حدیث کو بلا سبب و دلیل صحیح یا ضعیف نہیں کہہ سکتے کسی حدیث

(۱) معرفۃ علوم الحدیث ص ۳۰ (۲) التدریب ص ۱۹۵ (۳) التدریب ص ۱۹۴ (۴) حاشیہ لقط الدارص ۱۳۵ (۵) کتاب مذکور ص ۱۲۶

کے غلطی سے پاک ہونے کا انحصار اس کی سند و متن کی تحقیق و تلاش پر ہے اور اس ضمن میں فیصلہ صادر کرنے کے لئے صبر و تحمل کے ساتھ سوچ بچار کرنے کی سخت ضرورت ہے۔

### (۱۸) المصحف:

محدثین عظام نے حدیث مصحف کی صحیح پہچان حاصل کرنے کے سلسلہ میں بڑی گہرائی سے کام لیا تھا خواہ تصحیف متن میں واقع ہوئی ہو یا سند میں۔ حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ اس کی پہچان بڑا اہم کام ہے [۱] اس فن میں مہارت رکھنے والوں کو بڑی وقعت کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا اس کی وجہ یہ ہے کہ علم حدیث کی اس خاص قسم میں علما کی علمی غلطی کی نشان دہی کی جاتی ہے (جو آسان کام نہیں ہے)

متقدمین نقاد حدیث مصحف و محرف میں فرق نہیں کرتے تھے اس لئے کہ غلطی دونوں میں واقع ہوتی ہے نیز مصحف و محرف دونوں قسم کی احادیث صحف کتب حدیث سے ماخوذ ہوتی ہیں اور بالمشافہ ان کا سماع نہیں کیا جاتا مصحف کے ترادف کے پیش نظر امام عسکری [۲] نے اس موضوع پر اپنی کتاب کا نام "التصحیف و التحریف و شرح ما یقع فیه" [۳] رکھا ہے۔

علماء نے تصحیف قرآن وسنت کے موضوع پر جو کتابیں تصنیف کی ہیں یہ ان میں سے بہترین کتاب ہے۔ امام عسکری قاری کو یہ تاثر دینا چاہتے ہیں کہ تصحیف و تحریف دونوں میں کوئی فرق نہیں فرماتے ہیں۔

"میں نے اپنی تصنیف میں ایسے مشکل الفاظ و اسماء کی تشریح کر دی ہے جن کی ظاہری صورت ملتی جلتی ہے اور ان میں تصحیف و تحریف پیدا ہو جاتی ہے"۔ [۴]

(۱) شرح نخبہ ص ۲۲ (۲) امام لغوی علامہ ابواحمد عسکری حسن بن عبداللہ بن سعید لغت و حدیث دونوں کے زبردست عالم تھے آپ نے صناعته الشعر، الحکم و الامثال المختلف و المؤتلف اور التصحیف نامی کتب تصنیف کیں۔ ابو ہلال عسکری صاحب الصناعتین آپ کے شاگرد تھے، ابو ہلال کا نام حسن بن عبداللہ بن سہل ہے، استاد اور شاگرد دونوں کا نام و نسبت اور ان کے والد کا نام ایک ہی تھا بروکلمان تاریخ آداب العرب ج ۱ ص ۱۲۷ میں دونوں کو خلط ملط کر دیا پھر جب اس کتاب کا ضمیمہ لکھا تو اس میں تصحیح کر دی! ابواحمد عسکری ۳۸۲ھ میں فوت ہوئے (بغیۃ الوعاۃ ص ۲۲۱) (۳) اس کتاب کا ایک حصہ ۱۳۸۶ھ میں مصر میں طبع ہو چکا ہے مگر اس کی طباعت اچھی نہیں ہے اس کا مخطوطہ دار الکتب قاہرہ میں ۱۵۶ صفحات میں موجود ہے۔ (۴) التصحیف ص ۳

اصل بات یہ ہے کہ بعض لوگ علماء کے بجائے کتابوں سے علم حاصل کرتے تھے اس لئے ان کے نقل کردہ روایات میں بعض اوقات الفاظ بدل جایا کرتے تھے۔ (۱)

متاخرین حفاظ حدیث کا رجحان و میلان اس جانب ہے کہ محرف و مصحف میں فرق پایا جاتا ہے اگر چہ یہ فرق چنداں نمایاں نہیں بلکہ بہت معمولی ہے۔ چنانچہ ابن حجر فرماتے کہ:

''جس میں نقطوں کی تبدیلی کر کے ایک حرف یا چند حروف کو بگاڑ دیا گیا ہو مگر ان کی ظاہری صورت میں کوئی فرق نہ آیا ہو تو اس کو ''مصحف'' کہتے ہیں بخلاف ازیں اگر حرف کی شکل تبدیل ہوگئی ہو تو اس کو ''محرف''(۲) کہتے ہیں''۔

اس اصطلاح کے پیش نظر مصحف کی مثال یہ حدیث ہے۔

**من صام رمضان واتبعه ستاً من شوال .**

''جس نے رمضان کے روزے رکھے اور اس کے بعد شوال کے چھ روزے اور رکھے۔''

ابوبکر الصولی نے تصحیف کر کے سِتًّا کو شیئًا بنا دیا۔ محرف کی مثال حضرت جابر کی حدیث ہے:

**رمی ابی یوم الاحزاب علی الاکحله فکواہ رسول اللہ ﷺ**

''غزوہ خندق کے دن حضرت ابی کی رگ اکحل پر تیر لگا تو آپ نے اس کو داغ دیا۔''

غندر نامی راوی نے اُبَیّ میں تصحیف کر کے اس کو اَبِی میرا باپ پڑھا حالانکہ جابر کے والد قبل ازیں غزوہ احد میں شہید ہو چکے تھے۔ (۳)

اس ضمن میں بکثرت واقعات مروی ہیں حدیث کی طرح تصحیف قرآن کریم میں بھی واقع ہوئی ہے۔ تصحیف کا ارتکاب زیادہ تر وہ لوگ کرتے تھے جو عامی ہونے کے باوصف معلم کے منصب پر فائز ہو گئے تھے۔ وہ قراء و حفاظ کے ساختہ پرداختہ بھی نہ تھے جو ان کی

(۱) کتاب مذور ص ۹۔ (۲) شرح نخبہ ص ۲۲ (۳) حاشیہ لقط الدار ص ۹۵

غلطیوں کی نشان دہی کر دیتے۔ (۱)

ابوبکر المعیطی ذکر کرتے ہیں کہ میں ایک استاد کو دیکھا جو ایک لڑکے کو قرآن کریم پڑھا رہا تھا "فریق فی الحبة وفریق فی الشعیر " میں نے کہا استاد گرامی! خدا تعالی نے یوں تو نہیں فرمایا، قرآنی آیت تو اس طرح فریق فی الجنةو فریق فی ا لسعیر اس نے کہا تم ابو عاصم بن العلاء کسائی کی قراءت کے مطابق پڑھتے ہو اور میں ابوحمزہ بن عاصم مدنی کے مطابق میں نے کہا آپ قاریوں سے خوب واقف ہیں یہ کہہ کر میں چل دیا۔ (۲)

محدثین میں سے قرآن میں سب سے زیادہ تصحیف عثمان ابن ابی شیبہ (۳) سے منقول ہے محدث دار قطنی نے کتاب التصحیف میں ان کی بہت سی غلطیوں اور تحریفات (۴) کا ذکر کیا ہے ایک مرتبہ تفسیر قرآن کے دوران انہوں نے آیت قرآنی یوں تلاوت کی "جعل السفینة فی رحل اخیه " جب ان سے کہا گیا کہ قرآن میں السفینة کے بجائے السقایة کے الفاظ ہیں تو موصوف نے جواباً کہا میں اور میرا بھائی ابوبکر قاری عاصم (۵) کی پیروی نہیں کرتے۔

ایک مرتبہ سور الفیل یوں تلاوت کی:

الم تر کیف فعل ربک باصحب الفیل یعنی الم کو آلم یعنی سورۃ بقرہ کی ابتدائی آیت کی طرح تلاوت کیا۔ (۶)

ایک مرتبہ اس نے یوں پڑھا:

"فضرب بینهم بسنور له ناب ایک شاگرد نے کہا آیت تو یوں ہے بسور له باب عثمان نے کہا میں حمزہ کی طرح تلاوت نہیں کرتا، ہمارے

---

(۱) اختصار علوم الحدیث ص ۱۹۲ (۲) الجامع ج ۴ ص ۶۴ (۳) الجامع ج ۴ ص ۶۳۔ عثمان بن ابی شیبہ کا پورا نام ونسب حافظ ابوالحسن عثمان بن محمد ہے ابوشیبہ ان کے دادا کا نام ہے ابوشیبہ اور ان کے بھائی ابوبکر دونوں صاحب المسانید ہیں عثمان ۲۳۹ھ میں فوت ہوئے (الرسالہ المستطرفہ ص ۵۰) (۴) التدریب ص ۱۹۷ حافظ ابن حجر نے شرح نخبہ ص ۴۲ پر دار قطنی کی کتاب التصحیف اور عسکری کی کتاب کا ذکر کیا ہے۔ (۵) التدریب ص ۱۹۷ نیز الجامع ج ۴ ص ۶۴ (۶) التدریب ص ۱۹۷

نزدیک اس کی قرأت ایک بدعت ہے"۔ (۱)

مگر حافظ ابن کثیر عثمان بن ابی شیبہ کی جانب منسوب واقعات کو تسلیم نہیں کرتے اور ان کی طرف سے شدید مدافعت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"عثمان بن ابی شیبہ کے بارے میں یہ کہنا کہ وہ قرآن کریم کی تصحیف کیا کرتے تھے بڑی انوکھی بات ہے انہوں نے قرآن کریم کی تفسیر مرتب کی ہے ان کی جانب ایسی باتیں منسوب ہیں جن کا صدور بچوں سے بھی ممکن نہیں"۔ (۲)

قرآن کریم میں ایسی تصحیفات کی ایک یگانہ اور منفرد مفسر محدث کی جانب نسبت کتنی بھی عجیب وغریب اور شکوک وشبہات سے پر کیوں نہ ہو اس سے مجال انکار نہیں کہ احادیث کے متون ہوں یا اسانید دونوں میں تصحیف واقع ہوتی ہے۔ اصول حدیث کی ہر کتاب ایسی مثالوں سے بھری پڑی ہے امام احمد نے کیا خوب فرمایا "اور خطا وتصحیف سے کس کا دامن پاک ہوسکتا ہے"۔ (۳)

تصحیف کی جولانگاہ بڑی حد تک متون ہیں مگر بعض اوقات سند کے ناموں میں بھی تصحیف پائی جاتی ہے (۴) متن حدیث میں تصحیف واقع ہونے کی مثال یہ ہے کہ جب محمد بن یحیی ذہلی کا انتقال ہوگیا تو محمش نامی ایک شیخ حدیث پڑھانے بیٹھے۔ موصوف نے مشہور حدیث **یا ابا عمیر ما فعل النغیر** (۵) کے بجائے **مافعل البعیر** پڑھا۔ زکریا بن مہران کہتے ہیں کہ بعض راویوں نے تصحیف کرکے **لا یورث حمیل الا ببینة** کو **لا یرث جمیل الابثینة** پڑھا بعض لوگوں نے حدیث **زرغِبًّا تزدَدْحُبًّا** کو **رعنا تزدادُ حِنًّا** (ہماری کھیتی میں مہندی زیادہ اگے گی) پڑھا اور ایک طویل کہانی سنادی کہ ایک قوم غلے کا عشر ادا نہیں کرتی تھی اور نہ صدقہ دیتی تھی۔ ان کی کھتیاں مہندی کی صورت میں تبدیل ہوگئیں۔ (۷)

(۱) الجامع ج ۴ ص ۶۴۔ (۲) اختصار علوم الحدیث ص ۱۹۲ (۳) التدریب ص ۱۹۶ (۴) شرح نخبہ ص ۲۲ (۵) نغیر نغر کی تصغیر ہے نغر ایک چڑیا نما جانور کا نام ہے جس کی چونچ سرخ ہوتی ہے (معرفہ علوم الحدیث ص ۱۴۶ نیز اختصار علوم الحدیث ص ۱۹۳) (۶) الجامع ج ۴ ص ۶۲ (۷) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۴۸ نیز التدریب ص ۱۹۶

تصحیف متن کے بارے میں منقول واقعات میں سے ایک نرالا واقعہ یہ ہے کہ ایک شخص نے لیث بن سعد کی خدمت میں حاضر ہو کر دریافت کیا کہ نافع نے آپ کو نبی کریم ﷺ سے سن کر اس شخص کے بارے میں کیا فرمایا تھا جس کے باپ کا ایک واقع مشہور ونشرت فی ابیہ القصہ ہے لیث نے کہا وہ تو اس شخص کے بارے میں تھا جو چاندی کے برتنوں میں پیتا ہو الذی یشرب فی انیة الفضه

کہ ایسا شخص اپنے پیٹ میں دوزخ کی آگ بھرتا ہے۔[۱]

مصحف اسناد کی مثال وہ روایت ہے جو محمد بن عبدالقدوس قاری نے بعض مشائخ سے نقل کی اس نے کہا کہ بغداد کے ایک شیخ نے ہم کو سفیان ثوری اور انہوں جلد الجلا اور انہوں نے الجبر سے سن کر بتایا[۲] حالانکہ اصل سند میں سفیان ثوری از خالد الحذا احسن مذکور تھا۔[۳]

امام شافعی سے امام مالک کی تصحیفات کے بارے میں بھی روایات منقول ہیں مزنی کہتے ہیں کہ میں نے شافعی سے سنا فرماتے تھے مالک نے عمر بن عثمان میں تصحیف کر دی دراصل یہ عمر بن عثمان تھا اسی طرح جابر بن عتیک کہا حالانکہ وہ جبر بن عتیک ہے۔ عبدالملک بن قریب کو غلطی سے عبدالعزیز بن قریر بنا دیا۔[۴]

پہلے دو ناموں میں تصحیف ظاہر ہے تیسرے نام کے بارے میں امام حاکم فرماتے ہیں:

> ''عبدالعزیز کے بارے میں شافعی کا قول وہم پر مبنی ہے وہ عبدالعزیز بن قریر ہی صحیح ہے اور عبدالملک بن قریب غلط ہے کیونکہ امام مالک اصمعی[۵] سے روایت نہیں کرتے۔ عبدالعزیز بن قریر سے امام مالک کے علاوہ دوسرے لوگوں نے بھی روایت کی ہے''۔[۶]

کتب حدیث کے مولفین سماع کی تصحیح سے متعلق جو روایت بیان کرتے ہیں وہ بھی اس سے ملتی جلتی ہیں مثلاً یہ روایت کہ شعبہ بن حجاج نے خالد بن علقمہ کے نام میں تصحیف کر کے اس کو مالک بن عرفط[۷] بنا دیا ایسے معلوم دیتا ہے کہ خالد دو شخصوں کا نام ہے ایک سے

(۱) الجامع ج ۲ص ۶۲ (۲) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۵۲۔ (۳) ان کا تعارف قبل ازیں کرایا جا چکا ہے۔ (۴) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۵۰۔ (۵) ان کا مقصد یہ ہے کہ عبدالملک بن قریب اصمعی کا نام ہے اور امام مالک ان سے روایت نہیں کرتے۔ (۶) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۵۰۔ (۷) التدریب ص ۱۹۷۔

شعبہ روایت کرتے ہیں باقی رواۃ حدیث دوسرے خالد سے روایت اخذ کرتے ہیں مالک بن عرفطہ بھی شعبہ کے استاد ہیں۔ اس لئے یہ ممکن نہیں کہ شعبہ نے اس میں تصحیف کردی ہو۔ البتہ شعبہ کو بعض اوقات سند میں وہم پڑ جاتا ہے اور وہ آپ کی جگہ دوسرا نام رکھ دیتے ہیں جس کو نقاد حدیث تصحیف خیال کرنے لگتے ہیں۔(۱)

اصل تصحیف وہ ہے جو صحف (کتب حدیث) کے غلط درس ومطالعہ کی پیداوار ہو جیسا کہ تصحیف کے نام سے بھی یہ حقیقت عیاں ہوتی ہے مگر تصحیف کی ایک قسم تصحیف سماع میں بھی ہے، تصحیف سماع کی صورت یہ ہوتی ہے کہ کسی راوی کا نام ولقب یا اس کا اور اس کے والد کا نام دوسرے نام ولقب یا دوسرے نام اور اس کے باپ کے نام کے وزن پر ہوں یہ حروف شکل وصورت اور نقطوں کے لحاظ سے مختلف ہوں مگر سنتے وقت شبہ پڑ جائے مثلاً عاصم احوال کو واصل احدب (۲) کہہ دیا جائے اور ایسا ہوا بھی ہے۔

اس ضمن میں محدث ابن الصلاح فرماتے ہیں:

''دارقطنی ذکر کرتے ہیں کہ اس کا تعلق تصحیف سماع کے ساتھ ہے۔ تصحیف بصر کے ساتھ نہیں دارقطنی غالباً یہ کہنا چاہتے ہیں کہ یہ حروف لکھتے وقت باہم مشتبہ نہیں ہوتے البتہ سننے والے سے غلطی ہو جاتی ہے''۔(۳)

تصحیف سماع کی ایک مثال یہ بھی ہے کہ اہواز کے رہنے والے نے بکیر نامی راوی کے نام کو بدل کر اُکیل بنا دیا۔

حاکم فرماتے ہیں:

''راوی نے جب استاد سے یہ لفظ سنا تو بکیر کے بجائے اس کو اکیل سمجھا''(۴)

چونکہ تصحیف اکثر راویوں کے ناموں میں وقوع پذیر ہوتی تھی۔ اس لئے ناقدین حدیث نے باہم ملتے جلتے ناموں کی جانب خصوصی توجہ مبذول کی بلکہ اس سے ایک قدم

(۱) علامہ احمد محمد شاکر نے شرح ترمذی ج ۱ ص ۶۷، ۷۰ پر اس تصحیف کی بہت عمدہ تحقیق کی ہے نیز دیکھئے مسند احمد بحاشیہ احمد شاکر حدیث نمبر ۹۲۸، ۹۸۹ جہاں ایک سند میں خالد بن علقمہ کا نام مذکور ہے اور دوسری میں مالک بن عرفطہ۔ (۲) التدریب ص ۱۹۶، ۱۹۷۔ (۳) علوم الحدیث لابن الصلاح ص ۲۳۳ (۴) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۵۱۔

آگے بڑھ کر راویوں کے قبائل ان کے بلاد امصار اوران کی کنیتوں اور پیشوں میں جو الفاظ مشابہ تھے ان کو بھی اپنی تحقیق کا مرکز بتایا(۱) اسی طرح ان راویوں کے بارے میں تحقیق کا آغاز کیا جن کے نام متعدد تھے(۲) جو کنیت کی بجائے نام سے مشہور تھے(۳) یا ایسے اسماع والقاب اور انساب(۴) جو بظاہر ملتے جلتے مگر دراصل ایک دوسرے سے الگ تھے علمائے حدیث نے اس موضوع پر تصانیف کا انبار لگا دیا جن میں سے بعض زیور طبع سے آراستہ ہو چکی ہیں اور بعض ابھی تک غیر مطبوعہ حالت میں پڑی ہیں۔

تصحیف جو متن میں واقع ہو اس کی شکل وصورت کیسی بھی ہو اس میں شبہ نہیں کہ اس سے حدث کا معنی ومفہوم تبدیل ہو جاتا ہے اور حقائق برقرار نہیں رہتے خصوصا جب کہ تصحیف کا ارتکاب کرنے واا کم علم اور قلیل الضبط آدمی ہو۔ خطیب بغدادی نے اس باب میں جو نادر واقعات بیان کیے ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ کہ ابوموسی محمد بن مثنی غنزی اپنے قبیلہ عنزہ پر فخر کرتے ہوئے کہنے لگے ہمیں اس قبیلہ میں سے ہونے پر فخر ہے کیونکہ نبی ﷺ نے ہماری طرف منہ کر کے نماز پڑھی تھی حدیث آیا ہے کہ آپ نے عنزہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی موصوف نے سمجھا کہ عنزہ سے ان کا قبیلہ مراد ہے

حالانکہ عنزہ اس برچھی کو کہتے ہیں جو آپ کے ساتھ رہتی تھی اور آپ اسے آگے کھڑا کر کے اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے تھے(۶) (یعنی اس سے نماز میں سترہ کا کام لیتے تھے)۔

اکثر لوگ یہ اعتراض وارد کرتے ہیں کہ حدیث مصحف کا شمار حدیث کی اس مشترک قسم میں کیونکر کیا جا سکتا ہے، جس میں صحیح، حسن اور ضعیف سب کی حدیثیں شامل ہوتی ہیں۔ حالانکہ اس کی سب قسموں میں ضعف نمایاں ہوتا ہے گویا اس حدیث کے متعلق گفتگو کرنے والا اس غلطی فہمی کا شکار ہوتا ہے کہ یہ حدیث اگر موضوع نہیں تو کم از ضعیف ضرور ہوگی۔

---

(۱) معرفۃ علوم الحدیث ص ۱۵۱ (۲) اختصار علوم الحدیث ص ۲۳۵ (۳) کتاب مذکور ص ۲۴۶ (۴) التدریب ص ۲۳۵ (۵) اسی لئے مصحف کو دو قسموں میں منقسم کرتے ہیں (۱) مصحف فی اللفظ (۲) مصحف فی المعنی (التدریب ص ۱۹۶، ۱۹۷) (۶) الجامع ج ۴ ص ۶۳۔

مگر آغاز کار ہی سے اس اعتراض کی غلطی نکھر کر سامنے آجاتی ہے۔ یہ اعتراض اس فاسد مفروضہ پر مبنی ہے کہ تصحیف کا ارتکاب کرنے والوں کو صحیح اور حسن احادیث کی تصحیف سے روکا گیا اور ضعیف احادیث کے ساتھ کھیلنے کی کھلی چھٹی دے دی گئی تھی۔ حالانکہ یہ واقعہ کے خلاف ہے تصحیف کرنے والوں کا یہ حال تھا کہ وہ اپنے آپ کو احادیث نبویہ کی تحریف کے دائرہ کے اندر محدود نہیں رکھتے تھے بلکہ اس سے بڑھ کر وہ قرآن کریم کی تصحیف کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے تھے۔

جس طرح قرآن کریم پر تصحیف کا کچھ اثر نہیں ہوتا اور کلام الٰہی تصحیفات سے صاف صاف ممتاز نظر آتا ہے اسی طرح احادیث صحیحہ اور حسن وضعیف حدیثیں بھی ممتاز ہو جاتی ہیں اور صاف کہا جاتا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے مگر اس میں تصحیف واقع ہوئی ہے۔ فلاں حدیث حسن ہے اور فلاں ضعیف ہے مگر فلاں راوی نے اس میں تصحیف پیدا کر دی ہے۔

حدیث مصحف کے درس ومطالعہ کے ساتھ وہ بیس اصطلاحات ختم ہو گئیں اور صحیح حسن اور ضعیف احادیث کے مابین مشترک ہیں جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں۔ ہم نے ان اقسام میں اقوال صحابہ وتابعین کو بھی شامل کر دیا ہے۔

ہم نے جس طرح ان اصطلاحات کا مطالعہ باہمی قرب یا بعد کے اعتبار سے دو دو یا تین تین کے گروپوں میں کیا ہے۔ اس سے ان کی تعریفات صورتوں اور مثالوں کا فہم وادراک ہمارے لئے بہت آسان ہو گیا ہے۔ اس سے نقد احادیث کا وہ مقیاس ومعیار بھی ہمیں معلوم ہو گیا ہے جس پر محدثین کرام کے افکار وآرام مبنی تھے۔ ہمارے مذکورہ صدر بیان میں امور خانہ باریک بینی منطقی طرز استدلال خطیبانہ فصاحت وبلاغت اور اس ناقل کی امانت ودیانت پائی جاتی ہے جو ان تمام باتوں کو دین سمجھ کر لوگوں کے سامنے پیش کر رہا ہے۔

# فصل ششم

## حدیث موضوع اور وضع کے اسباب ووجوہ

### حدیث موضوع:

موضوع اس حدیث کو کہتے ہیں جس کو کوئی کذاب گھڑ کر جھوٹ موٹ نبی کریم ﷺ کی طرف منسوب کر دے[1] یہ بناوٹ اکثر واضع کی جانب سے ہوتی ہے۔اور اس حدیث کے الفاظ اور اس کی سند بھی اس کی اپنی ساخت پرداختہ ہوتی ہے بعض واضعین جب وضع حدیث کے لئے کوئی دوسرا محرک نہیں پاتے تو نبی ﷺ تک پہنچنے والی ایک جھوٹی سند گھڑ کر آپ کی جانب کوئی حکیمانہ مقولہ یا کوئی جامع کلمہ یا مختصر ضرب المثل منسوب کر دیتے ہیں۔

امام عبداللہ بن مبارک سے کہا گیا یہ موضوع احادیث ہیں ان کا کیا کیا جائے ؟فرمایا علمائے کرام موجود ہیں۔فرمان ربانی ہے کہ ہم نے ہی اس قرآن کریم کو اتارا اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔علمائے کرام نے احادیث صحیحہ کو موضوعات سے نکھیڑنے اور ان میں امتیاز پیدا کرنے کے لئے اصول وضوابط اور بہت سخت قسم کا مقیاس ومعیار وضع کیا تھا۔یوں تو یہ قواعد بہت ہیں۔مگر مندرجہ ذیل پانچ ضوابط کسی حدیث کے متعلق وضع کا فیصل کرنے کے لئے کافی ہیں۔

### پہلا قاعدہ:

واضع خود اعتراف کرے کہ اس نے یہ حدیثیں وضع کی ہیں[4] جیسا کہ ابوعصمہ نوح بن ابی مریم نے جو''نوح الجامع'' کے لقب سے مشہور تھا کیا تھا نوح نے خود اعتراف کیا تھا

---

(۱) التدریب ص ۹۸ (۲) شرح نخبہ ص ۲۰ (۳) التدریب ص ۱۰۲، التوضیح ج ۲ ص ۸۹ میں اس قول کو عبدالرحمٰن بن مہدی کی جانب منسوب کیا گیا ہے۔(۴) شرح نخبہ ص ۲۰

کہ اس نے قرآن کریم کی الگ الگ سورتوں کے فضائل میں حدیثیں وضع کر کے ان کو ابن عباس کی جانب منسوب کیا ہے۔[1]

## دوسرا قاعدہ:

حدیث کے معنی مفہوم میں کوئی خرابی ہو یا اس کا اعراب نحوی اعتبار سے غلط ہو[2] ایسی حدیث اس لئے موضوع ہوتی ہے کہ نبی کریم ﷺ **افصح العرب** ہے۔ ایسی غلطی آپ سے صادر نہیں ہوسکتی حدیث نبوی کے ماہرین کے لئے یہ قاعدہ بڑا آسان ہے۔

ربیع بن خثیم فرماتے ہیں۔

''حدیث نبوی میں دن جیسی تابانی و درخشانی پائی جاتی ہے جس کو آدمی فوراً پہچان لیتا ہے بخلاف ازیں حدیث موضوع میں وہ ظلمت ہوتی ہے جو کسی سے پوشیدہ نہیں رہتی''[3]۔

نقاد حدیث کے نزدیک معنوی رکاکت لفظی ولغوی غلطی سے بھی زیادہ مذموم ہے اس لئے کہ معنوی فساد حدیث کے موضوع ہونے کی سب سے بڑی دلیل ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں:

''رکاکت کا معیار و مدار معنی پر ہے جہاں بھی معنی فساد پایا جائے گا ہم سمجھیں گے کہ وہ حدیث موضوع ہے اگر چہ اس میں غیر معیاری پھسپھسے الفاظ نہ بھی

---

(۱) التدریب ص ۱۰۲ مثلاً عمر بن صبح تیمی نے اعتراض کیا تھا کہ اس نے ایک خطبہ وضع کر کے اس کو نبی کریم ﷺ کی طرف منسوب کر دیا تھا اسی طرح میسرہ بن عبدربہ نے خود اعتراف کیا تھا کہ اس نے حضرت علی کی فضیلت میں ستر حدیثیں وضع کی ہیں ابو عصمہ کو جامع اس لیے کہتے تھے کہ اس نے علم فقہ امام ابو حنیفہ اور ابن ابی لیلی سے حاصل کیا حدیث کا علم حجاج بن ارطاۃ سے تفسیر کلبی اور مقاتل سے فن مغازی ابو اسحاق سے اس طرح اس نے تمام کمالات اپنی ذات میں جمع کر لیے تھے ابو حاتم اس کے بارے میں کہتے ہیں کہ ابو عصمہ میں ہر کمال تھا مگر سچائی نہ تھی ابو عصمہ کو ابو منذر نے اپنے عہدہ خلافت میں شہر مرد کا قاضی مقرر کیا تھا (التوضیح ج ۲ ص ۸۱) (۲) التدریب ص ۸۸۔ (۳) التوضیح ج ۲ ص ۹۴

ہوں اس لئے کہ دین اسلام کا دامن خوبیوں سے مال مال ہے بسا اوقات غیر معیاری الفاظ سے حدیث کا موضوع ہونا واضح نہیں ہوتا ہے بلکہ اس امر کا احتمال ہوتا ہے کہ راوی نے یہ روایت بالمعنیٰ کی ہو اور حدیث کے اصلی الفاظ کی جگہ غیر فصیح الفاظ رکھ دیے ہوں البتہ اگر راوی صراحۃً کہے کہ یہ آپ کے الفاظ ہیں تو وہ کاذب ٹھہرے گا''۔(۱)

## تیسرا فائدہ:

تیسرا فائدہ یہ ہے کہ حدیث عقل انسانی یا حس ومشاہدہ کے خلاف ہو اور اس میں تاویل کی کوئی گنجائش نہ ہو(۲) عبدالرحمٰن بن زید سے دریافت کیا گیا آیا تمہارے والد نے تمہارے دادا سے سن کر تمہیں یہ حدیث بتائی تھی کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت نوح کی کشتی نے بیت اللہ کا طواف کیا اور مقام ابراہیم کے پیچھے دو رکعت نماز پڑھی؟ عبدالرحمٰن نے کہا! ہاں یہ درست ہے (۳) اس حدیث کا واضع مشہور جھوٹا راوی عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم ہے التہذیب میں امام شافعی سے نقل کیا گیا ہے کہ ایک شخص نے امام مالک کو ایک منقطع حدیث سنائی آپ نے فرمایا عبدالرحمٰن بن زید کے یہاں جایئے وہ تمہیں اپنے والد سے بروایت نوح حدیثیں سنائے گا۔(۴)

## چوتھا قاعدہ:

چوتھا قاعدہ یہ ہے کہ حدیث میں معمولی سی بات پر بہت زیادہ اجر وثواب کا وعدہ کیا

(۱) التدریب ص۹۹ (۲) الکفایہ ص۷انیز شرح نخبہ ص۲۰ (۳) التہذیب ج۶ص۷۹انیز التدریب ص۱۰۰، ابن الجوزی نے اپنی کتاب الموضوعات بطریق محمد بن شجاع از حبان بن حلال از حماد بن سلمہ از ابوالمہزم از ابوہریرہ یہ موضوع حدیث مرفوعاً روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے گھوڑے کو پیدا کر کے اسے دوڑایا تو وہ پسینہ سے شرابور ہو گیا پھر اپنی ذات سے اس کو جنم دیا سیوطی التدریب ص۱۰۰ میں اس حدیث پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ کوئی مسلم ایسی حدیث وضع نہیں کر سکتا اس کو وضع کرنے کا سہرا محمد بن شجاع کے سر ہے جو سخت بے دین آدمی تھا اس کی سند میں ابوالمہزم ایک جھوٹا راوی بھی ہے جس کے بارے میں شعبہ کا یہ قول مشہور ہے کہ اگر اسے ایک درہم دے دیا جائے تو وہ پچاس حدیثیں وضع کر دے۔(۴) الباعث الحثیث ص۹۱

گیا ہو یا معمولی سی بات پر شدید سزا کی دھمکی دی گئی ہو[1] مثلاً کسی مستحب فعل کے انجام دینے اور مکروہ کے ترک کرنے پر[2] ابدی جنت اور حور العین کی رفاقت ومعیت کا وعدہ یا کسی مستحب کام کو چھوڑنے یا مکروہ فعل کو انجام دینے پر ابدی جہنم اور غضب خداوندی کی وعید افسانہ گو قسم کے لوگ عوام کے دلوں کو موہ لینے اور اپنی طرف مائل کرنے کے لئے ایسی حدیثوں کے بہت مشتاق ہوا کرتے تھے۔[3]

## پانچواں قاعدہ:

پانچواں قاعدہ یہ ہے کہ حدیث کا واضع دروغ گو اور بے دین آدمی ہو اور اپنے نظریات کی تائید میں حدیثیں گھڑنے میں کوئی باک نہ سمجھتا ہو۔[4]

مامون بن احمد ہروی سے کسی نے کہا تم دیکھتے نہیں کہ امام شافعی کے پیرو خراسان میں کس قدر پھیلتے جارہے ہیں۔ اس نے فورا کہا میں نے احمد بن عبداللہ سے سنا، اس نے عبداللہ بن معدان آزادی سے، اس نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا کہ میری امت میں ایک شخص محمد بن ادریس ہوگا وہ میری امت کے لئے ابلیس سے بھی زیادہ نقصان دہ ہوگا اور میری امت میں ایک دوسرا شخص ہوگا اس کو ابوحنیفہ کہیں گے وہ میری امت کا چراغ ہے۔[5]

اور اس سے عجیب تر وہ روایت ہے جس کو حاکم نے سیف بن عمر سے نقل کیا اس نے کہا کہ میں سعد بن طریف کے پاس بیٹھا تھا اس کا لڑکا مدرسہ سے روتا ہوا آیا اس نے پوچھا کیا بات ہے لڑکے نے کہا "مجھے استاد نے پیٹا ہے" اس نے کہا "میں آج انہیں رسوا کر کے چھوڑوں گا" مجھے عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے سن کر مرفوعاً بتایا کہ تمہارے بچوں کے استاد شریر تر لوگ ہوں گے یتیم پر بہت کم رحم کرنے والے اور مسکین کے لئے بہت سخت ہوں گے۔[6]

حدیثیں وضع کرنے کا آغاز حضرت علی کے عہد خلافت میں ۴۱ھ میں ہوا حضرت علی

(۱) التدریب ص۹۹ (۲) لقط الدرص ۸۳ (۳) التدریب ص۹۹ (۴) شرح نخبہ ص۲۰ (۵) لسان المیزان ج۵ ص ۷، ۸ نیز التدریب ص۱۰۰ ولقط الدرص ۸۴ (۶) التدریب ص۱۰۰ محدث ابن حبان سعد بن طریف کے بارے میں فرماتے ہیں وہ حدیثیں وضع کیا کرتا تھا یحیی بن معین کہتے ہیں کسی کے لئے اس سے روایت کرنا جائز نہیں امام حاکم سیف بن عمر کے بارے میں فرماتے ہیں اور جھوٹا راوی تھا (الباعث الحثیث ص۸۹)

کے عصر وعہد میں مسلمان فرقوں میں بٹ گئے بڑے بڑے فرقے تین تھے (۱) جمہور (۲) خوارج (۳) شیعہ ابن عباس کے قول کے مطابق وہ اپنے افکار وہ نظریات کی تائید میں حدیثیں وضع کرنے لگ گئے اس اعتبار سے نظریات وعقائد کی نصرت وحمایت وضع احادیث کا اولین محرک تھا آگے چل کر مختلف زمانوں میں اصحاب بدعت نبی کریم ﷺ پر افتراء پردازی کرتے رہے۔

عبداللہ بن یزید المقری فرماتے ہیں:

''ایک بدعتی آدمی نے جب اپنا مسلک چھوڑ دیا تو کہنے لگا جب حدیث روایت کرنے لگو تو دیکھ لو کہ تم یہ کس سے حاصل کر رہے ہو ہمارا حال یہ ہے کہ جب کوئی نظریہ اختیار کرتے تو اس کی تائید میں کوئی حدیث وضع کر لیتے''۔ (۱)

حماد بن سلمہ کہتے ہیں:

''مجھے ایک رافضی شیخ نے بتایا کہ وہ اکٹھے ہو کر حدیثیں وضع کیا کرتے تھے''۔ (۲)

ایسے فقہاء بھی اصحاب بدعت میں شامل ہیں جو جھوٹی حدیثیں وضع کر کے اپنے مسلک کا دفاع کرتے ہیں ان کی تصانیف موضوعات کا پلندہ ہیں الگ بات ہے کہ ایسی حدیثیں ان کی اپنی ساختہ پرداختہ ہوں یا واضعین نے ان کی خدمت وتائید کے لئے ان کو گھڑا ہو بعض اوقات ان کی جسارت اس حد تک پہنچ جاتی ہے کہ وہ اپنے قیاسات اور احادیث نبویہ کو باہم خلط ملط کر دیتے ہیں بلکہ ان قیاسات کو حدیث نبوی کی طرح آپ کی جانب منسوب کر دیتے ہیں ایسے فقہاء کا تعلق زیادہ تر اس مدرسہ فکر کے ساتھ ہوتا ہے جو قیاس ورائے کو خصوصی اہمیت دیتے ہیں۔

چنانچہ ابو العباس قرطبی (۳) فرماتے ہیں:

''بعض اہل الرائے فقہاء کا قول ہے کہ قیاس جلی سے جو حکم مستفاد ہوتا ہو اس کو

---

(۱) التدریب ص ۱۰۳۔ (۲) حوالہ مذکور۔ (۳) ابو العباس قرطبی کتاب المفہم شرح صحیح مسلم کے مصنف ہیں۔ سخاوی نے الفیہ عراقی کی شرح میں ص ۱۱۱ پر ان کی اس عبارت کا ذکر کیا ہے۔

پیغمبر ﷺ کی طرف منسوب کر سکتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ان کی تصانیف ایسی احادیث سے پر ہیں جن کا متن اس بات کی شہادت دیتا ہے کہ وہ احادیث کی نسبت اقوال فقہاء سے قریب تر ہیں اور اس پر طرہ یہ کہ وہ ان کی سند بھی بیان نہیں کرتے''۔

موضوعات کی بدترین قسم وہ احادیث ہیں جن کو علماء سوء ہر زمانہ میں برسر اقتدار طبقہ کی مدح وثناء میں حصول تقرب اور عزہ وجاہ کے لئے وضع کرتے رہے ہیں غیاث بن ابراہیم نخعی کوفی نے اسی طرح کیا تھا ایک دفعہ وہ عباسی خلیفہ مہدی کے دربار میں حاضر ہوا مہدی نے ایک کبوتر پال رکھا تھا اور اس کے ساتھ تفریح طبع کیا کرتا تھا وہ کبوتر بھی موجود تھا غیاث بن ابراہیم سے کہا گیا کہ امیر المومنین کو کوئی حدیث سنایئے اس نے فی الفور کہا مجھے فلاں شخص نے حدیث سنائی اس نے فلاں سے اس نے نبی کریم ﷺ کو یہ کہتے سنا کہ مقابلہ صرف تیتر اونٹ گھوڑے اور پرندے میں جائز ہے مہدی نے اسے درہموں سے بھری ہوئی تھیلی دینے کا حکم دیا جب وہ اٹھا تو مہدی نے کہا میں شہادت دیتا ہوں کہ اس کی گدی ایک واضع حدیث کی گدی ہے پھر کہا کہ اس حدیث کو وضع کرنے کی موجب صرف میری ذات ہے چنانچہ کبوتر کو ذبح کر کے پھینک دیا۔(۱)

بعض اوقات علم کی نمائش بھی وضع احادیث کی موجب بنتی ہے یہ اس وقت ہوتا ہے جب کہ کوئی جاہل علماء کا لبادہ اوڑھ کر اپنے علم کی نمائش کرنا چاہتا ہے اس کی جہالت کے مستور رہنے کی واحد صورت یہ ہوتی ہے کہ حدیثیں وضع کر کے لوگوں کے دلوں کو موہتا پھرے۔ محدث ابن جوزی اپنی سند کے ساتھ ابوجعفر بن محمد طیالسی سے روایت کرتے ہیں کہ امام احمد بن حنبل اور یحیی بن معین نے رصافہ کی مسجد میں نماز پڑھی ان کے سامنے ایک واعظ کھڑ ہو کر کہنے لگا مجھے احمد بن حنبل اور یحیی بن معین نے حدیث سنائی انہوں نے عبد الرزاق سے اس نے معمر سے اس نے قتادہ سے اس نے انس سے روایت کیا کہ نبی کریم

(۱) شرح نخبہ ص ۲۰۰ التدریب ص ۱۰۳ التوضیح ج ۲ ص ۷۶ یہ حدیث سنن اربعہ میں موجود ہے مگر پردہ کا لفظ موجود نہیں دیکھیے لقط الدرر ص ۸۲۔

ﷺ نے فرمایا جو شخص لا الہ الا اللہ کے الفاظ کہتا ہے تو اللہ تعالی ہر لفظ سے ایک پرندہ پیدا کرتا ہے۔ جس کی چونچ سونے کی ہوتی ہے اور پر مرجان کے غرض یہ کہ اس نے اس ضمن میں کوئی بیس اوراق سنا دیئے۔

احمد بن حنبل اور یحیی بن معین ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگے۔ امام احمد نے یحیی بن معین سے کہا کہ کیا آپ نے یہ حدیث اس کو سنائی تھی؟ یحیی نے کہا بخدا میں نے تو ابھی یہ حدیث سنی ہے۔ جب وعظ سے فارغ ہو کر عطیے لینے شروع کیے تو یحیی بن معین نے اس کو پاس بلایا وہ سمجھا شاید عطیہ دینا چاہتے ہیں یحیی نے کہا یہ حدیث تجھے کس نے سنائی؟ اس نے کہا احمد بن حنبل اور یحیی بن معین نے۔ کہا میں یحیی ہوں اور یہ احمد بن حنبل ہیں ہم نے تو ایسی حدیث کبھی نہیں سنی۔ وہ کہنے لگا میں سنا کرتا تھا کہ یحیی احمق ہے اب اس کی تصدیق ہوئی، آپ سمجھتے ہیں کہ دنیا میں دوسرا کوئی یحیی اور احمد ہے ہی نہیں سترہ احمد بن حنبل اور یحیی بن معین ہیں جن سے میں نے روایت کی ہے۔ امام احمد نے آستین سے اپنا منہ چھپا لیا اور کہا اسے جانے دیجئے وہ دونوں کا مذاق اڑاتے ہوئے چل دیا۔ (۱)

علم کی نمائش کرنے والے واعظ اس ضمن میں سب سے زیادہ طوطا چشم اور بے حیاء واقع ہوئے ہیں۔ انہوں نے اپنی من گھڑت احادیث کو ترویج دینے کے لئے چند مشہور سندوں کو طوطے کی طرح رٹا ہوا ہوتا ہے کوئی حدیث وضع کر کے فوراً وہ سند اس کے ساتھ چپکا دیتے ہیں جس طرح امام احمد اور یحیی بن معین کے ساتھ اس واعظ کا واقعہ ذکر کیا جا چکا ہے۔

ابو حاتم نے اس قسم کے ایک واعظ کا واقعہ بیان کیا ہے جس نے بذات خود اپنی جہالت اور وضع احادیث کے جرم کا خود اعتراف کیا تھا۔ موصوف بیان کرتے ہیں کہ میں ایک مسجد میں گیا، نماز کے بعد ایک نوجوان کھڑا ہو کر کہنے لگا "مجھے ابو حنیفہ نے حدیث سنائی اس نے ولید سے اس نے شعبہ سے اس نے قتادہ سے اور اس نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے سنا۔ اس کے بعد نے ایک حدیث بیان کر دی، جب فارغ ہوا تو میں نے اسے بلا کر کہا کیا آپ نے کبھی ابو حنیفہ کو دیکھا ہے؟ اس نے کہا نہیں۔ میں نے کہا پھر اس سے روایت

(۱) شرح الفیہ سیوطی بحاشیہ احمد محمد شاکر ص ۸۷۔۸۸ نیز الباعث الحثیث ص ۹۳،۹۴ توضیح ج ۲ ص ۷۶،۷۷

کیونکر کرتے ہو؟ اس نے کہا ہمارے ساتھ جھگڑنا بے مروتی کی دلیل ہے مجھے یہ سند یاد ہے، جب کوئی حدیث سنتا ہوں اس سند کے ساتھ چپکا دیتا ہوں۔ (۱)

انوکھی بات تو یہ ہے کہ بعض زہاد اور صوفیاء کرام نے لوگوں کو اعمال صالحہ کی ترغیب دلانے کے لئے وضع احادیث کا بیڑہ اٹھایا۔ گویا سرور کائنات ﷺ کے اقوال وارشادات اور حکیمانہ کلمات کا ناقابل توصیف اور لازوال خزانہ ان کے خیال میں ناکامی تھا۔ عوام ان کی اکثرت عبادت اور زہد وعفت کے چرچے سن کر ان کے دھوکہ میں آجاتے اور ان کی من گھڑت احادیث سن کر تسلیم کر لیتے۔ اس اعتبار سے خطرہ ہمارے تصور سے بھی بالا ہے۔ انہوں نے اپنی جہالت سے اسلام کے چہرے کو مسخ کر دیا اور غیر اسلامی تعلیمات کو اسلام میں جگہ دے دی۔

یحیی القطان فرماتے ہیں:

''جس قدر جھوٹ میں نے اہل خیر میں شمار کیے جانے والوں لوگوں میں دیکھا ہے اور کسی میں نہیں دیکھا''۔ (۲)

اگر ہم واضعین کی من گھڑت احادیث کو شمار کرنا چاہیں تو یہ ناممکن ہے۔ حماد بن زید کے قول کے مطابق صرف زنادقہ نے چودہ ہزار (۱۴۰۰۰) حدیثیں وضع کی تھیں۔

عبدالکریم (۴) بن ابی العوجاء نے خود اعتراف کیا تھا کہ میں نے چار ہزار حدیثیں وضع کی ہیں جب مہدی عباسی کے عہد خلافت میں اسے قتل کے لئے لایا گیا تو وہ پکارا'' میں

(۱) الباعث الحثیث ص ۹۳ (۲) التوضیح ج ۲ ص ۷۸ (۳) التدریب ص ۱۰۳۔ (۴) عبدالکریم مشہور معن بن زائدہ شیبانی کا ماموں ہوتا تھا اس کو محمد بن سلیمان بن علی امیر مکہ نے قتل کیا تھا ذہبی المیز ان میں عبدالکریم کا تعارف کراتے ہوئے فرماتے ہیں یہ مشہور زندیق ہے (التوضیح ج ۲ ص ۷۵) اسی طرح محمد بن سعید بن حسان اسدی شامی مصلوب بھی مشہور زندیق اور واضع تھا، اس نے چار ہزار حدیثیں وضع کی تھیں حاکم بیان کرتے ہیں کہ اس کی موضوعات میں سے بھی ہے کہ اس نے حمید سے بواسطہ حضرت انس مرفوعا روایت کیا کہ میں خاتم الانبیاء ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں مگر یہ کہ خدا چاہے حاکم اس پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں اس نے مگر یہ کہ خدا چاہے کہ استثناء اس لئے گھر لیا تھا کہ وہ الحادو زندقہ کی دعوت کے ساتھ ساتھ مدعی نبوت بھی تھا (التدریب ص ۱۰۳)۔

نے چار ہزار حدیثیں وضع کی ہیں جن میں حرام کو حلال اور حلال کو حرام ٹھہرایا ہے''۔

ہم خدا کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اس نے اپنے نبی کے کلام مقدس کو واضعین کی دروغ گوئی سے محفوظ رکھا اور دین اسلام کو ان کی دست برد سے بچالیا جو اس کے بازیچہ طفلاں بنانا چاہتے تھے اس نے ایسے با اخلاص اور امانت دار علماء پیدا کیے جنہوں نے طیب کو خبیث سے ممیز وممتاز کر دیا انہوں نے اسباب وضع ہمیں بتائے وضاعین کی قلعی کھولی اور ان کے نقائص ومعایب کی نشان دہی کی۔ موضوعات کو کتابوں میں جمع اور حافظہ میں محفوظ کیا تا کہ کوئی چیز ان پر مشتبہ نہ رہے۔

احادیث موضوعہ کے بیان میں ابو الفرج ابن الجوزی متوفی ۵۹۷ھ کی کتاب الموضوعات سب سے زیادہ مشہور ہے یہ کتاب زیادہ تر محدث جوزقانی کی کتاب الاباطیل سے ماخوذ ہے، جوزقانی کا اسلوب وانداز یہ ہے کہ جو حدیث بھی فعلاً یا ترکاً سنت نبویہ کے خلاف ہو اس کو موضوع قرار دیتے ہیں، چونکہ ابن جوزی نے زیادہ تو جوزقانی کا تتبع کیا ہے اس لئے ان سے بھی وہی غلطیاں صادر ہوئیں جن کے مرتکب جوزقانی ہو چکے تھے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ابن جوزی نے بعض احادیث صحیحہ اور حسن کے بارے میں بھی موضوع ہونے کا فیصلہ صادر کر دیا اس کی حد یہ ہے کہ موصوف نے صحیح مسلم میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ مرفوع حدیث کو بھی موضوع قرار دے دیا وہ حدیث یہ ہے۔

''ان طالت بک مدة او شک ان تری قوما یغدون فی سخط اللہ و یروحون فی لعنته فی ایدیهم مثل اذناب البقر''۔(۱)

''اگر تمہاری زندگی دراز ہوئی کچھ بعید نہیں کہ تم ایسی قوم کو دیکھو گے جو خدا کی ناراضگی میں صبح کرے اور خدا کی لعنت میں اس کی شام بسر ہوگی ان کے ہاتھوں میں بیل کی دم کی طرح کوڑے اور چابک پکڑے ہوں گے''۔

حافظ ابن حجر اس پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

اس حدیث کے سوا بخاری یا مسلم کی کسی حدیث کے بارے میں ابن جوزی نے

(۱) الرسالہ المستطرفہ ص ۱۲ نیز التوضیح ج ۲ ص ۹۶) (۲) صحیح مسلم ج ۲ ص ۳۵۵

موضوع ہونے کا فیصلہ صادر نہیں کیا، یہ سخت غفلت کا نتیجہ ہے۔ (۱)

ابن جوزی نے کتاب الموضوعات میں مسند احمد کی چوبیس احادیث کو موضوع قرار دیا ہے۔ حافظ ابن حجر نے اپنی کتاب **القول المسدد فی الذب عن المسند** میں اس کی تردید کی اور امام احمد کی جانب سے دفاع کی کوشش کی ہے۔ امام سیوطی نے حافظ ابن حجر کی کتاب کا جو ضمیمہ مرتب کیا ہے اس میں لکھا ہے کہ موضوعات ابن جوزی میں مسند احمد کی مزید چودہ احادیث کو موضوع کہا گیا ہے مگر یہ درست نہیں۔

اسی طرح سیوطی نے القول المسدد اور اس کے ضمیمہ کا ایک اور ضمیمہ لکھا ہے اس کا نام موصوف نے "**القول الحسن فی الذب عن السنن**" رکھا۔ اس میں انہوں نے سنن اربعہ یعنی ترمذی ابوداؤد نسائی اور ابن ماجہ کی ایک سو بیس سے زائد حدیثیں نکالی ہیں جن کے بارے میں ابن جوزی نے موضوع ہونے کا فیصلہ صادر کیا ہے۔ سیوطی کہتے ہیں کہ ابن جوزی نے ان کو موضوع کہہ کر عجلت پسندی کا ثبوت دیا ہے۔ بعد ازاں امام سیوطی نے موضوعات ابن جوزی کا خلاصہ تیار کیا ہے اور ان حفاظ حدیث کے اقوال نقل کیے جنہوں نے موضوعات ابن جوزی کی بعض احادیث پر تنقید کی تھی اس تلخیص کا نام انہوں نے "**اللآلی الموضوعہ فی الاحادیث الموضوعہ**" تجویز کیا موضوعات ابن جوزی کی جن احادیث پر تنقید کی گئی تھی ان کو الگ جمع کیا اور اس کا نام ذیل اللآلی الموضوعہ رکھا۔ (۲)

جب علمائے حدیث نے ابن جوزی کی کتاب کے نقد و تبصرہ میں سرگرمی کا اظہار کیا تو ان کی کتاب سے استفادہ میں آسانی ہوگئی۔ خصوصاً حدیث کے ان طلبہ کے لئے بڑی سہولت پیدا ہوگئی جو ابن جوزی کی علمی بحثوں کو بڑے ذوق و شوق سے پڑھتے تھے۔ اس ضمن میں یہ بات قابل ذکر ہے کہ علماء نے ابن جوزی کی کتاب پر جو رد و قدح کی اس سے پہلے ابن جوزی کی کتاب کا ضرر رساں پہلو یہ نہیں تھا کہ اس میں مشہور ترین وضاعین اور موضوعات کا ذکر نہیں کیا گیا تھا۔ بخلاف ازیں بقول حافظ ابن حجر اس کے مطالعہ سے یہ خطرہ لاحق تھا کہ قاری احادیث صحیحہ کو بھی موضوعات میں شمار نہ کرنے لگے جس طرح امام

(۱) القول المسدد فی الذب عن المسند لابن حجر عسقلانی ص ۳۱ (۲) الباعث الحثیث ص ۷۸ نیز التدریب ص ۱۰۱

حاکم کی مستدرک پڑھ کر آدمی غیر صحیح احادیث کو صحیح سمجھنے لگ جاتا ہے۔[1]

قاری کو اس بات سے آگاہ کرنا ضروری ہے کہ بعض احادیث جن کو موضوع کہا جاتا ہے۔ وہ حدیث مدرج سے قریب تر ہوتی ہیں۔ ایسا اس وقت ہوتا ہے جب محدث حدیث سناتے وقت ایک خاص اسناد ذکر کرتا ہے درمیان میں کوئی عارضہ پیش آجاتا ہے اور وہ حدیث بیان کرنے کے بجائے کوئی اور گفتگو کرنے لگ جاتا ہے، سامع خیال کرتا ہے کہ جس حدیث کے لئے اس نے سند بیان کی تھی وہ یہی گفتگو ہے چنانچہ وہ کلام (جس کو وہ حدیث تصور کرتا ہے) اس سے اخذ کر کے اس کو روایت کرنے لگتا ہے۔

اس کی مثال وہ روایت ہے جو ابن ماجہ نے اسماعیل طلحی سے، اس نے ثابت بن موسی سے، اس نے شریک سے، اس نے اعمش سے، اس نے ابوسفیان سے، اس نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً ذکر کی کہ ''جو شخص راتوں کو زیادہ نمازیں پڑھے گا دن کے وقت اس کا چہرہ خوبصورت ہوگا'' حاکم کہتے ہیں ثابت شریک نامی راوی کے یہاں آیا۔ شریک اس وقت حدیث املاء کراتے ہوئے کہہ رہا تھا ہمیں یہ حدیث اعمش نے سنائی، اس نے ابو سفیان سے اور اس نے جابر سے سنا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اس کے بعد شریک خاموش ہوگیا تاکہ طالب علم لکھ لے، جب ثابت کی طرف دیکھا تو کہا جو رات کو زیادہ نمازیں پڑھتا ہے دن کو اس کا چہرہ خوبصورت دکھائی دیتا ہے۔ یہ بات شریک نے ثابت کے زہد وتقوی کے پیش نظر کہی تھی۔ ثابت نے اس کو حدیث کا متن سمجھ لیا اور اس کی روایت کرنے لگا۔

محدث ابن حبان فرماتے ہیں:

> ''یہ شریک کا اپنا قول ہے، شریک نے اعمش کی روایت از ابوسفیان از جابر مرفوعاً بیان کی کہ ''شیطان تم میں سے ایک کے سر کی گدی پر گانٹھ دیتا ہے''۔ اس کے بعد یہ بات کہی۔ ثابت نے اس کو حدیث میں شامل کرلیا۔ پھر ضعیف راویوں کی ایک جماعت نے اس سے یہ قول چرالیا اور شریک سے اس کو روایت کرنے لگے۔

حافظ ابن حجر ایسی احادیث کو مدرج ہونے کی بناء پر ضعیف قرار دیتے ہیں موضوع

(۱) التدریب ص ۱۰۰

نہیں کہتے بخلاف ازیں ابن الصلاح اس کو موضوع کی ایسی قسم قرار دیتے ہیں جس میں راوی کے قصد وارادہ کو دخل نہیں ہوتا۔ امام نووی اور سیوطی نے بھی اس کی پیروی کی ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ کسی حدیث کے بارے میں وضع کا فیصلہ صادر کرنا بڑا دشوار ہے اس لئے کہ عاجلانہ طور سے کسی حدیث کو موضوع کہنا اسی طرح ہے جیسے جلد بازی کر کے کسی ضعیف حدیث کو صحیح کہہ دیا جائے۔ یہ دونوں کام غفلت شعاری اور سہولت پسندی پر مبنی ہیں۔ البتہ جو حدیث مذکورہ صدر پانچ قواعد کے تحت آتی ہو اس کو موضوع قرار دینا جلد بازی پر مبنی نہیں ہے۔

ابن جوزی فرماتے ہیں:

"ما احسن قول القائل اذا رایت الحدیث یباین المعقول او یخالف المنقول او یناقض الاصول فاعلم انه موضوع"۔(۱)

"کسی نے کیا خوب کہا ہے کہ جب کسی حدیث کو عقل ونقل کے خلاف دیکھو یا اصول کے خلاف پاؤ تو جان لو کہ وہ موضوع ہے"۔

اب یہ امر محتاج بیان نہیں رہا کہ جس حدیث کے بارے میں ہمیں قطعی طور پر معلوم ہو کہ یہ موضوع ہے۔ اس کا روایت کرنا حرام ہے بجز اس کے کہ اس کا موضوع ہونا واضح کر دیا جائے۔

نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

"جس نے میری جانب سے کوئی ایسی حدیث بیان کی جس کے بارے میں اسے معلوم ہو کہ وہ جھوٹی ہے تو وہ جھوٹوں میں سے ہے"۔(۲)

تشدد کی وجہ یہ ہے کہ مبادا کوئی اس کو حدیث نبوی سمجھنے لگے البتہ اگر اس کا ذکر حدیث موضوع کی مثال کے طور سے کیا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں کیونکہ اس کا ذکر محض تفہیم وتعلیم کی غرض سے کیا جاتا ہے۔

---

(۱) سیوطی نے التدریب ص ۱۰۰ پر ابن جوزی سے یہ عبارت نقل کی ہے۔ (۲) مسلم نے یہ حدیث سمرہ بن جندب اور مغیرہ بن شعبہ سے روایت کی ہے (التوضیح ج ۲ ص) یَرى اور یُرى دونوں طرح درست ہے اسی طرح الکاذِبین اور الکاذبِین دو طرح پڑھا جاتا ہے۔

# فصل ہفتم

## روایت ودرایت

ایک باانصاف محقق کتاب ہذا کی فہرست مضامین پر ایک طائرانہ نگاہ ڈال کر مطمئن ہو جائے گا کہ تاریخ علوم میں اصول حدیث کے علم کو جو مقام حاصل ہے وہ اس سے کہیں بلند ہے جو فلسفہ اصطلاحات کے فن کو مختلف تاریخی ادوار میں حاصل رہا ہے۔ فہرست پر اچٹتی ہوئی نگاہ ڈالنے کے بعد جب وہ کتاب کے پسندیدہ مباحث کو گہری نظر سے دیکھے گا تو اس کی اصطلاحات کے تاریخی وتحلیلی اجزاء میں نہایت دقیق علمی نقد وتبصرہ پائے گا جس کی اساس محدثین کرام نے ظواہر کی چمک دمک پر نہیں بلکہ ٹھوس حقائق پر رکھی ہے۔

مختلف تاریخی ادوار اور دیار وامصار میں روایت ودرایت یا الفاظ ومعانی کے بارے میں بڑے بھاری بھرکم قسم کے جھگڑے پیدا ہوگئے۔ جنہوں نے شعر وادب اور علم وفلسفہ کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ ان خصوصیات وتنازعات کا خطرہ ہر علم وفن بلکہ دنیا کی ہر حقیقت کی طرف بڑھتا چلا گیا یہاں تک کہ دین ومذہب بھی اس سے محفوظ نہ رہ سکے۔ ان مجادلات نے ہر مذہب کے اصول وعقائد رسوم اوران تاریخی دستاویزات کے مابین تفریق پیدا کردی جن کے ذریعے یہ حقائق اور اصول وقواعد ہم تک پہنچے تھے۔ اس کی حد یہ ہے کہ ان دستاویزت کا انداز تعبیر وبیان اوران کی زبان بھی تبدیل ہوگئی۔

قرآن مجید کو لیجئے جس میں آگے پیچھے کسی طرف سے بھی باطل کی آمیزش کا کوئی امکان نہیں۔ آج اس کو مستشرقین اور ہمارے اہل وطن میں سے ان کے مقلدین کے افکار کی روشنی میں اس طرح پڑھا جاتا ہے۔ جس طرح کسی اور کتاب کو جس کا وحی والہام کے ساتھ کچھ تعلق نہ ہو۔ قرآن کریم کے احکام کو جمع کر کے ایک نئے انداز سے ان کی وضاحت کی جاتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اس کے مباحث کو مغربی طرز فکر ونظر کے قالب میں ڈھالنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ یہ مغربی یا مغرب نما اسلوب فکر ونظر شکوک وشبہات کا پلندہ ہے اوراس میں ہر طرف تردد اور حیرت ہی کے مظاہر دکھائے دیتے ہیں۔

مستشرقین اور ان کے ہمنواؤں نے اسی غیر فطری وغیر وجدانی بلکہ غیر انسانی طرز ومنہاج پر قرآن کریم کا مطالعہ کیا۔ ان کی دلی آرزو یہ تھی کہ اس کے حقائق کو اپنے ہاتھوں سے ٹٹول کو دیکھ لیتے۔ بچشم خدا اس کو اترتے ہوئے دیکھتے۔ قرآن کی مکی ومدنی آیات اس کے ناسخ ومنسوخ اس کی جمع وترتیب اور تاویل وتفسیر کے بارے میں جو روی یہ چاہتے اختیار کرتے مگر قرآن کے اتارنے والے نے اس کو بازیچہ طفلاں بننے سے بچالیا۔ کیونکہ اس نے وعدہ کرر کھا ہے کہ:

**انا نحن نزلنا الذکر وانا له لحفظون .**

''بے شک ہم نے ہی قرآن کو اتارا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔''

جب کتاب خداوندی کا یہ حال ہے تو کچھ عجب نہیں کہ علمی تنقید وتبصرہ کی یہ رو حدیث نبوی کی طرف تجاوز کرتی اور اس کے اصول وقواعد طرق نقل وروایت اس کی جمع وتدوین اور فنی اصطلاحات سب کو مشکوک بنا کر رکھ دیتی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ حدیث نبوی کو اسی طرح شک وشبہ کی نگاہ سے دیکھا جانے لگا جس طرح کافی عرصہ تک شعر جاہلی کے بارے میں شکوک وشبہات کا اظہار کیا جاتا تھا اس میں شبہ نہیں کہ بھاری اسلحہ کا مقابلہ اس کے ہم پلہ ہتھیاروں ہی سے کیا جاسکتا ہے۔

یہ بھی درست ہے کہ صاحب علم دشمن یا جاہل دوست جو اعتراضات اٹھاتا ہے ان کا جواب رونے دھونے یا چیخ وپکار سے نہیں دیا جاسکتا۔ باطل کو حق کے ذریعے ہی دبایا جاسکتا اور مشکوک وشبہات کا ازالہ ایسے واضح دلائل ہی سے ممکن ہے۔ جن میں رات دن کا کوئی فرق وامتیاز نہ ہو۔ ایسے دلائل کی موجودگی میں صرف وہی شخص گمراہ ہوسکتا ہے۔ ہلاکت جس کا مقدر بن چکی ہو۔

جس طرح ہم نے اپنی کتاب ''مباحث فی علوم القرآن''[1] میں لوگوں کے اعتراضات ذکر کرکے اپنی طرف سے ان کا جواب دینے کی کوشش کی ہے یا ان کے اعتراضات ہی کو ان لوٹا دیا ہے اس لئے کہ وہ بالکل بودے اور بے جان قسم کے اعتراضات

(۱) یہ کتاب مطبع جامعہ دمشق میں ۱۳۷۷ھ میں اور دوسر مرتبہ ۱۳۸۱ھ میں جمع ہوئی اس کا ایڈیشن بیروت سے شائع ہوا۔

تھے۔اسی طرح ہم نے ''علوم الحدیث'' میں اہمشکوک وشبہات پیش کر کے امکانی حد تک ان کا دقیق تجزیہ کیا ہے۔اس تجزیہ میں ہم حقائق کو محدثین کرام تصریحات کی روشنی میں خوب کھول کر بیان کر دیا ہے۔

ان حالات کے پیش نظر ہم اس بنیادی مسئلہ پر بحث وتمحیص کے لئے ایک مستقل فصل باندھنے کی ضرورت نہیں سمجھتے جس میں مستشرقین اور ہمارے ملک میں انکے مقلدین مشغول رہتے ہیں وہ مسئلہ اصول حدیث کے فن میں روایت ودرایت سے متعلق ہے ہماری بحث کی غرض وغایت ان لوگوں کے نظریات وفکار پر اظہار تعجب کرنا جو اس زعم فاسد میں مبتلاء ہیں کہ اصول حدیث کی بنیاد الفاظ اسانید رکھی گئی ہے اور متن حدیث کو بالکل نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ہم نے مستشرقین میں ان لوگوں کو جو ان کے دام فریب میں آچکے ہیں یہ بتادیا ہے کہ اصول حدیث کی جن کتب سے ہم نے استفادہ کیا ہے ان کے بارے میں یہ کہنا غلط ہے کہ ان میں متن حدیث کی جانب کوئی توجہ نہیں دی گئی۔

ایک باانصاف محقق کتاب ہذا کو اگر ایک دفعہ بنظر غائر پڑھ لے تو وہ اس بدیہی حقیقت کو تسلیم کیئے بغیر نہیں رہے گا۔اختتام کتاب پر اب ہم محدثین کرام کے چند شیریں اقوال ذکر کریں گے پھر ان کے معیار نقد وجرح پر روشنی ڈالیں گے ان اقوال ومقیاسات کی تلاش کے لئے ہمیں کہیں باہر جانے کی ضرورت نہیں ہے۔یہ سب اس کتاب میں شامل ہیں۔صرف ان صفحات کی جانب اشارہ کرنے کی ضرورت ہے۔اس کے بعد ہم ایسے حقائق پر روشنی ڈالیں گے جن سے صرف ایک ضدی اور جھگڑالو آدمی ہی انکار کر سکتا ہے۔

محدثین اس حقیقت سے بخوبی آگاہ تھے کہ متن حدیث کا درس ومطالعہ اور کتب روایت کا حفظ واہتمام بذات خود کوئی اہم چیز نہیں اگر اس کے ساتھ درایت حدیث کی جانب توجہ مبذول نہ کی جائے۔نبی اکرم ﷺ کے افعال اقوال کے تاریخی وتحلیلی مطالعہ کا نام درایت حدیث ہے۔ہم دیکھتے ہیں کہ محدثین درایت حدیث کے مباحث میں راوی اور مروی کے احوال سے بحث کرتے ہیں۔راوی سے سلسلہ سند اور مروی سے متن حدیث مراد ہے۔ نظر بریں فن اصول حدیث کی تعریف سے یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ یہ فن صرف اسناد ہی

کے مباحث تک محدود نہیں ہے بلکہ متن سے متعلق مسائل بھی اس میں شامل ہیں ظاہر بین آدمی سمجھتا ہے کہ نقاد حدیث نے متن کی نسبت اسناد سے زیادہ اعتناء کیا ہے مگر یہ وہم ہے اور اس کا ازالہ نظر دقیق اور فکر عمیق بہت جلد ہو جاتا ہے۔

محدثین کی بحثیں قبول ورد کے اعتبار سے اسناد و متن دونوں کے گرد گھومتی ہے۔ مثلاً صحیح وحسن مقبول ہیں اور حدیث ضعیف مردود ہے۔ یہ تمام اصطلاحات میں سند متن دونوں کو ملحوظ رکھا جاتا ہے۔ اس ضمن میں سب سے زیادہ ضروری بات یہ ہے کہ متن کا ذکر اسی طرح کیا جاتا ہے جیسے سند کا مندرجہ ذیل تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔

حدیث صحیح اور حسن کا معاملہ بڑی حد تک مشترک ہے۔ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ کسی حدیث کی صحت کا فیصلہ بعض وقات سند و متن دونوں کے پیش نظر کیا جاتا ہے۔ کبھی صرف سند کو دیکھ کر اور کبھی متن حدیث کو ملاحظہ کر کے حدیث حسن کا حال بھی یہی ہے کسی حدیث کو علی الاطلاق صحیح یا حسن نہیں کہا جاتا بلکہ صراحتاً یہ ہے کہا جاتا ہے کہ اس کی صحت یا اس کا حسن سند کے لحاظ سے ہے یا متن کے پیش نظر۔ بنابریں جو حدیث سنداً صحیح ہو ضروری نہیں کہ متناً بھی اسے صحیح کہا جا سکے۔

جب صحیح حدیث متواتر بھی ہو تو یہ نہیں دیکھا جاتا کہ اس کے راویوں کی تعداد کتنی ہے بلکہ اس کے متن کو دیکھ کر یہ فیصلہ کیا جاتا ہے کہ اس قدر جم غفیر کا کذب و دروغ پر جمع ہونا محال ہے اس لئے کہ جو چیز حس یا عقل کے طرف ہو اس پر اتنے لوگوں کا اجتماع ممکن نہیں کہ جس سے دروغ گوئی کا احتمال باقی نہ رہے۔ مزید براں حدیث متواتر کا سند سے کوئی تعلق بھی نہیں ہے۔

جب حسن لذاتہ کے درجہ کی حدیث صحیح لغیرہ کے مرتبہ پر فائز ہو جاتی ہے تو اس میں صرف کثرت طرق و اسانید ہی کو نہیں دیکھا جاتا بلکہ یہ دیکھا جاتا ہے کہ ایسی حدیث شذوذ وعلت سے خالی ہونے میں صحیح لذاتہ کی مانند ہو حدیث شاذ میں جو تفرد یا مخالفت پائی جاتی ہے وہ زیادہ تر متن میں ہوتی ہے اسی لئے محدثین کا مقولہ ہے:

''حدیث شاذ وہی راوی روایت کرے گا جو خود شاذ ہو۔''

اسی لئے محدثین منکر احادیث کی روایت کو پسند نہیں کرتے علت ایک قسم کی ذاتی تنقید کو کہتے ہیں جس میں متن حدیث پر ضعف کا حکم لگایا جاتا ہے اور اس ادراک الہام یا دقیق وعمیق فکر وفہم پر مبنی ہوتا ہے۔ راویوں کے ناموں یا اسانید کے ساتھ اس کا کچھ تعلق نہیں ہوتا۔

حدیث ضعیف کی اکثر اقسام میں سند ومتن دونوں کو پیش نظر رکھا جاتا ہے خواہ وہ حدیث بالکل ضعیف ہو یا صحیح حسن ور ضعیف کے درمیان مشترک ہو مثلاً مراسیل صحابہ انقطاع سند کے باوجود مقبول ہیں۔ اس لئے صحابہ حدیث کا جو متن بیان کرتے ہیں اس کے متعلق یہ تصور نہیں کیا سکتا کہ وہ خود ساختہ ہے۔ جب مرا ـ س کے راوی ایسے صحابہ ہوں جو اسرائیلی روایات بیان کرنے میں شہرت رکھتے ہوں تو علماء تشدد سے کام لیتے ہیں۔ اس لئے کہ ان کا روایت کردہ متن حدیث نبوی سے ملتا جلتا نہیں ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ نقاد حدیث صحابہ کی تفسیری روایات میں حزم واحتیاط سے کام لیتے ہیں اور علی الاطلاق اس کو مرفوع نہیں کہتے۔ مبادا ان میں سے کوئی اہل کتاب کے مسلمات سے متاثر ہوا ہو بعض محدثین اس بات کو تسلیم نہیں کرتے کہ مرسل صحابہ نام کی بھی کوئی چیز ہوتی ہے وہ مراسیل کا نام تدلیس رکھتے اور صراحۃ کہتے ہیں تدلیس سے بہت تھوڑے لوگ بچ سکے ہیں۔ (۱)

اگرچہ محدثین تسلیم کرتے ہیں کہ علت زیادہ تر سند میں وقوع پذیر ہوتی ہے تاہم وہ یہ نہیں کہتے کہ متن میں علت کا وجود نہیں ہوتا۔ محدثین کا قول ہے:

"کسی حدیث کو علی الاطلاق صحیح نہیں کہہ سکتے ہوسکتا ہے کہ اس کے متن میں کوئی علت ہو"۔

اسی طرح اضطراب زیادہ تر سند میں وقوع پذیر ہوتا ہے۔ مگر نقاد حدیث نے اس امر

---

۱۔ حالانکہ تدلیس جھوٹ سے ملتی جلتی چیز ہے البتہ جیسا کہ علماء سے قبل ازیں ہم نقل کر چکے ہیں۔ تدلیس اور کذب مترادف نہیں ہیں اسی طرح حدیث مدلس موضوع نہیں ہوتی خلاصہ یہ کہ تدلیس میں جو دروغ پایا جاتا ہے وہ ایک طرح کا دھوکہ ہوتا ہے بخلاف ازیں حدیث موضوع میں جو جھوٹ ہوتا ہے اور قصداً صدور ہوتا ہے۔ دونوں اصطلاحوں کے باہمی فرق کو مستشرق فرنکل اور ابن الورد نے بھی تسلیم کیا ہے گولڈزیر نے یہ سب کچھ جانتے ہوئے دونوں اصطلاحوں کو آپس میں گڈمڈ کر دیا ہے۔

سے آگاہ کر دیا ہے کہ اضطراب متن میں بھی ہوتا ہے۔ وہ اس کے بہت سے شواہد و دلائل پیش کرتے ہیں۔

حدیث مقلوب کی دو قسمیں ہیں:

(۱) مقلوب متناً (۲) مقلوب اسناداً

محدثین روایت باللفظ میں جو تشدد روا رکھتے ہیں اس کا تعلق زیادہ تر متن حدیث کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ لوگ آنحضورﷺ پر افتراء پردازی سے احتراز کریں۔ خصوصاً راوی جب غلطی کا مرتکب ہونے کے باوجود اس بات کا مدعی ہو کہ یہ غلطی آنحضورﷺ سے منقول ہے۔ محدثین ایسے آدمی کے بارے میں یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ وہ قصداً جھوٹ بولتا ہے اور اس لئے جہنمی ہے۔

حدیث کی جو قسم صحیح حسن اور ضعیف کے مابین مشترک ہے اس کے مباحث میں متن کی حالت کو ملحوظ رکھا جاتا ہے۔ مثلاً حدیث مرفوع۔ اس میں شبہ کی کوئی مجال نہیں کہ حدیث مرفوع میں کالشمس فی نصف النہار تابانی و درخشانی پائی جاتی ہے جس کو ذوق سلیم فوراً پہچان لیتا ہے۔ بخلاف ازیں حدیث موضوع میں ظلمت کی فراوانی ہوتی ہے جس کو بصیرت وفراست ٹھکرا دیتی ہے۔(۱)

مذکورہ صدر قسم مشترک کے اکثر مباحث میں متن بطریق اولی داخل ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ اس کی بعض صورتیں اسانید میں پائی جاتی ہیں۔ مثلاً حدیث مدرج اس لئے کہ مدرج الاسانید کا نتیجہ وثمرہ مدرج فی المتن کی صورت میں برآمد ہوتا ہے۔ اسی طرح تصحیف کا عیب بھی اکثر متن میں پیدا ہوتا ہے حدیث مسلسل میں جو شک وریب پایا جاتا ہے۔ اس کی بڑی وجہ متن حدیث میں عبارت کی ایک رنگی وہم آہنگی کے سوا اور کچھ نہیں ہوتی اگر چہ اس کی ظاہری صورت کا تعلق یہ تماثل وتشابہ سے ہوتا ہے جو رواۃ حدیث کی زبانوں یا بالفاظ

(۱) حدیث مرفوع اور موضوعات میں امتیاز چنداں دشوار نہیں حتی کہ نیکی اور فضیلت کے حصول کی ترغیب کے لئے جو حدیثیں وضع کی جاتی ہیں ان کی پہچان بھی بہت آسان ہے۔ پروفیسر احمد خاں بہادر نے حدیث مرفوع اور موضوعات کے مابین فرق وامتیاز قائم کرنے کے لئے فطری استعداد کی خوب منظر کشی کی ہے دیکھئے۔

دیگر سلسلہ سند میں پایا جاتا ہے۔

اسی لئے محدثین کہا کرتے ہیں کہ:

''یہ حدیث متن وتسلسل کے لحاظ کے باطل ہے''۔

گویا اس کے بطلان کا انحصار محض تسلسل پر نہیں بلکہ متن حدیث کی ایک نرالی اور انوکھی یکسانی وہم آہنگی پر ہے۔

بظاہر یوں نظر آتا ہے کہ فرد اور غریب دونوں اصطلاحات صرف سند سے متعلق ہیں اور ان میں ربط وتعلق کی وجہ صرف تفرد کا پایا جاتا ہے اور بس مگر فکر دقیق اور نظر عمیق سے یہ حقیقت واضح ہوتی ہے کہ ان کا تعلق سند کی نسبت متن کے ساتھ زیادہ ہے۔ جس طرح محدثین شاذ اور منکر احادیث کی نقل وروایت کو بنظر استحسان نہیں دیکھتے اسی طرح حدیث فرد اور غریب میں دلچسپی کا اظہار بھی ان کے یہاں پسندیدہ فعل نہیں ہے۔ غریب احادیث کی خوبصورتی سے بھاگنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ عزیز مشہور اور مستفیض احادیث کے متون سے ٹکراتی ہیں۔

جہاں تک حدیث کی اقسام ثلاثہ یعنی عزیز مشہور اور مستفیض کا تعلق ہے نقاد حدیث ان سے صرف اس لئے بحث کرتے ہیں تاکہ فرد اور غریب احادیث کو ایسے متون کے ساتھ تقویت بہم پہنچائی جائے جو ان کی شہادت دیتے اور تائید کرتے ہوں۔ ظاہر ہے کہ غریب احادیث کی تائید صرف اسانید ورجال سے ممکن نہیں خواہ ان کی تعداد کتنی بھی ہو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ محدثین کے مقیاس ومعیار کا مدار وانحصار کیفیت پر ہے کمیت پر نہیں۔ اس لئے اضافی شہرت پر اظہار حیرت کی کوئی وجہ نہیں۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اگر چند احادیث فقہاء کے یہاں مشہور ہوں چند عوام کے نزدیک اور کچھ صوفیاء کی دانست میں تو اس میں حیرانی کی کوئی بات نہیں۔

متن حدیث کو جو اہمیت دی جاتی ہے اور جس کا ثبوت سطور بالا سے ملتا ہے۔ اس سے یہ حقیقت سمجھ آتی کہ محدثین کرام کس لئے اصول میں زیادہ تشدد سے کام لیتے تھے۔ جب کہ متابعات وشواہد میں اتنی سختی کی ضرورت نہیں سمجھتے تھے اصول کے متن میں جس ثقاہت کی ضرورت ہے وہ ان فروعات میں مطلوب نہیں جن کا مقصد صرف اصلی احادیث کے

الفاظ و معنی کی تائید و تقویت ہے اور بس اس سے یہ راز بھی افشاء ہوتا ہے کہ محدثین کس لئے متروک الحدیث راوی کی روایت سے استشہاد تک کے بھی روادار نہ تھے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ متروک راوی میں حفظ وضبط نہیں ہوتا۔ بنابریں اس کی روایت کوشش کے باوجود حفظ وضبط سے عاری ہوتی ہے اس لئے انہوں نے یہ تفریق کردی کہ کس راوی کی روایت سے استشہاد درست ہے اور کس کی روایت اس قابل نہیں۔

جب ہمیں معلوم ہے کہ محدثین کے نزدیک شاہد (جس حدیث کو استشہاد و تقویت کے لئے لایا جائے) کی دو قسمیں ہیں:

(۱) لفظی (۲) معنوی

**شاہد لفظی**:۔ وہ ہے جو کسی حدیث کے الفاظ کو صراحۃ شامل ہو۔

**شاہد معنوی**:۔ کا آخری نتیجہ بھی وہی ہوتا ہے جو لفظی کا۔

اس لئے کہ اس سے بھی حدیث کے متن کی تقویت مقصود ہوتی ہے اگرچہ اس کے الفاظ مختلف ہوتے ہیں۔ ان بیانات سے واضح ہوتا ہے کہ متن حدیث کو اصول حدیث کے فن میں کیا اہمیت حاصل ہے۔

متن حدیث کی اہمیت اپنی جگہ مسلم ہے مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ اسناد سے متعلق مباحث کو یکسر نظر انداز کر دیا جائے ہم قبل ازیں بیان کر چکے ہیں کہ اصول حدیث کے فن میں سند و متن دونوں کو یکساں اہمیت حاصل ہے ہم اسناد کی فضیلت کو ہرگز گھٹانا نہیں چاہتے ہم بلکہ کوئی منصف مزاج شخص بھی اس میں شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں سمجھتا کہ سند میں تشدد سے کام لینا کوئی بہت بڑا عیب نہیں ہے۔ جس پر ہمارے نیک طینت علماء کو کوسا جائے اس لئے کہ یہ تشدد بذات خود مقصود نہیں بلکہ اس کی اصلی غرض وغایت متن حدیث ہے جس کی خاطر سند کو دیکھا اور پرکھا جاتا ہے۔ سند کی تحقیق کی غرض وغایت احادیث صحیحہ کو موضوع احادیث سے ممتاز کرنا اور احادیث کو ان کے درجات کے مطابق ترتیب دینا ہے تاکہ علماء قانونی اجتماعی اقتصادی فوجی اور سیاسی مسائل میں ان سے استفادہ کر سکیں۔

یہ ایک بلند پایہ انسانی مقصد ہے جو جملہ احوال واطوار میں علوم اسلامیہ کے ساتھ لگا

رہا ہے اور کبھی بھی ان سے الگ نہیں ہوا۔ اسناد اس امت کی عظیم خصوصیت ہے اور اس میں امت مسلمہ دیگر اقوام سے منفرد ہے۔ اس امت کی اس ضمن میں انفرادیت سند کی اہمیت کو کم نہیں کرتی بلکہ یہ ایسی نادر فضیلت ہے۔ جس کی بناء پر ہمیشہ ہم اقوام عالم پر فخر کرتے رہیں گے۔

علاوہ ازیں ہم اس حماقت کے مرتکب نہیں ہونا چاہتے جس کا ارتکاب مستشرقین اور ان کے ''علم کثیر'' کے دام فریب میں آئے ہوئے تلامذہ حدیث نبوی سے بحث کرتے وقت کیا کرتے ہیں۔ مستشرقین کا انداز بحث یہ ہے کہ وہ سند و متن میں اس قسم کی تفریق پیدا کر دیتے ہیں جیسے ان دو شخصوں یا دو سوکنوں کے درمیان جن میں ملاقات کا کوئی امکان نہیں ہوتا۔ (۱)

محدثین کرام نے سند کی جانچ پرکھ کے لئے جو پیمانے مقرر کیے ہیں وہ متن کے پیمانوں سے الگ نہیں صرف توضیح تبویب اور تقسیم کا فرق ہے دگر ہیچ۔ زیادہ تر یہ ہوتا ہے کہ سند صحیح متن صحیح تک پہنچ کر ختم ہوتی ہے۔ اسی طرح جب حدیث کا متن قرین عقل و منطق ہو اور حس و مشاہدہ کے خلاف نہ ہو تو اس کی سند بھی صحیح ہوتی ہے۔

خلاصہ کلام یہ کہ نقاد حدیث کے جو مباحث اسناد اور شروط رواۃ کے ساتھ متعلق ہیں وہ بکمال سادگی و آسانی اس نتیجہ تک پہنچ جاتے ہیں۔ جس سے کوئی مفر نہیں ہے اور وہ یہ ہے کہ متن حدیث کو جانچ پرکھ کر صحت حسن اور ضعف کے اعتبار سے اس کی درجہ بندی کی جائے۔

کتنا اچھا ہوتا کہ قاری کریم شروط راوی سے متعلق مباحث کو بڑے غور و فکر سے دوبارہ پڑھتا اندریں صورت وہ بچشم خود دیکھ لیتا کہ شروط رواۃ کے بارے میں نقاد حدیث کا تشدد حدیث نبوی کی تائید و حمایت کے لئے ایک وسیلہ ہے اور بس اسی تشدد کا تقاضا ہے کہ ان

---

(۱) جس طرح اسپرنگر نے ''المجلة الاجتماعية الالمانية الشرقية'' میں اپنے مقالہ بر عنوان ''الحديث عند العرب'' میں لکھا ہے اگرچہ اس مقالہ میں اس نے کسی حد تک اعتدال کے دائرہ میں رہ کر یہ لکھا ہے کہ محدثین سند میں اسی وقت حقیقی تشدد سے کام لیتے ہیں جب اس میں حلال و حرام سے متعلق مسائل مذکور ہوں ہم نے اس کی غلطی واضح کرتے ہوئے امام احمد کا قول نقل کیا تھا کہ جب ہم حلال و حرام سے متعلق مسائل بیان کرتے ہیں تو سختی سے کام لیتے ہیں اور جب فضائل کے باب میں کوئی روایت بیان کرتے ہیں تو سہل انگاری سے کام لیتے ہیں۔

شرائط کو مشترکہ انسانی پیمانوں میں رکھ کر جانچا پرکھا جائے۔ یہ انسانی مقیاس و معیار اس قابل ہیں کہ ہر قوم وملت نئی ہو یا پرانی ان کو اخذ کرے اس لئے کہ یہ مقیاسات اپنی اکثر و بیشتر صورتوں میں ایک ایسے مقصد کے تحت صادر ہوئے ہیں جو اشخاص ان کے تقدس خوشامد اور نفاق سے کہیں زیادہ بلند ہے۔

اس طریق کار میں القاب کو کوئی اہمیت حاصل نہیں ہے مقیاس و معیار ایک اضافی امر ہے بنا بریں اس میں کوئی مضائقہ نہیں کہ بعض صحابہ کو بھی تدلیس کے ساتھ متہم کیا گیا اسی طرح تصحیف کی نسبت امام مالک جیسے اکابر علماء کی جانب کی گئی ہے۔ اس میں کوئی حرج نہیں کہ سند نازل جب ثقہ راویوں سے مروی ہو تو اس کو ایسی سند عالی کے مقابلہ میں ترجیح دی جائے جو غیر ثقہ راویوں سے منقول ہو۔

جو راوی بقید حیات ہوں ان سے روایت کرنے میں کوئی فائدہ نہیں اس لئے معاصرت ایک عظیم حجاب ہے بخاری و مسلم میں ایسی احادیث موجود ہیں جن پر جرح وقدح کی گئی ہے۔ (۱)

اسی طرح مسند احمد میں بھی ضعیف احادیث موجود ہیں (۲) بلکہ اس میں بھی کوئی حرج نہیں کہ احادیث احاد کے بارے میں ایک عام جدال ونزاع قائم ہے کہ وہ صحت کی تمام شرائط کے پائے جانے اور اسلامی قانون کے اس پر مبنی ہونے کا باوصف ظن کا فائدہ دیتی ہیں یا یقین کا؟

محدثین نے احادیث کو جانچنے پرکھنے کے لئے جو پیمانے وضع کیے ہیں وہ زمانی ومکانی بھی ہیں اور تاریخی اور جغرافیائی بھی۔ جب راویوں نے جھوٹ بولنا شروع کیا تو نقاد حدیث تاریخ سے کام لینے لگے انہوں نے یہ شرط عائد کردی کہ رواہ حدیث ان کے طبقات اور ان کی ولادت ووفات کی تاریخ معلوم کرنا ضروری ہے وہ جب رواۃ حدیث کا ذکر کرتے

(۱) صحیح بخاری کی ۱۱۰ احادیث پر جرح وقدح کی گئی ہے ان میں سے صحیح مسلم میں ۳۲ احادیث روایت کی گئی ہیں بخاری نے ۷۸ حدیثیں منفرد طور پر روایت کی ہیں مگر بقول ابن حجر ان احادیث میں جو علت پائی جاتی ہے وہ موجب قدح نہیں ہے۔ (۲) یہی وجہ ہے کہ اکثر علماء مسند احمد پر وارد شدہ اعتراضات کا جواب دیتے چلے آئے ہیں۔

تو ساتھ ہی بتا دیتے کہ اس نے کہاں اور کس جگہ حدیثیں روایت کی ہیں۔

محدثین نے ایسے واقعات ذکر کیے ہیں جن پر صرف اس لئے تدلیس کا حکم لگایا گیا کہ راوی کو مروی عنہ کی تاریخ وفات معلوم نہیں۔ عام تاریخی حقائق کی خلاف ورزی کو حدیث کے موضوع ہونے کی دلیل قرار دیا گیا۔ (۱)

جب راوی مروی عنہ سے قبل وفات پا گیا ہو تو محدثین اس کو بھی علو نسبی کی صورتوں میں سے ایک قرار دیتے ہیں اگرچہ وہ دونوں عدد اور تقدم سماع میں مساوی ہوں۔ علمائے حدیث کا قول ہے کہ مدنی راوی جب کوفیوں سے روایت کرتے ہیں تو اس میں لغزش کھا جاتے ہیں وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ حدیث کا سماع مختلف بلاد و اقالیم کے زیر اثر یکساں نوعیت کا نہیں ہوتا۔ نیز یہ کہ تدلیس کا عیب سب سے زیادہ اہل کوفہ اور کسی حد تک اہل بصرہ میں پایا جاتا ہے۔ محدثین کا کہنا ہے کہ مختلف ادوار میں بعض مسالک کے جو حامی و ناصر پائے جاتے تھے انہوں نے بھی حدیث نبوی پر کافی اثر ڈالا۔ زیادہ تر یہی اثر بعض احادیث کو موضوع قرار دینے کا موجب بنا۔ محدثین کا خیال ہے کہ تدلیس بلاد اور تدلیس شیوخ کے مابین کوئی بنیادی فرق نہیں پایا جاتا تدلیس بلاد میں ایسے بلاد و احصار کو دیکھنے کا دعوی کیا جاتا ہے جن کا مشاہدہ راوی نے نہیں کیا ہوتا۔

نقد حدیث کے بعض پیمانے نفسیاتی اور اجتماعی ہوتے ہیں۔ مثلاً جس حدیث میں ہر

---

(۱) مثلاً وہ حدیث جس میں اہل خیبر سے جزیہ معاف کرنے کا ذکر پایا جاتا ہے۔ یہ کئی لحاظ سے جھوٹی روایت ہے۔ اس کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ اس میں سعد بن معاذ کی شہادت کا ذکر کیا گیا ہے۔ حالانکہ سعد غزوہ خندق میں وفات پا چکے تھے اس میں یہ بھی ذکر کیا گیا ہے کہ یہ دستاویز معاویہ بن ابی سفیان نے تحریر کی حالانکہ حضرت معاویہ فتح مکہ کے زمانہ میں مشرف باسلام ہوئے تھے اور جزیہ کا حکم غزوہ تبوک کے بعد نازل ہوا تھا (اللؤلؤ المرصوع فی مالا اصل ؟؟ وباصلہ موضوع) اس ضمن میں سب سے بہتر کتاب ڈاکٹر مصطفیٰ اسباعی نے ''السنۃ ومکانتہا فی التشریع الاسلامی'' نامی تحریر کی ہے یہ کتاب انہوں نے الازہر یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ لینے کے لئے تحریر کی تھی رفیق مکرم ڈاکٹر سباعی نے طباعت سے قبل اس کتاب کا ذکر کیا تھا۔ میں نے کتاب ہذا کے طبع اول میں ذکر کیا تھا کہ میں نے یہ کتاب تا حال نہیں دیکھی اور یہ بھی بیان کیا تھا کہ رفیق محترم کتاب مذکور کو چھاپنا چاہتے ہیں اب یہ کتاب زیور طبع سے آراستہ ہو چکی ہے اور میں نے اس سے استفادہ کیا ہے۔

یسہ (ایک خاص کھانے کا نام) کا ذکر کیا گیا ہے وہ موضوع ہے اس کا واضع محمد بن حجاج نخمی تھا جو ہریسہ[1] فروخت کیا کرتا تھا اسی طرح سعد بن طریف نے حدیث ''تمہارے معلم سب سے زیادہ شریر ہیں'' اس وقت وضع کی جب استاد نے اس کے لڑکے کو پیٹا۔ جس حدیث میں یہ مذکور ہے کہ نبی ﷺ حجفہ کے حمام میں داخل ہوئے باتفاق محدثین موضوع ہے[2] اس لئے کہ آپ کے زمانہ میں حمام نہیں ہوا کرتے تھے۔

حدیث نبوی کی جانچ پرکھ کے پیمانوں کی نزاکت واضح ہے۔ جس شخص سے ایک مرتبہ بھی کذب کا صدور ہوا ہو۔ اس کی روایت نا قابل قبول ہے اسی طرح اس غلط کار راوی کی روایت بھی قبول نہیں کی جاسکتی جو غلطی سے رجوع نہ کرتا ہو۔

محدثین کی قوت سماعت کا یہ عالم تھا کہ تصحیف سماع کو بھی بھانپ لیتے اگر چہ تصحیف نظر نہ بھی ہو مثلاً اکیل اور بکیر کی تصحیف۔ تعدیل کی نسبت جرح میں زیادہ حزم واحتیاط کی ضرورت ہے اس لئے کہ نقد حدیث کے پیمانے لوگوں کو آنحضور ﷺ پر دروغ گوئی کرنے سے روک دیتے ہیں۔ اس لئے سب کے ساتھ سختی کی ضرورت ہے تا کہ غلطی اور لغزش کا خطرہ باقی نہ رہے۔

جہاں تک متن حدیث کا تعلق ہے وضع کے تمام علامات کا مرکز ومحور صرف متن ہے مثلاً اعراب کی غلطی معنوی رکاکت عقل وحس کی مخالفت وعدد وعید میں مبالغہ آمیزی بلیغ کلام میں علمائے اصول اور متکلمین کی سی پیچیدگی پیدا کرنا بر سر اقتدار طبقہ کی مدح سرائی کے لئے حدیثیں گھڑنا یہ سب ایسے مباحث ہیں جن کا تعلق متن کے ساتھ ہے۔ اور وہ اس لحاظ سے کہ متن میں ایک ایسی بات کا اضافہ کیا گیا ہے جو نبی اکرم ﷺ کے شایان شان نہیں ہے، یا حدیث میں ایسی عبارت کو شامل کیا گیا ہے جس کا صدور آنحضرت ﷺ سے ممکن نہ ہو مثلاً ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں غلامی کی آرزو کرنا۔ یہ اعتقاد بھی اسی قبیل سے ہے کہ حدیث میں عمداً تقدیم وتاخیر کذب ودروغ میں شامل ہے نیز یہ نظر یہ کہ دونوں حدیثوں میں تعارض کا باقی رہنا محال ہے۔ دونوں میں سے ایک یا تو دوسری کو منسوخ کر

(۱) تذکرۃ الموضوعات للفتنی ص ۱۴۵۔ (۲) اللؤلؤ المرصوع ص ۳۵۔

دے گی یا اس کی تفصیل و تخصیص پر مشتمل ہوگی۔

مذکورہ صدر بیانات ایک مسلمہ حقیقت کی غمازی کرتے ہیں جس میں جدل ونزاع کی کوئی گنجائش نہیں۔ وہ حقیقت یہ ہے کہ جب اس بات کا فیصلہ ضروری ٹھہرا کہ محدثین کے مباحث سند ومتن میں سے کس کے ساتھ وابستہ ہیں تو اس میں شبہ کی کوئی مجال نہیں کہ یہ مباحث متن ہی سے متعلق ہیں اور سند صرف متن تک پہنچنے کا ایک ذریعہ ووسیلہ ہے اور بس۔

جب اس کے ساتھ مختلف زمانوں میں راویوں کے ورع وتقوی طلب حدیث کی راہ میں صعوبات ومشکلات کے ہجوم اور حدیث نبوی کی قدر وقیمت کے احساس کو بھی شامل کرلیا جائے تو ہم بلا جھجک کہہ سکیں گے کہ دقت فکر ونظر میں اصول حدیث کی مثال تاریخ میں کہیں نہیں مل سکتی۔ (۱)

یہ امر موجب حیرت ہے کہ جن مخطوطات ومدونات اور صحیفوں کا ذکر ہم نے کیا ہے ان کے مطالعہ کی زحمت اٹھانے کے بعد مستشرقین یہ دعوی کیونکر کرسکتے ہیں کہ استاد کے سوا متن کی صحت کا کوئی طریق ممکن نہیں۔ نیز یہ کہ عربوں نے محض سند ہی کے ساتھ اعتناء کیا ہے (متن کا خیال نہیں رکھا) حیرانی ہے کہ اکابر مستشرقین نے کس طرح یہ مغالطہ دینے کی جسارت کی اور محض حدیث اور محدثین کو ہدف تنقید بنانے اور اس کے نصوص ومتون کی اہمیت گھٹانے کے لئے بڑی بڑی کتابیں تصنیف کرڈالیں۔ (۲)

جب مذکورہ صدر بیانات کے ساتھ ان تاریخی دستاویزات کو بھی شامل کرلیا جائے جن سے ثابت ہوتا ہے کہ کتابت حدیث کا آغاز عہد رسالت میں ہوچکا تھا تو مستشرقین اور ان کے ہمنواؤں کی حسین خوابوں اور امنگوں کے محل خود بخود منہدم ہوجاتے ہیں۔ ان تاریخی حقائق سے یہ صداقت نکھر کر سامنے آجاتی ہے کہ تعلیم وتربیت میں محدثین کے طرق ومناہج

(۱) اس کا اعتراف مشہور مستشرق گولڈزیر نے بھی کیا ہے مگر وہ اس بات کو تسلیم نہیں کرتا کہ یہ باریک بینی اور نزاکت خیال سند ومتن دونوں میں پائی جاتی ہے دیکھئے اس کی کتاب (Etudes Sur Latrad Islamique p.6)۔ (۲) مثلاً یہ کہ گولڈزیر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ جیسے جلیل القدر صحابی پر بھی طعن کرنے سے باز نہ رہ سکا پھر گولڈزیر سے احمد امین مصری نے یہ سبق سیکھا اور انکار حدیث کے فتنہ میں مبتلا ہوگیا۔

کیا تھے اور جن الفاظ کے ساتھ وہ حدیث کے اخذ وروایت کی مختلف صورتوں میں فرق کرتے تھے ان میں کس حد تک تشدد سے کام لیتے تھے۔

ان حقائق سے واضح ہو جاتا ہے کہ محدثین کرام اور اصول حدیث کے فن کی جس قدر بھی مدح وستائش کی جائے اس سے محدثین کے ان احسانات کا حق ادا نہیں ہوتا جو انہوں نے اسلامی اور انسانی تہذیب وثقافت پر کیے ہیں۔ ہم یقین رکھتے ہیں کہ اصول حدیث کے درس ومطالعہ سے ہماری ثقافت کی نشر واشاعت کے ذرائع کو مزید تقویت حاصل ہوتی ہے۔ یہ طرق ومناہج ایسے ہیں جن سے پوری کائنات ناآشنا تھی اور پہلی مرتبہ ہمارے زرین دور میں انسانیت ان سے آگاہ ہوئی۔ ہمارے سوا دوسرے لوگ اس کے حقیقت شناس نہیں ہو سکتے۔ اس لئے کہ یہ طرق ومناہج ہمارے روشن ذہن اور باعزت ماضی کی پیداوار ہیں اور انہوں نے ہماری ثقافت سے جنم لیا ہے جو بڑی وسیع اور جامع ہے۔

مزید برآں مستشرقین جنگ وپیکار کے فن میں خوب مہارت رکھتے ہیں شکوک وشبہات کے پھیلانے میں بھی ان کو ید طولی حاصل ہے۔ بخلاف ازیں ہم اسی چیز میں مہارت رکھتے ہیں جو ہمیں معلوم ہو، اور ہمیں اسی چیز کا علم ہوتا ہے جس کے ساتھ ہم عقیدت رکھتے ہوں ہمیں حرب وپیکار سے کوئی لگاؤ نہیں اور نہ اس کی ضرورت ہے۔ ہماری آرزو صرف یہ ہے کہ لوگ حق کو بے حجابانہ دیکھ کر لیں اور ان کے دلوں میں نفاق کی بیماری باقی نہ رہے۔ ان کلمات کے اصلی مخاطب ہمارے مہذب نوجوان عرب ہیں پھر وہ کیوں خاموش نہیں ہوتے؟ اور کیوں یقین نہیں رکھتے؟۔

## خاتمہ

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ اللہ تعالی اس کتاب کو اپنے بندوں کے لئے نافع بنائے اور تمام وہ مسلمان جو اس دار فانی سے جا چکے ہیں ان کے لئے بالخصوص اور باقیوں کے لئے بالعموم باعث اجر و ثواب بنائے (آمین) بجاہ النبی الکریم۔

کتبہ العبد ابو محمد محسن گلزار نعمانی (قصور)

استاذ مدرسہ عربیہ عیدگاہ تلمبہ

و مدرسۃ الحسنین رئیس آباد تلمبہ

خانیوال

یوم الاحد ۲۰/۳/۱۴۳۱ھ بمطابق ۷/۳/۲۰۱۰ء

# داڑھی اور بالوں کے شرعی احکام

- داڑھی کے جملہ احکام
- مونچھوں کے جملہ احکام
- سر کے بالوں کے احکام
- پورے جسم کے بالوں کے احکام
- زیرِ ناف کے مفصل احکام
- عورت کے بالوں کے احکام
- جدید ہیر کلر بالوں کا حکم
- خضاب کا حکم

تالیف
حضرت مولانا مفتی احسان اللہ شائق صاحب
استاذ و مفتی جامعۃ الرشید احسن آباد

مکتبہ عمر فاروق

جدید ایڈیشن

# سلام و معانقہ و مصافحہ کے قدیم و جدید مسائل

تالیف
حضرت مولانا مفتی احسان اللہ شائق صاحب
استاذ و مفتی جامعۃ الرشید احسن آباد

مکتبہ عمر فاروق
4/491 شاہ فیصل کالونی کراچی
Tel: 021-4594144 Cell: 0334-3432345

علم کے طالبوں میں مسائل شرعیہ سے دلچسپی پیدا کرنے والی اسلامی پہیلیوں کا ایک خوبصورت مجموعہ

# اسلامی پہیلیاں

تالیف: مولانا روح اللہ نقشبندی غفوری

تقاریظ

فضیلۃ الشیخ حضرت مولانا قاضی عبداللطیف صاحب کلاچوی دامت برکاتہم
فاضل دار العلوم دیوبند

شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا علاؤ الدین صاحب دامت برکاتہم
فاضل دار العلوم دیوبند

مکتبہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ
4/491 شاہ فیصل کالونی کراچی
Tel: 021-4594144 Cell: 0334-3432345

# خلافتِ راشدہ قدم بہ قدم

عبداللہ فارانی

- "بچوں کا اسلام" کا مقبول ترین سلسلہ ■ ہر دل عزیز مشہور مصنف و ناول نگار عبداللہ فارانی کا قلمی شاہکار
- صحابہ رضی اللہ عنہم کی محبت، ایمان کا معیار اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کی دلیل
- خلفائے راشدین کے دلچسپ واقعات انوکھے انداز میں جو ہر مسلمان کے لیے بہترین نمونہ ہیں

مکتبہ عمر فاروق رضی اللہ عنہ
4/491 شاہ فیصل کالونی کراچی
Tel: 021-4594144 Cell: 0334-3432345

بزرگانِ چشتیہ کو خواب میں

# زیارتِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت سے مشرف ہونے والے مشائخ چشتیہ کے خوابوں کا ایمان افروز مجموعہ

تالیف: مولانا روح اللہ نقشبندی غفوری

پسند فرمودہ: حضرت اقدس سید حشمت علی مدنی نوراللہ مرقدہ

مجازِ صحبت

حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی نوراللہ مرقدہ

مکتبہ عمر فاروق

# فضیلت دعوت تبلیغ

دعوت و تبلیغ کے فضائل اور اہمیت، شان و شوکت اور درس مبارک کام کا مقام و مرتبہ
کو آیات شریفہ احادیث اور کتب معتبرہ کے حوالہ جات، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے
متعلق خواتین کی ذمہ داری، تبلیغ کے لیے عورتوں کے نکلنے پر اشکال کا تفصیلی جواب
مستند علماء کرام اور مفتیان عظام کے فتاویٰ کی روشنی میں دیا گیا ہے

تالیف: مولانا روح اللہ نقشبندی غفوری

پسند فرمودہ

فضیلۃ الشیخ مولانا محمد طلحہ صاحب کاندھلوی دامت برکاتہم

جانشین:

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلوی نوراللہ مرقدہ

مکتبہ عمر فاروق